
بدانکه باعث تفرقه و تشویش خاطر بچند وجه فرموده اند گاهی از فساد غلبهٔ شوق و عشق هم میباشد صورتش آنکه عاشقان طالب وصال حق اند و آن حاصل نمیشود مگر بفنا طالب در ذات مطلوب و فنا موقوف است بمستی و انشراح خاطر بذات او تعالی چون بعضی طالبین بغلبهٔ شوق و درد اشتیاق ریاضت شاقه بر خود می نهند و نفس را یک لخت از تلذذات و مالوفات باز می دارند و جوع و عطش مفرط و ترک راحت اختیار میکنند این امور باعث انقباض خاطر می گردد و آن انشراح و انبساط و شوق که میداشتند بسبب فتور حواس مبدل بغم و پریشانی میگردد علاجش مطلق العنان کردن نفس را در خواهشات مباحه و ترک ریاضت تا آنکه آن شوق و انشراح و مستی عود کند و یا باعث تفرقه جبن و نامردی است که نفس در ترک مالوفات جسارت نمیکند و تفرقه و تشویش رو می دهد علاجش پند است که همت مومن و طالب حق ریاضت و طاعت است و همت منافق و دشمن حق طعام و شراب و مالوفات و تلذذات است و طالبان حق جان و مال فدای دین حق می کنند و منافقان دین و ایمان را فدای مال می سازند نعوذ بالله منها ۔ و یا باعث تفرقه فکریست که شیطان بدلش انداخته می گرداند او را بسوی نا امیدی و وصول با قدح

در بعضے امور مرشد علاجش جمع کردن ہمت وخواندن لا تقنطوا من رحمة الله و یاد
کردن قصۂ حضرت موسیٰ با حضرت خضر علیہما السلام یا باعث تفرقہ بقیہ رگ نفسانی است کہ ظلمت
آن در مطالب حق است از جہت غلبۂ آن پریشانی خاطر و غم و یاس میخیزد علاجش کسر نفس است
باختیار مذلت کہ بر نفس شاق باشد یا بدوام ذکر و خلوت تصفیہ نماید یا باعث تفرقہ قلق و اضطراب
عزیمت کہ ہر چند خواہد کہ بتصفیۂ قلب و تجلیۂ روح مشغول شود نفس او فرمانبردار نمیشود پس
موجب آن اختلال مزاجست کہ اخلاط سوداویہ بر دل ہجوم کردہ است علاجش تنقیہ و تعدیل
مزاج است بفصد و استفراغ یا باعث تفرقہ نجاست است کہ بکثرت احداث و جنابات باشد علاجش
مبالغہ در تطہیر بدن و جامہ است یا باعث تفرقہ ارتکاب معاصی از ظلم و غیرہ بر مساکین و تلف حق اہل
حق علاجش تدارک آن خلل است یا باعث تفرقہ غذای حرام و مشتبہ باشد علاجش ترک آن و توبہ
و استغفار یا باعث تفرقہ سحر و دیوانگی کہ از شیاطین باشد علاجش خواندن معوذتین و
مشغولی بذکر یا اللّٰہُ یا اللّٰہ ہر قدر کہ تواند یا باعث تفرقہ سوء ادب نسبت مشائخ طریقہ باشد
علاجش رفع آن سبب است و نیز برای دفع ہر تفرقہ و تشویش نفی و اثبات است با تطہیر بدن و جامہ بملاحظہ نفی آن جہات

## در بیان طریق اربعین یعنی چلّہ

بدانکہ اہل طریقت برای حصول مقصود اربعین مقرر کردہ اند و سند و فوائد کثیرہ این عمل در کتب
سلوک موجود اند و این مختصر متحمل آن نیست طریقش آنکہ اوّل نیت خالص نماید یعنی محض رضای
حق تعالیٰ بمتابعت سُنّت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و تجرد از ما سوا اللہ و فراغ خاطر بنا بر عبادت
و ذکر اللہ تعالیٰ قصد کند و محل خلوت در جامع مسجد اولیٰ است کہ از فضل جمعہ و جماعت محروم
نماند پس غسل کند و جامۂ نو پوشد و خوشبو استعمال نماید پس بستم تاریخ ماہ شعبان قبل از نماز عصر کہ
وقت ادای نفل است اعوذ و بسم اللہ و معوذتین و کلمۂ تمجید خواند و استعانت
و استمداد از ارواح مشائخ طریقت بواسطۂ مرشد خود کردہ داخل خلوت شود

ودرحین دخول بسم اللہ والحمد للہ والصلوٰۃ علی رسول اللہ بخواند وقدم راست بنہد بعدہ
اللھم افتح لی ابواب رحمتک گفتہ داخل گردد و دوگانہ نفل بہ نیت انقطاع از ماسوا اللہ و
رجوع الی اللہ بگذارد واگر بعد نماز عصر داخل شود نفل نخواند ومتوجہ بسوی قبلہ بنشیند وفاتحہ بارواح
ہادی عالم صلی اللہ علیہ وسلم ومشائخ طریقت خود بخواند وازروحانیت ایشان درباب حصول
استقامت استمداد نماید بعدہ بذکر وشغل ومراقبہ ہرچہ ویرا از مرشد خود رسیدہ باشد مشغول شود
وشرائط خلوت کہ دوام صیام وقلت طعام وقلت منام وقلت صحبت مع الانام ومواظبت
برطہارت وعبادات وتلاوت قرآن ودرود شریف وذکر دائم از ارکان وشرائط طریق خلو
را نگاہدارد در ہیچ امر ازین امور تغافل نورزد تا فائدہ خلوت حاصل آید ودر اخیر عشرہ
رمضان شبہای طاق یعنی بست ویکم وبست وسوم وبست وپنجم وبست وہفتم وبست ونہم را زندہ
دارد تا از برکات لیلۃ القدر بہرہ یابد ودر شبہای دیگر تا ثلث شب بیدار باشد وذکر گویان در
خواب رود وچون ثلث آخر رسد برخاستہ جلد استنجا و وضو نمودہ تہجد ادا نماید وبذکر وشغل مراقبہ مشغول
شود تا صبح وچون ہلال شوال نمودار شود بعد نماز مغرب دوگانہ شکرانہ ادا گذاردہ از خلوت بیرون
آید **شرائط خلوت** بدانکہ مجتہد طریقت حضرت جنید بغدادی قدس سرہ چند
شرائط خلوت بیان فرمودہ اند یکی دوام وضو ہرگاہ کہ بشکنند باز ہمان وقت وضو نماید کہ
این معنی موجب انشراح ونورانیت قلب است دوم دوام صیام وافطار قبل از مغرب
واکل طعام بعد عشا اگر خاطر مشوش نشود والا ما بین مغرب وعشا بخورد سوم تقلیل طعام
لازم داند ثلث معدہ خالی دارد واگر تواند ازین ہم کم کند بحدیکہ از غایت ضعف انشراح
ونشاط از دست برود ولذت در عبادت نماند غرض تقلیل غذا مورث رقت قلب وصفائی
دل است ومقوی قوت ملکیہ است ومستجاب انوار الٰہیہ است کما ورد ذکر الجوع طعام
اللہ چہارم دوام سکوت مگر ذکر اللہ تعالیٰ پس سالک را باید کہ در خلوت با کسی سخن نگوید
الا بضرورت شرعیہ کہ پیش آید یا حاجتی پس با خادم بقدر ضرورت کلام کند بلکہ بجز خادم خود کسی را

در خلوت راه ندهد زیرا که خاموشی ثمر حکمت است و تکلم بکلمات غیر ضروریه نورانیتی که به سبب ذکر حاصل می شود بر باد می دهد پنجم دوام ذکر مراقبه است و ملاحظه انا جلیس من ذکرنی بوجهیکه هرگز غفلت راه نیابد و غرض از خلوت همین است ششم نفی خطرات و دفع حدیث النفس است پس جهد بلیغ کند که خطرهٔ غیر الله نیک یا بد در دل نیاید زیرا که دخول حدیث نفس از ذکر باز دارد و قلب را کدر سازد و فائدهٔ خلوت بر باد دهد هفتم دوام ربط قلب با شیخ خود با استمداد و اعتقاد آنکه این همان مظهر حق است که او تعالی برای افاضهٔ فیض خود بر من مقرر فرموده و از همین راه وصول بآنجناب قدس متعین پس همیشه بوصف محبت و تسلیم بجانب او متوجه باشد تا دروازهٔ فیض بر رو مفتوح گردد و هیچگونه اعتراض بر شیخ در دل خود نیارد که این معنی موجب سد راه حق گردد نعوذ بالله من الحور بعد الکور

## کلمات پند و وصیت

طالب حق را باید که اول تحصیل مسائل ضروریه و تصحیح عقائد فرقهٔ ناجیه نماید و اتباع کتاب و سنت و آثار صالحه باید بعد از آن تزکیه و تخلیهٔ نفس از رذائل شاید چنانچه بزرگی می فرماید رباعی

| | |
|---|---|
| خواهی که شود دل تو چون آئینه | ده چیز برون کن از درون سینه |
| حرص و امل و غضب دروغ و غیبت | بخل و حسد و ریا و کبر و کینه |

و باز تحلیه که اشاره بتحصیل اوصاف حمیده است که منازل سلوک اند نماید چنانچه رباعی ثانی ارشاد یافته

| | |
|---|---|
| خواهی که شوی بمنزل قرب مقیم | نه چیز بنفس خویشتن فرما تعلیم |
| صبر و شکر و قناعت و علم و یقین | تفویض و توکل و رضا و تسلیم |

**فائده** و نیز سالک را باید که بر اوامر شریعت استحکام دارد و از ممنوعات او به پرهیزد و تقوی و پرهیزگاری را شعار خود سازد و در هر حال اعمال سنت را نگاه دارد و از منهیات و مشتبهات احتراز نماید و اگر گناهے به ظهور آمده باشد زود توبه کند و باستغفار و اعمال نیک تدارک آن نماید و بوقت دیگر ندارد و نماز پنجگانه را با جماعت در مسجد ادا نماید و اوقات

خود را بعد ادای فرائض و واجبات و سنن در شغل باطن گذارد و بر زیادتی نوافل و اوراد نپردازد
بلکه مشغول باطن را فرض دائمی داند و گاهی غافل نشود چون ذوق و لذت بدان یابد شکر الٰهی بجا
آرد و اندک را بسیار شمارد و هر عمل را برای رضای خدای تعالی کند و از کشف و کرامات لذت
نگیرد بلکه بیزار باشد و در حالت بسط شاکر باشد و حدود شرعیه در آن حال نگاهدارد و چون
قبض شود دل تنگ و مایوس نه گردد و در کار باشد و در جمیع عبادات خود را متهم داشته در ادای
آن خود را مقصر داند و احوال باطن را با جاهل ظاهر نکند و سخن تصوف بر ملا نگوید و با غیر محرم هم
نگوید و با محرم در گوشه گوید و اوقات خود را ضبط دارد و از تلون طبع دور باشد و از دنیا و ما فیها
من کل الوجوه بدل تارک باشد و الا اذکار و اشغال هزار ساله بکار نیاید دل آئینه است از
تابش غیر الله نگاهدارد و از طلب جاه و مرتبه که گمراهی است پناه جوید و وقت را غنیمت شمارد
از غفلت برباد نه دهد که فائت را قضا نشود و در راه قدم مردانه نهد و غم و شادی این و آن
را یکسو نهد که این حجابست و از صحبت ناجنس خلاف شرع و منکر فقرا و مبتدعه بگریزد و از
درویش خلاف شرع که بر وفق سنت رسول الله صلی الله علیه وسلم نباشد دور ماند اگرچه از و
کرامات و خرق عادات بظهور آید و بآسمان پرد و از مردمان بقدر ضرورت اختلاط کند و بهر
نیک و بد بکشاده پیشانی پیش آید و بمردمان بعجز و انکسار معامله کند و نیستی و پستی را شعار خود سازد
و اعتراض برکسی نکند و سخن ملائم و نرم گوید و سکوت و خلوت را دوست دارد و بخاطر جمع در کار
خود سرگرم باشد و تشویش را بدل راه ندهد و همه امور که پیش آیند از حق داند و مدام پاسبان
دل باشد تا خطرهٔ غیر نیاید و نفع رسانی را در امور دینی بر خود لازم داند و در هر کار اول نیت
خالص کند بعد از ان بعمل آرد و در خورد و نوش از اعتدال نرود نه چندان زیاده که کسل آرد
و نه آن قدر کم که بسبب ضعف از عبادت باز ماند علی هذا القیاس در هر امر از افراط و تفریط
پرهیزد و اگر نفس را لقمهٔ حرب ساده‌ی از دو کار سے هم گیری و بهتر است که قوت از
کسب سازد و اگر توکل کند هم زیباست و لائق باشد بشرطیکه از کسی طمع ندارد و دل را

از تعلق غیر الله پاک دارد و از هیچکس امید و ترس بجز حق تعالی ندارد و بما سوا انس نگیرد و در
طلب حق بی آرام و بی راحت و مضطر ماند و هر جا که باشد با خدا باشد و بر بیش و کم
نعمت الهی شکر نماید و از فقر و فاقه و تنگدستی و قلت معیشت دل تنگ نشود بلکه فخر و عزت
خود در آن داند و شکر بجا آرد که این منصب انبیاء و اولیاء است که مرا عنایت فرموده اند و با
متعلقان خود برفق و تلطف و مهربانی معامله کند و از نافرمانی شان درگذرد و عذر آنها بپذیرد
و از غیبت مردمان اجتناب نماید و عیب مردم بپوشد و عیب خود را در نظر دارد و همه مسلمانان
را از خود افضل داند و با کسی بحث و جدال نکند اگرچه حق بجانب او باشد و مهمان نوازی و
مسافر پروری را پیشه خود سازد و به صحبت غربا و مساکین راغب باشد و در خدمت علما و صلحا
عزت و حرمت خود داند و آنچه میسر آید بمصرفش صرف نماید تا زیان نرساند و تعلق دل با
هیچ چیز ندارد و وجود و عدم را برابر داند و لباس فقر را دوست دارد و هر قدر که طعام و
لباس میسر آید قانع بران باشد و ایثار پیشه خود سازد و گرسنگی و تشنگی را که طعام الله
است محبوب دارد و کم خنده و بسیار گریه و از عذاب الهی و بی نیازی او ترسان و لرزان
باشد و موت را که بیخ کن ماسوا است هر وقت پیش نظر دارد و از دوزخ که جای فراق
است پناه جوید و بهشت را که مقام وصال است بطلبد و محاسبه را بر خود لازم گیرد محاسبه روز
بعد مغرب و محاسبه شب بعد صبح کند و محاسبه آن را گویند که حساب کند که در شب و روز
من چند نیکی و چند بدی به ظهور آمده بر نیکی شکر نماید و بر بدی توبه و استغفار کند و صدق
مقال و اکل حلال را شعار خود سازد و در مجلس هزل و لهو و غیره غیر مشروع حاضر نشود و از رسوم
جهل به پرهیزد و دوستی و دشمنی و خشم و خوشنودی برای خدا بود و کوتاه دست و کوتاه طمع
باشد شرمگین و کم گو و کم رنج و صلاح جو و بسیار طاعت و نیکوکار و نیکو رفتار
و باوقار و بردبار باشد و بس این است نشان نیکوخوئی و اوصاف پسندیده و نیز
هر که این حاصل نماید باید که غره نشود و بر خود گمان نیکو نبرد فقط

ونیز از زیارت مزارات اولیاء و مشائخ مشرف بوده باشد و بوقت فراغ خاطر بر مزار آنها نشسته بجانب روحانیت اوشان توجه نماید و حقیقت آنرا بصورت مرشد خود تصور نموده فیضیاب شود و برکت گیرد و گاه گاه بر مزارات عوام اہل اسلام رفته موت خود را یاد کند و از فاتحه اوشان را ثواب رساند و ادب و حکم مرشد خود را بجای ادب و حکم خدای تعالی و رسول الله صلی الله علیه وسلم داند که نایب اوشان است و نیز ہر کس که ازین فقیر محبت و عقیدت و ارادت دارد مولوی رشید احمد صاحب سلمه و مولوی محمد قاسم صاحب سلمہما را که جامع جمیع کمالات علوم ظاہری و باطنی اند بجای من فقیر راقم اوراق بلکه بمدارج فوق از من شمارند اگرچه بظاہر معامله برعکس شد که اوشان بجای من و من بمقام اوشان شدم و صحبت اوشان را غنیمت دانند که اینچنین کسان درین زمان نایاب اند و از خدمت بابرکت ایشان فیضیاب بوده باشند و طریق سلوک که درین رساله نوشته شد در نظر شان تحصیل نمایند انشاء الله تعالی بی بهره نخواهند ماند الله تعالی در عمر شان برکت دهاد و از تمامی نعمای عرفانی و کمالات قربت خود مشرف گرداناد و بمراتب عالیات رساناد و از نور ہدایت شان عالم را منور گرداناد و تا قیامت فیض اوشان جاری داراد بحرمة النبی و آله الامجاد اللهم اغفر لنا و لوالدینا و لاستاذنا و لمشائخنا و لاحبابنا و لجمیع المؤمنین و المؤمنات الاحیاء منهم و الاموات برحمتك یا ارحم الراحمین آمین آمین آمین یا رب العالمین و صلی الله تعالی علی خیر خلقه محمد و آله و اصحابه اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین ۞

## ذکر کیفیت سلاسل مشائخ طریقت رضوان الله علیهم اجمعین و بیان سلسله حضرات چشتیه صابریه قدس سرہم

باید دانست که فقیر حقیر ننگ خاندان و بدنام کننده بزرگان طریقه روسیاه امداد الله عفا الله عنه را نسبت بیعت و ارتباط صحبت و اجازت و خرقه از حضور ہدایت گنجور قطب دوران پیشوای

عارفان نورالاسلام حضرت مولانا و مرشدنا هادینا میانجیو شاه نور محمد جهنجهانوی چشتی است
قدس الله اسراره و ایشان را از شیخ المشائخ حاجی شاه عبدالرحیم شهید ولایتی و ایشان را از شاه
عبدالباری امروهی و ایشان را از شاه عبدالهادی امروهی و ایشان را از شاه عضدالدین و ایشان را
از شاه محمدی مکی و ایشان را از شاه محمدی و ایشان را از شیخ محب الله آله آبادی و ایشان را
از شیخ ابوسعید گنگوهی و ایشان را از شیخ نظام الدین بلخی و ایشان را از شیخ جلال الدین
تهانیسری و ایشان را از قطب العالم عبدالقدوس گنگوهی و ایشان را از شیخ محمد عارف
ردولوی و ایشان را از شیخ جلال الدین کبیرالاولیا پانی پتی و ایشان را از شیخ
شرف الدین ترک پانی پتی ایشان را از مخدوم علاء الدین علی احمد صابر و ایشان را از شیخ فریدالدین گنج شکر
مسعود اجودهنی و ایشان را از خواجه قطب الدین بختیار کاکی و ایشان را از خواجه معین الدین حسن
سنجری و ایشان را از خواجه عثمان هارونی و ایشان را از خواجه حاجی شریف زندنی و ایشان
را از خواجه مودود چشتی و ایشان را از خواجه ابویوسف چشتی و ایشان را از خواجه ابومحمد
محترم چشتی و ایشان را از خواجه ابی احمد ابدال چشتی و ایشان را از خواجه ابواسحاق شامی و
ایشان را از خواجه ممشاد علو دینوری و ایشان را از خواجه امین الدین ابو هبیره بصری و ایشان را از
خواجه حذیفه مرعشی و ایشان را از خواجه سلطان ابراهیم بن ادهم بلخی و ایشان را از خواجه جمال الدین فضیل
ابن عیاض و ایشان را از خواجه عبدالواحد بن زید و ایشان را از امام العارفین خواجه حسن
بصری و ایشان را از امیرالمؤمنین علی کرم الله وجهه و ایشان را از سید المرسلین
خاتم النبیین احمد مجتبی محمد مصطفی صلی الله علیه و آله و اصحابه اجمعین

سید محمد گیسودراز از نصیرالدین چراغ — **سلسله چشتیه نظامیه قدس سرهم** — دهلوی از سلطان المشائخ نظام الدین

و نیز حضرت عبدالقدوس گنگوهی را اجازت طریقه نظامیه از مرشد خود شیخ درویش بن
محمد قاسم اودهی و ایشان را از سید بدهن بهرایچی از سید اجمل بهرایچی از سید

جلال الدین بخاری از مخدوم جہانیان جہان گشت از خواجہ نصیر الدین روشن چراغ دہلوی از سلطان المشائخ شیخ نظام الدین اولیا بن محمد بن احمد بدایونی از خواجہ فرید الدین شکر گنج مذکور تا سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم۔

## سلسلۂ علیۂ قادریۂ قدوسیہ

ونیز حضرت قطب[ل۱] العالم عبد القدوس گنگوہی را اجازت و خرقہ طریقۂ قادریہ از پیر خود درویش محمد بن قاسم اودھی از سید بڈھن بہڑائچی از سید اجمل بہڑائچی از مخدوم جہانیان جہان گشت از سید جلال الدین بخاری از شیخ عبید بن عیسٰی از شیخ عبید بن ابو القاسم از شیخ ابو المکارم فاضل از شیخ قطب الدین ابو الغیث از شیخ شمس الدین علی فلح از شیخ شمس الدین حداد از امام الاولیا شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی از شیخ ابوسعید مخزومی از شیخ ابو الحسن قرشی علی الہنکاری از شیخ ابو الفرح طرطوسی از عبد واحد بن عبد العزیز تمیمی از شیخ ابوبکر شبلی از شیخ جنید بغدادی از شیخ سری سقطی از شیخ معروف کرخی از شیخ داؤد طائی از شیخ حبیب عجمی از امام حسن بصری از امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ از سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ایضاً

ونیز فقیر را درین طریقۂ قادریہ اجازت از مرشدم حضرت مولانا میانجیو نور محمد جھنجھانوی از حاجی عبد الرحیم شہید ولایتی از سید رحم علی شاہ از سید عبد الرزاق از سید عبد الحی از سید محمد غوث از سید ابو محمد از سید شاہ محمد از سید قمیص الاعظم از سید الیاس مغربی از سید عبد الحق مغربی از سید مولانا مغربی از سید احمد قدسی از سید عبد القادر راسی از سید عبد الوہاب از سید موسٰی از سید یحیٰی زاہد از سید زین الدین از سید عبد الرزاق از غوث الثقلین عبد القادر جیلانی تا سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم

## سلسلۂ علیۂ نقشبندیۂ قدوسیہ

ونیز حضرت میران اجمل بہڑائچی را از مرشد خود شاہ عبید الحق و ایشان را از خواجہ عبید اللہ احرار از خواجہ مولانا یعقوب چرخی از خواجہ علاء الدین عطار از خواجہ بہاء الدین نقشبند از خواجہ سید

[ل۱] ونیز حضرت قطب العالم را اجازت این طریقہ از حضرت راجی جنتی از شاہ موسٰی از شیخ احمد مکی از عبد القادر ثانی از محمد حسن از ابو النصر از ابو صالح از غوث الثقلین عبد القادر جیلانی تا سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم ایضاً ونیز حضرت غوث الثقلین را از ابو صالح از موسٰی جنگی دوست از سید عبد اللہ جیلی از سید یحیٰی زاہد از سید موسٰی ثانی از سید داؤد از سید موسٰی الجون از سید عبد اللہ المحض از امام حسن مثنی از امام حسن از علی کرم اللہ وجہہ از سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم ۱۲

امیر کلال از خواجہ محمد باباسماسی از خواجہ عزیزان علی رامیتنی از خواجہ محمود ابو الخیر فغنوی از خواجہ محمد عارف
ریوگری از خواجہ عبد الخالق غجدوانی از خواجہ یوسف ہمدانی از خواجہ۵۱ ابو علی فارمدی از خواجہ
امام ابو القاسم قشیری از خواجہ ابو علی دقاق از خواجہ ابو القاسم نصیر آبادی از خواجہ ابو بکر شبلی
از سید الطائفہ جنید بغدادی از شیخ سری سقطی از شیخ۵۲ معروف کرخی از شیخ داؤد طائی
از خواجہ حبیب عجمی از امام الاولیا حسن بصری از امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ از سرور
عالم صلے اللہ علیہ وسلم ایضاً ونیز درین سلسلہ فقیر را اجازت خرقہ از مرشد خود مولانا میا بجیو نور محمد
شاہ و ایشان را از سید محمد شہید از شاہ عبد العزیز از شاہ ولی اللہ از شاہ عبد الرحیم از شاہ سید
عبد اللہ از سید آدم بنوری از امام ربانی شیخ احمد مجدد الف ثانی از خواجہ باقی باللہ از خواجہ
امکنگی از مولانا درویش از مولانا زاہد از خواجہ عبید اللہ احرار تا سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم
ایضاً ونیز فقیر را بیعت و اجازت این طریقہ از مرشد سابق خود حضرت مولانا و ہادینا سر حلقہ
مجاہدین مولانا نصیر الدین دہلوی و ایشان را از شاہ محمد آفاق دہلوی از خواجہ ضیاء اللہ از خواجہ
محمد زبیر از خواجہ حجۃ اللہ محمد نقشبند ثانی از خواجہ محمد معصوم از حضرت مجدد۵۳ تا سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم

## سلسلہ سہروردیہ قدوسیہ

ونیز قطب العالم عبد القدوس گنگوہی را از مرشد مرشد مرشد خود سید۵۴ اجمل بہرائچی و ایشان را از
سید جلال الدین بخاری از شیخ رکن الدین ابو الفتح از والد خود صدر الدین از والد خود شیخ
بہاء الدین زکریا ملتانی از امام الطریقہ شیخ شہاب الدین سہروردی از شیخ ضیاء الدین
ابو النجیب سہروردی از شیخ وجیہ الدین عبد القاہر سہروردی از شیخ ابو محمد بن عبد اللہ از
شیخ احمد دینوری از شیخ ممشاد علو دینوری از حضرت جنید بغدادی از معروف کرخی تا سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم

۵۱ ونیز ابو علی فارمدی را بیعت و اجازت از خواجہ ابو الحسن خرقانی از بایزید بسطامی از امام جعفر صادق از حضرت قاسم بن محمد بن
ابی بکر صدیق از حضرت سلمان فارسی از امیر المومنین ابی بکر صدیق از سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم ۱۲ ۵۲ ونیز اجازت حضرت معروف کرخی را از
امام علی رضا از امام موسیٰ کاظم از امام جعفر صادق از امام محمد باقر از امام زین العابدین از امام حسین علیہ السلام از امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ
از سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم ۱۲ ۵۳ ونیز حضرت مجدد را اجازت و بیعت طرق چشتیہ و قادریہ و سہروردیہ و کبرویہ و مداریہ و قلندریہ
از مرشد خود شیخ عبد الاحد و ایشان را از مرشد خود شیخ رکن الدین گنگوہی و ایشان را از عبد القدوس گنگوہی تا سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم ۱۲

# سلسلہ کبرویہ قدوسیہ

ونیز شیخ جلال الدین بخاری را اجازت طریقۂ کبرویہ از شیخ حمید الدین سمرقندی از شمس الدین بن ابو محمد بن محمود بن ابراہیم بن ادہم از شیخ عطا یار خالدی از شیخ احمد با کمال جحندی از شیخ نجم الدین کبری از عمار یاسر از ابو النجیب سہروردی از شیخ احمد غزالی از ابو بکر نساج از ابو القاسم گرگانی از خواجہ ابو عثمان مغربی از ابو علی کاتب از شیخ علی رودباری از سید الطائفہ جنید بغدادی تا سرور رسالہ صلی اللہ علیہ وسلم

# مناجات

خداوندا باین پیران عظام
بوقت مرگ کن باخیر انجام

بحق آل و ازواج باصحاب
بجملہ اولیا ابدال و اقطاب

بغوث و فرد و ابرار و باوتاد
بعشاق و بعباد و بزہاد

ز دست نفس کافر کیش خونخوار
الٰہ العالمین ما را نگہدار

بخود مشغول دار اندر حیاتم
اگر میرم بدہ یارب نجاتم

# رب تمم بالخیر

الحمد للہ کہ این کتاب فیض اکتساب تالیف شریف حامی شریعت زیب طریقت خدا آگاہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب حسب فرمایش جناب حاجی محمد سعید صاحب تاجر کتب کلکتہ خلاصی ٹولہ نمبر (٨٥) مالک مطبع مجیدی کان پور پٹکا پور باہتمام کمترین محمد عبد المجید عفا اللہ عنہ چاپ گشتہ ہدیہ متصوفین با تمکین گردید۔

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

حسب فرمایش جناب حاجی محمد سعید صاحب تاجر کتب کلکتہ خلاصی ٹولہ نمبر (۵)

# فیصلہ ہفت مسئلہ

مع

# ارشاد مرشد

باہتمام احقر العبید راجی رحمت رب رشید محمد عبد المجید غفر لہ اللہ الحمید

در مطبع مجتبائی واقع کانپور مطبوع شد

عاجز کے کارخانہ سے ہر قسم کی کتابیں بنرخ تاجرانہ بکفایت جلد ویلیو پی ایبل روانہ ہوتی ہیں المشتہر محمد سعید تاجر کتب کلکتہ و مالک مطبع ہذا کانپور

# فیصلۂ ہفت مسئلہ

## مولد شریف فاتحہ عرس و سماع ندائے غیر اللہ جماعت ثانیہ امکان نظیر امکان کذب

از افادات منبع الفیوض والبرکات امام العارفین فی زمانہ مقدم المحققین فی آوانہ سیدنا مولانا الحافظ الحاج شاہ محمد امداد اللہ صاحب مہاجر تھانوی مدظلہ العالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یہدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ہادی لہ ونشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ونشہد ان سیدنا ومولانا محمدا عبدہ ورسولہ
٦٦ امابعد فقیر امداد اللہ الحنفی الچشتی عموماً سب مسلمانونکی خدمت مین اور خصوصاً جو اس فقیر سے ربط و تعلق رکھتے ہین عرض رسا ہے کہ یہ امر مسلمات سے ہے کہ باہمی اتفاق باعث برکات دنیوی و دینی اور نا اتفاقی موجب مضرت دنیوی و دینی ہے اور آج کل بعض مسائل فرعیہ مین ایسا اختلاف واقع ہوا ہے جس سے طرح طرح کے شر اور فتنین پیدا ہو رہی ہین اور خواص کا وقت اور عوام کا دین ضائع ہو رہا ہے۔ حالانکہ اکثر امور مین محض نزاع لفظی ہے اور مقصود متحد چونکہ عموماً مسلمانونکی اور خصوصاً اپنے تعلق والونکی یہ حالت دیکھکر نہایت صدمہ ہوتا ہے اسلیے فقیر کے دل مین آیا کہ مسائل مذکورہ کے متعلق مختصر سا مضمون قلمبند کر کے شائع کر دیا جاوے امید قوی ہے کہ یہ نزاع و جدال رفع ہو جاوے ہر چند کہ اسوقت مین اختلافات اور مختلفین کثرت سے ہین مگر فقیر نے ان ہی مسائل کو لیا جن مین اپنی جماعت کے لوگ مختلف تھے دو وجہ سے اول تو کثرت اختلافات اس درجہ پہونچی ہے کہ اسکا احاطہ مشکل ہے دوسرے ہر شخص سے امید قبول نہین اور اپنی جماعت مین جو اختلافات ہین اولاً وہ معدود دوسرے امید قبول غالب پس ایسے مسائل جن مین ان صاحبون مین زیادہ قیل و قال ہے سات ہین پانچ عملی دو علمی ترتیب بیان مین اسکا لحاظ رکھا ہے کہ جن مین سب سے زیادہ گفتگو ہے انکو مقدم رکھا جسمین اس سے کم ہے اسکے بعد علیٰ ہذا القیاس اور اپنا مشرب اور ایسے مسائل پر جو عملدرآمد مناسب ہے لکھدیا حق تعالیٰ سے امید ہے کہ یہ تحریر باعث رفع فساد باہمی ہو جاوے اور حضرات بھی اگر اسکو قبول فرماکر منتفع ہون تو دعا سے یاد فرماوین اور کوئی صاحب اس تحریر کے

جواب کی فکر نہ کرین کہ مقصود میرا مناظرہ کرنا نہین واللہ ولی التوفیق ●

## پہلا مسئلہ مولود شریف کا

اسمین تو کسیکو کلام ہی نہین کہ نفس ذکر ولادت شریف حضرت فخر آدم سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم موجب
خیرات و برکات دنیوی و اخروی ہی صرف کلام بعض تعینات و تخصیصات و تقییدات مین ہی جنمین بڑا امر قیام ہی بعض علما
ان امور کو منع کرتے ہین بقولہ علیہ السلام کل بدعۃ ضلالۃ اور اکثر علما اجازت دیتے ہین لاطلاق دلائل فضیلۃ الذکر
اور انصاف یہ ہی کہ بدعت اُسکو کہتے ہین کہ غیر دین کو دین مین داخل کر لیا جاوی کما یظہر من التامل فی قولہ علیہ السلام
من احدث فی امرنا ہذا ما لیس منہ فہو رد الحدیث پس ان تخصیصات کو اگر کوئی شخص عبادت مقصودہ نہین سمجھتا بلکہ
فی نفسہ مباح جانتا ہی مگر انکے اسباب کو عبادت جانتا ہی اور ہیئت مسبب کو مصلحت سمجھتا ہی تو بدعت نہین مثلاً
قیام کو لذاتہا عبادت نہین اعتقاد کرتا مگر تعظیم ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عبادت جانتا ہی اور کسی مصلحت سے ٦٧
اُسکی یہ ہیئت معین کر لی اور مثلاً تعظیم ذکر کو ہر وقت مستحسن سمجھتا ہی مگر کسی مصلحت سے خاص ذکر ولادت کا وقت مقرر کر لیا اور
مثلاً ذکر ولادت کو ہر وقت مستحسن سمجھتا ہی مگر یہ مصلحت سہولت دوام یا اور کسی مصلحت سے ۱۲ ربیع الاول مقرر کر لی اور
کلام تفصیل مصالح مین از بس طویل ہی ہر محل مین جدا مصلحت ہے رسائل موالید مین بعض مصالح مذکور بھی ہین اگر تفصیلاً کوئی
مطلع نہو تو مصلحت اندیشان پیشین کا اقتدا ہی اُسکے نزدیک یہ مصلحت کافی ہی ایسی حالت مین تخصیص مذموم نہین
تخصیصات اشغال و مراقبات و تعینات رسوم مدارس و خانقاہ جات اسی قبیل سے ہین اور اگر ان تخصیصات کو قربت
مقصودہ جانتا ہی مثل نماز و روزہ کے تو بیشک اُسوقت یہ امور بدعت ہین مثلاً یون اعتقاد کرتا ہی کہ اگر تاریخ معین پر
مولود نہ پڑھا گیا یا قیام نہوا یا بخور و شیرینی کا انتظام نہوا تو ثواب ہی نہ ملا تو بیشک یہ اعتقاد مذموم ہی کیونکہ حدود شرعیہ
سے تجاوز ہی جیسے عمل مباح کو حرام اور ضلالت سمجھنا بھی مذموم ہی غرض دونون صورتون مین تعدی حدود سے ہے
اور اگر ان امور کو ضروری بمعنی واجب شرعی نہین سمجھتا بلکہ ضروری بمعنے موقوف علیہ بعض البرکات جانتا ہی جیسے
بعض اعمال مین تخصیص ہوا کرتی ہی کہ اُنکی رعایت نہ کرنے سے وہ اثر خاص مرتب نہین ہوتا مثلاً بعض عمل کھڑے ہو کر
پڑھے جاتے ہین اگر بیٹھکر پڑھین وہ اثر خاص نہو گا اس اعتبار سے اس قیام کو ضروری سمجھتا ہی اور دلیل اس توقف
کی وجدان اعمال کا تجربہ یا کشف و الہام ہی اسی طرح کوئی عمل مولد کو بہیئت کذائیہ موجب بعض برکات

یا آثار کا اپنی تجربے سی یا کسی صاحب بصیرت کے وثوق پر سمجھے اور اس معنی کر قیام کو ضروری سمجھے کہ یہ اثر خاص بدون قیام
نہو گا اسکے بدعت کہنے کی کوئی وجہ نہین اور اعتقاد ایک امر باطن ہی اسکا حال بدون دریافت کیے ہوئے یقیناً
معلوم نہین ہو سکتا محض قرائن تخمینیہ سے کسی پر بدگمانی کرنی اچھی نہین مثلاً بعض لوگ تارکین قیام پر ملامت
کرتے ہین تو ہر چند کہ یہ ملامت بیجا ہے کیونکہ قیام شرعاً واجب نہین پھر ملامت کیون بلکہ اس ملامت سے
شبہہ اصرار کا پیدا ہوتا ہی جسکی نسبت فقہا نے فرمایا ہی کہ اصرار سی مستحب بھی معصیت ہوتا ہے مگر ہر ملامت سے
یہ قیاس کر لینا کہ یہ شخص معتقد وجوب قیام کا ہے درست نہین کیونکہ ملامت کی بہت سی وجہین ہوتی
ہین کبھی اعتقاد وجوب ہوتا ہی کبھی محض مخالفت رسم و عادت خواہ عادت دنیوی ہو یا مبنی کسی سبب دینی پر
کبھی وجہ ملامت یہ ہوتی ہی کہ وہ فعل اُس لائم کے زعم مین خواہ زعم صحیح ہو یا فاسد کسی قوم بدعقیدہ کا شعار ٹھہر گیا
ہے اس فعل سی وہ استدلال کرتا ہی کہ یہ بھی اُن ہی لوگون مین ہی اسلیے ملامت کرتا ہی مثلاً کوئی بزرگ ۶۸
مجلس مین تشریف لاوین اور سب لوگ تعظیم کو کھڑے ہو جاوین ایک شخص بیٹھا رہے تو اُسپر ملامت اسوجہ سے
کوئی نہین کرتا کہ تو نے واجب شرعی ترک کیا بلکہ اسوجہ سی کہ وضع مجلس کی مخالفت کی یا مثلاً ہندوستان
مین عموماً عادت ہی کہ تراویح مین جو قرآن مجید ختم کرتے ہین شیرینی تقسیم کرتے ہین اگر کوئی شیرینی تقسیم نہ کرے تو ملامت
کرینگے مگر صرف اسی وجہ سی کہ ایک رسم صالح کو ترک کیا یا مثلاً بحق کہنا کسی زمانے مین مخصوص معتزلہ کے ساتھ تھا
کوئی ناواقف کسی شخص کو بحق کہتا ہوا سنکر اس خیال سی ملامت کرتا کہ یہ شخص بھی اُسی قسم کا اور اُس سے
اُسکے دوسرے عقائد پر استدلال کر کے مخالفت کرتا بہرحال صرف ملامت کو دلیل اعتقاد وجوب ٹھہرانا مشکل ہے
اور فرضاً کسی عامی کا یہی عقیدہ ہو کہ قیام فرض و واجب ہے تو اس سے صرف اُسکے حق مین بدعت ہو جائیگا جن لوگونکا یہ
اعتقاد نہین اُنکے حق مین مباح و مستحسن رہیگا مثلاً بعض متشددین رجعت قہقری کو ضروری سمجھتے ہین
تو کیا یہ رجعت سب کے حق مین بدعت ہو جاویگی اور بعض اہل علم صرف جاہلونکی بعض رسومات یا دیکھکر جیسے موضوع
روایات پڑھنا گانا وغیرہ وغیرہ جیسا کہ مجالس جہلا مین واقع ہوتا ہی عموماً سب مولود پر ایک حکم لگا دیتے ہین
یہ بھی انصاف کی خلاف ہی مثلاً بعض واعظین موضوع روایات بیان کرتے ہین یا اُنکے وعظ مین بوجہ اختلاط مردون و
عورتون کی کوئی فتنہ ہو جاتا ہی تو کیا تمام مجالس وعظ ممنوع ہو جاوینگی ع بہر کیکے تو گلیمے را مسوز و رہا یہ اعتقاد

کہ مجلس مولد مین حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم رونق افروز ہوتے ہین اس اعتقاد کو کفر و شرک کہنا حد سے بڑھنا ہے
کیونکہ یہ امر ممکن ہے عقلاً و نقلاً بلکہ بعض مقامات پر اسکا وقوع بھی ہوتا ہی رہا یہ شبہہ کہ آپ کو کیسے علم ہوا یا
کئی جگہ کیسے ایک وقت مین تشریف فرما ہوے یہ ضعیف شبہہ ہے آپکے علم و روحانیت کی وسعت جو
دلائل نقلیہ و کشفیہ سے ثابت ہی اُسکے آگے یہ ایک ادنیٰ سی بات ہی علاوہ اسکے اللہ کی قدرت تو محل
کلام نہین اور یہ بھی ہو سکتا ہی کہ اپنی جگہ تشریف رکھین اور درمیانی حجاب اُٹھ جاوین بہر حال ہر طرح یہ امر ممکن ہے
اور اس سے آپ کی نسبت اعتقاد علم غیب لازم نہین آتا جو کہ خصائص ذات حق سے ہی کیونکہ علم غیب وہ ہے
جو مقتضا ذات کا ہی اور جو باعلام خداوندی ہی وہ ذاتی نہین بالسبب ہے وہ مخلوق کے حق مین ممکن بلکہ واقع ہے
اور امر ممکن کا اعتقاد شرک و کفر کیونکر ہو سکتا ہی البتہ ہر ممکن کے لیے وقوع ضروری نہین ایسا اعتقاد کرنا
محتاج دلیل ہی اگر کسیکو دلیل ملجاوے مثلاً خود کشف ہو جاوی یا کوئی صاحب کشف خبر کر دی تو اعتقاد جائز ہے ۶۹
ورنہ بے دلیل ایک غلط خیال ہی غلطی سی رجوع کرنا اُسکو ضرور ہی مگر شرک و کفر کسی طرح نہین ہو سکتا پس تحقیق
مختصر اس مسئلے مین یہ ہی جو مذکور ہوئی اور مشرب فقیر کا یہ ہی کہ محفل مولود مین شریک ہوتا ہون بلکہ ذریعہ برکات
سمجھکر ہر سال منعقد کرتا ہون اور قیام مین لطف و لذت پاتا ہون رہا عملدرآمد جو اس مسئلے مین کہنا چاہیے
وہ یہ ہی کہ ہرگاہ یہ مسئلہ اختلافی ہی اور ہر فریق کے پاس دلائل شرعی بھی ہین گو قوت و ضعف کا فرق ہو جیسا اکثر
مسائل اختلافیہ فرعیہ مین ہوا کرتا ہی پس خواص کو تو یہ چاہیے کہ جو اُنکو تحقیق ہوا ہو اُسپر عمل رکھین اور دوسرے فریق کے ساتھ
بغض و کینہ نہ رکھین نہ نفرت و تحقیر کی نگاہ سے اُسکو دیکھین نہ تفسیق و تضلیل کرین بلکہ اس اختلاف کو مثل اختلاف
حنفی و شافعی کے سمجھین اور باہم ملاقات و مکاتبت و سلام و موافقت و محبت کی رسوم جاری رکھین اور تردید و مباحثہ سے
خصوصاً بازاریون کے ہذیانات سے کہ منصب اہل علم کے خلاف ہے پرہیز رکھین بلکہ ایسے مسائل مین نہ فتوی لکھین نہ مہر و دستخط
کرین کہ فضول ہے اور ایک دوسرے کی رعایت رکھے مثلاً اگر مانع قیام عامل قیام کی محفل مین شریک ہو جاوی تو بہتر ہو
کہ اس محفل مین قیام نہ کرین بشرطیکہ کسی فتنے کا برپا ہونا محتمل نہو اور جو قیام ہو تو مانع قیام بھی اُس وقت قیام مین
شریک ہو جاوے اور عوام نے جو غلو اور زیادتیان کر لی ہین اُنکو نرمی سے منع کرین اور یہ منع کرنا انکا زیادہ مفید ہو گا
جو خود مولد و قیام مین شریک ہوتے ہین اور جو مانع اصل کے ہین اُنکو سکوت مناسب ہے ایسے امور مین مخاطبت ہی نہ کرین

اور جہان ان امور کی عادت ہو وہان مخالفت کرین جہان عادت نہو وہان ایجاد نہ کرین غرض فقط اتنے ہی سے فیصلہ تعلیم
اسکی دلیل کافی ہے اور مجوزین نے بعض منع کی تاویل کر لیا کرین کہ یا تو انکو یہی تحقیق ہوا ہوگا یا انتظاماً منع کرتے
ہونگے کہ بعض موقع پر اصل عمل سے منع کر دیتے ہین تب انسے بچتے ہین اگرچہ اسوقت مین اکثر یہ تدبیر غیر مفید ہوتی ہے
اور جو مانع ہین وہ مجوزین کی تجویز کی تاویل کر لیا کرین کہ یا تو انکو تحقیق یہی ہوا ہے یا غلبۂ محبت سے یہ عمل کرتے
ہین اور حسن ظن بالمسلمین کی وجہ سے لوگونکو بھی اجازت دیتے ہین اور عوام کو چاہیے کہ جس عالم کو متدین و محقق
سمجھین اُسکی تحقیق پر عمل کرین اور دوسرے فریق کے لوگون سے تعرض نہ کرین خصوصاً دوسرے فریق کے علما کی شان مین
گستاخی کرنا چھوٹا منہ بڑی بات کا مصداق ہے غیبت اور حسد سے اعمال حسنہ ضائع ہوتے ہین ان امور سے
پرہیز کرین اور تعصب اور عداوت سے بچین اور ایسے مضامین کی کتابین اور رسالے مطالعہ نہ کیا کرین کہ یہ
کام علما کا ہی عوام کو علما پر بدگمانی اور مسائل مین شبہہ پیدا ہوتا ہے اور اس مسئلے مین جو تحقیق اور عمدرآمد ۷۰
تحریر کیا گیا ہے کچھ اس مسئلے ہی کے ساتھ مخصوص نہین نہایت مفید اور کارآمد مضمون ہے جو اکثر مسائل
اختلافیہ خصوصاً جنکا یہان ذکر ہے اور جو اسکے امثال ہین مثل مصافحہ یا معانقۂ عیدین یا مصافحہ بعد وعظ
و بعد نماز فجر و عصر یا نماز ہاے پنجگانہ و تکرار تہلیل بعد نماز پنجگانہ و دست بوسی یا پابوسی اور انکے سوا بہت امور ہین جنمین آجکل
شور و شر پھیل رہا ہے ان سب امور مین اس مضمون کا لحاظ رکھنا مفید ہوگا سب اسی قاعدے پر مبنی ہین فاحفظہ تنتفع انشاء اللہ تعالے

## دوسرا مسئلہ فاتحہ مروجہ کا

اسمین وہی گفتگو ہے جو مسئلۂ مولد مین مذکور ہوئی جسکا خلاصہ یہ ہے کہ نفس ایصال ثواب ارواح اموات
مین کسی کو کلام نہین اسمین بھی تخصیص و تعیین کو موقوف علیہ ثواب کا سمجھے یا واجب و فرض اعتقاد کرے تو ممنوع ہے
اور اگر یہ اعتقاد نہین بلکہ کوئی مصلحت باعث تقیید ہیئت کذائیہ ہے تو کچھ حرج نہین جیسا بمصلحت نماز مین
سورۂ خاص معین کرنے کو فقہاے محققین نے جائز رکھا ہے اور تہجد مین اکثر مشائخ کا معمول ہے اور تامل سے یون معلوم ہوتا ہے
کہ سلف مین تو یہ عادت تھی کہ مثلاً کھانا پکا کر مسکین کو کھلا دیا اور دل سے ایصال ثواب کی نیت کر لی متاخرین
مین کسیکو خیال ہوا کہ جیسے نماز مین نیت ہرچند دل سے کافی ہے مگر موافقت قلب و لسان کیلیے عوام کو زبان سے
کہنا بھی مستحسن ہے اسی طرح اگر یہان زبان سے کہہ لیا جاوے کہ یا اللہ اس کھانے کا ثواب فلان شخص کو پہونچ جاوے تو بہتر ہے

پھر کسی کو خیال ہوا کہ لفظ اسکا مشار الیہ اگر روبرو موجود ہو تو زیادہ استحضار قلب ہو کھانا روبرو لانے لگے
کسی کو یہ خیال ہوا کہ یہ ایک دعا ہی اسکے ساتھ اگر کچھ کلام الٰہی بھی پڑھا جاوی تو قبولیت دعا کی بھی امید ہے
اور اس کلام کا ثواب بھی پہونچ جاویگا کہ جمع بین العبادتین ہے ع چہ خوش بود کہ برآید بیک کرشمہ دو کار قرآن شریف
کی بعض سورتین بھی جو لفظوں مین مختصر اور ثواب مین بہت زیادہ ہین پڑھی جانے لگین کسی نے خیال کیا دعا
کے لیے رفع یدین سنت ہی ہاتھ بھی اٹھانے لگے کسی نے خیال کیا کھانا جو مسکین کو دیا جاویگا اسکے ساتھ
پانی دینا بھی مستحسن ہے پانی پلانا بڑا ثواب ہے اُس پانی کو بھی کھانے کے ساتھ رکھ لیا پس یہ ہیئت کذائیہ حاصل
ہو گئی رہا تعیین تاریخ یہ بات تجربے سے معلوم ہوتی ہی کہ جو امر کسی خاص وقت مین معمولی ہو اُس وقت وہ یاد
آجاتا ہی اور ضرور ہو رہتا ہی اور نہین تو سالہا سال گذر جاتی ہین کبھی خیال بھی نہین ہوتا اسی قسم کی مصلحتین
ہر امر مین ہین جنکی تفصیل طویل ہی محض بطور نمونہ تھوڑا سا بیان کیا گیا ذہین آدمی غور کرکے سمجھ سکتا ہی اور ۱۷
قطع نظر مصالح مذکورہ کے انمین بعض اسرار بھی ہین پس اگر یہی مصالح بنائے تخصیص ہون تو کچھ مضائقہ نہین ہا
عوام کا غلو اولاً اسکی اصلاح کرنی چاہیے اس عمل سے کیون منع کیا جاے ثانیاً انکا غلو اہل فہم کے فعل مین مؤثر نہین
ہو سکتا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ رہا شبہہ تشبہ کا اسمین بحث از بس طویل ہی مختصر اتنا سمجھ لینا کافی ہی
کہ تشبہ اُسوقت تک رہتا ہی جب تک وہ عادات اُس قوم کے ساتھ ایسی مخصوص ہون کہ جو شخص وہ فعل کرے وہ اسی قوم سے سمجھا جاوے
یا اُسپر حیرت ہو اور جب دوسری قومون پر پھیل کر عام ہو جاوے تو وہ تشبہ جاتا رہتا ہے ورنہ اکثر امور متعلق عادات
و ریاضات جو غیر قومون سے ماخوذ ہین مسلمانون مین اس کثرت سے پھیل گئے کہ کسی عالم درویش کا گھر بھی اس سے
خالی نہین یہ امور مذموم نہین ہو سکتے قصۂ تطہیر اہل قبا اسمین کافی حجت ہی البتہ جو ہیئت عام نہین ہوئی وہ
موجب تشبہ ہی اور ممنوع۔ پس یہ ہیئت مروجۂ ایصال کسی قوم کے ساتھ مخصوص نہین اور گیارھوین حضرت
غوث پاک قدس سرہٗ کی دسوان بیسوان چہلم ششماہی۔ سالیانہ وغیرہ اور توشہ حضرت شیخ احمد عبد الحق
ردولوی رحمۃ اللہ علیہ اور سہ منی حضرت شاہ بو علی قلندر رحمۃ اللہ علیہ و حلوائے شب برات اور دیگر طریق ایصال
ثواب کے اسی قاعدے پر مبنی ہین اور مشرب فقیر کا اس مسئلے مین یہ ہی کہ فقیر پابند اس ہیئت کا نہین ہی مگر کرنے والون پر
انکار نہین کرتا اور علی در آمد اس مسئلے مین ایسا رکھنا چاہیے یعنی دو فریقون کا باہم مل جلکر رہنا اور مباحثہ و قیل و قال نہ کرنا

اور ایک دوسرے کو وہابی بدعتی نہ کہنا اور عوام کو غلو اور جھگڑون سے منع کرنا سب بحث مولد مین گذر چکا۔

## تیسرا مسئلہ عرس و سماع کا

لفظ عرس ماخوذ اس حدیث سے ہی نم کنومۃ العروس یعنے بندۂ صالح سے کہا جاتا ہی کہ عروس کی طرح آرام کر کیونکہ موت مقبولان الٰہی کی حق مین وصال محبوب حقیقی ہی اس سے بڑھکر کون عروسی ہو گی چونکہ ایصال ثواب بروح اموات مستحسن ہے خصوصًا جن بزرگون سے فیوض و برکات حاصل ہوئے ہین اُنکا زیادہ حق ہے اور پھر اپنے پیر بھائیون سے ملنا موجب ازدیاد محبت و تزاید برکات ہی اور نیز طالبونکا یہ فائدہ ہی کہ پیر کی تلاش مین مشقت نہین ہوتی بہت سے مشائخ رونق افروز ہوتے ہین اُسمین جس سے عقیدت ہو اُسکی غلامی اختیار کرلے اسلیے مقصود ایجاد رسم عرس سے یہ تھا کہ سب سلسلے کے لوگ ایک تاریخ مین جمع ہو جائین باہم ملاقات بھی ہو جاوے اور صاحب قبر کی روح کو قرآن و طعام کا ثواب بھی پہونچایا جاوے یہ مصلحت ہے تعیین یوم مین رہا خاص یوم وفات کو مقرر کرنا اسمین اسرار مخفیہ ہین انکا اظہار ضرور نہین۔ چونکہ بعض طریقون مین سماع کی عادت ہی اسلیے تجدید ۲۷
حال اور ازدیاد ذوق و شوق کی لیے کچھ سماع بھی ہونے لگا۔ پس اصل عرس کی اسقدر ہے اور اسمین کوئی حرج معلوم نہین ہوتا۔ بعض علمانے بعض حدیثون سے بھی اسکا استنباط کیا ہی رہ گیا شبہہ حدیث لَا تَتَّخِذُوا قَبْرِي عِيدًا کا سو اسکے صحیح معنے یہ ہین کہ قبر پر میلا لگانا اور خوشیان کرنا اور زینت اور آراستگی و دھوم دھام کا اہتمام یہ ممنوع ہی کیونکہ زیارت مقابر واسطے عبرت و تذکرۂ آخرت کے ہی نہ غفلت اور زینت کے لیے اور یہ معنے نہین کہ کسی قبر پر جمع ہونا منع ہی ورنہ مدینۂ طیبہ قافلون کا جانا واسطے زیارت روضۂ اقدس کے بھی منع ہوتا وہذا باطل پس حق یہ ہی کہ زیارت مقابر انفرادًا و اجتماعًا دونون طرح جائز اور ایصال ثواب قرأت و طعام بھی جائز اور تعیین تاریخ بہ مصلحت بھی جائز سب ملکر بھی جائز رہا یہ شبہہ کہ وہان پکار کر سب قرآن شریف پڑھتے ہین اور آیۂ فاستمعوا لہ وانصتوا کی مخالفت ہوتی ہی سو اوّلًا تو علمانے لکھا ہی کہ خارج نماز کے یہ امر مستحبات کے لیے ہے ترک مستحب پر اتنا شور و غل نامناسب ہے ورنہ لوگون کا مکاتب مین پڑھنا ممنوع ہوگا دوسرے اگر کسی کو یہی تحقیق ہو کہ یہ وجوب عام ہی تو اصل عمل کے منع کرنے سے یہ بہتر ہے کہ امر تعلیم کر دیا جائے یہی جواب ہے ہجوم مین قرآن پکار کر پڑھنے کا البتہ جس مجلس مین امور منکرہ مثل رقص مروج و سجدۂ قبور وغیرہ ہون اُسمین شریک نہ ہونا چاہیے

رہا مسئلہ سماع کا یہ بحث طویل ہی جسکا خلاصہ یہ ہی کہ یہ مسئلہ اختلافی ہی سماع بعض مین بھی اختلاف ہی جسمین محققین کا یہ قول ہی کہ اگر شرائط جواز مجتمع ہون اور عوارض مانعہ مرتفع ہون تو جائز ہی ورنہ ناجائز کما فصلہ الامام الغزالی رحمۃ اللہ علیہ اور سماع باآلات مین بھی اختلاف ہی بعض لوگون نے احادیث منع کی تاویلین کی ہین اور نظائر فقہیہ پیش کیے ہین چنانچہ قاضی ثناء اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ سماع مین اسکا ذکر فرمایا ہی مگر آداب شرائط کا ہونا باجماع ضروری ہی جو اسوقت مجالس مین مفقود ہی مگر تاہم ع خدا پنج انگشت یکسان کرد بہرحال وہ احادیث خبر واحد ہین اور محتمل تاویل گو تاویل بعید ہی اور غلبۂ حال کا بھی احتمال موجود ایسی حالت مین کسی پر اعتراض کرنا از بس دشوار ہے مشرب فقیر کا اس امر مین یہ ہی کہ ہر سال اپنے پیر مرشد کی روح مبارک کو ایصال ثواب کرتا ہون اول قرآن خوانی ہوتی ہی اور گاہ گاہ اگر وقت مین وسعت ہوئی تو مولود پڑھا جاتا ہے پھر ماحضر کھانا کھلایا جاتا ہی اور اسکا ثواب بخشدیا جاتا ہی اور زوائد امور فقیر کی عادت نہین نہ کبھی سماع کا اتفاق ہوا ۷۳
نہ خالی نہ باآلات مگر دل سے اہل حال پر کبھی اعتراض کیا۔ ہان جو محض پاکار ومدعی ہو وہ برا مگر تعیین اسکی کہ فلان شخص پاکار ہی بلا حجت شرعیہ نادرست ہے اسمین بھی عمل درآمد فریقین کا یہی ہونا چاہیے جو دیرینہ کو رہا کہ جو لوگ کرین انکو کمال اتباع سنت کا شائق سمجھین جو نہ کرین انکو اہل محبت مین سے جانین اور ایک دوسرے پر انکار نہ کرین جو عوام غلو ہون انکا لطف ونرمی سے انسداد کرین

## چوتھا مسئلہ ندائے غیر اللہ کا

اسمین تحقیق یہ ہی کہ ندا سے مقاصد واغراض مختلف ہوتے ہین کبھی محض اظہار شوق کبھی تحسر کبھی منادی کو سنانا کبھی اسکو پیام پہونچانا سو مخلوق غائب کو پکارنا اگر محض اسطے تذکرہ اور شوق وصال و حسرت فراق کے ہے جیسے عاشق اپنے محبوب کا نام لیا کرتے ہین اور اپنے دل کو تسلی کرتے ہین اسمین تو کوئی گناہ نہین مجنون کا قصہ مثنوی مین مذکور ہی اشعار دید مجنون را یکے صحرانورد ٭ در بیابان غمش بنشستہ فرد ٭ ریگ کاغذ بود انگشتان قلم ٭ می نمودی بہر کس نامہ رقم ٭ گفت ای مجنون شیدا چیست این ٭ می نویسی نامہ بہر کیست این ٭ گفت مشق نام لیلی میکنم ٭ خاطر خود را تسلی میدہم ٭ ایسی ندا صحابہ سے بکثرت روایات مین منقول ہی کما لا یخفی علی المتبحر المتسع النظر اور اگر مخاطب کا اسماع وسنانا مقصود ہی تو اگر تصفیۂ باطن سے منادی کا مشاہدہ کر رہا ہی تو بھی جائز ہے اور اگر مشاہدہ نہین کرتا لیکن سمجھتا ہی کہ فلان ذریعہ سے اسکو خبر پہونچ جاویگی اور وہ ذریعہ ثابت بالدلیل ہو تب بھی جائز ہے

مثلاً ملائکہ کا درود شریف حضور اقدس مین پہونچانا احادیث سے ثابت ہے اس اعتقاد سے کوئی شخص الصلوٰۃ والسلام علیک
یا رسول اللہ کہے کچھ مضائقہ نہین اور اگر نہ مشہود ہو نہ پیغام پہونچانا مقصود ہو نہ پیغام پہونچانے کا کوئی ذریعہ دلیل سے
موجود ہو وہ ندا ممنوع ہے مثلاً کسی ولی کو دور سے ندا کرنا اسطرح کہ اسکو سنانا منظور ہے اور روبرو نہین ہے ابھی تک
اُس شخص کو یہ امر ثابت ہوا کہ انکو کسی ذریعہ سے خبر پہونچیگی یا ذریعہ متعین کیا مگر اُسپر کوئی دلیل شرعی قائم نہین یہ اعتقاد
افترا علی اللہ اور دعوی علم غیب ہے بلکہ مشابہ شرک کے ہے مگر بدیدھڑک اسکو شرک و کفر کہدینا جرأت ہے کیونکہ اللہ تعالے
اگر اُس بزرگ کو خبر پہونچادے ممکن ہے اور ممکن کا اعتقاد شرک نہین مگر چونکہ امکان کو وقوع لازم نہین اسلیے ایسی
ندائے لایعنی کی اجازت نہین ہے البتہ جو ندا نص مین وارد ہے مثلاً عباد اللہ اعینونی وہ باتفاق جائز ہے اور
۴۷ یہ تفصیل حق عوام مین ہے اور جو اہل خصوصیت ہین اُنکا حال جدا ہے اور حکم بھی جدا کہ اُنکے حق مین یہ فعل عبادت
ہوجاتا ہے جو خواص مین ہے وہ کیسے ہوگا خود سمجھ لیگا بیان کی حاجت نہین یہان سے معلوم ہوگیا حکم وظیفہ یا شیخ عبد القادر
شیئاً للہ کا لیکن اگر شیخ کو متصرف حقیقی سمجھے تو منجر الی الشرک ہے اگر وسیلہ و ذریعہ جانے یا ان الفاظ کو بابرکت سمجھکر
خالی الذہن ہوکر پڑھے کچھ حرج نہین یہ تحقیق ہے اس مسئلے مین اب بعض علما اس خیال سے کہ عوام فرق مراتب
نہین کرتے اس سے منع کرتے ہین اُنکی نیت بھی اچھی ہے انما الاعمال بالنیات مگر مصلحت یون ہے کہ اگر ندا
کرنیوالا سمجھدار ہو تو اُسپر حسن ظن کیا جاوے اور جو محض عامی جاہل ہو تو اُس سے دریافت کیا جاوے اگر اسکے عقیدے مین
کوئی خرابی ہو تو اسکی اصلاح کردی جاوے اور کسی جگہ سے اصل عمل سے منع کرنا مصلحت ہو تو بالکل روک دیا جاوے
لیکن ہر موقع پر اصل عمل سے منع کرنا مفید نہین ہوتا۔ ایک بات کہ وہ بھی بہت جگہ کار آمد ہے یاد رکھنے کے قابل ہے وہ یہ ہے
کہ اگر کوئی شخص کسی عمل فاسد مین مبتلا ہو اور قرائن قویہ سے یقین ہو کہ یہ شخص اصل عمل کو ترک کریگا تو اس موقع پر تو
اصل عمل کے ترک کرنے پر اسکو مجبور کرے کہ بجز فساد و عناد کوئی ثمرہ نہین ہے اسکو بالکل مہمل و مطلق العنان چھوڑدے
کہ شفقت اور اخوت اسلامی کے خلاف ہے بلکہ اصل عمل کی اجازت دیکر اسمین جو خرابی ہو اُسکی اصلاح کردے کہ اسمین
امید قبول غالب ہے حق سبحانہ تعالی کا حکم ہے اُدع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ اور رسوم جاہلیت کے
شیوع کے وقت جو احکام شرعیہ مقرر ہوئے ہین اُنمین غور کرنے سے اس قاعدے کی تائید ہوتی ہے مشرب اس فقیر کا یہ ہے کہ ایسی امور معمول
نہین ہان بعض اشعار مین ذوق و شوق سے صیغہ ندا آگیا اور عملدرآمد یہی رکھنا چاہیے جو اوپر تین مسئلون مین مذکور ہوا۔

## پانچواں مسئلہ جماعت ثانیہ کا

یہ مسئلہ سلف سے مختلف فیہ ہے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ سے کراہت وامام ابویوسف سے بعض شرائط کے ساتھ جواز منقول ہے اور ترجیح وتصحیح دونوں جانب موجود ہے اسمین بھی گفتگو کو طول دینا نازیبا ہے کیونکہ جانبین کو گنجایش عمل ہے اور بہتر یہ ہے کہ دونوں قول مین یوں تطبیق دی جاوے کہ اگر جماعت اولی کاہلی اور سستی سے فوت ہوئی ہے تو جماعت ثانیہ مین شرکت سے منع کرنا اس شخص کے لیے موجب جبر وتنبیہ ہوگا اسکے لیے جماعت ثانیہ کی کراہت کا حکم کیا جاوے اور قائلین بالکراہۃ کی تعلیل تقلیل جماعت اولی سے یہی معلوم ہوتا ہے اگر کسی معقول عذر سے پہلی جماعت رہ گئی تو دوسری جماعت کے ساتھ پڑھنا تنہا پڑھنے سے بہتر ہے یا کوئی شخص ایسا لاابالی ہے کہ جماعت ثانیہ سے منع کرنا اسکے حق مین کچھ بھی موجب جبر نہوگا بلکہ تنہا پڑھنے کو غنیمت سمجھیگا جلدی سے چار ٹکرین مارکر رخصت ہوگا تو ایسے شخص کو منع کرنے سے کیا فائدہ بلکہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے کسی قدر تعدیل واطمینان سے ادا کریگا عملدرآمد اس مسئلے مین بھی ایسا ہی رکھنا چاہیے کہ ہر فریق دوسرے فریق کو عمل بالدلیل کیوجہ سے محبوب رکھے اور جہان جماعت ثانیہ نہوتی ہو وہان تنہا پڑھ لے خواہ مخواہ جماعت نہ کرے اور جہان ہوتی ہو شریک ہوجاوے مخالفت نہ کرے یہ پانچ مسئلے تو عملی تھے اب دو مسئلے علمی باقی رہ گئے ہین وہ مرقوم ہین

## چھٹا وساتوان مسئلہ امکان نظیر وامکان کذب کا

ان دو مسئلون کی تحقیق تفصیلی سمجھنا وقوف علم حقائق پر ہے اور از بس دقیق ہے مگر مجملاً دو چیز کا اعتقاد رکھنا چاہیے ایک ان اللہ علی کل شیء قدیر یعنی اللہ ہر چیز پر قادر ہے دوسرے سبحان اللہ عما یصفون یعنی اللہ تعالی تمام عیوب ونقائص سے مثل خلف القول واخبار غیر واقع وغیرہما ان سب سے پاک ہے رہا یہ تحقیق کرنا کہ کون چیز مفہوم شے مین داخل ہے کہ اسپر قادر کہا جاوے اور کون چیز عیب ونقصان سے ہے کہ اس سے تنزیہ کیا جاوے سو جس جگہ دلائل متعارض ہون وہان اس تحقیق کے ہم مکلف نہیں بلکہ بوجہ نازک ہونے ایسے مسائل کے یون معلوم ہوتا ہے کہ انمین قیل وقال وزیادہ تفتیش کرنا عجب نہین کہ منع ہو دیکھیے تقدیر کا مسئلہ چونکہ ہمیشہ مجمع اشکالات تھا اسمین گفتگو کرنے سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کسقدر سخت ممانعت فرمائی سو اس ممانعت کی علت یہی تھی دریں وقت وہ اشکال یہان بھی ہے سو ان دو مسئلون مین بھی جبکہ تعارض ظاہری ادلہ عقلیہ ونقلیہ کے اشکال شدید ہے

75

توقیل وقال کرنے کی کیسے اجازت ہوگی اسی مضمون کا خواب فقیر کے ایک متعلق نے دیکھا جسکو فقیر نے بہت پسند کیا اس سے بہتر کوئی عملدرآمد نہین اور جو طبع آزمائی کے لیے گفتگو ہی کرنا ضرور ہی تو زبانی خلوت مین ہو اور اگر تحریر کی حاجت ہو تو خط کافی ہی نہ کہ رسالے اور کتابین - اور اگر اسی کا شوق ہی تو عربی عبارت ہونا چاہیے تاکہ عوام خراب نہون اور عوام کے لیے تو بالتعیین سکوت ہی ضروری ہی تمام ہوا الحمد للہ جو کچھ لکھنا تھا

## ( وصیّت )

اور اس تمام تحقیق کے بعد بھی فقیر کی یہ وصیّت ہے کہ ظنیات مین اپنے علم تحقیق پر وثوق نہ کرین سورۂ فاتحہ اہدنا الصراط المستقیم بہت خشوع سے پڑھا کرین اور ہر نماز کے بعد ربنا لاتزغ قلوبنا پڑھکر دعا کیا کرین اور اپنے اوقات معاش و معاد کے ضروری کامون مین خصوص تزکیۂ نفس
وتصفیۂ باطن مین صرف کرین اور اہل اللہ کی صحبت وخدمت اختیار کرین خصوص عزیزی ۷۶
جناب مولوی **محمد رشید احمد صاحب** عـــہ کے وجود بابرکت کو ہندوستان مین غنیمت کبریٰ ونعمت عظمیٰ سمجھکر انسے فیوض و برکات حاصل کرین کہ مولوی صاحب موصوف جامع کمالات ظاہری اور باطنی کے ہین اور انکی تحقیقات محض للہیت کی راہ سے ہین ہرگز اسمین شائبہ نفسانیت نہین یہ وصیت تو مولوی صاحب کے مخالفین کو ہے اور جو موافق اور معتقد ہین انکو چاہیے کہ مولوی صاحب کی مجلس مین ایسے قصون کا تذکرہ نہ کیا کرین اور اپنے جھگڑون مین انکو شریک نہ کیا کرین اور سب پر لازم ہے کہ مفت کی بحث اور تکرار مین عمر عزیز کو تلف نہ کرین کہ یہ حجاب ہے محبوب حقیقی سے **اشعار** چہ خوش گفت بہلول فرخندہ خو :: چو بگذشت بر عارف جنگجو :: گر این مدعی دوست بشناختے :: بہ پیکار دشمن نپرداختے :: وصلے اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین - فقط -

**مُہر**

فقیر امداد اللہ چشتی وفاروقی

---

عـــہ جناب مولانا رشید احمد صاحب کا انتقال ہوگیا انا للہ وانا الیہ راجعون اب بجاے انکے مولانا اشرف علی صاحب مدظلہ موجود ہین ۱۲

## اشعار مثنوی معنوی در تمثیل اختلاف از حقیقت ناشناسی

پیل اندر خانهٔ تاریک بود / عرضه را آورده بودند شس هنود
از برای دیدنش مردم بسے / اندران ظلمت همی شد هر کسے
دیدنش با چشم چون ممکن نبود / اندران تاریکیش کف می بسود
آن یکے را کف بخرطوم اوفتاد / گفت همچون ناوُ دانستش نهاد
آن یکے را دست بر گوشش رسید / آن برو چون بادبیزن شد پدید
آن یکے را کف چو بر پایش بسود / گفت شکل پیل دیدم چون عمود
۷۷ آن یکے بر پشت او بنهاد دست / گفت خود این پیل چون تختی بدست
همچنین هر یک بجزوی چون رسید / فهم آن میکرد هر جا می شنید
از نظرگه گفت شان بُد مختلف / آن یکے دالش لقب داد آن الف
در کف هر کس اگر شمعے بُدے / اختلاف از گفت شان بیرون شدے
چشم حس همچو کف دستش و بس / نیست کف را بر همه آن دسترس

# ارشاد مرشد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلحمدُ للهِ بجمیعِ محامدِهٖ کُلِّها ما علمتُ منہا وما لم اَعلم وصلّی اللهُ علیٰ سیّدنا و مولٰنا محمّدٍ وّاٰلهٖ واَصحابهٖ وبارکَ وسلّم اما بعد فقیر حقیر امداد اللہ عفر اللہ ذنوبہ ووالدیہ یہ کہتا ہے اور برادران طریقت اور طالبان معرفت کی خدمت مین خصوصًا جو اس فقیر سے رابطۂ محبت اور ارادات رکھتے ہین عرض کرتا ہے کہ شاغل اشتغال قلبیہ کو ضروری کہ سوائے فرائض

اور واجبات اور سنن کے بعض عبادات اور طاعات اور اوراد اور وظائف جو مددگار اور قوت بخشنے والے صفائی دل اور جلا دینے والے روح کے ہوں عمل میں لاوے جیسا کہ **نماز تہجد** کی کہ بارہ رکعتیں یا آٹھ رکعتیں ہیں اور **نماز اشراق** کی چھ رکعتیں ہیں اور **نماز چاشت** کی کہ چار رکعتیں ہیں بارہ تک اور **صلوٰۃ الاوابین** کی چھ رکعتیں ہیں بیس تک اور چار رکعتیں سنت **قبل ظہر** اور چار سنتیں **قبل عصر** اور چار سنت **قبل عشا** اور بروز جمعہ **صلوٰۃ التسبیح**[51] اگر فراغ ہو پڑھے اور تین روزے **ایام بیض**[52] کے اور روزہ پنجشنبے اور دوشنبے کا اور چھ روزے **ماہ شوال** کے اور نو روزے اول **ماہ ذی الحج** کے اور روزہ عاشوراء محرم کا اور آٹھ روزے ماہ رجب اور **شعبان** کے رکھے اور تلاوت قرآن کی جسقدر ہو سکے ادنی یہ ہے کہ چالیس روز میں ختم کرے ۷۸

## وظائف صبح

درمیان سنت اور فرض صبح کے اکتالیس بار سورہ فاتحہ حضور دل سے معنوں پر خیال کرکے پڑھے اور بعد نماز صبح کلمہ چہارم[53] دس بار اور سورہ یٰس ایک بار اور استغفار[54] سو بار اور سُبحانَ اللهِ وَبِحَمدِہٖ سُبحانَ اللهِ العَلِیِّ العَظِیمِ وَبِحَمدِہٖ اَستَغفِرُ اللهَ سو بار اور ایک سو ایک بار لاحَولَ وَلا قُوَّةَ اِلّا بِاللهِ العَلِیِّ العَظِیمِ مع بسم اللہ کے اور سو بار کلمہ طیب[55] اور اکتالیس بار یا حَیُّ یا قَیُّومُ لا اِلٰهَ اِلّا اَنتَ اَسئَلُكَ اَن تُحیِیَ قَلبِی بِنُورِ مَعرِفَتِكَ اَبَدًا یا اَللهُ بحضور قلب پڑھے اور درود شریف[56] سو بار

[51] فائدہ صلوٰۃ التسبیح واسطے مغفرت تمام گناہ صغیرہ اور کبیرہ خطاً اور عمداً اور سراً اور علانیۃ کے حدیث میں آیا ہے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو تعلیم فرمایا ہے چار رکعتیں ہیں ہر رکعت میں بعد قرارت کے پندرہ بار سُبحانَ اللهِ وَالحَمدُ لِلّٰهِ وَلا اِلٰهَ اِلّا اللهُ وَاللهُ اَکبَرُ پڑھے اور رکوع میں دس بار اور قومہ میں دس بار اور سجدہ میں دس بار اور جلسے میں دس بار اور دوسرے سجدے میں دس بار اور بعد سجدہ دوسرے کے بیٹھکر دس بار پس ہر رکعت میں پچھتر بار اور چار رکعت میں تین سو بار پڑھے اور اگر طاقت ہو تو اس نماز کو ہر روز پڑھے والا ہفتے میں ایکبار یا ماہ میں یا سال میں یا تمام عمر میں ایکبار پڑھے اور مروی ہے کہ چار رکعت میں ان چار سورتوں کو یعنی الھکم التکاثر والعصر قل یا ایہا الکافرون قل ہو اللہ احد پڑھے اور سورتیں بھی مروی ہیں جیسے سبح اسم یا اور مسبحات مگر یہ سہل تر ہیں ۱۲ منہ

[52] یعنے ہر چاند کی تیرھویں چودھویں پندرھویں تاریخ روزہ رکھے ۱۲ قدس سرہ

[53] لا اِلٰهَ اِلّا اللهُ وَحدَهٗ لا شَرِيكَ لَهٗ لَهُ المُلكُ وَلَهُ الحَمدُ يُحيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لا يَمُوتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُو الجَلالِ وَالاِکرامِ

[54] اَستَغفِرُ اللهَ الَّذِي لا اِلٰهَ اِلّا هُوَ الحَيُّ القَيُّومُ وَاَتُوبُ اِلَيهِ ۱۲

[55] لا اِلٰهَ اِلّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ ۱۲

[56] اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعلُومٍ لَكَ ۱۲

## وظائف ظہر

اور بعد نماز ظہر کے سَو بار کلمہ طیّب اور سَو بار درود شریف اور سورۂ اِنَّا فَتَحْنَا اور منزل دلائل الخیرات
اور پانچسَو بار اَللّٰہُ الصَّمَدُ اور اکیس بار سورۂ اذا جاء۔

## وظائف عصر

اور بعد عصر کے سورۂ عَمَّ یَتَسَاءَلُوْنَ اور سَو بار آیۂ کریمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۞

## وظائف مغرب

اور بعد نماز مغرب کے سورۂ واقعہ اور سَو بار کلمہ طیّب اور درود شریف سَو بار اور اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِیْ
عَنْ غَیْرِكَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اکتالیس بار بحضور دل پڑھے

## وظائف عشا

اور بعد نماز عشا کے سورۂ سجدہ یا سورۂ ملک اور سَو بار کلمہ طیّب و سَو بار درود شریف اور ایک سَو ایک بار ۷۹
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ بحضور قلب پڑھے۔

## وظائف صبح و شام دو وقتہ

اور صبح اور شام کو سیّد الاستغفار[1] ایک ایک بار اور پانچوں کلمے اور دونوں اٰمنت باللہ
اور نود و نہ نام جلّ شانہ کے اور آیۃ الکرسی اور آیات اٰمن الرسول سے تا آخر
سورۃ اور اَعُوْذُ بِکَلِمٰتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ تین بار اور آیات[2] سورۂ حشر
ایک بار اور بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ

[1] اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ۱۲ منہ قدس سرہ

[2] اول اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ تین بار پڑھ کے پھر یہ آیت پڑھو یعنی ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۞ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ۞ ھُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۞ ۱۲

السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تین بار اور رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا تین بار اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ سات بار اور اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْجَنَّۃَ سات بار اور دعائے حزب البحر کو اگر ہو سکے تو ایک ایک بار اور بعد نماز صبح قبل طلوع آفتاب اور بعد نماز عصر قبل غروب مسبعات عشر[۱] کو پڑھے

## وظیفہ بعد ہر نماز

اور بعد ہر نماز کے پانچوں وقت آیۃ الکرسی ایک بار اور سبحان اللہ تینتیس[۳۳] بار اور الحمد للہ تینتیس بار اور اللہ اکبر تینتیس[۳۳] بار اور کلمہ چہارم ایک بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ وَاِلَیْکَ یَرْجِعُ السَّلَامُ حَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَاَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ایک بار اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ رِضَاکَ وَالْجَنَّۃَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَضَبِکَ وَمِنَ النَّارِ ایک بار پڑھے اور وقت شروع کھانے کے اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَاَطْعِمْنَا خَیْرًا مِّنْہُ اور بعد فراغ طعام کے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ پڑھے اور سوتے وقت سورہ فاتحہ و آیۃ الکرسی اور تینوں قل[۲] تین تین بار اور اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابَکَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَکَ اور وقت جاگنے کے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

---

[۱] یعنی دس چیزیں ہیں کہ سات سات بار پڑھتے ہیں اول سورہ فاتحہ سات بار سورہ والناس سات بار سورہ فلق سات بار سورہ اخلاص سات بار سورہ کافرون سات بار آیۃ الکرسی سات بار کلمہ تمجید سات بار درود شریف سات بار اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ سات بار اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ افْعَلْ بِیْ وَبِھِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ مَا اَنْتَ لَہٗ اَھْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا یَا مَوْلَانَا مَا نَحْنُ لَہٗ اَھْلٌ اِنَّکَ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ جَوَادٌ کَرِیْمٌ مَّلِکٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِیْمٌ اس دعا کو سات بار پڑھے ۱۲

[۲] یعنی قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۱۲

وحدہٗ لا شریک لہٗ لہ الملک ولہ الحمد وھو علیٰ کل شیءٍ قدیر اور ممکن ہو تو معشرات السبع[1] بھی پڑھے اور پاخانے مین جاتے وقت اللّٰھم انی اعوذ بک من الخبث والخبائث اور نکلتے وقت غفرانک الحمد للہ الذی اذھب عنی الاذیٰ وعافانی اور ہر وقت اٹھتے بیٹھتے بسم اللہ واللہ اکبر اور اللّٰھم انی اسئلک رضاک معمول رکھین اور اگر اور زیادہ اوراد مطلوب ہون تو کتب حدیث مثل حصن حصین وغیرہ سے لیکے عمل مین لاوین بہرحال اذکار اور اشغال قلبیہ مین مشغول رہین جس سے تصفیہ باطن کا ہوکر محبت اور معرفت حق کی حاصل ہو

## بیان اذکار اور اشغال اور مراقبات کا

جو بزرگان طریقت نے تصفیۂ قلب اور تجلیۂ روح کیواسطے تجویز کیے ہین انمین سے بارہ تسبیح ہین
جو حضرات چشتیہ کرتے ہین طریق انکا یہ ہے کہ بعد نماز تہجد کے توبہ اور استغفار عجز اور انکسار سے کرکے
اور ہاتھ اٹھا کے یہ دعا بحضور قلب اللّٰھم طہر قلبی عن غیرک ونور قلبی بنور معرفتک ۸۱
ابدًا یا اللہ یا اللہ یا اللہ تین بار یا سات مرتبہ تکرار کرے اور گیارہ بار استغفار اور گیارہ مرتبہ
درود شریف پڑھکے چار زانو بیٹھے اور داہنے پاؤن کے انگوٹھے سے اور جو انگلی اسکے پاس ہے
اس سے رگ کیماس کو کہ بائین زانو کے اندر ہے محکم پکڑے اور کمر کو سیدھی رکھے پھر دلجمعی سے
ہیبت اور حرمت اور تعظیم تمام کے ساتھ خوش الحانی سے ذکر شروع کرے بعد اعوذ و بسملہ کے
باخلاص تمام تین بار کلمۂ طیب[2] اور کلمۂ شہادت[3] پڑھکے سر کو قلب کیطرف کہ زیر پستان چپ بفاصلۂ دو انگشت کے

---

؎۱ فائدہ معشرات السبع وہ سات کلمے ہین کہ ایک کو دس دس مرتبہ پڑھتے ہین وہ کلمے یہ ہین اول اللہ اکبر دس بار دوسرا الحمد للہ دس بار تیسرا سبحان اللہ وبحمدہ دس بار چوتھا سبحان اللہ الملک القدوس دس بار پانچوان لا الٰہ الا اللہ دس بار چھٹا استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ دس بار ساتوان اللّٰھم انی اعوذ بک من ضیق المقام الدنیا وضیق یوم القیمۃ دس مرتبہ پڑھے ۱۲ منہ قدس اللہ سرہ

؎۲ یعنے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۱۲

؎۳ یعنے اشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ ۱۲

واقع ہی جھکا کے کلمہ لَا کو قوت اور سختی سے دل کے اندر سے کھینچ کر اور اِلٰہَ کو داہنے مونڈھے پر
لیجا کے سر کو پشت کی طرف مائل کر کے تصور کرے اور غیر اللہ کو دل مین سے نکال کر پس پشت
ڈالدے اور دم کو چھوڑ کر لفظ اِلَّا اللّٰہ کی زور اور سختی سی دل پر ضرب ماری کہ عشق اور نور الٰہی کو دل مین
داخل کیا اسی طرح اس نفی و اثبات کو فکر اور ملاحظے اور واسطے کے ساتھ دو سو بار کہی اور اس کر مین
نو بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ دسوین بار مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہی بعد اسکے بطور سابق تین بار کلمہ طیب اور ایکبار
کلمہ شہادت کہی لیکن مبتدی کلمہ لَآ اِلٰہَ مین لَا مَعْبُوْدَ اور متوسط لَا مَقْصُوْدَ اور منتہی لَا مَوْجُوْدَ
ملاحظہ کری اسکے بعد لمحہ دو لمحہ مراقب ہو کر تصور کری کہ فیضان الٰہی عرش سی میرے سینے مین آتا ہی **طریق اثبات**
**مجرد** پھر دو زانو بیٹھی اور کمر کو سیدھی کری اور سر کو داہنے مونڈھے پر لیجا کے لفظ اِلَّا اللّٰہ کو زور اور سختی سے ۸۲
دل پر ضرب کری اسکو چار سو بار دمادم کرے پھر بطور سابق تین بار کلمہ طیب اور ایکبار کلمہ شہادت کہے
اور لمحہ دو لمحہ مراقب رہے **طریق ذکر اسم ذات** پھر ذکر اسم ذات اَللّٰہ اَللّٰہ کا کری اسطرح سے
کہ اول حرف ھاء لفظ اَللّٰہ کو پیش اور دوسری ھاء لفظ اَللّٰہ کو ساکن کری یعنی جزم دی اور آنکھین
بند کری اور سر کو داہنے مونڈھے پر لا کے لفظ مبارک اَللّٰہُ اَللّٰہ کی دونون ضرب جہر اور قوت سے دل پر مارے
اس ذکر اسم ذات دو ضربی کو چھ سو بار دمادم کری لیکن دسوین گیارھوین بار اَللّٰہُ حَاضِرِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ
اَللّٰہُ مَعِیْ مع ملاحظہ معنون کے کہتا رہی تاکہ کیفیت اور لذت ذکر کی اور دفع غفلت اور خواب
حاصل ہو بعد اسکے بطور سابق تین بار کلمہ طیب اور ایک بار کلمہ شہادت کہی پھر ایک ضربی اسیطرح
سر کو جانب داہنے مونڈھے کے کج کر کے لفظ مبارک اَللّٰہ کو دل پر سو بار دمادم ضرب کرے بعدہٗ تین بار
کلمہ طیب و ایکبار کلمہ شہادت کہکے درود شریف اور استغفار گیارہ گیارہ بار پڑھکے دعا مانگے اور مناجات
کرے کہ الٰہی تو ہی مقصود اور رضا تیری مطلوب ہے ترک کیا مین نے دنیا اور آخرت کو
واسطے تیرے عطا کر مجکو نعمتین اپنی اور وصول تام درگاہ مقدس اپنی مین آمین -

---

ے کلمہ لَا اِلٰہَ مین ملاحظہ مفہوم اور معنے لا موجود کا کرے اسواسطے کہ مقصود نفی غیر کی ملاحظے مین ہے اور اس کر مین دسوین
بارھوین مرتبہ لفظ اِلَّا اللّٰہ کے ساتھ اسکو یعنے لا موجود یا لا مقصود کو اول شامل کر لیا کری باقی ملاحظے مین ہی ۱۲ منہ قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ

## طریق ذکر پاس انفاس کا

یعنے اپنے انفاس پر آگاہ اور ہوشیار رہے کہ بے ذکر اللہ کے کوئی دم نہ گذرے[1] خواہ ذکر جلی ہو خواہ ذکر خفی پس وقت نکلنے سانس کے دم کے ساتھ لَا اِلٰہَ اور وقت داخل ہونے سانس کے دم کے ساتھ اِلَّا اللّٰہُ کہے دہن بستہ بے حرکت زبان خیال سے دم کو ذاکر کرے اور نظر ناف پر رکھے وہان سے ذکر جاری کرے

**طریق دوسرا یہ ہے** - کہ لفظ مبارک اَللّٰہُ کو سانس کے ساتھ اوپر کھینچے اور لفظ ہو کے ساتھ سانس کو چھوڑ دے اس ذکر کے خیال اور دھیان سے ایسی کثرت اور مشق کرے کہ دم ذاکر اور مستغرق بذکر ہو جاوے

## بیان ذکر اسم ذات زبانی

طالب کو چاہیے کہ باوجود ذکر پاس انفاس کے اسم ذات کو زبانی ہر روز چوبیس[2] ہزار بار کہ اوسط مرتبہ ہے کہے اور اگر اسقدر نہ ہوسکے تو چھ ہزار سے کم کہ ادنے مرتبہ ہے نہ کرے[3] ۸۳

**طریق ذکر نفی و اثبات** کہ حضرات قادریہ کرتے ہین یہ ہے کہ خلوت مین روبقبلہ باادب تمام بیٹھے اور آنکھین بند کرکے لَا نفی کو زیر ناف سے زور اور سختی کے ساتھ نکال کر اور دراز کرکے داہنے مونڈھے تک لیجا کے اِلٰہَ کو دماغ سے نکال دے اور اِلَّا اللّٰہُ کو قوت سے دل پر ضرب کرے اور لَا اِلٰہَ سے نفی معبودیت اور مقصودیت اور موجودیت غیر اللہ کی ملاحظہ کرے تا وجود غیر کا نظر سے اُٹھ جائے اور اِلَّا اللّٰہُ سے اثبات وجود مطلق حق سبحانہ وتعالیٰ کا کرے اسی طرح گیارہ سو بار ایک جلسے مین ہر روز کیا کرے تا اثر اسکا ظاہر ہو اور اس ذکر کو اسی طرح حبس دم مین بھی کرتے ہین

**طریق شغل اسم ذات** کا یہ ہے کہ زبان کو تالو سے لگا کے دل سے جسقدر ہو سکے رات دن تصور کیا کرے تا پختہ ہو کر بے تکلف جاری ہو جاوے باقی اذکار اور اشغال

---

[1] فائدہ یعنے جاگتے اور سوتے ہر حال مین ذاکر رہے تا ذکر حیات اور پاس انفاس حاصل ہو اور دل ماسوی اللہ سے پاک اور صاف اور نورانی ہو کر مثمر تجلیات اور واردات غیبی کا ہو ۱۲ منہ قدس اللہ سرہ العزیز

[2] فائدہ حکمت اسمین یہ ہے کہ آدمی رات دن مین چوبیس ہزار سانس یعنی دم لیتا ہے تو گویا کہ ہر دم ذاکر رہا اور ذاکرین مین داخل ہو ۱۲ منہ قدس اللہ سرہ العزیز

[3] تا اثر یعنے لذت اور محویت اور بیخودی ظاہر ہو اور تصفیۂ قلب در تجلی روح حاصل ہو ۱۲ منہ قدس اللہ سرہ العزیز

اس طریقے کے ضیاء القلوب مین موجود ہین ۔

**طریق شغل نفی و اثبات** کہ حبس دم مین کرتے ہین یہ ہی کہ آنکھین بند کرکے زبان کو تالو سے لگا لے اول دم کو ناف سے کھینچکر دل مین قرار دے پھر اسی طرح کلمہ لَآ اِلٰہَ کو دل سے نکال کے اور داہنے مونڈھے پر لیجا کے اِلَّا اللّٰہُ کی ضرب دل پر مارے اسی طرح اول روز دس دم ہر دم مین تین تین بار مشغول ہو پھر ہر روز درجہ بدرجہ ایک ایکبار زیادہ کرتا رہے تا حرارت باطن پیدا ہو تمام بدن مین سرایت کرے اور خطرہ دفع ہو کر تمام اعضا مین جاری ہو اور محبت اور عشق الٰہی ظہور کرے

**طریقہ مراقبے کا یہ ہی** کہ دو زانو نمازی کی طرح سر جھکا کے بیٹھے اور دل کو غیر اللہ سے خالی کر کے حق سبحانہ تعالیٰ کی حضوری مین حاضر رکھے اول اعوذ و بسم اللہ پڑھکے تین بار اَللّٰہُ حَاضِرِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ زبان سے تکرار کرکے پھر مراقب ہو کے اُنکے معنون کا دل مین ملاحظہ کرے اور تصور کرے یعنی جانے کہ ۸۴
اللہ سبحانہ و تعالیٰ حاضر و ناظر میرے پاس ہے اس جاننے مین اسقدر خوض کرے اور مستغرق ہو کہ شعور غیر حق کا نہ رہے یہان تک کہ اپنی بھی خبر نہ رہے اگر ایک آن بھی اس سے غافل ہو تو مراقبہ نہوگا

**مراقبہ دوسرا** اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ انوار الٰہی کو کہ ہر زمان و مکان مین موجود ہے جیسا کہ وجود ہستی اُسکے کا ہر جگہ ثابت ہے ملاحظہ کرے اور مستغرق ہو جاوے

**طریق ذکر اسم ذات** جو متعلق لطائف ستہ سے ہے وہ یہ ہی کہ زبان کو تالو سے لگاوے اور آنکھین بند کر کے بزبان خیال دل صنوبری سے اللّٰہ اللّٰہ کہے اسطرح سے کہ اس اسم کو غیر ذات نجانے اس حیثیت کو مقصود

---

۱ فائدہ حبس دم اور خطرہ بندی کے لیے خلوے معدہ کھانے پینے سے شرط ہی خصوصًا ابتداے حال مین اور بڑی شرط یہ ہے کہ درجہ اوسط کا نگاہ رکھے نہ تو ایسا پُر شکم ہو کہ کاہل و بوجھل ہو جاوے اور نہ بہت بھوکا رہے کہ ضعیف ہو اور حبس دم مین سرد چیزون مثل آب و ہواے سرد کا استعمال نہ کرے تا حرارت قلب کو سرد نہ کرے اور گرم کھانے سے بھی پرہیز کرے برابر ہے کہ حرارت طبعی ہو یا عارضی کہ سبب ایجاد مرض کا یا زیادتی مرض کی ہوتی ہے ۱۲

۲ ابتداے حال مین تکلیف سے مراقبہ ہوگا رفتہ رفتہ ایسا ہو جائیگا کہ ایک لمحہ بھر بھی اُس سے نکل نہ سکے گا مگر یہ مرتبہ بتدریج حاصل ہوتا ہے تنگ ہو کر ترک نہ کرے ۱۲ منہ قدس اللہ سرہ العزیز

اپنے اُٹھتے بیٹھتے ترک نہ کرے اسطرح چھؤن لطیفون کو ترتیب مذکورہ کے ساتھ جاری کرے یہانتک کہ خود
اُنکے ذکر سے واقف ہو آے عزیز جان تو کہ جسم انسان مین چھ لطیفے ہین یعنی چھ مقام ہین
کہ فیضان وبرکات اور انوار الٰہی سے لبریز ہین

**اول لطیفہ** قلبی ہے کہ مقام اُسکا دو انگشت نیچے پستان چپ کے واقع ہے اور نور اُسکا سرخ ہے
**دوسرا لطیفہ** روحی ہے جگہ اُسکی دو انگشت نیچے پستان راست کے ہے اور نور اُسکا سفید ہے
**تیسرا لطیفہ** نفسی ہے کہ مقام اُسکا زیر ناف ہے اور نور اُسکا زرد ہے۔
**چوتھا لطیفہ** سری ہے کہ جگہ اُسکی مابین سینے کے ہے اور نور اُسکا سبز ہے۔
**پانچوان لطیفہ** خفی ہے ٹھکانا اُسکا پیشانی ہے نور اُسکا نیلگون ہے۔
٨٥ **چھٹا لطیفہ** اخفی ہے موضع اُسکا اُم الدماغ ہے نور اُسکا سیاہ ہے مثل سیاہی چشم کے پس طالب کو
چاہیے کہ ان چھؤن لطیفون کے ذکر اور شغل مین اسقدر مشغول ہو اور مشق کرے کہ اثر ذکر کا ظاہر ہو باقی
اذکار اور اشغال اور مراقبات بہ تفصیل تمام مع سلوک کامل ضیاء القلوب مین لکھ چکا ہون
دوبارہ لکھنے کی حاجت نہین اللہ جل جلالہ تقدس و تعالیٰ ہمکو اور تمکو اور سب کو خاص فضل و کرم اپنے
سے ہمت اور توفیق اور استعداد کامل عطا فرماوے کہ شب و روز ہر حال مین ہر دم اُسی کے ذکر
شغل عبادات طاعات مرضیات مین رہین اور ایک دم اُس سے غافل نہون اور غیر اللہ کو دل مین جگہ
نہ دین اور محبت اور معرفت حضوری دائمی اُسکی کہ جو خلقت انسانی سے مقصود اور مطلوب ہے حاصل کرین
اور اپنی حقیقت کو پہچانین اور اُسی سے جیین اور اُسی پر مرین اور اُسی مین اُٹھین امین امین امین یا رب
العالمین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا و مولانا و شفیعنا محمد و آلہ و صحبہ
وبارک وسلم محررہ ۲ جمادی الاولیٰ ۱۲۹۳ سنہ ہجری

## شجرات وسلاسل شجرہ چشتیہ

سلہ فائدہ یعنی جنبش لطائف مین پیدا ہو کر ذکر جاری ہو اور لذت اور محویت اور انوار الٰہی دل مین قوت پکڑین
اور نسبت اور حضوری مذکور سبحانہ و تعالیٰ کی حاصل ہو ۱۲ منہ قدس اللہ سرہ العزیز۔

بدانکہ فقیر امداد اللہ عفا اللہ عنہ را نسبت بیعت و اجازت از مولانا و مرشدنا حضرت میانجیو نور محمد جھنجھانوی
و ایشان را از حضرت حاجی عبد الرحیم از شاہ عبد الباری از شاہ عبد الہادی از شاہ عضد الدین از شاہ محمد مکی
از شاہ محمدی از شیخ محب اللہ الہ آبادی از شیخ ابو سعید از شیخ نظام الدین از شیخ جلال الدین از
شیخ عبد القدوس گنگوہی از شیخ محمد عارف از شیخ عارف بن احمد از شیخ عبد الحق ردولوی از شیخ جلال الدین
پانی پتی از شیخ شمس الدین از شیخ علاء الدین صابر از شیخ فرید الدین از شیخ قطب الدین از خواجہ
معین الدین از خواجہ عثمان از خواجہ حاجی شریف زندنی از خواجہ مودود از خواجہ ابو یوسف
از خواجہ ابو محمد محترم از خواجہ احمد ابدال چشتی از خواجہ ابی اسحاق شامی از خواجہ ممشاد از خواجہ
ابو ہبیرہ بصری از خواجہ حذیفہ مرعشی از خواجہ سلطان ابراہیم از خواجہ فضیل از خواجہ عبد الواحد از خواجہ
امام حسن بصری از امیر المؤمنین علی رضوان اللہ علیہم اجمعین از حضرت خاتم النبیین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ۸۶

## شجرۂ قادریہ

حضرت عبد القدوس گنگوہی را اجازت و خرقہ از پیر خود درویش محمد بن قاسم از سید بدھن بہرائچی از سید اجمل
از مخدوم جہانیان جہان گشت از سید جلال الدین بخاری از شیخ عبید بن عیسی از شیخ عبید بن ابو القاسم
از شیخ ابو المکارم فاضل از شیخ قطب الدین ابو الغیث از شیخ شمس الدین علی افلح از شیخ شمس الدین حداد
از امام الاولیاء شیخ عبد القادر جیلانی از شیخ ابو سعید مخزومی از شیخ ابو الحسن قرشی از شیخ ابو الفرح
از شیخ عبد الواحد بن عبد العزیز از شیخ ابو بکر شبلی از شیخ جنید بغدادی از شیخ سری سقطی از شیخ معروف
کرخی از شیخ داؤد طائی از شیخ حبیب عجمی از شیخ امام حسن بصری از حضرت علی رضوان اللہ
علیہم اجمعین از حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم

## شجرۂ نقشبندیہ

و نیز حضرت سید اجمل بہرائچی را از مرشد خود شاہ عبد الحق از خواجہ عبید اللہ احرار از خواجہ مولانا یعقوب
چرخی از خواجہ علاء الدین عطار از خواجہ بہاء الدین نقشبند از خواجہ سید امیر کلال از خواجہ محمد باباسماسی
از خواجہ عزیزان علی رامیتنی از خواجہ ابو الخیر فغنوی از خواجہ محمد عارف ریوگری از خواجہ عبد الخالق غجدوانی

از خواجہ یوسف ہمدانی از خواجہ ابو علی فارمدی از خواجہ امام ابوالقاسم قشیری از خواجہ ابو علی دقاق از خواجہ ابوالقاسم نصیر آبادی از خواجہ ابوبکر شبلی از سید الطائفہ جنید بغدادی از شیخ سری سقطی از شیخ معروف کرخی از شیخ داؤد طائی از خواجہ حبیب عجمی از امام الاولیا حسن بصری از امیر المومنین علی رضوان اللہ علیہم اجمعین از سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم

## شجرۂ سہروردیہ

ونیز سید اجمل بہرائچی را اجازت و خرقہ از سید جلال الدین بخاری از شیخ رکن الدین ابو الفتح از والد خود صدر الدین از والد خود شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی از شیخ امام الطریقہ شہاب الدین سہروردی از شیخ ضیاء الدین ابو النجیب سہروردی از شیخ وجیہ الدین عبد القادر سہروردی از شیخ
۸۷ ابو محمد بن عبد اللہ از شیخ احمد دینوری از ممشاد علو دینوری از حضرت جنید بغدادی از شیخ معروف کرخی از شیخ داؤد طائی از شیخ خواجہ حبیب عجمی از خواجہ امام حسن بصری از امیر المومنین علی رضوان اللہ علیہم اجمعین از سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم۔ ونیز فقیر را در سلسلۂ نقشبندیہ اجازت از مرشد سابق از مولانا و مرشدنا نصیر الدین مجاہد دہلوی و او شان را از شاہ محمد آفاق دہلوی از خواجہ ضیاء اللہ از خواجہ محمد زبیر از خواجہ حجۃ اللہ محمد نقشبند ثانی از خواجہ محمد معصوم از حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی از خواجہ باقی باللہ از خواجہ امکنگی از مولانا درویش از مولانا زاہد از عبید اللہ احرار رضوان اللہ علیہم اجمعین تا سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم باقی سلاسل بہ تفصیل و تحقیق تمام در رسالہ ضیاء القلوب نوشتہ شد از آن بگیرند فقط

## شجرۂ پیران چشت اہل بہشت رضی اللہ عنہم

تو اگر چاہے قبولیت دعا کے واسطے ‏ ‏ عرض کر نا شاہ یوں اول خدا کے واسطے

حمد ہے سب تیری ذات کبریا کے واسطے

ہے درود و نعت ختم الانبیاء کے واسطے ‏ ‏ اور سب اصحاب و آل مصطفی کے واسطے

فضل کر ہم پر الٰہی مجتبیٰ کے واسطے

در بدر پھرتی ہے خلقت التجا کے واسطے — آسرا تیرا ہے پر مجھ بینوا کے واسطے
رحم کر مجھ پر الٰہی اولیا کے واسطے

ان بزرگوں کو شفیع لایا ہوں میں ہو کر ملول — کیجیو یہ عرض میری انکی برکت سے قبول
ہاتھ اٹھاؤں جب ترے آگے دعا کے واسطے

پاک کر ظلمات و عصیان سے الٰہی دل مرا — کر منور نور عرفان سے الٰہی دل مرا
حضرت نور محمد پر ضیا کے واسطے

ایسے مرنے پر کروں قربان یا رب لاکھ عید — اپنی تیغ عشق سے کر لے اگر مجکو شہید
حاجی عبد الرحیم اہل غزا کے واسطے

کر وہ پیدا درد و غم میرے دل افگار میں — بار پاؤں جس سے ای باری ترے دربار میں
شیخ عبد الباری شہ بے ریا کے واسطے

شرک و عصیان و ضلالت سے بچا کر ای کریم — کر ہدایت مجکو اب راہ صراط المستقیم
شاہ عبد الہادی پیر ہدیٰ کے واسطے

دین و دنیا کی طلب عزت سے سرداری مجھے — اپنے کوچے کی عطا کر ذلت و خواری مجھے
شاہ عضد الدین عزیز دوسرا کے واسطے

دی مجھے عشق محمد اور محمدیوں میں گن — ہو محمد ہی محمد ورد میرا رات دن
شہ محمد اور محمدی اتقیا کے واسطے

حب حق حب الٰہی حب مولیٰ حب رب — الغرض کر دی مجھے محبت سب کا سب
شہ محب اللہ شیخ باصفا کے واسطے

گرچہ ہوں غرق شقاوت ہوں سعادت سے بعید — پر توقع ہے کہ کر دی مجھ سے شقی کو تو سعید
بوسعید اسعد اہل ورع کے واسطے

۸۸

قال ابتر حال ابتر سب کی مرا ابتر ہین کام     لطف سی اپنی مرے کر ملکِ دین کا انتظام
شہ نظام الدین بلخی مقتدا کے واسطے

ہی یہی بس مین میرا او یہی سب ملک و مال     یعنی اپنے عشق مین کر مجکو با جاہ و جلال
شہ جلال الدین جلیل اصفیا کے واسطے

حُبِّ دنیاوی سی کر کے پاک مجکو ای حبیب     اپنے باغِ قدس کی کر سیر تو میری نصیب
عبدِ قدوسِ شہ قدس و صفا کے واسطے

کر معطر روح کو بوی محمدؐ سے مری     اور منور چشم کر روی محمدؐ سے مری
اے خدا شیخ محمد رہنما کے واسطے

کر عطا راہِ شریعت روی احمدؐ سی مجھے     اور دکھا نورِ حقیقت خوی احمدؐ سی مجھے ۸۹
شیخ احمدؐ عارفِ صاحب عطا کے واسطے

کھول دی راہِ طریقت قلب پر یا حق مرے     کر تجلّیِ حقیقت قلب پر یا حق مرے
احمد عبد الحق شہ ملکِ بقا کے واسطے

دین و دنیا کا نہین درکار کچھ جاہ و جلال     ایک ذرّہ درد کا یا حق مری دل مین تو ڈال
شہ جلال الدین کبیر الاولیا کے واسطے

ہی مکدّر ظلمتِ عصیان سی میرا شمس دین     کر منوّر نور سے عرفان کے میرا شمسِ دین
شیخ شمس الدین ترک شمس الضحیٰ کے واسطے

ای مرے اللہ رکھ ہر وقت ہر لیل و نہار     عشق مین اپنے مجھے بی صبر بیتاب و نزار
شیخ علاء الدین صابر بارضا کے واسطے

دی ملاحت مجکو حق نمکینیِ ایمان سے     اور حلاوت بخش گنجِ شکّرِ عرفان سے
شہ فرید الدین شکر گنج بقا کے واسطے

عشق کی رہ مین ہوئے جو اولیا اکثر شہید     خنجرِ تسلیم سے اپنے مجھے بھی کر شہید

خواجہ قطب الدین مقتولِ ولا کے واسطے

بے ترے ہی نفس و شیطان دربئ ایمان و دین      جلد ہو آکر مرا یا رب مدد گار و معین

شہ معین الدین حبیب کبریا کے واسطے

یا الٰہی بخش ایسا بیخودی کا مجکو جام      جس سے جز عشق نبیؐ مجکو نہو وے اور کام

خواجہ عثمان باشرم و حیا کے واسطے

دور کر مجھسے غم موت و حیاتِ مستعار      زندہ کر ذکر شریف حق سے ای پروردگار

شہ شریف زندنی با اتقیا کے واسطے

آتشِ شوق اسقدر دل مین مرے بھڑکا دو دود      ہر بنِ مو سے مرے نکلے تری الفت کا دود

خواجہ مودود چشتی پارسا کے واسطے

رحم کر مجھپر تواب چاہِ ضلالت سے نکال      بخش عشق و معرفت کا مجکو یا رب ملک و مال

شاہ بو یوسف شہِ شاہ و گدا کے واسطے

مست اور بیخود بنا بوے محمدؐ سے مجھے      محترم کر خوارئ کوے محمدؐ سے مجھے

بو محمد محترم شاہِ ولا کے واسطے

صدقے احمدؐ کے یہ ہے اُمید تیری ذات سے      کہ بدل کر دے مری عصیان کو حسنات سے

احمدِ ابدالِ چشتی باسخا کے واسطے

حد سے گذرا رنج فرقت اب تو ای پروردگار      کر مری شامِ خزان کو وصل سے روزِ بہار

شیخ ابو اسحاقِ شامی خوش ادا کے واسطے

شادی و غم سے دو عالم کے مجھے آزاد کر      اپنے درد و غم سے یا رب دل کو میرے شاد کر

خواجہ ممشاد علوی بو العُلا کے واسطے

ہے مری تو پاس ہر دم لیک مین اندھا ہون پر      بخش وہ نورِ بصیرت جس سے تو آوے نظر

بو ہبیرہ شاہ بصری پیشوا کے واسطے

۹۰

عیش و عشرت سی دو عالم کی نہین مطلب مجھے — چشم گریان سینہ بریان کر عطا یارب مجھے

شیخ حذیفہ مرعشی شاہِ صفا کے واسطے

نی طلب شاہی کی نی خواہش گدائی کی مجھے — بخش اپنے در تلک طاقت رسائی کی مجھے

شیخ ابراہیم ادہم بادشا کے واسطے

راہ زن میرے ہین دو قزاق با گرز گران — تو پہونچ فریاد کو میری کہین ای مستعان

شہ فضیل بن عیاض اہلِ دعا کے واسطے

کر مرے دل سی تو ای واحد دوئی کا حرف دور — دل مین اور آنکھونمین بھر دے سراسر وحدت کا نور

خواجہ عبدالواحد بن زید شا کے واسطے

۹۱ کر عنایت مجکو توفیقِ حسن ای ذوالمنن — تا کہ ہون سب کام میری تیری رحمت سے حسن

شیخ حسن بصری امامِ اولیا کے واسطے

دور کر دل سی حجاب جہل و غفلت میرے رب — کھول دی دل مین درِ علمِ حقیقت میراب

ہادیِ عالم علیؓ مشکلکشا کے واسطے

کچھ نہین مطلب دو عالم کے گل و گلزار سے — کر مشرف مجکو تو دیدار پُر انوار سے

سرورِ عالم محمد مصطفےٰ کے واسطے

آپڑا در پر ترے مین ہر طرف سے ہو ملول — کر تو ان نامونکی برکت سی دعا میری قبول

یا الٰہی اپنی ذاتِ کبریا کے واسطے

ان بزرگونکی تئین یارب غرض سے کار مین — کر شفاعت کا وسیلہ اپنے تو دربار مین

مجھ ذلیل و خوار و مسکین و گدا کے واسطے

اس دوئی نی کر دیا ہی دور وحدت سی مجھے — کر دوئی کو دور کر پُر نورِ وحدت سی مجھے

تا ہون سب میری عمل خالص رضا کے واسطے

کر دیا اس عقل نی بے عقل و دیوانہ مجھے — کر ذرہ اس ہوش سی بیہوش و مستانہ مجھے

یا حق اپنے عاشقانِ باوفا کے واسطے

کشمکش سے نا امیدی کی ہوا ہون میں تباہ دیکھ مت میری عمل کر لطف پر اپنی نگاہ
یارب اپنے رحم و احسانِ عطا کے واسطے

چیرخِ عصیان سر پہ ہے زیرِ قدم بحرِ الم چارسو ہے فوجِ غم کر جلد اب بہرِ کرم
کچھ رہائی کا سبب اس مبتلا کے واسطے

گرچہ مین بدکار و نالائق ہون اے شاہِ جہان پر تری درگو بتا اب چھوڑ کر جاؤن کہان
کون ہے تیرے سوا مجھ بینوا کے واسطے

ہے عبادت کا سہارا عابدونکے واسطے اور تکیہ زُہد کا ہے زاہدونکے واسطے
ہے عصائے آہ مجھ بے دست و پا کے واسطے ۹۲

نے فقیری چاہتا ہون نے امیری کی طلب نے عبادت نے زہد نے خواہشِ علم و ادب
دردِ دل پر چاہیے مجکو خدا کے واسطے

عقل و ہوش و فکر اور نعماے دنیا بیشمار کی عطا تو نے مجھے پر اب تو اے پروردگار
بخش وہ نعمت جو کام آدے سدا کے واسطے

گرچہ عالم مین الٰہی مین سعی بسیار کی پر نہ کچھ تحفہ ملا لائق ترے دربار کی
جان و دل لایا و لے تجھ پر فدا کے واسطے

گرچہ یہ ہدیہ نہ میرا قابلِ منظور ہے پر جو ہو مقبول کیا رحمت سے تیری دور ہے
کُشتگانِ تیغِ تسلیم و رضا کے واسطے

حد سے ابتر ہو گیا ہے حال مجھ ناشاد کا کر مری امداد اللہ وقت ہے امداد کا
اپنے لطف و رحمتِ بے انتہا کے واسطے

شجرہ منظومہ جناب مولوی محمد قاسم صاحب مرحوم اجلِ خلفاے حضرت پیر و مرشد مدظلہ العالی

الٰہی غرقِ دریایِ گناہم
تو میدانی و خود ہستی گواہم
گناہِ بے عدد را بار بستم
ہزاران بار توبہ ہا شکستم
حجابِ مقصدِ عصیانِ من شد
گناہم موجبِ حرمانِ من شد
بآن رحمت کہ وقف عام کردی
جہان را دعوتِ اسلام کردی
نمی دانم چرا محروم ماندم
رہینِ این چنین مقسوم ماندم
گدا خود را ترا سلطان چو دیدم
بدرگاہِ قویِ رحمان دویدم
بحقِ مقتدای عشق بازان
رئیسِ پیشوایِ مقتدایان
امامِ راست بازان شیخِ عالم
ولیِ خاص صدّیقِ معظم
شہ والا گہر امدادِ اللہ
کہ بہرِ عالمست امدادِ اللہ
بحقِ بادشاہِ عالمِ نور
رئیسِ استان ثانیِ طیفور
شہ نورِ محمد نورِ مطلق
امامِ اولیا صدّیقِ برحق
بآن شاہِ شہیدان حاجِ حرمین
شہ عبد الرحیم غوثِ دارین
بعبدِ باری شیخِ طریقت
چراغِ دینِ احمد شیخِ ملت
۹۳ بعبدِ ہادیِ ہادیِ پیران
امیرِ دستگیرِ دستگیران
نہنگِ بحرِ عشق و بحرِ معنی
بحقِ شاہ عضد الدین اعنی
بآن غوّاصِ دریایِ حقیقت
محمد مکیِ قطبِ طریقت
بشمسِ چرخِ دین شاہ محمدی
کہ ہم ہادی بود ہم بود مہدی
بحقِ بحرِ موّاجِ معانی
محب اللہ محی الدینِ ثانی
بحقِ بوسعید فخرِ اقران
جنیدِ وقت خود شبلیِ دوران
بسلطان المشائخ صدرِ اعلیٰ
نظام الدین شاہِ دین و دنیا
بحقِ صدرِ ایوانِ جلالت
جلال الدین شمسِ چرخِ رفعت
بحقِ عبدِ قدوسِ مقدّس
کہ کمتر دید چون او چرخِ اطلس
بحقِ سروِ بستانِ سعادت
محمد جوہرِ کانِ سیادت
بحقِ سرورِ اہلِ معارف
ملاذِ اہلِ عرفان شیخِ عارف
بحقِ احمد عبد الحق کہ افلاک
بہ پیشِ رفعتش پست است از خاک
بحقِ مرکزِ اہلِ کمالات
جلال الدین شہِ عالی مقامات
بہ شمس الدین خورشیدِ جہانتاب
امام و قدوۂ ابدال و اقطاب
بحقِ بحرِ زخّارِ محبت
بحقِ مشتعلِ نارِ محبت
بحقِ نورِ چشمانِ اکابر
علی احمد علاء الدین صابر
بحقِ شاہِ عالی آستانہ
فرید الدین یکتاے زمانہ
بشمس الاولیا بدر المشائخ
امام الاولیا فخر المشائخ
بحقِ خواجہ قطب الدین چشتی

گسستہ از جہانی نقش زشتی
معین الدین حسن سنجر کہ بر خاک
سپہ سالار نیکان خواجہ عثمان
بحق خواجہ مودود چشتی
ابو یوسف چراغ ہفت افلاک
بحق حاکم شہر ولایت
ابو اسحاق صیقل ساز جانہا
بحق بوہبیرہ زیب عالم ۹۴
حذیفہ مرعشی شیر نر مست
بحق زبدۂ نیکو نصیبان
کہ بالا شد ز کرّوبی بہ پرواز
بحق شیر یزدان شاہ مردان
تجلی گاہ یزدان مطلع فیض
بحق آنکہ او جان جہان ست
برای خویش مطلوبش گرفتی
گزیدی از ہمہ گلہا تو او را
و عالم را بکارم او نمودی
بحق سرور عالم محمد
از و قائم بلندیہا و پستی ست
دلم از نقش باطل پاک فرما
بشو از من ہوای کعبہ و دیر

بحق آنکہ شاہ اولیا شد
نہ دیدہ چرخ چون او مرد چالاک
بحق مست حق شاہ یگانہ
کہ سنگ از فیض او سازد بہشتی
بحق بو محمد محترم شاہ
ابو احمد دُر بحر ولایت
بحق شاہ والا جاہ ممشاد
گل باغ سعادت فخر آدم
بحق بو ادہم محو یزدان
فضیل بن عیاض استاد عرفان
بحق مقتدای مقتدایان
در علم لدنی فیض رحمان
علی بن ابی طالب کہ خورشید
فدای روضہ اش ہفت آسمان ست
پسندیدی ز جملہ عالم آن را
نمودی صرف او ہر رنگ و بو را
بآن کو رحمۃ للعالمین ست
بحق بہتر عالم محمد
ثنای او نہ مقدور جہان ست
براہ خود مرا چالاک فرما
درونم را بعشق خویشتن سوز

در او بوسہ گاہ اولیا شد
بآن رشک ملائک فخر انسان
شریف زندنی فخر زمانہ
بحق دُر یکتا جوہر پاک
کہ بُد در روز خورشید و بشب ماہ
بسالار طبیبان روانہا
علو در عشق مولی کامل استاد
بحق آنکہ دل در عشق حق بست
امیر عالم ابراہیم سلطان
بعبد الواحد بن زید شہباز
حسن بصری امام پیشوایان
خلیج بحر رحمت منبع فیض
بنور خاک پای او درخشید
بحق آنکہ محبوبش گرفتی
بما بگذاشتی باقی جہان را
ہمہ نعمت بنام او نمودی
بدرگاہت شفیع المذنبین ست
بذات پاک خود کان اصل ہستی ست
کہ کنہش برتر از کون و مکان ست
بکش از اندرونم نسبت غیر
بہ تیر درد خود جان و دلم دوز

دلم را محو یادِ خویش گردان
که خارِ عیب از جانم برآری
گناهم را اگر دیدی نگر هم
تو غفاری اگر هستم گنهگار

مرا حسبِ مرادِ خویش گردان
بخوبی زشت را مبدل نمائی
بعفو فضلِ خود ای شاهِ عالم
بسی بگذشت شاها نامرادم

اگر بالائی کنم قدرت تو داری
سیاهی را به بخشی روشنائی
وگر بیچاره ام هستی مددگار
بدرگاهت رسیدم ساز شادم

بجشیم لطف ای حکیم تو بر سر
بحالِ قاسمِ بیچاره بنگر

## تمّت

۹۵

# نصائحِ متفرقه

بسم الله الرحمٰن الرحیم

منقول ست از امیر المؤمنین یعسوب الدین امام المشارق والمغارب حضرت علی بن ابی طالب رضی الله تعالی عنه که من دوازده کلمه از توریت اختیار کرده ام و هر روز سه نوبت دران تامل میکنم و آن این است -

**کلمهٔ اول** حق جل و علا میفرماید ای پسر آدم که البته نترسی از هیچ شیطان و هیچ حاکمی مادام که سلطانے من باقی ست -

**کلمهٔ دوم** ای پسر آدم نترسی از قوت و رزق مادام که خزانهٔ من پر یابی خزانهٔ من هرگز فانی و تهی نمی شود

**کلمهٔ سوم** ای پسر آدم باید که در هر چه درمانی مرا بخوانی که البته بیابی که اجابت کننده همه ها و نیکوکارانم

**کلمهٔ چهارم** ای پسر آدم بدرستی که من ترا دوست میدارم پس تو مرا باش و مرا دوست دار -

**کلمهٔ پنجم** ای پسر آدم از مکر من ایمن مباش مادام که از صراط نه گذشته باشی -

کلمۂ ششم ای پسر آدم ترا آفریدم از خاک و نطفہ و علقہ و مضغہ و عاجز نشدم در آفریدن تو
بکمال قدرت پس چگونہ عاجز شوم کہ دو گردہ نان بتو رسانم چرا از غیر من می طلبی -

کلمۂ ہفتم ای پسر آدم آفریدم اشیا را براے تو و ترا آفریدم از جہت عبادت خود و تو
خود را فداے چیزے کردی کہ براے تو آفریدہ ام و خود را از من دور میکنی جہت غیر من -

کلمۂ ہشتم ای پسر آدم ہمہ چیز و ہمہ کس را میخواہی از براى نفس خود و من ترا میخواہم
از جہت نفس تو و تو از من میگریزی -

کلمۂ نہم اے پسر آدم تو خشم میگیری بر من جہت نفس خود و خشم نمیگیری بر نفس خود از جہت من -

کلمۂ دہم اے فرزند آدم مراست بر تو فریضہ و تراست بر من روزی اگر تو مخالفت میکنی
در فریضۂ من و من مخالفت نکنم در دادن روزی تو بتو - ۹٦

کلمۂ یازدہم اے پسر آدم تو طلب روزی فردا از من میکنی و من فریضۂ فردا از تو نمی طلبم -

کلمۂ دوازدہم ای پسر آدم اگر راضی بشوی بچیزی کہ من ترا قسمت کردہ ام در راحت افتادی و آسودہ
شوی در ہمہ حال و دوست دارندہ شدی و اگر راضی نشوی بآنچہ ترا قسمت کردہ ام مسلط گردانم بر تو دنیا را
تا ترا در بدر گرداند و چون سگ بر در ہا خوار گردی و تو نیابی مگر آنچہ مقدر کردہ ام ترا -

## تمت بالخیر

الحمد للہ والمنۃ کہ رسالۂ فیصلہ ہفت مسئلہ و ارشاد مرشد حسب ارشاد جناب مولوی حاجی محمد سعید صاحب
تاجر کتب کلکتہ خلاصی ٹولہ نمبر (۸۵) و مالک مطبع مجیدی باہتمام احقر محمد عبد المجید
غفرلہ اللہ الحمید در مطبع مجیدی کانپور بماہ ذی قعدہ سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ماہ
ستمبر سنہ ۱۹۱٦ء بحلیۂ صحت و زیور طبع آراستہ و پیراستہ شدہ کحل البصر دیدۂ
مشتاقان شد

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

حسب فرمایش جناب حاجی محمد سعید صاحب تاجر کتب کلکتہ خلاصی ٹولہ نمبر (۸۵)

# مثنوی تحفۃ العشاق

باہتمام احقر العبید راجی رحمت رب حمید محمد عبد المجید غفر لہ اللہ رشید

در مطبع مجیدی واقع کانپور مطبوع شد

عاجز کے کارخانہ سے ہر قسم کی کتابیں بنرخ تاجرانہ بکفایت جلد بذریعہ ویلو پے ایبل روانہ ہوتی ہیں المشتہر محمد سعید تاجر کتب کلکتہ و مالک مطبع مجیدی کانپور

# مثنوی تحفۃ العشاق

## بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد بیحد ہے سزاوارِ احد — ہین احد مین محو سب محو و عدد
حمد ہے اُسکو جو خود موجود ہے — اور سوا اوسکے جو ہے نابود ہے

حمد اُسکو ہے کہ بے نام و نشان — وحدت اپنی کی ہے کثرت مین عیان
حمد ہے اوسکو کہ با چندین چون — سب مین ہے اور سب سے بیچون و چگون

حمد ہے اوسکو کہ در باغ وجود — ہر روش ہر رنگ کی اپنی نمود
حمد ہے اوسکو کہ با صد زیب و فر — ہر زبان ہر شان مین ہے جلوہ گر

حمد ہے اوسکو جو ہے موجود یار — اول و آخر نہان و آشکار
ہے وہ بے علت سزاوارِ ثنا — علت و معلول ہین اوسمین فنا

حمد عالم مین کرے ہے جسکی تو — سب اوسیکو پہونچتی ہے مو بمو
کیونکہ عالم مین نہین ہے غیر یار — حامد و محمود ہے آپ آشکار

دو جہان ہے آئینہ رخسار جان — ذرہ ذرہ سے ہے حسن اُسکا عیان
نقش کی گر حمد تونے فاش کی — در حقیقت حمد ہے نقاش کی

گر کرے اوصاف و تعریف و صفات — ہین حقیقت مین وہ بلقب صاف ذات
ہے صفات و ذات اک کب فرق ہے — نور خورشید مین کب فرق ہے

موج و کف کو بحر سے دوری ہے کب — اصل کو سایہ سے مہجوری ہے کب
یعنی موج اور بحر سایہ اور اصل — ایک ہین کچھ بھی نہین آپسمین فصل

حمد خلقت کی ہے خالق کی ثنا — کیونکہ ہے مخلوق کی اوس سے بنا
حمد کیا اوسکی کرے کوئی بشر — عقل و ادراک کے جلتے ہین پر

حمد اوسکی کیا کسی کی تاب ہے — مادح و ممدوح وہ خود آپ ہے
ہے حقیقت مین یہی بس حمد یار — یاد تو اوسکی کرے لیل و نہار

ہے یہی توحید و تحمید و ثنا — اپنی ہستی کو کرے اوسمین فنا
ہے یہی تعظیم حمد کردگار — رو برو اوسکے ہو تو بس خوار و زار

ہے یہی تنزیہ و توصیفِ غفور — وصف اوصافِ خودی کر بیچ و دور
ہے یہی تشریف و تکریم خدا — حکم پر اوسکے کرے جانکو فدا

ہے یہی تسبیح و تہلیل و تمام — جو کر تو دوسرے کا دسی نام
قول پیغمبرؐ ہے لا احصی ثنا — کر سکے پھر اور کون اوسکی ثنا

جتنی موجودات مخلوقات ہین — سب اوسیکی حمد مین دن رات ہین
دیکھتا ہے جسکو تو بے گوش و لب — ظاہر و باطن کرین مین حمد رب

آسمان شمس و قمر انجم تمام — عشق مین اُسکے ہین سرگردان مدام
عشق کی اوسکی زمین پی کر شراب — ہے پڑی بدمست مدہوش و خراب

بیخودی بیہوشی و آہ و فغان
کرتی ہی روح کے سبی یاروان

فرش سی تا عرش موجودات سب
مست لایعقل ہین اندر عشق رب

ہین ہوای عشق سے اوسکی تمام
سب دُرِ خستان جہان رقصان مدام

کیا ملک کیا انس و جن کیا وحش و طیر
عشق ذی ہی ہر اک کے جی مین سیر

مست انسان ہی شرابِ خاص سے
عشق مین نے پیتا ہی جان اخلاص سے

مست جام عشق سی ہین عاشقان
فانی و باقی ہین اوس سے عارفان

مومنان مخمور از جامِ طہور
کافران ہین مست پی کر آب شور

صومعہ مسجد کنشت و دیر مین
شہر و جنگل جای شر و خیر مین

گر بظاہر ہی ہر اک کا یار اور
پر ہی باطن مین وہی کیجو جو غور

ہی جمالِ حق سے ہر دل آشنا
ہر لقب مین کرتا ہی اسکی ثنا

سارے عالم کا وہی معبود ہے
سبکو ہر شے سی وہی مقصود ہی

رابطہ اسکو ہی سبکی جان سے
بانوا ہر اک ہی اوسکے خوان سے

ایک جرعہ سی ہوا بیہوش ایک
کر گیا دریا کی کو نوش ایک

غرق ہین دریا مین اور ہو گیا آب
مست ہین مستی مین اور مانگین شراب

مین عجب بیخود تماشا ہی عجیب
دربدر پہرتے ہین اور گہر مین حبیب

مظہر ہادی شہِ آگاہ ہے
مظہرِ اسم مضل گمراہ ہے

ہین اوسی خورشید کی سایہ تمام
بر حجر بر شجرہ بر دیوار و بام

چہوڑ سایہ خور کی ہو جانب روان
تاکہ ہو سر یقین تجہپر عیان

جبتلک رکھی نہ دریا مین قدم
مار اس مسئلہ مین تو ہرگز نہ دم

رکھیو تو فرقِ مراتب پر نظر
ناشناسا یہان مین تیرے ضرر

ہوش کر ٹک ہوش سے بیہوش ہو
اپنی ہستی سے ذرہ خاموش ہو

ہی زمین و آسمان مین جو کہ شی
عشق مین اوسکے ہر اک بیہوش ہی

دیکھ لے و ذرات عالم کو تمام
ہین شرابِ عشق سی بیخود مدام

کوہ و دشت و بحر و بر بالا و پست
سب شرابِ شوق سی اوسکی ہین مست

جملہ عالم کیا عقیل و کیا وحوش
ہین شرابِ عشق سی عجب درد نوش

انبیا سرور جامِ وصل سے
اولیا مخمور بادۂ اصل سے

اہل باطن جام وحدت سے ہین مست
اہل ظاہر صبوح کثرت سی ہین مست

زاہد اسکے جام سی گم کردہ ہوش
رند و اوباش اوسکے دُرد نوش

مومن و ترسا و رند خمر خوار
عاشق اوسکی ہین نہان و آشکار

اوسکا جویا ہے ہر اپنے طور پر
ایک سی ہی دوسرا بس بیخبر

ہی ہر اک کا ذکر تسبیحات اور
ڈھونڈھتا ہی اوسکو ہر اک اپنی طور

ہی ہر اک کو مستیِ دل شوق اور
رکھتی ہی ہر جان اوسکا ذوق اور

ایک ہی اک گھونٹ سے گم کردہ ہوش
کر گیا ہی دوسرا دریا کو نوش

الغرض ہر اک باندازۂ خمار
بیخود و سرمست ہی جویاے یار

غرق ہین پانی مین اور پیاسی ہین آہ
بیخود و سرمست ہین در بادہ گاہ

دہر کوئی ہر اسم سی ہی فیضیاب
کوئی آسودہ ہی اور کوئی خراب

گرچہ اک دریا کی ہین موجین ضرور
لیک رنگا رنگ ہے انکا ظہور

عارضی ہین چند مدت کو یہان
ہو گئے آخر اصل مین اپنی نہان

کر نظر دریا مین موجو نکو گذار
تاکہ ہو معلوم تجکو سرِ یار

یعنی مت بیجا اسمین قال کر
حال ہو کر تو کشادہ بال کر

بس نہ کر امداد تو زیادہ کلام
تا خرابی مین نہ پڑ جا فہم عام

ہٹ اوس سے اور اوٹھا کر ہاتھ تو
کر طلب اوس سے اوسیکی ذات کو

عرض کر اوس سے کہ ای جان جہان
اے مری معبود ای میری آس
ای مری مطلوب دل مطلوب جان
ہجر سے زیادہ مصیبت کچھ نہین
کیونکہ جو جان وصل جانان نہین
یا الٰہی مجھکو مجھ سے دور کر
دونون عالم سے نہ مجھکو کام ہے
یا الٰہی تو ہے رحمان و رحیم
یا الٰہی تو ہے خلاق جہان
گرچہ دو عالم سے تو ہے بے نیاز
مونس غمخوارگان ہے تیری ذات
ہو مریض لا دوا کی تو دوا
ہے مرے ہر درد کی تو ہی دوا
میرا مونس بیکسی مین ہے تو ہی
تو ہے خالق تو ہے رازق تو ہے رب
لیک صد حسرت بایں لطف و عطا
ہے یقین گر عمر بھر عصیان ہو
ہو طلوع تیرا اگر ماہ نجات
لطف و احسان کیا کرون تیرا رقم
گھر مین مومن کے مجھے پیدا کیا
یعنی دار الکفر سے مجھکو نکال
تھا گناہونکی نجاست مین بھرا
اپنی رحمت کے پیادے بھیجکر

## مناجات بجناب الٰہی تعالیٰ شانہ

اپنے ملنے کا بتا کوئی نشان
ای مرے محبوب ای میرے حبیب
اس سے بہتر ہے کہ مر جاؤن کہین
ہو ندے تو جانکو راہ وصال
جان سے جان لیک تا مین جا نہین
کب تلک یا رب ہون تجھسے جدا
تا کہ دیکھون تجھسے مجھکو اک نظر
دو جہان سے کچھ نہین مجھکو طلب

## مناجات دیگر

مالک دنیا و دین شاہ انس و جان
تو ہے سلطان دو عالم سب فقیر
لیک بیچارونکا تو ہی چارہ ساز
دستگیر بیکسان ہے تیری ذات
چارۂ بیچارگان ہے تیری ذات
ہے پناہ بے پناہان تیری ذات
ہے ہر اک حاجت کا تو حاجت روا
آسرا بے آسرون کا ہے تو ہی
ہے تو ہی مرہم مرے ہر زخم کا
ہے انیس وحشت فرقت تو ہی
میرا حامی بیکسی مین ہے تو ہی
رنج و غم مین ہے مرا غمخوار تو
دوسرا تجھ بن مرا ہے کوئی کب
الغرض ہر کام کا میرے کفیل
مین کرون ہر دم تری جرم و خطا
پر کرون کیا آہ تیری حلم و خیر
بخش خورشید کرم ہون محو سب
گر تری بخشش کا نکلے آفتاب
ظلمت عصیان ہو نور صالحات
گر ترا دریائے رحمت جوش کھا
کرتا ہے جو جو کہ تو مجھ پر کرم
قطرۂ ناپاک سے مجھکو بفضل
عقل و علم و نور دین مجھکو دیا
پھر کرم پر یہ کرم مجھ پر کیا
لایا بیت اللہ مین دیتا قال
گرچہ مین لائق نتھا اسکی کبھی
ظاہر و باطن مین سرتا پا تباہ
کی نہ میری جرم و عصیان پر نظر
کھینچ بلوایا مجھے یان سربسر
کر دیا اپنے مشرف دار سے

ذرہ تیری ہرگز نہین ہے جا نہین جان
ہے تو ہی مقصود دل بے اشتباہ
ہون بغم دوری سے مرنیکے قریب
جان دی تجھ بن ہے جان مجھپر وبال
جلوہ گر ہو مجھکو گر تجھ سے جدا
تجھسے کرتا ہون دے مجھکو طلب
پر تو ہی تجھسے مجھے درکار ہے
صاحب جود و کرم فضل عمیم
تو ہی زور آور تو ہی اور سب حقیر
مستغنی عاجز نوازی تیری ذات
ہے غفور پر گناہان تیری ذات
بے سہارون کا سہارا ہے تو ہی
ہے رفیق شدت غربت تو ہی
تنگی و سختی مین حامی کار تو
ظاہر و باطن تو ہی ہے بے دلیل
کرتے ہین مجھکو گناہون پر دلیر
ہو شب جرم و خطا روز ثواب
مثل خس دو سب گناہون کو بہا
کر دیا پاک لطیف و خوش شکل
اپنے گھر سے بھی مشرف کر دیا
پر تری رحمت نے کی غمخوارگی
کر کے اپنی لطف و احسان پر نظر
رکھیو مت محروم اب دیدار سے

لایا گر گلشن مین خارستان سے
دور مت کیجو اب اس بستان سے
گرچہ مین نالائقِ دربار ہون
پر اسی گلشن کا ہون گو خار ہون

ہون ترا گرچہ برا ہون یا بھلا
چھوڑ دامن در کو کہان جاؤن بھلا
منہ مرا اس در کے گر قابل نہین
پر کرون کیا دوسرا بھی در نہین

گر بدار اتو نے ای شاہِ جہان
پھر بتا میرا ٹھکانا ہی کہان
اس سے زیادہ اب تمنا کچھ نہین
آستان تیرا ہو اور میری جبین

یون ہوس ہی انتہای پروردگار
یہ ترا کوچہ ہو اور میرا غبار
کچھ نہ دو عالم سی خواہش ہے مجھے
جو تری خواہش ہے خواہش ہے مجھے

ہی مجھے شاہی گدائی مین تری
ہی نوا سب بینوائی ہی تری
خواری و رسوائی و ذلت مری
تیرے کوچہ کی ہی بس عزت مری

عزت و دولت تمامی سلک ہی مجھ
ہی رضا و نا رضا مین تیری محو
تو ہے گر راضی تو ہی عزت مری
تیری ناراضی ہی بس ذلت مری

الغرض پھر پھر کے آخر در بدر
اب تو آ رکھا ہی تیرے در پہ سر
مو بمو سر کو مری ای سرفراز
گر گیا سجدے سے اپنے سرفراز

یون ہی آنکھونکو بھی میری سربسر
جلوۂ دیدار سی روشن تو کر
کر مرے کانونکو اسرار نکا گھر
سر بسر سر مین ہوای شوق بھر

چشم کو کر چشمۂ آبِ زلال
سبز تا ہو گلشنِ ذوقِ وصال
پاک ہر شی سے مرا کر کے دماغ
بوی دلبر سے معطر کر دماغ

محو کر بینی کو اندر بوی یار
جس سے ہو گلچین تا باغِ رخِ یار
کر مری وحدت سی دل کو لبالب
محو ہون جس سے خیالِ غیر سب

دو جہان سی کر کے مجکو بے نیاز
دولتِ دیدار سے اپنی نواز
غفلت و مستی و ظلمت کر کے دور
کر عطا چستی و چالاکی و نور

دور کر کبر و ریا عجب و غرور
بخش عجز و مسکنت اخلاص و نور
بخش گنجِ فقر و درویشی مجھے
سکر و مستی محو بیہوشی مجھے

دے شرابِ نیستی کا مجکو جام
لوحِ دل سی محو کر ہستی کا نام
دھو مری دل سے دوئی کا حرف و نام
تا تمیزِ ما و تو اوٹھ جا تمام

اپنی عاکو ختم کر کے یہ دعا
ہون رجوع اب جانبِ خیر الوریٰ
کر وسیلہ اوسکو ای امداد تو
وصل سے حق کے ہو تا دل شاد تو

گر تو طالب ہی وصول اللہ کا
چل پکڑ دامن رسول اللہ کا
جو کرای امداد اللہ کا وصال
بے وسیلہ اوسکی چاہی ہی محال

## نعت شریف پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ختم کر کے یہ مناجاتِ نکو
کر وسیلہ ذاتِ پیغمبر کو تو
حامد و محمود و ممدوحِ خدا
احمدِ مرسل محمد مصطفےٰ

زینتِ تاجِ رسالت ہی وہ ذات
رونقِ تختِ نبوت ہی وہ ذات
ہی وہ آئینۂ جمالِ ذو الجلال
محرمِ خلوت سرای لا یزال

بے وسیلونکا وسیلہ ہی وہی
بلکہ ساروں کا وسیلہ ہی وہی
مہربان مثلِ پدر سب پر میان
روزِ محشر شافعِ خرد و کلان

عزتِ شاہی و فخرِ سروری
شان بخشِ مسندِ پیغمبری
مہتری کے ملک کا مہتر ہے تو
بہتری کے بحر کا گوہر ہے تو

ہے امینِ مخزنِ افلاک وہ
تاجدارِ کشورِ لولاک وہ
روشنی عرش نورِ لامکان
شمعِ بزمِ عالمِ کون و مکان

رونقِ گلزارِ محبوبی ہے وہ
عشق کے بازار کی خوبی ہی وہ
شہ سوارِ عرصۂ چرخ و سما
بازِ خوش پروازِ معراجِ علا

راحتِ روح و روانِ کائنات
زندگانی پرورِ جانِ حیات
باعثِ ایجادِ عالم ہی وہی
موجبِ بنیادِ آدم ہی وہی

گر نہوتا پیدا وہ شاہ نکو
یہ نہوتا وہ نہوتا مین نہ تو

ہے وہ سرمایہ وجود کائنات
دونون عالم سے ہے مقصود اسکی ذات

ہے وہ بیشک میوۂ نخل وجود
اول و آخر وہی اصل وجود

ہے یہ سب اُسکے لیے انکی بخت
واسطے پھل کے ہی بوتے ہین درخت

گر ہوا آخر مین وہ شاہ جلیل
پر ہے ظاہر اُسکے سبقت کی دلیل

گر ہے پیچھے انبیا کے ظاہرا
پر حقیقت مین ہے سب کا پیشوا

گرچہ آخر ہے ثمر اول شجر
کب شجر ہوتا نہوتا گر ثمر

جب ثمر سے یہ شجر ظاہر ہوا
پس ثمر ہی اول و آخر ہوا

کیا کمال میوہ مین نقصان ہے
جو وہ اول سابق بستان ہے

میوہ کو سبقت ہوئی [illegible]
ہے وہ اول وہ ہی آخر سربسر

بس سمجھ لے اس سے تو ای رہنمون
رمز نحن الآخرون السابقون

ہے وہی شاہ جہان سب اُسکے طفیل
ہے وہی مقصود کل باقی طفیل

پڑھ تو ابدا اُسپہ صلوات و سلام
آل و اصحاب پر اوسکی تمام

چار یار اوسکے ہین چارون خاص حق
ساری اُمت پردہ رکھتی ہین سبق

## در مدح چہار یار کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین

ہین ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ علیؓ
دوست پیغمبر کے اور حق کے ولی

چار دن پیغمبر کے ہین برحق وزیر
ملک اسلام اُنسے ہے رونق پذیر

زیب ایوان شریعت ہین یہ چار
رونق باغ طریقت ہین یہ چار

ہین یہ ملک معرفت کے شہریار
ہین حقیقت کے چمن کی یہ بہار

قلعۂ دین کی ہین یہ دیوار چار
ملت حق کی ہین یہ انہار چار

ہین طریق حق کی چارون رہنمون
ہین یہ ایوان خلافت کے ستون

ہے یہ ملک اسلام کی سرحد چہار
جو ہوا باہر اُنسے ہے مردود خوار

بحر وحدت مین ہین چارون غوطہ زن
ہے حقیقت ایک ظاہر چار تن

جو کوئی سمجھے انہین احول ہے وہ
دو جہان مین بے شبہ بیکل ہے وہ

جو کوئی انسے ہوا بد اعتقاد
ہے وہ دو عالم مین بیشک نامراد

## در مدح اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین

جو ہین اہل بیت اور آل رسول
گلشن دین کی ہین سب مقبول پھول

ہے ہر اک ان سبکا بیشک و یقین
مغز ملت جان ایمان روح دین

جسقدر رہوان سے الفت مین کمی
اوسقدر ہے دین و ملت مین کمی

ایک کا بھی انسے جو بدخواہ ہو
راہ حق سے بی شبہ گمراہ ہو

جتنے ہین اصحاب پیغمبر تمام
ہے ہر اک نجم ہدایت والسلام

ایک صحابی سے بھی گر ہو سوء ظن
ہے وہ بیشک لائق گردن زدن

## دربیان باعث نظم و تصنیف این مثنوی مسمیٰ بہ تحفۃ العشاق ومدح عشق وقدح عقل جزوی

بھیج ان سب پہ صلات و سلام
ہر گھڑی ہر لحظہ ہر دم صبح و شام

ہوگیا ای دوستو یون اتفاق
باعث تحریر نظم پر مذاق

رہتا تھا مسجد مین اپنی متصل
مجمع علما و صلحا اہل دل

ایکدن پڑھتا تھا مین نفحات انس
لے رہے تھے حق سے سب نفحات انس

جوش پر تھا بحر علم عارفان
ہو رہے تھے گوہر معنی عیان

حاضرون کے دلمین ان باشان حق
کھل رہا تھا گلشن عرفان حق

اولیا کا حال سن مسرور تھے
ماسوا سے محو غرق نور تھے

رفتہ رفتہ حضرت تحفہ کا ذکر / آ گیا اوس عاشق خستہ کا ذکر
بول اوٹھا ہر اک بصد ذوق و سرور / ہی یہ قصہ نظم کے لائق ضرور
کامل اکمل ولی بے بدل / عاشق ذات خدائی لم یزل
برگزیدہ دو جہان مقبول رب / مشرب چشتی و فاروقی نسب
نظم کر اس قصۂ پر درد کو / گرم کر اک بار ہر دل سرد کو
قصۂ تحفہ اگر منظوم ہو / رتبۂ عشاق حق معلوم ہو
جان دیتا ہر کوئی ذیشان قال / عاشقان حق کا یہ ہوتا ہی حال
تابش گفتار عشق حق سی گرم / ہو کے بس دل سنگ بھی جون موم نرم
جان لیتا عشق کی بس سنگ راہ / چاہتے کو اپنے کرتا ہی تباہ
عشق ہی جان اک بلائے جان گداز / ہو ازل سی دوست کش دشمن نواز
عقل چاہی ہی کہ ہو عیش و فراغ / عشق چاہی رنج و غم سینہ پہ داغ
عقل چاہی مال و ملک و سلطنت / عشق عجز و فقر و فاقہ مسکنت
عقل چاہی ہی کہ ہو شیر و شکر / عشق کہتا ہی کہ کھا خون جگر
عقل چاہی ہی قبا و پیرہن / عشق کرواتا ہی سامان کفن
عقل کہتی ہی کہ چل بازار مین / عشق لیجا جنگل و کہسار مین
عقل لیجا گلشن و گلزار مین / ڈالتا ہی عشق جلتی نار مین
عقل مین اور عشق مین ہی یہ لاگ / عشق جب آیا تو جائے عقل بھاگ
عشق کیا ہی درد و غم کی کھان ہے / غیر دلبر کا عدو جان ہے
نار کو گلزار کر دیتا ہی عشق / دار کو دلدار کر دیتا ہی عشق
درد مین اسکے دوا ہی سربسر / مرض مین اسکے شفا ہی سربسر
رنج مین اسکی ہی گنج بیکران / مرگ اسکی ہی حیات جاودان
اسکی ویرانی کو آبادی سمجھ / خار کو گل غم کو تو شادی سمجھ
عشق کی ذلت کو عزت سمجھ / خواری و زاری کو حرمت سمجھ

جسکے اوسکی شان شوکت جاہ عشق / ہمت مردانہ اندر راہ عشق
خاص کر قطب زمان شاہ وفا / آفتاب معرفت بحر صفا
صاحب اسرار دل یقین و سبق / عاشق صادق شہید راہ حق
یعنی شیخ حافظ محمد ضامن آپ / مجکو فرمانے لگے کر کے خطاب
مثنویان ہین مجازی عشق مین / پر بہت کم ہین حقیقی عشق مین
ریختہ مین نظم کر اسکو تمام / تاکہ سمجھین اسکو سارے خاص عام
دعوی جو کرتے ہین جھوٹا عشق کا / ہوش مین ہوون سنکر تپ عشق کا
عاشق صادق بھی سنکر جاہ عشق / چاق اور چوبند ہو اندر راہ عشق
عاشقان رکھتے ہین سر تھیلی پہ دھر / ہی یہ راہ عشق نے نانی کا گھر
عشق کا سب سے الگ ہے رنگ ڈھنگ / ہی ازل سی عقل مین اور اسمین جنگ
عقل چاہی عزت و جاہ و جلال / عشق ذلت خواری و درد و ملال
عقل چاہی عیش و عشرت خرمی / عشق درد و کلفت و رنج و غمی
عقل کہتی ہی کہ چل گلزار مین / عشق لیجاتا ہی کوچۂ یار مین
عقل کہتی ہی کہ کر عیش و طرب / عشق کہتا ہی کہ لے رنج و تعب
عقل چاہی دولت و سرداریان / عشق چاہی سو بلا و خواریان
عقل چاہی حیا و نام و ننگ / عشق کو اسنے ہمیشہ سی ہی جنگ
ہووے حضرت عشق کا جسدم ظہور / عقل سر سے جا اور دل سی سرور
کیا کہون مین عشق کی نیرنگیان / رنج مین راحت کو کرتا ہی عیان
خاک مین جسکو ملا دیتا ہی عشق / تخت شاہی پر بٹھا دیتا ہی عشق
مارنا اسکا جلا دیتا ہی جان / توڑنا اوس کا ملا دیتا ہی جان
عشق کی برعکس ہین سب کاروبار / نار کو اسکے سمجھ تو سو بہار
کلفت و تکلیف کو راحت تو جان / فقر اور فاقہ کو تو دولت تو جان
عشق کی تعریف ہو کس سے عیان / ہی ستم مین اسکی تو شفقت نہان

قہر صورت رحمت پنہان ہے عشق — اور طبیب درد بیدرمان ہے عشق
اولی آخر ظاہر و پنہان ہے عشق — دونون عالم جسم ہین و جان ہے عشق
ہے بیان عشق تو بس بے بدل — اب کرون ارشاد حافظ پر عمل
آونکے فرمانے کو ہین بے عذر — رکھ لیا سر پر سعادت جانکر

## رجوع بقصہ

گرچہ مجکو شعر گوئی مین نہ تھا — دخل کچھ پر حکم کو لایا بجا
توڑنا موتی کا ہی آسان تر — نے کہ حکم بادشاہ بحر و بر
لیکے اونکے گوہر ارشاد کو — حقۂ دل مین لیا رکھ شاد ہو
وقت فرصت دیکھتا تھا یہ کہ جو — حکم پر اوس شاہ کے تعمیل ہو
پر نہ دیتا تھا مجھے فرصت زمان — تا لکھون اس نظم کو با شوق جان
لایا اتنے مین زمانہ اور رنگ — ہو گیا کچھ اور ہی عالم کا ڈھنگ
ہو گئے بس حضرت حافظ جی شہید — شام غم ہمکو ہوا وہ روز عید
فرقت جانانسے ہین ہم کے تنگ — جان جانان پر فدا کی بیدرنگ
خوش نہ آئی اس جہان کی رنگ و بو — چلدیے بس جنت الفردوس کو
ہم بچارون کو تڑپتا چھوڑکر — سوی حق راہی ہوئے منہ موڑ کر
وہ تو وان جام شہادت پی گئے — زہر غم کھانیکو یان ہم جی رہے
وصل سے حق کے ہوے وہ بہرہ ور — پیتے ہین حسرت سے ہم خون جگر
ناز و نعمت مین وہ ہین مشغول وان — خاک و خون مین لوٹتے ہین ہم یہان
جام کوثر سے ہوی وہ لب بلب — چاٹتے ہین پیاس سے ہم اپنے لب
آپ تو جاکر کیا جنت مین گھر — کر دیا سرگشتہ ہم کو در بدر
آپ تو راحت کے سامان لیگئے — مایۂ رنج و الم یان دیگئے
آپ تو بے رنج و غم مثل عروس — جا کیا تخت شہادت پہ جلوس
لے لیا عیش و طرب ناز و نعم — رکھدیا سر پہ ہماری کوہ غم
عشق و عشرت مین ہوے مشغول یون — ایک لخت ہمکو گئے بس بھول یون
عیش مین ہمکو بالکل بھلا — حق الفت اور قرابت سب گیا
دعوی حب و قرابت گر گیا — خواجہ تاشانی کا بھی کیا غم تھا
بیخبر ہمسے اگر رہنا تھا یون — ساتھ اپنے لیگئے ہمکو نہ کیون
گرچہ ہم لائق نہ تھے درگاہ کے — نقش برداری مین رہتے شاہ کے
شاہ کو زیبا ہی کب تنہا روی — گو بہت خادم نہون تھوڑے سہی

## در بیان محرومی و مذلت بر حال خود و حسرت مفارقت بزرگان و یاران طریقت و اظہار غم جدائی ایشان

آہ واویلا دریغا حسرتا — ساتھ والے چلدیے مین رہگیا
ساتھ کا اپنے ہر اک واصل ہوا — مدعا دل کا اوسے حاصل ہوا
پہونچا ہر اک منزل مقصود پر — رہگیا مین ہی پڑا بس دور تر
صاف تھی جو چلدی صاف اور پاک — مثل تلچھٹ رہگیا مین زیر خاک
جو کہ نوری تھے گئے افلاک تک — رہگیا سایہ کے جون مین خاک پر
بلبلون نے گھر کیا گلشن مین جا — بوم ویرانہ مین ٹکراتا رہا
گھر لیا قمری نے شاخ سرو پر — جھاڑ مین لٹکی ہی چمگادڑ ادھر
گھر کیا طوطی نے شکرستان مین — زاغ نوحہ گر ہے خارستان مین
ماہی حق نے تولی دریا کی راہ — موش سوراخ زمین مین ہی تباہ
شیر حق کا آہوے عرفان شکار — سگ ہی بہر استخوان کوچہ مین خوار
جا ملا دریا سے آب سیر بار — رہگئی خشکی کے اندر سنگ و خار

نرگس و ریحان کو جا آہو چرے
اور شتربان خار و بن چرتی رہے
دست شہ پر جا ملا شہباز پر
کھول پر کرگس پڑا مردار پر

مرغ آبی نے کیا دریا مین گھر
مرغ خاکی لوٹتا ہی خاک پر
پر تھی جنکے سوی بستان اڑ گئی
مرغ بے پر بقعہ گریہ ہوے

مرد با ہمت ہوی شہ پر نثار
ہیسے دو دن ہین نفس کے ہاتھو مین خوار
حیف ہی صد حیف یاران طریق
جا ہوی دریای مطلب مین غریق

گوہر مطلوب ہر اک نے لیا
غوطہ خورئین بحر حرمان مین ہا
آہ صد افسوس و حسرت آہ آہ
جا کہون کس سے مصیبت آہ آہ

غم کا اپنے کون ہی غمخوار آہ
حال دل جس سے کرون اظہار آہ
جو کہ تھے غمخوار اپنے چل گئے
زیر پاے رنج ہمکو مل گئے

ہو گئے وہ محو نعمت اس قدر
خواب مین بھی تو کم آتی ہین نظر
دور ساغر وصل کے چلتے ہین وان
آتش فرقت مین جلتی ہین یہان

آہ وا ویلا کوئی ہمدم نہین
جو سنے میری مصیبت کے تئین
نے مرا ہمدم نہ کوئی غمگسار
غم مرا غمخوار ہے مین غم کا یار

## مقدمہ شروع داستان حضرت بی بی تحفہ مغنیہ قدس اللہ سرہا

دل کی دل مین رکھکے چپ رہتا ہون مین
قصہ تحفہ کو اب کہتا ہون مین

بعد مدت کے اب آئی المراد
حضرت حافظ کی وصیت مجکو یاد

حسب ارشاد اونکے مین لیکر قلم
قصہ تحفہ کا کرون یارو رقم

عشق کی باتین سناتا ہون تمھین
گمرہی سی رہ پہ لاتا ہون تمھین
راہ اس رہ سی کوئی بہتر نہو
حق سے ملنے کی سمجھ ای راہ جو

گر نہ عاشق ہے تو سن عاشق کا ذکر
دور کر کے ماسوا کا اس سے فکر
عاشقون کا ذکر کرتا ہے اثر
گرچہ پتھر سے بھی ہو دل سخت تر ۱۰۴

عشق کی باتون مین ہے تاثیر فن
مردہ دل زندہ ہوا اندر گورتن
ہو وہ سیراب عشق کی باتون کا باغ
خشک مغز اونکا ہو تر جس سے دماغ

ہوش سی بیہوش ہو کر ہوش کر
گوش سی بی گوش ہو کر گوش کر
سب طرف سی بند کر کے کھول کان
جمع کر کے رکھ مری باتون پہ دھیان

تامزہ دیوین مری باتین تجھے
عشق کی معلوم ہون گھاتین تجھے
تجکو بھی شاید کہ آجا ہوی عشق
کھینچ لیجا تجکو بوتا کوی عشق

دے وہ پہونچا شہر الفت مین تجھے
غرق کر دی بحر درد غم مین تجھے
دیکھنے ہی سے نہین ہوتا ہی عشق
سننے سی بھی تخم خود بوتا ہی عشق

## در بیان تمیز عشق حقیقی و عشق مجازی و ذم عشق مجازی

ہین بہت عاشق کہ بن دیکھے جمال
جنکے پائی عشق سی بو گوشمال

بلکہ کامل عشق ہے عشق شنید
ناقص و بدنام ہے عشق دید

کیونکہ ہو عشق خبر سے حصول
عشق صورت کا ہے دیدہ سے نزول

دید تابع دل کے ہے دل متبع
سوچ اس نکتہ کو کر کے دل جمع
یؤمنون بالغیب سے مقبول حق
یؤمنون بالعین سے معزول حق

حسن محبوبان عالم سر بسر
عکس حسن حق ہے بیشک جلوہ گر
اصل کو کر ترک سایہ دیکھکر
عاشق ناقص نے دی جان عکس پر

دید تھا اوسکو نہ دل مردہ تھا جو دل
چھوڑ سایہ اصل سے جا تا وہ مل
گر ہی دلبر گل سی کم کب ہے دل دہ
اصل سی جو عکس پر مائل ہے وہ

اس سے زیادہ چاہیے تفصیل گر
آئینہ دل صاف کر اور کر نظر
سر کی آنکھین دل کا پردہ ہی مقر
کھول دل کی آنکھ سر کی بند کر

کس نے دیکھا ہی خدا کو آشکار — اسکے وصف اسکا کرین ہین جان نثار
انبیا اسواسطے آئی یہان — تا کرین اوصاف حق تم پر عیان
تا کہ کُل اوصاف حق عاشق سُنے — دلمین پھول اوسکی تمنا کے چُنے
یعنی ہی وہ ذات بیشک و یقین — خالق و رزاق و رب العالمین
راحم و داتا رحمن رحیم و بردبار — رایگان بخشندہ نعمت بیشمار
عالم الاسرار و ستار العیوب — غالب و قہار و غفار الذنوب
عاشق و معشوق محبوب جہان — طالب و مطلوب و مرغوب جہان
اول و آخر وہی اور حی کُل — ظاہر اور باطن وہی معبود کُل
ہی وہ اول بی بدایت اوسکی ذات — ہی وہ آخر بی نہایت اوسکی ذات
ہی وہ ظاہر باکمال اشتہار — ہی وہ باطن سخت و ظاہر آشکار
ہی ازل سے تا ابد وہ ایک سا — ہی ہزارک صورت مین وہ جلوہ نما
ہی وہ اکشان اور ہزارون شان مین — جلوہ گر لاکھون طرح ہر آئین
ہے منور باکمال و باجمال — جلوہ گر ہر دم بہر رنگ و مثال
فرد مطلق لا الٰہ الا ہو — بیچگون بے کیف و شش چار سو
لا و ہو دو نون نفی اثبات ہین — نافی غیر او و مثبت ذات ہین — غیران و
کیون ہوا اسسے مگر وہ غافل سدا — لا و ہو کو کر تو ورد دل سدا
تا کہ بخشد لا و ہو قوت ترا — می برد تا پردۂ عزت ترا
حق سے با حرص و ہوا کب تو ملے — ترک جب لا کو کرے تب تو ملے
کیون تباہ ہوتا ہی اندر آب و گل — ماسوا کو ترک کر اور حق سے مل
حضرت آدم سے تا آخر نبی — وصف حق کرتے چلے آئی سبھی
بعد پیغمبر کے آل و اصحاب سب — اور امام اور اولیا و اقطاب سب
او صفات و حال خوبی جناب — جسمین تصنیف ہو گئین صد ہا کتاب
سب ہین تیری عشق بازی کے لیے — وصل حق کی چارہ سازی کے لیے
تا کہ تو یہ دیکھ کر سُنکر حال و قال — عشق کی رہ مین کرے حاصل کمال
لیک صد افسوس حسرت بیحساب — ہین پڑی چار و نطرف تجپر حجاب
سُنے تو کر سکتا ہی آنکھون سے نظر — اور نہ سن سکتا ہی کانون سے خبر
پھنس گیا دلدل مین غفلت کی تو آہ — ہل نہین سکتا کہ یادی حق کی راہ
مرکب توبہ عصا پی آہ لے — پھر نکل دلدل سے اپنی راہ لے
کر تو پیدا دلمین بھی درد عشق — تا تپ غفلت کو کر دی سرد عشق
میل سے غفلت کی کر کانون کو پاک — بعد ازان سن یہ حکایت دردناک

## شروع داستان و بیان حال حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ تعالیٰ کا

گوش دل سے سن سری سقطی کی نقل — جسکے سننے سے بجھے آدمی کی عقل
نقل یہ کرتے ہین حضرت سری — ایک شب کی جو کہ تھی غم سے بھری
کہتے ہین اک شب ہوا یہ اضطراب — نے رہا ورد و وظائف در نہ خواب
مضطرب ایسا ہوا وہ رات بھر — سب عبادت کا ہوا ویران گھر
قبض ایسی دل پہ اونکے آگئی — مہر عرفان پر گھٹا تھی چھاگئی
نے رہا وہ شوق نے راز و نیاز — لذت سجدہ نہ کیفیت نماز
فوج بیتابی نے کرکے ازدحام — لوٹ لی پونجی عبادت کی تمام
نے رہا ورد و وظائف نے درود — نے تہجد نے تلاوت کی نمود
تھی نہ بیہوشی نہ غفلت نیہار — لیک تھا بی صبر بیتاب و قرار
گو عبادت سے رہی شب بی نصیب — لیک کیفیت تھی اک دلمین عجیب
ظاہرا چھوٹا اگر ورد و نماز — تھا مگر دلمین عجب سوز و گداز
ہجر کی لذت کو عشاقان رب — وصل کی لذت سے کم جانین ہین کب
عاشقان حق وصال و ہجر مین — ایکسا لذت مزہ دونون مین لین

105

اضطرابی اور بیتابی کا لطف — کیا کہون اُس شبکی بیخوابی کا لطف

ذوق بیخوابی کا تو چاہی اگر — کوئی بیخواب نہین کر اک شب گذر

چاہی گر کیفیتِ سوز و گداز — خدمتِ عشاق مین رکھ تو نیاز

اضطرابی بیقراری کا مزا — جانتا ہی جسنے دلمین ہی چکھا

لوٹنے کی خاک پر آرام کو — عاشقِ بیتاب جانے ہین نہ تو

درد سی نامرد کی نکلی ہی جان — مرد کے حق مین حیاتِ جاودان

جو پڑی آتش مین ہو جلکر فنا — ہی سمندر کی وہی عیش و بقا

خون ہو فرعونیون پر آبِ نیل — قومِ موسیٰ پر ہو آبِ سلسبیل

زخمِ گرز و تیغ و تیرِ آبدار — ہو شہیدون کیلیے باغ و بہار

کیونکہ ہی درد و بلا مطلوبِ یار — اسلیے عاشق کرین غم اختیار

خار مین گل گل مین ہی زہر گزین — غم مین شادی ور شفا ہی درد مین

ہی گلہ مین شکر بصیری مین تاب — گریہ مین خندہ ثواب اندر عذاب

نیستی مین ہستی پستی مین علو — زندگی مرنے مین گھٹنے مین نمو

بیخودی و نیستی غم کی بہار — دیکھتے ہین عاشقانِ جان نثار

بیگھری و بے زری و بے پری — بیخودی و بیکسی و بے بری

نیستی و پستی و مرگ و فنا — ذلت و رسوائی و رنج و عنا

پوچھ رونے کا مزہ یعقوبؑ سے — کلفت و زحمت کا حظ ایوبؑ سے

سر کے رکھدینے کا نیچے تیغ کی — پوچھ اسمعیلؑ سے کیا لطف ہے

جنگلون مین ٹھوکرین کھانیکا لطف — اور پہاڑون بیچ ٹکرانیکا لطف

زخم کھا کر خاک و خون مین لوٹکر — جان دینا بیخطر با ذوق تر

ہو کے بیجان جان فدا کرنیکا لطف — پوچھ جانبازون سے وہ مرنیکا لطف

روشنی سے شمع کے جلنے کو پوچھ — شمع سے جا موم کے گلنے کو پوچھ

ابر کے رونیکو خور کے سوز کو — باغ و اشجار جہان سے پوچھ تو

لطف بیخوابی کا بیخوابون سے پوچھ — حظ بیتابی کا بیتابون سے پوچھ

لطف بیتابی کا ہی مطلوب گر — عاشقِ بیتاب کے رکھ پاؤن پر سر

کرتا ہی روشن دو چشم طالبان — سرمۂ گرد قدوم عاشقان

لذتِ درد و قلق رنج و بلا — وہی جانے جو ہی اسمین مبتلا

جانی کیا بیدرد لذت درد کی — درد و رنج و غم غذا ہی مرد کی

زہر مار اور ونکو ہی گرچہ ممات — سانپ کے حق مین ہی آبِ حیات

سوزشِ خور شاخِ تر کو دی ثمر — خشک کو دی آگ مین کر خشک تر

نار ہو گلزار ابراہیمؑ پر — لیک ہو نمرود پر قہر و شرر

درد و غم ہو زندگی عاشقان — مرتے ہین اس زندگی سے فاسقان

جانتے ہین عاشقانِ بیقرار — رنج مین گنج اور خزان مین نوبہار

رنج مین راحت فقیری مین غنا — مسکنت مین سلطنت ہو بی غنا

رحمت ہی زحمت مین اور ظلمت مین نور — ذلت و خواری مین عزت ہی ضرور ۱۰۶

موت مین جینا بقا اندر فنا — عاشقِ جانباز کو ہی بے عنا

خاکساری رنج و علت ناسزا — عاشقون سے پوچھ ان سبکا مزا

آہ سرد و رنگ زرد و چشم تر — بیقراری انتظاری درد سر

لذت اور کیفیت ان سبکی ذرا — عاشقان بلا و فا سے پوچھ جا

سر کے کٹنے کا مزہ یحییٰؑ سے پوچھ — لطف تن چرنیکا زکریاؑ سے پوچھ

آہ و زاری کا مزہ آدمؑ سے پوچھ — دردِ زہ کے لطف کو مریمؑ سے پوچھ

فرش سے تا عرش پھرنے کا مزا — پوچھ عیسیٰؑ موسیٰؑ اور احمدؐ سے جا

پوچھ ان سبکا شہیدون سے ذرا — لذت و کیفیت و ذوق و مزا

پوچھ لے ہر زخم سے بستان مین جا — خاک مین ملنے سے کیا تم کو ملا

سیم و زر کے خاک مین رلنے کو پوچھ — کیمیا سے مس کے جا جلنے کو پوچھ

گریۂ ابر اور سوزِ آفتاب — باغِ عالم اس سے ہی باآب و تاب

گرمی دل چشم تر ہووے نہ گر
باغ جان کس طرح ہووے سیراب تر

عشق کی باتون نے مجکو لیا عزیز
کر دیا بیتاب بے عقل و تمیز

عشق نے اونکے کیا مجھپر اثر
نقل ہے ادمی ہوا مین بیخبر

عشق کی باتونکا سنکر شور و غل
خواب غفلت سے گئی پھر آنکھ کھل

ہندوی شب کا جو گذرا حد سے جور
ترک خور اوسکا ہوا قاتل زور

اٹھ وضو کرکے بصد عجز و نیاز
کی ادا جون تون فجر کی مین نماز

چل کہین موقوف ہوتا یہ ملال
گھر سے نکلا دلمین کرکے خیال

آخرش گھر سے نکل پھرنے لگا
در بدر صحرا بصحرا جا بجا

گذرا تا بازار مین ہو غم بسر
اور دل مضطر تھا جون گودہ مین زر

جو گیا صحرا مین تسکین کے لیے
اور اوٹھے دلسے بگولے آگ کے

گر تسلی کو گیا اندر پہاڑ
اور غم کا آ پڑا سر پر پہاڑ

جس جگہ جاتا تھا مثل آفتاب
تھا ترقی پر جلن اور اضطراب ۱۰۷

غنچۂ دل کب کھلے عاشق کا یار
بے ہوای وصل یار گلعذار

ہووے کب بے گل کے بلبل کو قرار
باغ مین ہووے اگرچہ سو بہار

دیدۂ حیران نہو کیون اشکبار
بے نظارہ نرگس بیمار یار

ہو فغان بیدل کہ دلسے دور کب
تا نہو دلبر سے لپٹے لب بہ لب

جو کوئی ہو عشق کا بیمار یار
کب علاج اوسکا ہو جز دیدار یار

مرض مہلک نے جو گھیرا جان کو
دلمین آیا چل مریضستان کو

دیکھکر ہمدرد ہم مرضون کا حال
ہو دل غمگین مرا شاید بحال

جنس اپنی جنس سے ہو فیضیاب
غیر جنسیت سے ہوا اندر عذاب

آدمی ہمجنس ہین صورت مین ایک
مختلف اوصاف رکھتے ہین ولیک

ہو گئے اوصاف جو سب رنگ رنگ
اسلیے ہی رات دن انمین جنگ

عشق سے دل گرم کر اور دیدہ تر
گلشن جانان ترا ہو تازہ تر

حضرت سری کو یہ حالتین چھوڑ
عشق مجکو لیگیا کس طرف موڑ

ذکر اونکا بھولا اونکو دیکھکر
جس طرح ہو آہو پیش شیر نر

یاد آئی ہے مجھے اب اونکی بات
یعنی فرماتے ہین یون اونکی ذات

الغرض کی رات اس صورت بسر
ہو گئی جب صبح ظاہر سر بسر

صبح کا جس دم ہوا روشن چراغ
نکلا جل بل گھر سے لے سینہ پہ داغ

چل کہین ایسی جگہ تا ہووے کم
اضطرابی اور بیتابی و غم

ماہ کی جون کو بکو و گھر بہ گھر
شہر و جنگل مین کیا مین نے گذر

گر گیا گلشن مین جون گل کی کلی
تھی زیادہ اور دلکو بے کلی

سیر دریا کی کہ کم ہو اضطراب
جوش پر تھا اور بحر سوز و تاب

اور مزار اہل دل پر بھی گیا
پر ہوا ہرگز نہ عقدہ دل کا وا

آتش درد فراق بیدلان
کب بجھے بے آب وصل دلبران

کب ہو کم ظلمت شب کا اضطراب
جبتلک دیکھے نہ روی آفتاب

ہووے کب قمری کا کوتہ غم دراز
گلشن و گلزار سے بے سرو ناز

جاوے کب عاشق کے دلکا پیچ و تاب
ہو نہ گر زلف صنم کا سایہ یاب

ٹوٹنا موقوف عاشق کا نہو
تا نہ وہ ہمبستر جانان نہو

الغرض تدبیر کی مین سو ہزار
پر نہ آیا دلکو میرے کچھ قرار

کیونکہ ہو نہین بھی جو بیمار دل
دیکھ ہمدرد و نکو نکلے کار دل

نقل ہے کھلتا ہے خوب اسمین دل
جبکہ دو دیوانے بیٹھین ساتھ مل

ہے مراد ہمجنس سے ہم وصف یار
جنس ظاہر کا نہین کچھ اعتبار

جنس ظاہر کا جو ہوتا اعتبار
فرقے کیون ہوتے تہتر یکبار

گر کرین اوصاف کو اپنے صاف
پھر یہی کا ہیکو ایسا اختلاف

## رجوع بقصہ کیفیت بیمار خانہ و مقولہ

آخرش دلمین یہ اپنی ٹھان کے
در پہ جا نکلا مریضستان کے

مین نے داروغہ سے اوسکے جا کہا
کھول در بیمار خانہ کا ذرا

تاکہ دیکھون مین ہمدرد کو ٹک
ہو تسلی دیکھ بیمارون کو ٹک

## سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ

دیکھ کر پہلے تو بس تعظیم کی
با ادب اوٹھکر مجھے تسلیم کی

بعد ازان اوسنے دیا جو در کو کھول
کھل گیا گویا در دل بے غلول

دیکھکر احوال اہل ابتلا
غنچۂ دل میرا کچھ بارے کھلا

دیکھا ہر اک کو کہ ہے زار و نزار
کوئی نالان ہے کوئی ہے اشکبار

کوئی لوٹے اور کراہتا ہے کوئی
صبر کو اپنے بتاتا ہے کوئی

کوئی روتا ہے کوئی کرتا ہے آہ
کوئی کہتا ہے کہ ہون یا حق تباہ

کوئی تڑپے ہے کوئی ہے خواب مین
کوئی حیران کوئی پیچ و تاب مین

ہے کوئی گل کیطرح جسکے جامہ چاک
مثل قمری ہے کسی کے سر پہ خاک

ہو رہا بلبل نمط نالان کوئی
مثل بسمل خاک مین غلطان کوئی

کوئی رکھتا ہے بصد زار و نزار
زخم دل پر مرہم تصویر یار

کوئی پیکر درد تلخ فراق
زندگی سے کرتا ہے کڑوا انداق

اشک سے دھوتا ہے کوئی ریش دل
کوئی بیتابی سے ماری دلپسل

سینکتا ہے درد پہلو کو کوئی
تابش دستے رکھا ہونکی دئی

درد سر پر کوئی بیتابی کا لیپ
کرتا ہے بھرتا ہے بیصبری کی کیپ

ہو تپ لرزہ سے کوئی بیقرار
پی رہا ہے شربت زار و نزار

کوئی پیچش سے شکم کی ہو تباہ
گولیان کھاتا ہے بیتابی کی آہ

ہو کے مرض لادوا سے بد امان
جان بلب لی ہے کوئی نیمجان

زندگی سے ناامید ہو کر بیہوش
کوئی مسہل سو تکا کرتا ہے نوش

دیکھ حال نیک ظاہر مین خراب
ہو گیا موقوف میرا اضطراب

غنچۂ دل کھل گیا دیکھ ایکبار
گلشن بیمار خانہ کی بہار

۱۰۸

## ملاقات شدن سری سقطی از حضرت بی بی تحفہ و بیان حالت غلبۂ عشق او قدس سرہا

تھا اسی مین جو گئی اک سو نظر
دیکھتا کیا ہون کہ اک رشک قمر

تازہ پاکیزہ رو صاحب تمیز
با لباس خوب و زیبا اک کنیز

چہرہ اوسکا ہے گویا شمع حرم
قامت اوسکا گلبن باغ ارم

زلف اوسکی دام راہ سالکان
لعل لب اوسکا ہے جان تشنگان

چشم اوسکی چشمہ ہے فتنہ کا باز
خال اوسکا تخم شوق پاکباز

بیٹھنا اوسکا وہ با حسن وقار
چرخ کو دیتا ہے پھر جسسے قرار

بیٹھی ہے اکطرف کو جون شہ پرست
دیکھ اوسکو ہو گئی غم میری پست

دیکھکر کے حسن کی جسکی بہار
نرگس و آئینہ تھے حیران و زار

قید مین بھی تھی یہ اوسپر آب و تاب
کوہ کے اندر ہو جیسے لعل ناب

تھین دو آنکھین اوسکی جون نرگس باغ
ذوق مستی سے کرتی اندر دماغ

دیکھ اوسکے شعلۂ رخ کی آب و تاب
کھاتا تھا تار نظر سو پیچ و تاب

بوئے خوش اوس سے مری اندر دماغ
پہونچی اور دل ہو گیا بن باغ باغ

دیکھ یہ الفت بھری صورت عجیب
ڈرتے ڈرتے مین ہوا اوسکے قریب

دیکھا جو نزدیک جا کر مین بشوق
مثل قمری ہے گلے مین اوسکے طوق

اور بندھے مین ہاتھ زنجیر و رسن
شاخ طوبی سے ہو لپٹا سانپ جون

اور دو مضبوط لوہے کے کڑے
مثل حلقۂ ماہ پانؤن مین پڑے

دست بر دل نغمۂ خوش زبان
عاشقانہ شعر اوسکے منہ سے عیان

مجکو جو دیکھا تو اوسنے اوس گھڑی
دی لگا آنکھون سے اشکون کی جھڑی

مثل ژالہ اشک برسانے لگی / زرد گل کو لالہ دکھلانے لگی
روئی اور رو کر کے بھر کر آہ سرد / چند شعر اوسنے پڑھے با سوز و درد

اوسکی عشق اور ذوقِ مستی کا اثر / پڑتا تھا دل پر مری جون تاب خور
تابش گرمی دل سے اوسکی مین / جانا یہ اتنی جو ہے بے صبر و چین

ہے کسی فرزانہ کی دیوانہ یہ / بے شبہ ہے عاشقِ جانانہ یہ
پوچھا داروغہ سے مین اُس گھر کی جا / کیون گیا ہے قید مین یہ دلربا

کیا خطا اِس بیخطا نے کی کہو / قید مین ڈالا ہے اس یوسف کو جو
کیون کیا زنجیر و طوق اس شاہ کو / ابر مین کیسے چھپایا ماہ کو

کوئی بیماری نہین ظاہر اسی / ہے بھلی چنگی کہو یہ کیون بندھی
بولا داروغہ یہ سُنکر ای عزیز / تھی یہ اک مولا کی شایستہ کنیز

ہو گیا اس کو جنون تقدیر سے / اسلیے ہے بند یہ زنجیر سے
اسکے مالک نے کیا بند اسلیے / تا کہ شاید عقل و ہوش آوے اسے

جملہ رندان چونکہ در زندان شوند / متقی و زاہد و حق خوان شوند
طفل نادان کو کرین کتب مین بند / تا کہ ہو عالم و دانا ہوشمند

قید آبِ گل مین آدمؑ کو کیا / جوہر انسان جب ظاہر ہوا
نطفہ کو زندان رحم مین جب ہو بند / شکلِ انسان تب ہو خوب و پسند

بند ہو قطرہ صدف مین چندگاہ / تب وہ موتی ہووے با خوبی و جاہ
کھان مین جب قید ہووین زر و سیم / پاوین جب قیمت گران و قدر عظیم

تخم کو ڈالین زمین کی قید مین / تا کہ اوس سے پھول پھل حاصل کرین
نفسِ سگ زنجیرِ تقوی مین ہو قید / آہوی عرفان کا جب کرتا ہے صید

حرص جو قیدِ قناعت مین ہو بند / ہو غنا قلبی وہی ای ارجمند
طمع کو محوِ توکّل کر شتاب / تا حبیبُ اللہ کا پاوے خطاب

بخل کو اندر سخاوت کے چھپا / تا حبیب اللہ ہو تو برملا
بولنے کو بند چپ رہنے مین کر / ہمکلام حق سے ہو تو تا ای پسر ۱۰۹

بند یادِ مرگ مین کر طولِ امل / تا رہے اکدم نہ تو بی نیک عمل
حلم مین حق کے چھپا تو عُجب کو / ظاہر و باطن ترا تا ایک ہو

کر تواضع مین تکبر کو تو بند / تا کرے حق مرتبہ تیرا بلند
کر ریا کو محو تو اخلاص مین / تا ہو حق کے بندگان خاص مین

عشقِ حق مین بند کر تو حُبِّ غیر / تا ہو باغِ وصل حق کی تجکو سیر
کر صفات حق مین گم اپنی صفات / ماسوا سے تا کہ تو پاوے نجات

کر خودی کو تو خدا مین محو نیک / تا کہ معلوم ہو نہین جز ذات ایک
اسلیے درویش و فقرا ہوشمند / چلّے عزلت مین ہین کرتے آپ بند

تا کہ ہو انکو باین قید کھول / گوہر مطلب زر مقصد حصول
اسکے مالکنے بھی اس امید مین / اس کنیزک کو کیا ہے قید مین

بند کر کے تا کرین اسکا علاج / تا صحت پر ہووے ٹک اسکا مزاج
ہووے شاید عقل و ہوش اسکا بجا / تا نفع لے اس سے وہ بی انتہا

جو یہ داروغہ سے لونڈی نے سنا / رو پڑی اک بار اور سر کو دھنا
درد ناک اک کھینچکے دل سے آہ / بولی مین ہون العزیز و بیگناہ

ای مسلمانو نہین مجنون مین / اپنے دلبر کی ہون پر مفتون مین
سمجھو تم موسیٰؑ کا چرواہا مجھے / جسکے دل سے بیخبر موسیٰؑ رہے

منع کے اس سے ظاہری بیہودہ قال / ہو گئی غصہ نہ دیکھا دل کا حال
ہون ہی مجکو بھی دیوانی جانکر / کر دیا قید اور نہ لی دل کی خبر

## در تمثیلاً بیانِ چرواہا موسیٰ علیہ السلام

نقل ہے جاتے تھے موسیٰؑ طور پر / ایک چرواہا پڑا راہ مین نظر
کہہ رہا تھا یون بصد زاری و آہ / اے رحیم و اے کریم و ای الٰہ

ہے کہان تو جلوہ گر بتلا مجھے
تیری دوری نے دیا تڑپا مجھے
ہی تبا کسجا تو اے جان جہان
تاکرون قربان تری خدمت مین جان

رات دن مین تیری خدمت مین رہون
ایکدم غمگین تجھے ہونے ندون
خوب سا مل مل کے نہلاؤن تجھے
اور اچھی کپڑے پہناؤن تجھے

تیل ڈالون سر مین اور کنگھی کرون
چیکنین تیری لیے اچھی سیون
ڈھونڈھ کر پکڑونگی تری لیون جوئین
اور کھلاؤن ہر طرح کی نعمتین

ہو اگر بیمار تو اے کردگار
جان و دل سے ہون ترا مین غمگسار
ہو جو کچھ تکلیف اور زحمت تجھے
کرکے خدمت خوب دون راحت تجھے

پانؤن دابون اور چومون ہاتھ کو
اور کرون سونیکو بستر رات کو
اے مری رب جان مری تجھپر فدا
اور سب اولاد گھر بار ہر مرا

ہی کہان تو تا تری خدمت کرون
سیئون گیری تیری اور بخیہ کرون
دیکھ پاؤن مین ترے گھر کو اگر
دودھ گھی لاؤن تری شام و سحر

روغنی روٹی پکا کر اور کھیر
اور بہت سی دہی مسکہ پنیر
لاؤن مین تیار کر آگے ترے
روز ہو کھانا ترا گھر سے مرے

اور کا ہر گز نہ کھانے دون طعام
اپنے ہی گھر سے کھلاؤن تمین مدام
رنج و غم ہر گز تجھے ہونے ندون
تیری راحت کیلیے محنت بہرون

تیری خدمت سے نہو فرصت مجھے
میری خدمت سے ہو تب راحت تجھے
ای خدا تجھپر ہو قربان میری جان
اور مری سب بکریان و خان و مان

اس طرح بیہودہ کہتا تھا شبان
پوچھا چرواہی سے موسیٰ نے کہان
کسکو کہتا ہے یہ تو مجکو بتا
بولا وہ جسنے مجھے پیدا کیا

اور کیے جسنے زمین و آسمان
عرش و کرسی دوزخ و جنت عیان
اور کیے جن و بشر اور دو جہان
ہی اوسی سے عرض یہ میری بجان ۱۱۶

بولے موسیٰ ہای تو نے کیا کیا
ہو گیا کافر مسلمان کب رہا
ہی یہ کیا بیہودہ ہذیان کفر جہل
بند کر منہ کو سمجھ اسکو نہ سہل

اس ترے کہنے سے ای بیہودہ گو
ہو گئی عالم مین ظلمت چار سو
کفر سے تیرے ہوا عالم سیاہ
کفر نے تیرے کیا دین کو تباہ

کھانا پینا پھیرنا تیرا ہی کام
اور یہ کب خورشید کو زیبا کام
گر نہ رد کر اس سخن سے حلق کو
آگ آکر پھونک دیگی خلق کو

گر کہے تو جرم کرتے ہین سبھی
آگ آتی ہی نہ جلتا ہے کوئی
گر نہ آئی آگ کیسا ہی دھوان
ہو گیا کیون دل سیہ مرد دیان

جو تو جانے ہی کہ حاکم ہے خدا
پھر یہ گستاخی ہی کب تجکو روا
دوستی بے عقل کی ہی دشمنی
ہی خدا پاک ایسی خدمت سے غنی

کس سے یہ کہتا ہی کیا خالو سے تو
یا کہ باپ اپنے سے یا عمو سے تو
جسم و تن حاجات بشری تو قرار
دیتا ہی اندر صفات کردگار

کھانا وہ کھاوے جو رکھتا ہو شکم
کپڑا وہ پہنے کہ ہو جسکے جسم
وہ پیے شیر ہو جسے نشو و نما
چیکنین پہنے جو ہو محتاج پا

وہ منزہ ذات حق دانا ہی راز
پاک ہی ہر چیز سے اور بے نیاز
بلکہ جو بندہ فنا فی الذات ہو
صفت اوسکی صفت حق بات ہو

اوسکے حق مین بھی نہین کہنی روا
اس طرح کی گفتگو ہے ناسزا
تے که در حق جناب کبریا
بے بدل بے مثل و بیچون و چرا

اولیا کو کہنا بے ادبی کی بات
دل کو کرتی ہی سیاہ اور جانکو مات
گر کہے اک مرد کو تو فاطمہ
گرچہ ہین اک جنس مرد و زن ہمہ

وہ کریگا قصد تیری قتل کا
گرچہ ہو خوشخو حلیم و پارسا
فاطمہ ہی عورتون کی حق مین مدح
مرد کو بولے تو وہ ہو بیخ قدح

ہاتھ و پا ہین ہمکو آسائش تمام
اور خدا کے حق مین آلائش تمام
لم یلد لم یولد اوسکو ہی سزا
ہی وہ خالق والد و مولود کا

ہے وہ پیدایش کہ آیا جسم جو
جو ہوا پیدا اسی عالم سے وہ
کیونکہ جو اس عالم فانی سے ہے
خلق ہے اور خالق اوسکو چاہیے

بولا چرواہا کہ تمنے یا نبی
سی دیا منہ میرا لب پر مہر کی
اور پشیمانی کی آتش سے جلا
جان و دل میرا دیا تمنے جلا

سکھے یہ اور پھر کے دلسے ایک آہ
پھاڑ کر کپڑے لیا جنگل کی راہ
بیخود و سرمست با آہ و فغان
نالہ و زاری ہوا کرتا روان

## عتاب الٰہی بر موسیٰ علیہ السلام در مقدمۂ شبان

آگے موسیٰ کی طرف وحی خدا
میرے بندے کو کیا مجھسے جدا

میرے ملنے کے لیے آیا تھا تو
یا جدائی ڈالنے آیا تھا تو

ہو سکے جتنک نہ لے نام فراق
رکھتا ہون نکروہ مین لفظ طلاق
ہر کسی مین سیرت اک رکھی ہے مین
ہر کسیکو اصطلاح بخشی ہے مین

ہندیون کی اصطلاح ہند مدح
سندیون کی اصطلاح سندھ مدح
معنی دو ہین اور وہ ہے بات ایک
ہو تری حق مین بُری اور اسکو نیک

حق مین اسکے ہے تیرے حق مین ذم
حق مین اسکے شہد تیری حق مین سم
حق مین اسکے نور تیرے حق مین نار
حق مین اسکے پھول تیری حق مین خار

حق مین اوسکے نیک تیرے حقمین بد
حقمین اوسکے خوب تیرے حقمین رد
بس بری ہین پاک ناپاکی سے ہم
اور گرانجانی و چالاکی سے ہم

نے کیا مین حکم تا لون فائدہ
بلکہ سو بخشش کرون بندون پہ تا
اونکی کب تسبیح سے کچھ ہون مین پاک
بلکہ وہ خود آپ ہو جاتے ہین پاک

مین نہ کیون کھولون زبان کی قال کو
دیکھتا ہون دل اور اوسکے حال کو
دیکھتا ہون دل کا مین سوز و گداز
لفظ بیجا سی زبان ہو گرچہ باز | 111

ہو زبان یا دل حقیقت یا مجاز
چاہتا ہون سب سے مین سوز و گداز
دلمین اپنے عشق کی آتش لگا
سر بسر فکر و عبادت کو جلا

موسیا آداب والے اور ہین
اور سوز و تاب والے اور ہین
سوز و غم مین کرتے ہین عشاق راج
کان ویران پر نہین عشر و خراج

گر گناہ اونسے ہو مت عاصی کہو
جو ہو ا پر خون شہید اوسکو نہ دھو
ہے وہ خون پانی سے افضل بے شبہ
سو ثوابون سے ہے بہتر یہ گنہ

گم ہو رسم قبلہ جب کعبہ مین ہو
پا برہنہ غم ہے کیا غواص کو
رہبری مت ڈھونڈ سرمستون سے تو
جامہ چاکون کو نہ کر وا تو رفو

## عذر نمودن موسیٰ علیہ السلام بخدمت شبان یعنی چرواہا

ملت عشق از ہمہ دین ہا جدا
عاشقان را مذہب و ملت جدا

یہ عتاب حق جو موسیٰ نے سنا
پیچھے چرواہے کے دوڑے برملا

اوسکے پاؤنکے نشانون پر چلے
تا وہ سرگشتہ کہین شاید ملے

رفتہ رفتہ آخرش وہ مل گیا
مژدہ دیکر اوس سے موسیٰ نے کہا
ہو گیا ہے تجھکو اب حکم خدا
کھول تو اپنی زبان کو برملا

اب تو ترتیب ادب پر کچھ نہ رہ
جو ترا دل سوختہ چاہے وہ کہہ
کفر تیرا دین ہے اور دین نور جان
تیری برکت سے ہے عالم مین امان

ای معاف یفعل اللہ ما یشاء
بے محابا تو زبان کو کھول جا
بولا موسیٰ نہین مین وہ رہا
ہو گیا کچھ اور حال عالی مرا

مار اکوڑا تو نے گھوڑی کو پرے
اڑ گیا وہ عرش سے اوپر پرے
پا گیا مین گو مگو کی بات کو
آفرین تجکو ہو تیرے ہات کو

کیا کہون کچھ کہہ نہین سکتا ہون اب
شہد وحدت نے کیے ہین بند لب
حال کو میرے کہان پہونچے کلام
اس سے چپ رہنا ہے بہتر والسلام

## رجوع بقصہ مقولۂ حضرت بی بی تحفہ مغنیہ و بیان زور شور و غلبۂ عشق حضرت تحفہ قدس سرہا

گرچہ بھید اپنا نہ کہنے دے ہی عشق — لیک کب خاموش رہنے دے ہی عشق

ہو سکے کب بند عاشق کی زبان — گرچہ بھید اوسکا نہ جانین مردمان

جبکہ سمجھین انبیا کم راز عشق — کسطرح ہون علم سے ہمراز عشق

بے کہے معلوم میرے دلکا بھید — کر دیا مجنون سمجھکر مجکو قید

ہون تو دیوانی نہ ہے میری عقل پست — لیک ہون مین اپنے مستانہ کی مست

رہزنی سے عشق کی گمراہ ہون — سب سے غافل اوس سے پر آگاہ ہون

عشق سے اوسکے ہوئی مین مست و خراب — مست ہے مستی سے جسکی یہ شراب

لے گیا ہے وہ ہی میرا عقل و ہوش — وہ ہی بر لاتا ہے اب مجھسے خروش

ہون کسی دانا کی مین دیوانی آہ — شمع روے یار کی پروانی آہ

مست ہون پر دل مرا ہشیار ہے — جان آسودہ مگر تن خوار ہے

ہوگیا البتہ پر مجھسے گناہ — جان کی خاطر کیا تن کو تباہ

ہے گنہ بس یہ کہ مین کہتی ہون جاہ — غیر خوبی کیا ہے یوسف کا گناہ

گر گنہ ہے تو یہ مجھپر ہے گناہ — اپنے اُس محبوب کی کہتی ہون جان

عشق نے اوسکے کیا جو جانین گھر — تن بدن سے ہوگئی ہون بیخبر

شمع رخ وکا اوسکے جب آتا ہے دھیان — اندر اندر جلتی ہون پروانہ سان

آتا ہے جب زلف دلبر کا خیال — نوچتی ہون اسلیے مین سر کے بال

جبکہ یاد آتی ہے پیشانی یار — پھوڑتی ہون سر کو دیوار سے مار

چہرۂ گلگونکا اوسکے گر خیال — مین طمانچے سے کرون ہون منہ کو لال

خنجر ابرو کو اوسکے یاد کر — کرتی ہون قربان اپنا اوسپہ سر

یاد کر وہ خال ہووی گلعذار — داغ دل سے ہوتی ہون باغ و بہار

چشم میگون اوسکی جب یاد آگئین — جھٹ مری آنکھین وہین پتھرا گئین

نوک مژگان کا خیال ہو سکے جب — سینہ چھن چھنکر مرا جلتی ہون سب

یاد کے شیرین دہن کو یاد کر — نون چھڑکون ہون جگر کے زخم پر

یاد آوین جب دُرِ دندان یار — گوہر اشک اوسپہ کرتی ہون نثار

ہو لب شیرین کا اوسکے دھیان جب — تشنگی سے چاٹتی ہون اپنے لب

یاد کرکے قد و قامت یار کا — کرتی ہون شور قیامت کو بپا

یاد کرکے دلبری کی چال ڈھال — خاک مین ہوتی ہون کیا کیا پائمال

دور ساغر یاد کرکے یار کا — زہر کے سے گھونٹ بھرتی ہون آہ

کر لیا ہے پیرہن اوسکے دھیان — کرتی ہون دامان گریبان دھجیان

یاد آوے جب سراپا صنم — جلتی ہون حسرت سے سر سے تا قدم

یار کی ہمبستری لو یاد کر — لوٹتی ہون جیسے سیماب خاک پر

گر دُرِ دندان لب خندان کو یاد — گاہ روتی ہون کبھی ہنستی ہون شاد

جانتی ہے خلق دیوانی مجھے — عقل سے یکلخت بیگانی مجھے

کوئی کہتا ہے اسے آسیب ہے — کوئی کہتا ہے جنون لاریب ہے

حال زار من نمی داند کسے — ہستم اندر آتش غم چون خسے

حال سے میرے نہین واقف کوئی — ہون مین اندر آگ کے جیسے روئی

ہے مری ایسی مثال اے مرد نیک — تا کہ لاہو کی نکلتی نہین ایک

اوسکو سب نگو بنادین سربسر — عقل و ہوش اوسکا اڑا دین سربسر

گرچہ اپنے کام مین عاقل ہون مین — خلق کے نزدیک سب جاہل ہون مین

جس سے مین کہتی ہون اپنا درد و غم — سنکے ہنس دیتا ہے مجھکو یکقلم

نے مرا غمخوار نے مونس کوئی — کوئی دیوانی کہے سمجھے کوئی

۵۱ مراد صفت معبودیت حق ست و مراد تجلیات لغری کہ سالک از کیفیت آن مطلع میشود ۱۲ ۵۲ مراد تجلیات کہ در بیخودی و خواب میشود ع ۱۲

ہر کسے از ظن خود شد یار من
در درون من نجست اسرار من

جسمیں کہیں ہیں یہ میرا فائدہ
ہے حقیقت میں یہ بس غم سے درد

درد کا میرے نہیں کرتے علاج
کرتے ہیں وہ جس کو مدبر بگڑے مزاج

جو کوئی ہو عشق کا بیمار زار
کب علاج اوسکا ہو جز دیدار یار

ہو کیسی حکمت میں درمان بکار
دیں ٹھنڈائی کی جگہ دارو حار

ہو کوئی آتش بجھانیکا یہ کھیل
ڈالے پانی کی جگہ جلتے پہ تیل

چاہتے ہیں درد عشق ہو جائے دور
اور ہے میری زندگی اسمیں ضرور

مایۂ راحت ہے مجکو اوسکا غم
مونس وحشت ہے مجکو اوسکا غم

عشق جان محرم ہے میری جان کا
زخم غم مرہم ہے میری جان کا

بہتر ہے درد عشق سے جو جام دل
ہے تڑپنا لوٹنا آرام دل

میں نہیں مجنوں ہوں بس ہوشیار
آتا ہے طعنہ جنون سے مجکو عار

ہیں مسخر میری عقل و فہم عام
اور جنوں میرا ہے اک ذی علام

شیخ نے جو نکتہ تحفہ سنے
عشق کے دلمیں در تحفہ بچھے

دل جلا سن گفت و آی وزیر کو
دی اجازت اشک گوہر ریز کو

یوں کہا ای شیخ جان کھونا ترا
اوسکے وصف میں ہے یہ دلدار ترا

اوسکے گھٹی کیا حال ہو تیرا بتا
تو سہی یا عقل و ہوش تیرا بجا

اوسکے وصف میں ہو جب عالم فنا
عاشق حق کیوں نہو ہر دم فنا

اپنی اپنی بوجھ کے سب یار ہیں
کب یہ میرے واقف اسرار ہیں

اور جیسے جانیں کہ ہے اسمیں فساد
ہیں مرے حق میں وہی انصاف و داد

بند کرتا کب ہے وحشت کا علاج
وحشیوں کا ہو فقط صحرا علاج

ہے علاج ایسا کہیں زیر فلک
جائے مرہم زخم پر چھڑکیں نمک

تشنگی بجھنے کی کیا یہ بھی ہے راہ
جائے شربت زہر دے پیاسے کو آہ

ہے مروت یہ کہیں تمنے سنی
دوستی کی جا کرے جو دشمنی

درد جاناں کس طرح چھوڑوں بھلا
زندگی سے کیسے منہ موڑوں بھلا

درد کی میری دوا ہے اوسکا درد
اور تب ہجران کی وارہ آہ سرد

عشق کی آتش ہے ٹھنڈک جان کی
دائمی سوزش ہے ٹھنڈک جان کی

اگرچہ آنکھوں میں ہے زخم انتظار
ہوتی ہوں اشکوں سے اسکا بار بار

پیش اہل عقل فرزانہ ہوں میں
جا بجا لوگوں کے آگے دیوانہ ہوں میں

مانند تم در قید زنجیر جنون
ہو کہ باشم اہل عقل و ذو فنون

درد کی سن گفتگو غش کر گئے
جان و دل اندوہ غم سے بھر گئے

تحفہ نے سوز نہانی شیخ کی
دیکھکر وہ اشک رانی شیخ کی

اوسکو پہچانے تو کرا ہے شگفت
یعنی ہے جیسا کہ حق معرفت

گر بہ بینی یک نفس حسن ودود
اندر آتش افگنی جان و وجود

جان و دل دیں جب مجازی عشق میں
کیوں نہو ان قربان حقیقی عشق میں

اوسکے ادنی کہتی ہوں اک مثال
تاکہ ہو معلوم جانبازی کا حال

## حکایت بطریق تمثیل

نقل ہے اک لڑکا تھا اک درویش کے
خوبصورت پاک طینت نیک بے

مدرسے میں بسکہ طالب تھا وہ
خوبی عالم تھا جسم و دل تھا وہ

پڑھتا تھا اک شہر کے مکتب میں وہ
تھا بڑا ذہن و ذکا میں سب میں وہ

گلبدن غنچہ جو حسن کے گلزار کا
آشیانہ طائر انظار کا

شگفتہ ایسا ہوا پیر فقیر
المکیدم رہتا نہ بے ابن امیر

حسن کا اوسکے کروں کیا بیان
تھا گویا اک حق کی حجت کا نشان

اسیکا لڑکا جو پڑھتا تھا طفلان
شکل صورت میں تھا یکتا دان

ہو گئی ناگاہ الفت درمیان
پیر لڑکے کی اور اوسکی بجان

ناگہاں واں اک روز امیر بے نفاق
آ گیا مکتب میں حسب اتفاق

حال سب لڑکونکا پوچھا آنکر ۔ آخرا اوس لڑکیکو مفلس جانکر
حکم اوٹھا دینے کا اوسکے دیدیا ۔ او معلم سے یہ مضمون کہدیا

یعنی ہوگی آخرش ای اہل بر ۔ صحبت اسکی میرزادے کو مضر
الغرض اوستاد نے مجبور ہو ۔ جا کہا درویش کے فرزند کو

کہنے سے اوستاد کے ہو چشم تر ۔ اوٹھ گیا مکتب سے وہ خستہ جگر
پھر سنا تھوڑے دنوں کے بعد یون ۔ ہی وہ لڑکا سخت بیمار و زبون

تھی نہ اوسکو کوئی بیماری بجز اشتیاق ۔ کھا گیا تھا میرزادے کا فراق
آتش فرقت مین اوسکے روز و شب ۔ جلتا بھنتا تھا بصد رنج و تعب

عیش انکو تھا نہ شب سوتا تھا وہ ۔ خون دل پیتا تھا اور روتا تھا وہ
کھانے پینے نے دیا اوسکو جواب ۔ خواب و راحت نے کیا آرام خواب

بھوک زیادہ ہو تو کھا لے کباب ۔ پیاس غالب ہو تو دے آنکھوں سے آب
نے کبھی ہنستا نہ کرتا بول چال ۔ غم کے کونے مین پڑا رہتا نڈھال

حال کو اوسکے کوئی گر پوچھتا ۔ ہنسکے رو دیتا نہ تھا کچھ بولتا
اندر اندر کھا کے رنج یار سخت ۔ رفتہ رفتہ ہوگیا بیمار سخت

میر کے لڑکے کو جب پہونچی خبر ۔ اوسکی بیماری کی پھر تو جلد تر
جھٹ بلا کر ایک خدمتگار کو ۔ یون کہا جا پوچھ اوس بیمار کو

جا مری جانب سے یون اکبار کہہ ۔ کیا ہی بیماری تجھے ای یار کہہ
آکے خدمتگار نے بعد از سلام ۔ میر کے لڑکے کا پہونچایا پیام

یون جواب اوس سوختہ جان نے دیا ۔ تیری الفت مین مرا دل پھنس گیا
تیری فرقت مین ہوا بیمار مین ۔ اب کوئی دم کا ہون مہمان یار مین

جان سے القصہ میرا ہیگیان ۔ جسم تڑپے ہی رہا اور جان ہان
لوٹ کر کے میرزادے کا غلام ۔ آیا اور بیمار کا لایا پیام

میر کا لڑکا یہ سنکر ناز سے ۔ بول اوٹھا کیا جانے کس انداز سے
یعنی نوکر کو کہا جا جلد تر ۔ کہدے اوس دلدادہ سے اس طور پر

گر ترا دل مجھپہ یون مائل ہوا اب ۔ بھیجنے مین کون جی جائل ہوا اب
دل ترا سہتا ہی گر مجھ بن اوداس ۔ بھیجدیتا کیون نہین دل میرے پاس

جا کے نوکر نے پیام جان گزا ۔ میر کے لڑکے کا عاشق سے کہا
سنکے عاشق نے پیام دلربا ۔ ٹھہر دروازہ پہ نوکر سے کہا

بعد لمحہ بے طلب تو گھر مین آ ۔ اور طبق پوشیدہ لیجانا اوٹھا
وہ طبق سربستہ لیجا کر ضرور ۔ جلد رکھنا میرزادے کے حضور

بعد اک ساعت کے نوکر میر کا ۔ حسب فرمودہ بستر اندر گیا
جا کے دیکھا ہی طبق رکھا ڈھکا ۔ اور زمین پر اک طرف لڑکا پڑا

ہی طبق رکھا ڈھکا اوپر رومال ۔ اور زمین پر ہی پڑا وہ نونہال
وہ طباق اوسنے جلد ہی سے اوٹھا ۔ میر کے لڑکے کے جا آگے دھرا

اور کہا سب اوس سے جا کر ماجرا ۔ میر کے لڑکے نے سنکر پھر ذرا
اوس طبق کو دیکھا جو رومال اوٹھا ۔ دل تڑپتا پایا اوسمین برملا

دیکھتے ہی اک لگی سینہ پہ چوٹ ۔ ہوگیا اوسکا بھی دل بس لوٹ پوٹ
وہ تو دلکو دیکھے رخصت پاگیا ۔ دلکو اوسکے بھی مگر تڑپا گیا

دیکھے دل آرام اوسکو ہو گیا ۔ جب گیا پہلو سے دشمن ہو گیا
پھر کہا خادم کو جلدی دوڑ کر ۔ جا کے اوس جانباز کی لا تو خبر

سنتے ہی خادم گیا وان جلد تر ۔ اور اوس جاندادہ کی لایا خبر
یعنی وہ دلدادہ لڑکا مر گیا ۔ جان کو جانان پہ قربان کر گیا

رکھکے سر زانو پہ بیدم ہو گیا ۔ سانپ کے کاٹے کے جون جب سو گیا
عشق اپنا کام کر کے چل گیا ۔ گلبن نو پاے گل مین ملگیا

ہوگیا وہ جان بحق تسلیم آہ ۔ سنکے اسکی بھی ہوئی حالت تباہ
اپنے کہنے سے پشیمان ہوکے وہ ۔ ہوگیا بیہوش بس رو کے وہ

فائدہ کیا اس پشیمانی سے اب / چلگیا جب تیر ہٹ سکتا ہی کب
لیکے سکین براشارہ دلربا / دیدیا دل کرکے پہلو سے جدا
دل دیا لاکھون خریدے ہمنے داغ / اک کلی دیکر لیا پھولونکا باغ
خلق دے مخلوق پر جان بے عنا / عشق خالق مین نہو کیونکر فنا
شمع پر پروانہ ہو جلکر فنا / عاشقان حق نہون کیونکر فنا
حسن یوسف عکس حسن حق ہی یار / حسن حق پر کیون نہون عاشق نثار
گوی شو میگرد بر پہلوی صدق / غلط غلطان زخم چوگان عشق
عشقہاے کز پے رنگی بود / عشق نبود عاقبت ننگی بود
تہرتہرا کر گر پڑی بیہوش ہو / آہ بہرکر رہگئی خاموش ہو
شیخ نے اوسکو پکارا ای کنیز / بولی لبیک ای سری باتمیز
نام جو لیتی ہی میرا برملا / مجھکو جانے ہی کہانسے تو بتا
غم مین اوسکے عشق کے کیسی ہی زرد / آپکو کہو کرکے پایا اوسکو فرد
شیخ بولے مانا مین عاشق ہی تو / پر بتا ہی کون تیرا ماہرو
کونسے محبوب کی عاشق ہی تو / کونسے مطلوب کی شائق ہی تو
کونسے ہی شعلہ رو کی سوختہ / ہی تو کس تیر نگہ کی دوختہ
کونسے ہی سرو قد کی پائمال / عشق مین کس ماہ کی ہی تو ہلال
زخم خوردہ ہی تو کس چوگان کی / گیند کی جون ہی جو غلطان گلی کوچی

عاشق صادق تہا اور اہل کمال / دیدیا دلبر کو جو دل بے ملال
اک اشارے مین دیا دل بے خلل / کرگیا اس شعر پر گویا عمل
جبکہ ہو عاشق مجازی کا یہ حال / کیون نہ مٹ جان عاشقان ذوالجلال
عشق مولی کچھ نہین لیلی سے کم / کیون نہون مجنون نہین او سر قلم
حسن یوسف پر زنان مصر مست / ہوکے کاٹین جاے لیمون اپنے دست
عاشقان صورت و ہم و خیال / کب ہون مثل عاشقان ذوالجلال
عشق حق مین تو جو دے اک جانکو / پائے بدلہ دس سے لیکر سات سو
حضرت تحفہ بغم پر سینہ چاک / کہہ چکی جب یہ حکایت دردناک
بعد ساعت کے جو آیا اوسکو ہوش / پھر وہی نعرہ تہا اور جوش و خروش
یون کہا پھر شیخ نے ای باادب / کیا مرا جانے ہی تو نام و لقب
بولی جب سے دوست کو جانا ہی مین / اوس سے اوسکو خوب پہچانا ہی مین
کھل گئے سب دلمین اسرار جہان / ہی نہ کوئی بھید اب مجھسے نہان
گر ذرہ روشن ترا ہی کون ماہ / کونسے بت نے تری ماری ہی راہ
کونسے دلدار پہ مائل ہی تو / کسکی تیغ ابرو کی یون گھائل ہی تو
ہی تو کس شیرین دہن کی تشنہ لب / ہی تو کس چاہ ذقن مین غرق آب
پیچ مین آئی ہی کس کاکل کے تو / ہی نشہ مین ہیچ بتا کس مُل کی تو
کونسے شمشاد کی قمری ہی تو / کونسے آزاد کی قیدی ہی تو
کونسے گل کی ہی تو بلبل بتا / کون ہی محبوب تیرا گل بتا

## بیان کردن بی بی تحفہ معشوق و محبوب خود را کہ محبوب من معبود برحق و قادر مطلق است

عرض کی تحفہ نے ای قطب زمان / ہی مرا محبوب خلاق جہان
یعنے جسنے کردیا ہی بے قصور / حرف کن سے دونون عالم کا ظہور
عشق سے پر جان جسنے وہی مجھے / یاد مین اپنے بہر سو کی مجھے
مجکو اپنے سے شناسا کردیا / نور عرفان سے مرا دل بہر دیا
خالق کونین پر عاشق ہو مین / مالک دارین کی شائق ہو مین
دل دیا جسنے دیا دل اوسکو مین / آپکو چھوڑا آگئی مل اوسکو مین

دل و ہندم ہی کی دلبرہ ہو نہین
اپنے اوپر جان بخش کی مرہ ہو نہین

ہون و ہندہ آبرو کی اشکریز
اپنے عزت بخش کی ہون خاک بیز

اپنے اوپر آپ سرو گل ہو نہین
گاہ قمری اور گہے بلبل ہو نہین

جسکی وحدت کی ہی کثرت جلوہ گاہ
جسکی یکتائی کا شہد اللہ گواہ

ہی وہی معبود برحق میرا دوست
ہی وہی موجود مطلق میرا دوست

ہی مرا محبوب مطلوب و حبیب
جو ہی مجھسے بھی بہت نیر قریب

جسکی پی کرکے مے حیرت زمین
ہی پڑی بدمست بیجان و حزین

جسکے جام عشق سے ذرات مست
فرش سے تا عرش موجودات مست

ہو جو محبوبان عالم پر یہ نور
ہی اوسی کے پرتوہ کا سب ظہور

مس زراندودہ ہی یہ خوبی خلق
عکس محبوبی ہی محبوبی خلق

سایہ اپنے اصل کو جب چلگیا
خاک مین عشق مجازی مل گیا

سایہ تو جا اصل مین اپنے ملا
عشق حقیقی اوسکو حاصل ہوگیا

یعنے جب معشوق اسکا مرگیا
بیوفائی اپنی ظاہر کر گیا

چشم و گوش و چہرہ سب موجود ہی
عشق تہا جسپر کہو وہ کیا شی ہی

پرتوہ جب اصل کو اپنے گیا
رہ گیا عاشق بچارا دیکہتا

اصل اور سایہ مین سمجہا کچہہ نہ فرق
چہوڑ دریا کو ہوا قطرہ مین غرق

آئینہ مین دیکہکر عکس حبیب
اصل صورت مین رہا تہا بےنصیب

عشق بر مردہ نباشد پایدار
عشق را بر حی و بر قیوم دار

عشق مردہ پر نہین ہی پایدار
زندہ اور قائم کا کر عشق اختیار

ماسوا حق کے جو کچہہ موجود ہی
شکل ہستی ہی ولے نابود ہی

غیر ہی کب ہی وہ ہی موجود یار
اول و آخر نہان و آشکار

احولی کو دور کرکے کر نظر
ہی وہی خورشید ہر جا جلوہ گر

شمع گر لاکہون تجہے آوین نظر
ایک ہی جب نور پر جاوے نظر

اپنی ہستی بخش پہ ہو نہین فنا
میری ہستی مین ہی وہ جلوہ نما

اپنے ہون افروختہ پر سوختہ
اپنی شادی پر ہون غم اندوختہ

ہی مرا محبوب و عالم کا رب
جسکی پاکی بولتی ہی خلق سب

ذات برحق بادشاہ بی بدل
فرد مطلق لایزال و لم یزل

ہی مرا محبوب سحر کن فکان
راز عالم جان جان روح جہان

ہی مرا معشوق وہ بے شبہہ و شک
عشق مین جسکی ہی سرگردان فلک

ہی نشہ مین جسکی عبدیت کے چور
آدم و جن و ملک حور و قصور

ہی وہی دلبر مرا وہ ہی حبیب
اور سوا اوسکے نہین کوئی حبیب

حسن محبوبان عالم سربسر
عکس حسن حق ہی ان خوبون پر

اوڑ گیا جب رہو گئی ظاہر سی
اوسکے عاشق پر جب آتی ہی ہنسی

ہووے گر عاشق مجازی کو جو عقل
ساتہہ اوسی سایہ کے وہ کرتا ہی نقل

جب حقیقت دیکہہ لی اندر مجاز
تب حقیقی عشق مین کر ترک ناز

ہوگئی باہر بدن سے روح جب
ہوگیا عشق مجازی سرد سب

پرتوہ حسن حقیقی کا وہ تہا
جسپہ یہ عاشق ہوا تہا مبتلا

کہل گئی جب آنکہہ تب فریاد کی
عشق ناقص مین عمر برباد کی

دیکہہ کرکے عکس خورد یوار پر
عشق کیا اوسکی نہ سوچ پر نظر

جب خیال ماسوا باطل ہوا
عشق حقیقی تب اوسے حاصل ہوا

عشق زندہ در روان و در بصر
ہی شود ہر دم ز غنچہ تازہ تر

عشق زندہ کا ہو ہر دم تازہ تر
دل مین اور آنکہون مین باصد کر و فر

بند کر آنکہون کو کر دل سے نظر
ہی وہی محبوب ہر جا جلوہ گر

ہی حقیقت مین نہین جز ذات ایک
دو نظر آتے ہین احول کو ولیک

ہین اوسی دریا کی سب موجین ضرور
گرچہ رنگا رنگ ہی اونکا ظہور

ہی ہزارون آئینون مین شکل ایک
عقل اس کثرت سے حیران ہی ولیک

آئینونکو دیکھکر کے رنگ رنگ — عقل جزوی ست کثرت ہی دنگ
پوچھے آئینونکی کثرت سے تو گر — حق کے اسما و صفات ہین جلوہ گر
دس عدد ہون یا ہزار ہون یا کہ سو — ہر اک ونکا ایک سے خالی نہو
دونہین جسمین نہین وہ جسمین ہو — وہ ہی ہونا چیز لے اعداد جو
یہ نہین ہی وہ نہین ہی مین نہ تو — ہی وہی نور منزہ چار سو
دونو کلمہ وردہ نیر پڑھ اور دونو جہان — جان اوسمین آپکو محو و نہان
اس سے زیادہ کہ نہین سکتا ہون مین — ہی یہی بہتر کہ چپ رہتا ہون مین
ہی ہما وحدت اب پرواز پر — آسکے کب ایسا سخن مین ای پدر
قطرہ مین دریا سماوے کسطرح — ذرہ مین خورشید آوے کسطرح
باد اندر مشت آسکتی ہی کب — آگ پنبہ مین سما سکتی ہی کب

## رجوع بقصہ

کوہ کو کیونکر اوٹھاوے برگ کاہ — نور مین ظلمت کو ہو کسطرح راہ
شیخ سے یہ سخن تحفہ سے سن — رہگئے حیران و ششدر بیسخن
سنکے اوس سے بے بدل میٹھے کلام — قند وحدت سے ہو شیرین کام
کرکے اوس سے گوہر معنی بگوش — شربت توحید کو بسکے نوش
یون کہا قیدی مجھے کسنے کیا — روئی اور رکھا ہاتھ دل پہ کہا
جاہلونے کرکے باہم مشورہ — بند مجھ آزاد کو بس کر دیا
بعد ازان اک آہ بھرکر گر پڑی — شیخ نے جانا گئی مر اس گھڑی
ہوش جب آیا تو پھر اوسنے پڑھے — چند شعر اپنے مناسب حال کے
دیکھ اوسکی حالت مضطر کو شیخ — اور سنکر قصہ بے سر کو شیخ
صاحب بیمار خانہ سے کہا — بہر حق کر اس ولیہ کو رہا
اس گرفتار محبت کو تو چھوڑ — آہوے صحرای وحدت کو تو چھوڑ
قید سے تو چھوڑ اس بے قید کو — تا ترے بر لاوے حق امید کو
کر تو آزاد دو عالم کو آزاد — دو جہان مین تاکرے حق تجکو شاد
سنکے اوسنے طوق اور زنجیر توڑ — اونکے کہنے سے دیا تحفہ کو چھوڑ
پھر کہا یون شیخ نے ای خستہ جان — اب چلی جا تیرا جی چاہے جہان
عرض کی تحفہ نے ای والا گہر — میرے جانیکا ٹھکانا ہی کدھر
قید مین ظاہر کی مین کیا قید ہون — قید باطن کی ورے پابند ہون
شیر معنی ہون مین آزاد دو کون — بند کر سکتا ہی یان اب بند کون
طوق و زنجیر اور یہ زندان ہی سراب — اک اشارہ مین فنا ہو وین سب
کیا نہین تمنے سنا ای خوشخصال — قید مین منصور کی قوت کا حال

## حکایت حضرت شیخ منصور رحمہ اللہ

قید مین جسدم کیا منصور کو — فانی حق غرق بحر نور کو
ساتھ اوسکے تین سو تھے اور چند — اپنے اپنے جرم کی شامت سے بند
بولے منصور اونکو کیسے بند توڑ — تم اگر چاہو تو دونین سبکو چھوڑ
یون کہا سبنے یہ گر ممکن ہی جو — کیون نہین دیتے خلاصی آپکو
یون کہا مجکو شریعت کا ہی پاس — قید حق مین ہون نہین مجکو ہراس
ہان اگر چاہو تو دونین تمکو چھوڑ — اک اشارہ مین تمہارا بند توڑ
پھر اشارہ جو کیا انگشت سے — بند دست و پا سے اونکے گر پڑے
قیدیون نے آپکو دیکھا جو خاص — بند اور زنجیر سے بالکل خلاص
عرض کی سبنے کہ ای شیخ بلند — کسطرح جاوین در زندان ہی بند
اور ہین دربان درونے مستعد — پہرے اور چوکی کے اوپر مستعد
یون کہا منصور نے پھر کیا ہی ڈر — کہکے یا اور کسو سے زندان نظر
شیخ کرتے ہی زندان پر نظر — ہوگئے بیٹ کرکے دیوار و مین در
پھر کہا اب جاؤ تم سارے نکل — اپنے اپنے گھر کو جاؤ بے خلل

بولے سب تم کیون نہین چلتے ہو گھر
یون کہا جاتا ہی مجکو دار پر

ہی مرے سینہ مین اک سر نہان
دار پر جا کر کرونگا مین عیان

بعد اوسکے حکم سے دلدار کے
ٹکڑے ٹکڑے ہونگے جسم زار کے

اسطرح مین بھی ہون حکم حق مین بند
امر تلخ اوسکا ہی مجھپر مثل قند

میر بازار نے مجھے ای ہوشمند
کر دیا ہی بند مین بندہ کے بند

اس مرے محبوب نے کر دی مجھے
اپنے اک بندہ کی بس بندی مجھے

اوسکی مرضی پر رہونگی ویسے بند
ہو جدا میرا بدن گر بند بند

گر مرا مالک ہو راضی جاؤنگی
ورنہ صابر ہون نہ مین گھبراؤنگی

شیخ سری نے کہا ہنسکر کے یون
ہی عجب تو نکتہ دان ای ذو فنون

اس سخن سے ہوگیا اب آشکار
مین ہون مجنون اور تو ہی ہوشیار

## ملاقات شدن شیخ سری سقطی از تاجر مالک تحفہ

شیخ اور تحفہ بہم آپسمین باز
کر رہے تھے گفتگو سے راز و ناز

تاجر دل خستہ سینہ سوختہ
پشت خم غصہ سے سینہ دوختہ

آگیا باہر سے اندر ناگہان
جانبے ندان بندی بے امان

آکے داروغہ سے یون اوسنے کہا
ہی کہان تحفہ کہا اندر ہی جا

پاس اوسکے بیٹھے ہین حضرت سری
سنکے یہ خوش ہو گیا وہ اوسگھڑی

شیخ کو دیکھا تو بس خرم ہوا
فکر سے تحفہ کے دل بے غم ہوا

بولا برکت سے دعا کی آپکی اب
مشکلین آسان ہونگی میری سب

بعد تسلیم و ادب ہو چشم تر
رکھدیا پھر شیخ کے پاؤن پہ سر

شیخ بولا ہوش کر ای بے تمیز
مجھسے سو درجہ ہی بہتر یہ کنیز

ہی ادب جیسے گدا کا بیشمار
شاہ معنی کو کیا ہی بند و خوار

لائق تعظیم یہ تو ہو ستم
اور رہو نالائق معظم محترم

ابلہان تعظیم مسجد میکنند
در جفای اہل دل جد میکنند

کب ہی مسجد جز درون اولیا
کیونکہ ہی وان جلوہ فرما کبریا

کیا نظر بندی ہی ای دانائے راز
باز کو پشہ کہین پشہ کو باز

ہی عجب دنیا کا یہ برعکس کار
خار کو جانین ہین گل اور گل کو خار

چاہ کو جانین ہین راہ اور رہ کو چاہ
شاہ کو مسکین کہین مسکین کو شاہ

نیک کو جانین ہین بد اور بد کو نیک
ایک کو سمجھین ہین سو اور سو کو ایک

غم کو شادی جانین اور شادی کو غم
یم کو دریا سمجھین اور دریا کو یم

خوار کو سلطان سلطانکو ذلیل
دانا کو نادان نادان کو عقیل

سہل کو مشکل کہین مشکل کو سہل
اہل کو نااہل نااہلونکو اہل

عاقلونکو جانتے مجنون ہین
اور جو ہین مجنون او نہین عاقل کہین

خلق جسکو جانتی سردار ہی
پیش اہل دل ذلیل و خوار ہی

اور جسے سمجھین ہین سب خوار و ذلیل
ہی حقیقت مین وہی شاہ جلیل

اس کنیزک کو کہ ہی سلطان جان
کسلیے رکھا ہی خوار و ستہان

کیون کیا اس گلبدن کو خوار زار
کیون کیا اس آئینہ کو پر غبار

جان کو اپنے ستاتا ہی کوئی
خاک مین کسکو ملاتا ہی کوئی

کیون ہی آزاد دو عالم کو کیا
قید مین اسکا سبب مجکو بتا

گر بیان اسکی حقیقت مجھسے تو
اول و آخر سے یکسر مو بمو

حال کیا رکھتی تھی او کب سے رجوع
یہ جنون اسکو ہوا کیونکر شروع

ہو گئی ہی کب سے یہ زحمت اسے
کتنی مدت سے ہی یہ حالت اسے

اشک سے لعل و گہر کرکے نثار
شیخ سے کی عرض تاجر نے کہ یار

## بیان نمودن تاجر حال تحفہ را رحمہا اللہ

سنیے مجھسے قصۂ تحفہ بہوش
عشق کے کیجے در تحفہ بگوش

کان دیکھے تا مرے دلکا تھون
نکلے راہ گوش سے کچھ تو آن

خلق کا دیکھا وہان اک ازدحام
گر رہی تھی قند پر جیسے ہوام

بکتا ہے اک شاہد خورشید فام
جنتی تحفہ ہے تحفہ اوسکا نام

وصف اوس گلرو کا جب مجھپر کھلا
دلمین پھول اوسکی تمنا کا کھلا

الغرض مین بھی عزیمت کو بڑھا
بہر تسخیر پری آگے بڑھا

نور کا پتلا عجب دیکھا عیان
جسکی ہے تعریف مین قاصر زبان

سب سے آگے بڑھکے آخر مین کہا
اسکی قیمت دونگا مین سب سے سوا

لے لیا مین مول آخر کو بجان
فتنۂ دوران آشوب زمان

خوبی و حرمت کا تھا بس سے عمل
خاطر عالم رہی تھی اوسپہ ڈہل

سنیے ساتھ اوسکے کہانی گوہری
اوس بلا ناگہانی کو مری

ایکدن پھرتا تھا مین بغداد مین
آگیا اک کوچۂ بیداد مین

ایک سے پوچھا مین کیون ہے یہ ہجوم
ہے کہا اک فتنۂ تحفہ کی دہوم

دیکھ اوسکو شمع رو و گلبدن
سب گئے ہین بلبل و پروانہ بن

جلوۂ آن ماہرخ از راہ گوش
برد از تاجر روان و عقل و ہوش

دیکھا رخ اوسکا تو پایا جلوہ گر
کان سے بہتر ملی مجکو نظر

ہین خریدار اوسکے صدہا بیش بہا
قیمت اوسکی کرتے جاتے ہین سوا

یان تلک لایا کہ جو اندر شمار
آئے درہم اوسکی قیمت بیس ہزار

آیا خوش ہوکر سے پھر مین جلد تر
خانہ ویران گر کو لیکر اپنے گھر

سر سے پا رکھتی تھی زیبائی بنا
پر عیان چہرے سے سودائی بنا

## اظہار شدن عشق تحفہ و زور شور او

شوق کی سیکر کے اکدن بنگ گو
تھی لگی گانے بجانے چنگ کو

تھا زبان پر یہ کہ ای فریادرس
کون تجھ بن ہے بس و بیکس کا کس

چارہ بیچارگی کا بیکسان کا رفیق
مایہ بے مایہ کا بیکسان کا شفیق

دل دہندہ بیدلان عاشق نواز
مرہم زخم دلان پاک باز

پردۂ دلمین مرے کی تو نے جا
خلق کے در سے مجھے دی تو نے جا

بندگی تیری ہی میری زندگی
غیر کا کر دفع بند بندگی

دو جہان کا دلسے میرے غم گیا
تخم الفت تیرا دلمین جم گیا

بیکسونکا تو ہی کس بیکس ہون مین
دستگیری کر کہ بیدست ہون مین

کہکے یہ پھر بے تحاشا رو پڑی
کھولدی مژگان نے مرجان کی لڑی

ما[illegible] کی آرزوئین توڑ دین
آرزوئین دلسے اپنے چھوڑ دین

بول اوٹھا ہر ایک کیسی سودے آ
سر مین اوسکے ہائے سودا پڑ گیا

عشق کا مارا کسی نے اوسکو تیر
پار دل کے ہو گیا سینہ کو چیر

پر ہوا روشن نہ وہ ہی کون آہ
کونسے بت نے ہے مارا اوسکو آہ

دستگیر ناتوان عاجز نواز
مستغیث عاجزان چارہ ساز

اے مرے دلبر مرے جانکے حبیب
ادہر کے نزدیک دورونکے قریب

پر ہے تیر عشق سے سب تن مرا
خلق کے ہاتھونمین ہے دامن مرا

ہے قسم تیرے جمال پاک کی
دام غم مین تیرے ہے مین پہنسی

ہر رگ و پے مین سمایا ہے تو ہی
غیر کی مجھمین نہ گنجایش رہی

ہاتھ سے ہر اوسکے کر مجکو خلاص
کر مجھے اپنے کرم سے اپنا خاص

بعد ازان وہ تھک کے توڑا ساز
اور کیا رونا شروع اور ہائے ہو

جو کوئی اوس محفل دلکش مین تھا
تاجر اور ساتھ اوسکے سب چھوٹا بڑا

تیر عشق پھینکا کسی شرما نے
زخم کھایا اوسکی جان آگاہ نے

لیک کی ہر چند سب نے باہنر
جستجو اسبات کی ادہر اودہر

ماری تیغ عشق کس معشوق نے
زخم دل کھایا جو اس معشوق نے

گذرا اس حالت مین اوسکو ایک سال
کھانا اور پینا تھا اب اوسپر وبال

عیش دن کو تھا نہ سونا رات کو
لب بہ خندان نے زبان سے گفتگو

انس رکھتی تھی غم بیدل سے یہ
بہاگتی تھی مثل وحشی سب سے یہ

تھی گریبان سے عداوت ہاتھ کو
تار دامن مین نہ چھوڑے بات کو

آہ و نالہ سے اوسے الفت کمال
اپنی بیگانہ سے تھی وحشت کمال

شور و افغان کی کبھی تھی ہو مدام
گاہ خاموشی سے رکھتی تھی کلام

گاہ سر پٹکتی تھی دیوارون سے پھوڑ
گاہ جا جنگل مین دروازی کو توڑ

رات بہر ہنستی تھی یا روتی تھی
مجکو سونے دی نہ خود سوتی تھی یہ

نوچتی تھی گاہ اپنی سر کے بال
گہ طمانچون سے کرتی تھی منہ کو لال

کام تھا گریہ سے اوسکو روز و شب
جان میری اس سے آئی ہی بلب

## مقید کردن تحفہ را در بیمارستان و بیان زور شور او در غلبۂ عشق الٰہی

گرچہ تدبیرین کرین مین سو ہزار
ایک نے بہی پر کیا اوسپر کار

جبکہ بگڑا اور بہی اوسکا مزاج
بند کرنا ٹھہرا آخر کو علاج

کر کے بن آہن ڈلی سب نے بذوق
کر دیا اوس ماہ کو زنجیر طوق

چشم سے جاری ہوا اوسکی خون کا نال
پھوٹ رہی تھی شعلون سے جبال

اشک آنکھون مین لبون پر تھی فغان
عاشقانہ تھی غزل منہ سے عیان

جسکا سب مضمون سوز و درد تھا
گریہ و افغان و آہ سرد تھا

جیسے ابتک وہ ہی دیوانی ہی یہ
عقل و حس سے اپنی بیگانی ہی یہ

دشمنی ہی خویش داری سے اسے
ہمدمی ہی آہ و زاری سے اسے

کھانا پینا ترک اسکا ہو گیا
خواب اور آرام اسکا سو گیا

کھا کباب دل لگی ہی بھوک اگر
جب پیاسی ہو پیے خون جگر

نقل غم اسکا ہی رونا ہی شراب
لوٹنا جگنا ہی بیہوشی خواب

راحت اور آرام اسپر شاق ہے
اور تڑپنے لوٹنے مین طاق ہی

ہی جنون پر اپنے دیوانی سدا
عقل سے رہتی ہی بیگانی سدا

گر ہنسے تھوڑا بہت روتی ہی
رنج و غم پر اپنے خوش ہوتی ہی یہ

ہو ہی روشن جس جگہ شمع بلا
اپنے دی پروانہ جان کو جلا

عشق سے اپنی بیخودی مستی ہی یہ
مرتی ہی نت نیستی پستی پہ یہ

ہی محبت اسکو وحدت سے سدا
دشمنی رکھتی ہی کثرت سے سدا

اپنی حیرانی کی یہ مشتاق ہی
شور و غل مین شہرۂ آفاق ہی

اسکی آنکھون کی ہی نت رونی سے عشق
اشک کی ہین [illegible]

اسکی اس حالت نے ہی [illegible]
کر دیا ہی عیش میرا سب خراب

اور جو پوچھو سبب یہ سچی ہی یہ
گنج دولت کی مری کنجی ہی یہ

پاتا ہون ہر سال اسکو مین سو بار
ہی خریدا اوسکو دیکر ہم نے سا ہزار

رکھتا تھا امید تا ہو یہ بفور
ہی مثل قیمت کی اوسپر سو اور

کیونکہ رکھتی ہی یہ اک کامل ہنر
جسکے اسکو چاہتا ہی ہر بشر

رکھتی ہی ظاہر حسن و جمال
اس سے زیادہ اور یہ ہی اس مین کمال

جس سے زیادہ خلق مین اسکی ہی دھوم
شوق کا خلقت کی ہی اسپر ہجوم

شیخ بولے اس مین کیا ہی وہ ہنر
جس سے اسکی ہی یہ قیمت قدر

یون کہا ہی مطربہ گاتی ہی یہ
دلکو اک نغمہ مین لیجاتی ہی یہ

فن موسیقی مین رکھتی ہی کمال
قال سے اسکی ہو عالم اہل حال

جو کوئی آواز کو اسکی سنے
ذوق سے وجد و بہر سر کو دھنے

ذوق مین آکر کے یہ گاتی ہی جب
مست ہوتے ہین درو دیوار سب

لحن داودی اسے حق نے دیا
اور دم عیسیٰ اسی حق نے دیا

واسطے نغمہ کے جب کھولی زبان
جاگ آتی ہی تن مردہ مین جان

بلبل روح اسکا سن آواز چنگ
جا بجی گلزار ارم کو بید رنگ

ہاتھ مین جب ساز کو لیتی ہی یہ
صوفی اک عالم کو کر دیتی ہی یہ

مرغ دل پران ہو جب کھولے زبان
ہو صدا سی اسکی حیران گوش جان

جب بلند کرتی ہی یہ آواز کو
ہوتی ہی برپا قیامت چار سو

اور سوا اسکی ہین جو اسمین کمال
اوس سے واقف ہی خدا کا لایزال

## پرسیدن شیخ سری سقطی از تحفہ مطربہ حقیقت حال او

سنکے سری نی کہا تجھسی یون
سچ ہی کیا تا جو بیان کرتا ہی جون

حال دل کچھ تو بھی کر اپنا بیان
دست بر دل دیکر تحفہ کھولی زبان

روئی اور ہنسکر کہا ای شیخ دین
سچ کہا تا جو کہ گرچہ سچ نہین

کہتا ہی اپنی سمجھ کی ہر کوئی
حال سی بیگانہ واقف ہر کوئی

پھر کئی اشعار عربی کی پڑھے
جنکے معنی مین نے ہندی مین لکھے

یعنی کی حق نے مری دل سے کلام
تھی زبان محبوب اپنی اس مقام

بعد فرقت کی ہوئی قربت حصول
کر لیا حق نے مجھے پاک و قبول

لی لیا بس کو جو الفت کو مین
پر نہ چھوڑا اس نے دولت کو مین

جو کہا مانا مین رغبت سی اسے
ہو گئی حاضر یکایک جب مجھے

سب گناہونکو مری کر کی معاف
کی عطا جنت مجھے بے اختلاف

ایک جنت کیا جا سکا ہو رہا
ہو گیا وہ وارث ہر دو سرا

فضل سی حق کی ہوئی مقبول مین
سیر باغ وصل مین مشغول مین

لطف حق نے کر دیا مجھسے پسند
زہد ناقص تلخ و تیرہ مثل قند

زہد نا مرغوب ناچیز و حقیر
فضل سی لکھی اسی نعمت کثیر

## ذکر عطای بی انتہای الہی در عباد بندگان خود

ہی یہ فضل و لطف اسکی ذات مین
پوتھ لیکر دیتی ہی موتی ہاتھ مین

سنگریزہ لیکے دی لعل و گہر
دی ہی مشت خاک دیتی ہی سیم و زر

دی گل پژمردہ دی گلشن تجھے
بدلے اک دانہ کی دی خرمن تجھے

لیکے شاخ خشک دی بستان تر
بدلے اک دینار کے دکان زر

لیکے تجھسی کوزہ آب خراب
جام کوثر دیتی ہی با مشک و گلاب

لی دو قطرہ اشک دی دریا نور
دی ہی گندہ نیر کے حور و قصور

سجدہ سر جو نہین جز خاک و خون
بدلے اسکی دیتی ہی قرب بیچگون

ہین جو اعمال جوارح خاک و باد
لیکے دی نعمائے جنت بامراد

چشم نم لی دیتی ہی رحمت تجھے
آہ دل لی دی دم وصلت تجھے

دست ہی پا لی بال و پر داد زبان
تن کے بدلے جان ہا کی جان جان

لطف احسان کا ہو اسکی کب بیان
بخشدی ادنی کو اک ملک جہان

تخت پر بخشش کی جب ہو جلوہ گر
بندہ عاجز کو بخشے تاج سر

پشہ کو شہباز کر دی بال و پر
روبہ مسکین کو طاقت شیر نر

ذرہ کو خورشید کر دیتا ہی وہ
قطرہ مین دریا کو بھر دیتا ہی وہ

وہ ہوا اسکا حجاب اسکا ہوا
وہ ہوا اسکا تو سب اسکا ہوا

ہوش کر ای یار ہر وصل جان
مزرعہ دنیا ہی کچھ تو لی یہان

چند ایام اندرین مستعار
کرکے طاعت لی حیات پایدار

وہ حیات جاودان بی انتہا
گرد جسکے نیستی ہرگز نہ جا

بیش عقبی دنیا اک ساعت ہی بس
ایک ساعت وہ بھی ہی رنج و حبس

ہی یہ کہان افسوس تری ہوش و عقل
سانس تیری رائیگان کرتی ہی نقل

مست کر انفاس خوش کو خوار تو
غفلت و نسیان سے بچ رہ ہوشیار

تین دن کے عیش پر مت ہو تو شاد
آخر ہو مثل عقیمہ نامراد

آخرش سب چھوڑ کر جائیگا
جز ندامت کے نہ لیکر جائیگا

تو حیات جاودان چاہے اگر
پہلے مر مرنے سے جانگا ورنہ مر

آفرین جان کو جو رہ اسکی مین جا
مرحبا سر کو جو ہو اس پر فدا

مرنا اس رہ مین ہی رشک زندگی
ہے یہ مرنا زندگی پایندگی

عہد و پیمان ازل کو یاد کر
ذکر حق سے ملک دل آباد کر

غفلت و نسیان سے تو رہ دور تر
پاس کر انفاس کا اے بیخبر

پاسبان ذکر کا رکھ زور و شور
تا نہ آجائے کہین غفلت کا چور

ایکدم نسیان اگر تجکو ہوا
عمر کی دولت سے لیجا گا چور آ

ایکدم غافل نہ رہ کر ذکر حق
تا نہ رہوے غیر ذکر و فکر حق

غیر حق کو دل سے اپنے دور کر
نور کے جلوہ سے دل معمور کر

ذکر کر مذکور تا ہووے عیان
تا کہ ہو جس ذکر سے جاری زبان

ذکر تن طاعت سے ذکر دل حضور
ذکر سری نور ہستی سے نفور

ہے مشاہدہ حق کا ذکر روح یہان
رویت او دیدار ہو اس دن وہان

ذکر لفظی عارضی ہے اے عزیز
ذکر روحی جوہری ہے اے عزیز

جبکہ تجھپر ہو عیان سلطان ذکر
اس گہڑی ہو سر بسر تو کان ذکر

ذاکر او مذکور ہو جا ایکبار
غیر حق کی کب رہی باقی شمار

ہو ترے دلمین جہان جان عیان
جسکے اک دریا کا قطرہ یہ جہان

یہ جہان نم ہے وہ یم بے انتہا
تجکو ہے اس یم سے بس نشو و نما

پیش خورشید کرم ای جان عم
ہین یہ دونون ماہ و خور ذرہ سے کم

الغرض برق تجلی نہان
پھونک کر کر دی تجھے بس بے نشان

بعد اسکے ہو نہین سکتا بیان
ہو ترے ہر جزو سے جو کچھ عیان

جب کرے عشق احد دل سے ظہور
میم احمد درمیان سے ہووے دور

دل سے جسدم عشق کا شعلہ اوٹھا
جز احد کے کون ای احمد رہا

بند کر امداد اب آگے زبان
قصۂ تحفہ کو کر ہم سے بیان

## رجوع بقصہ خریدن شیخ سری تحفہ را و منظور نکردن تاجر و آواز کردن تحفہ را

شیخ نے سن دیکھکر کے حال و قال
پائی جب تحفہ مین سب حسن و کمال

خاطر نادر مین اپنے باکمال
بو دیا ایک اسکی تمنا کا نہال

اور کہا دلمین کہ لڑکی کونسی گہر
مول لینا ہے بہت آسان تر

دونون عالم سے ہے بہتر یہ گہر
اور ہے تاجر طفل نادان بے خبر

حقۂ پر لعل سر بستہ ہے یہ
لے تو اسکو کہولدے زر کی گرہ

گرچہ تیرے پاس اکثر سیم نہین
لطف حق کا ہے مگر کچھ کم نہین

شیخ نے پھر اٹھکے تاجر سے کہا
بیچ تحفہ کو مین دون اسکی بہا

بیچتا ہے تو اگر لیتا ہون مین
جو طلب قیمت کرے دیتا ہون مین

جسقدر زر چاہیے تجکو سو لے
لیک تحفہ سیمبر کو مجکو دے

عرض کی سنکر کے تاجر نے کہ آہ
ہو گیا ہون فقر سے مین تو تباہ

مین تو لشکر ہو گیا اوسپہ فقیر
کب ہے تم پاس اسقدر دولت کثیر

تم ہو سکین ہے کہان تم پاس زر
جو خرید و گے اسے ای بہرہ ور

جو کہ نقد و جنس میری پاس تھا
سبکا سب مین اسکی قیمت مین دیا

ہو گیا محتاج سب کچھ صرف کر
دی کنیزک ہاتھ مین ہے اب نہ زر

یہ رہا نہ وہ مین بیکس رہگیا
مثل عاشق بیدل و بیدل رہا

آہ صد افسوس اب مین کیا کرون
کس سے جا اپنی مصیبت کو کہون

شیخ نے اُس سے کہا تک صبر کر
لاتا ہون مین اوسکی قیمت پر نظر

بعد ازان اُٹھکر کے با آہ و بکا
روتی روتی شیخ اپنے گھر گیا

گھر گئے شیخ اور تھا پاس ایک ونگ
جز دعا و گریہ و افغان و بانگ

## مناجات شیخ سری سقطی رح در طلب قیمت تحفہ رحمہا اللہ

جا کے بس حیران تنہا بیٹھکر
رات بھر روئے بصد سوز جگر

عرض کرتے تھے کہ ای پروردگار
حال میرا تجھپہ ہے سب آشکار

پاس میری کچھ نہین پر ای جواد
ہے ترے فضل و کرم پر اعتماد

کردی اسدم اپنی رحمت کی نظر
مجھ غریب و مفلس و بیمار پر

کھول گنجینہ کرم کے اپنے در
اور عطا تحفہ کی قیمت مجھکو کر

سرخرو کر مجھکو تاجر کے حضور
وعدہ کر آیا ہون مین اُس سے ضرور

ہو مرا یارب تو اب حاجت برآر
کر نہ مجھکو سامنے تاجر کے خوار

بہتی ہے بحر رحمت موجزن
کر مجھے رسوا نہ اندر مرد و زن

شیخ کی بس عجز و زاری دیکھکر
آگیا دریا کرم کا جوش پر

تو تو تھا شیخ طالب عجز پر
تا گہان کھٹکا کسی نے آکے در

کھولا دروازہ تو دیکھا اک امیر
با لباس فاخرہ روئے منیر

ہے کھڑا در پر باداب تمام
اور شمع روشن لیے ہمرہ غلام

اور کئی ہمراہ خادم با ادب
تھیلیان پُر زر لئے ہاتھون مین سب

کون ہے پوچھا دیا اُسنے جواب
ہون مین احمد بن مثنی ای جناب

شیخ نے اُس سے کہا اِسوقت تو
کسلیے آیا کہا ای نیک خو

مجھکو اس رات ای ولی با خدا
خواب مین یون پہونچی ہاتف کی ندا

یعنی لیکر چند زر کی تھیلیان
جا کے سری کی نظر کر اس زمان

دیکے سری کو کر اُسکی دل خوشی
جان تو اسمین خوشی میری خوشی

آنکے پاس اسلیے آیا ہون مین
ہو یہ مقبول اب جو کچھ لایا ہون مین

شیخ نے سن مژدۂ راحت فزا
سجدۂ شکر حق کی نعمت کا کیا

صبح ہوتے ہی ادا کرکے نماز
باہر آئے شیخ با شوق دراز

میر کو لے ساتھ اپنے با شرف
لیگئے تشریف تحفہ کی طرف

ہاتھ احمد کا پکڑ اک آن مین
لیگئے اُسکو نگارستان مین

دیکھا جو صاحب نگارستان کو
بیٹھا ہے آنکھین لگائے چار سو

شیخ کو دیکھا تو کہکر مرحبا
عرض کی آؤ کہ اب مجھپر کھلا

یہ کہ درگاہ خدا مین بیگمان
قرب تحفہ کہتی ہے یہ قدر و شان

غیب سے کل آئی مجھکو یون ندا
بے شبہ تحفہ ہے مقبول خدا

چاہتی ہے رب کو وہ اور اُسکو رب
فضل رب کا اُسپہ ہے ہر روز و شب

ہے خدا کا قرب اُسکی جان مین
نور و عظمت اُسکو ہے ہر آن مین

شیخ کو دیکھا تو تحفہ رو پڑی
اور یہ کی حق سے مناجات اُسگھڑی

یعنی خوش بیٹھی تھی مین ای کبریا
تو نے عالم مین مرا شہرہ کیا

حال سے میرے کوئی واقف نہ تھا
وصف کا میرے کوئی واصف نہ تھا

خلق مین مشہور کرکے ای خدا
کر دیا مجھکو بلا مین مبتلا

بند محکم یہ ہی جو ہے مشتہر
ہے یہ بند آہن سے بھی بس سخت تر

خلق مین جو ہو گیا مشہور تر
کھلگئے فتنون آشوبون کی اُسپہ در

غیرت و رشک و حسد غصہ و چشم
بغض و حرص و دشمنی کینہ و خشم

ہر طرف سے اُسکے اوپر کر ہجوم
آنکر سر پر ہے جیسے ابر جھوم

گر تو ان آفات سے چاہے پناہ
دامن عزلت پکڑ اور امن چاہ

مرکب عزلت ہو اور گمنامی کی راہ
آفت شہرت سے جب بکڑے ہی شاہ

جیسے دیکھی ہو نہ خلوت کی بہا
گیا قدر جانے وہ گمنامی کی بہار

شتیے سے قدر کم ہوگی کی پوچھ
آ گیا تاجر بھی اتنے مین وہان
شیخ نے پھر پیش کی ہمیان زر
قیمت تحفہ ہے بس اس سے سوا
رو کے تاجر نے کہی آخر یہ بات
جانتے ہیں سب طرف مائل ہے یہ
اب اگر دنیا کی دولت دو تمام
اور جو کچھ ہے سیم و زر اسکے سوا
حق کی مرضی مین لٹا تاجر نے گھر
اور کہا گویا کہ رب العلمین
مجھسے راضی ہو تا گر پروردگار
پاس میری مال و زر جتنا ہے اب
پاس میرے جسقدر ہے ملک و مال
الغرض دولت لٹا کر میر نے
بڑھ گیا تحفہ کی برکت کا اثر
عشق کا تحفہ کی اک شعلہ اٹھا
عشق کے دریا مین خود تھی غوطہ زن
کر لیا اپنا سا سبکو یک بیک
پکڑی خربوزہ سے خربوزہ تو رنگ
تو بھی ہو کامل کا بھائی ہمنشین
ہو ولی ان مرغابیون کے ساتھ سنگ
گر چہ ہو تو سنگ و آہن سے بتر
رات اندھیری اور رہ مین گھاٹیان

عظمت عزت کو اسم اعظم سے پوچھ
آنسوؤں کی سیل چہرہ پر روان
عرض کی تاجر نے انکو دیکھکر
اس سے اسکو کب کرون مین سے جدا
خواب مین حق نے کہا مجھکو یہ رات
ہے نہ دیوانی بہت عاقل ہے یہ
کب قبولون اسکو مین یکدم تمام
وہ بھی مین نے سب فقیرونکو دیا
باندھی مولی کی رستہ مین کمر
خوش مری اعمال سے یا نکل نہین
مال میرا ہو تا تحفہ پر نثار
خالصاً للہ دیا مین سبکا سب
ترک دل سے کر دیا مین بے ملال
رکھا بار فقر سر پر میر نے

قدر اور عظمت اگر چاہی ہے تو
شیخ بولی غم نہ کر آیا ہون مین
مین نہین دیتا ہون اس تحفہ کو آ
پھر پڑھی اور دعا ہم چند بار
یعنے ہے مقبول حق تحفہ ضرور
ہو گیا جب ظاہر اسکا مرتبہ
خالصاً للہ اب مین بالیقین
کر دیا سب کچھ رہ حق مین نثار
میر نے جو حال تاجر کا سنا
جو رہا محروم اس حرکت سے مین
شیخ سے پھر میر بولا بھر کے آہ
چھوڑ کر کے حشمت و جاہ و سریر
کر دیا راہ خدا مین سب سبیل
دل سے اپنی سب مرادین چھوڑ کر

بیٹھکر خلوت مین گم کر آپ کو
جسکا تو طالب ہے وہ لایا ہون مین
قیمت اسکی دے سکیگا کوئی کب
بڑھتی بڑھتی پہونچی تا چالیس ہزار
پاس میرے خویش و بیگانہ سے دور
کر سکے کون اسکی اب بیع و شرا
کر دیا آزاد تحفہ کے تئین
تا کرون حاصل رضائے کردگار
ہاتھ سر پر مار کر رونے لگا
جلگیا سر تا قدم حسرت سے مین
تم رہو اس بات کی میری گواہ
راہ مین حق کی مین ہوتا ہون فقیر
بس مجھے کافی ہے وہ نعم الوکیل
باندھی مولی کی مرضی پر کمر
کر دیا یک بخت سبکو راہ پر
گھر دئے ہمسایونکے سب ہی جلا
پاس والونکو بھی ڈوبی وہ زن

## بیان تاثیر صحبت کاملان و تحریص صحبت و خدمت ایشان

جون گری کان نمک مین ہو نمک
رنگ عارف کیون نہ لے پھر تجکو ہر
تا وصل حق سے ہو تو ہم قرین
تا کہ ہو حاصل تجھے آب حیات
صحبت کامل سے ہو لعل و گہر
بے شمع جانا ہلاکی ہے عیان

خور کا ہو سنگ و شجر مین جب اثر
ہوئی بس اکسیر کامل کی نظر
ہے تو ان شیر دلکی قدمون پر نثار
خاک سے کم ہے جو ہو خاکی کا یار
ڈھونڈ حق کی یار کو اسمین ہو کار
بحر مقصد بیکران اور دور راہ

صحبت کامل نہ دے کیونکر ثمر
سنگ و آہن جس سے ہو وے لعل و زر
پھر شکار معرفت کا کر شکار
صحبت نوری تو دیکھے سو بہا
تا خدا تیرا ہو یار و غمگسار
رکھ سدا و پیر نظر تا ہو نباہ

خدمت کامل کو کر تو اختیار
دین و دنیا کی ہوں تا سب راست کار

تا توانی بندہ شو سلطان مباش
زخم خور چون گوی شو چوگان مباش

خاک پائے کاملان ہوا ہے بس
بہتر اس سے کیا کہ ہو تو تاج سر

درد کی برکت نے تحفہ کے غرض
کھودیا ان سب کا روحانی مرض

اسکی صحبت نے کیا ایسا اثر
ہوگئی اکسیر سے چون مثل زر

## آزاد شدن تحفہ رضی اللہ عنہا وگریختن او از خلق

تحفہ بند بندگی سے جب چھوٹی
شیر غران کیطرح وانسے اٹھی

جسم سے پوشاک پھر کر کے جدی
تن پہ اک کملی پرانی ڈال لی

سب لباس فاخرہ تن سے نکال
ٹاٹ کا ٹکڑا لیا اک سر پہ ڈال

جامۂ اطلس کر لیا تن پہ پلاس
ترک دل سے کر دیا راحت کا پاس

عقل کی چادر کو کر کے چاک چاک
عشق کی لی ڈال اپنے سر پہ خاک

پیرہن عریانی کا ایک کرتا لیا
مفلسی و فقر کا توشہ لیا

اشک کے دانون کی لی تسبیح بنا
اور عصای آہ ہاتھون مین لیا

باندھی بیتابی کے پٹکے سے کمر
اور مصلی عجز کا مونڈھے پہ دہر

درد و رنج و غم کو کر اپنا رفیق
پکڑا شہر نامرادی کا طریق

اور کیا آنکھونسے جاری بحر خون
شیخ سری نے کہا پھر اس سے یون

وقت ہنسنے کا ہے نے رونیکا اب
کر دیا آزاد حق نے تجکو جب

آہ بھر کے عرض کی تحفہ نے یون
واسطے اپنے نہ روؤن نے ہنسون

اس سے اوس پر روتی یا ہنستی ہون مین
واسطے اوسکے ہی جان کھوتی ہون مین

بھاگتی ہون اس سے مین اسکی طرف
اور رونا اس سے ہے اسیر حرف

چاہتی ہون اس سے اسکو خاص کر
دلسے مائل ہون مین اوسپر سربسر

جبتلک اس تک نہین پہونچونگی مین
جانکو اپنی یون ہی کھوونگی مین

جبتلک ہوگا نہ دلبر کا وصال
پائے فرقت مین رہونگی پائمال

ماہی بے آب کو کب ہو قرار
ہو نہ جبتک بحر تک اسکا گزار

ہو قرار و صبر کب بلبل کو آہ
جبتلک دیکھے نہ روی گل کو آہ

تا نہ دیکھونگی لب دندان نما
مین رہونگی خون دل سے اشکبا

تا نہ دیکھون شعلۂ رخسار ماہ
مین رہونگی غم سے جل جلکر تباہ

اسکے سودای محبت مین تباہ
جان اور تن کو کرونگی مین فدا

تا نجاؤنگی مین اس گلکونسی مل
غنچہ سان پر خون ہیگا میرا دل

اگرچہ ہے دلبر مرا ہر لحظہ پاس
لیک مستسقی کی کب بجھتی ہے پیاس

گرچہ ہے ہر دم نیا جلوہ وصال
پر ترقی پر ہے عاشق کا خیال

ای برادر بے نہایت درگہی ہست
ہر چہ بر وے میرسی بر وے مایست

کہکے یہ اور اٹھکے با زاری آہ
چھوڑ کر سبکو لیا جنگل کی راہ

وانسے دامن جھاڑ کر وہ جانب حبیب
ہوگئی مثل پری آن مین غیب

شیخ اور تاجر وغیرہ بعد ازین
باہر آئے دیکھا تحفہ کو تئین

ڈھونڈا ہر چند سب نے اوسکو جا بجا
پر نہ تحفہ کا پتا اونکو ملا

چھوٹے ہے جیسے قفس سے جانور
اڑ گئی جھٹ ہی تھی گھر سے بدر

ملگیا خشکی سے نا گہ حسب خواہ
ماہی بے آب کو دریا کی راہ

روح صالح تن سے خون فرقت کرکے
پھرتی ہے کب وہ جنت سے ورے

بلبل بے بس جو تھی بے پر و راہ
کہلتے ہی کھڑکی لیا گلشن کا راہ

## رفتن شیخ و تاجر و امیر احمد بن مثنے

دام مین قید آہو وحشی جو تھا
تیر کھلتے ہی ہوا مثل ہوا

اب نشان اسکا کہان پاتے ہو تم
وہ ہوا صحرای لق و دق مین گم

## به بیت اللہ و انتقال کردن امیر در راه مکه و ملاقات شدن شیخ از تحفه و

جب نہ تحفہ کا پتہ اُن کو ملا
شیخ و تاجر سیر تینون ہو بہم
جب نہ پایا تحفہ جان کاہ کو
دولت دنیا تو تہی کرکے نثار
ایکدن باشوق دل در سینہ صاف
تھا یہ اِک مضمون اُس نالے کے ساتھ
ہی چراغ شب سیہ روزون کا تو
درد ہی تیرا شفا بیمار کی
عاشق حق تن ہی دنیا مین مریض
سنکے اُس سے شیخ مضمون دعا
سنکے اُسدم شیخ کی آواز پا
شیخ نی پوچھا کہ تو کون ہی بتا
رحم حق تجھپر ہوی حیرت کی جا
مین ہون تحفہ جسکو کی تمنی رہا
ہی پڑی اک غار مین وہ پاک تن
سرو سیمین قد ہوا اُسکا خلال
قطرۂ خون تھی ہزارون چشم پر
کیا ہوا حاصل تجھے کہہ بعد ازان
جب سی چھوڑا دوستون اور شہر کو
اسم اعظم سی نہین ہوگا عیان
قدر و قیمت پائی مین جنبش مین تو

## انتقال نمودن تحفہ و تاجر

چلدیے پھر تینون بیت اللہ کو
جان ہی جان آفرین پرکی نثار
کررہے تھے شیخ کعبہ مین طواف
یعنے کہتا ہی کوئی بیدل یہ بات
شادی دل ہی غم اندوزون کا تو
زخم تیرا ہی دوا دل زار کی
آہ و درد اُسکی دوا ہی دی نقیض
مثل سیل اشک اُسکا تب چلا
چونک اُٹھی یکبارگی وہ پارسا
جسکے نالہ سے مرا دل خون ہوا
آشنا کے بعد ہو نا آشنا
پائی پردہ سے تری مین سو نوا
خاک مین غلطان ہی اُسکا تن بدن
بدر تن گھٹکر ہوا مثل ہلال
شور بونبیر آہ و نالہ پُر شرر
خلق سی ہوکر کے خلوت مین نہان
تو نے کیا دیکھی کرم حق کی کہو
کیا ملی عظمت اسی ہو کر نہان
لعل و گوہر کوہ کی کو دین جو تو

مرگیا اُنمین سی رستہ مین امیر
سیر تو اُنسے گیا مر راہ مین
اِک صدا پُر درد آئی کان مین
ای مری معبود ای محبوب دل
رہنمائی تجھ سے ہی گمراہ کو
پیاس تیری شوق کی کمتا ہو
جو کہ ہو غم سی تری پُر اضطرار
جا کے دیکھا اک طرف اک خستہ تن
سر اُٹھا کر اُسنے دیکھا شیخ کو
سنکے بولی لا اله الا ہو
تم گئی کیا بھول ای سر مجھے
شیخ نی دیکھا جو اُسکو غور کر
ہوگئی ہی زرد سی جیسے خیال
ہوگیا قامت الف سی اُسکا دال
شیخ نی تحفہ سی پوچھا ای قمر
مجکو تنہائی مین کیا حق نی دیا
عرض کی تحفہ نی ای والا قدر
مین وہ پایا خاک مین عزت کی لعل
سیم و زر کی جون مجھے اک نکتہ

کردیا پھر عزم بیت اللہ کا
متفق ہو کر کیا قصد حرم
حسرت و درد و الم کا کھا کے تیر
شیخ و تاجر پہنچے بیت اللہ مین
جسمے جوش انکی پڑا آ جا نمین
ای مری مقصود ای مطلوب دل
دی ہی آگاہی تو جان آگاہ کو
تیری آب وصل بن کب سیر ہو
بے تری دیکھے اسی ہو کب قرار
سربسجدہ خاک مین ہی نعرہ زن
اور کہا ای شیخ سری خوش تو ہو
جہل ہو بعد علم کی ای نیک خو
مین ہون تحفہ مول لی تھی جسی
مثل تنکا ہوگئی ہی سو کہہ کر
ہی گل تر مرده کانٹے کی مثال
مار مرده کی طرح کا کل نگون
نخل تنہائی سی پائے کیا ثمر
کر بیان کچھ لطف و وصف کبریا
شب قدر نی جہد سی پائی کیا قدر
خاک سی پاتا ہی جو ہر تخم پھل
ملگیا کان نہان ہی ایک گنج

خالق سے سدم ہوتی ہوں میں نہان — جو نہان تھا ہو گیا کچھ عیان
لاکھ میں سے اک کرم اسکا ہے یہ — دی ہے اپنے قرب میں مجکو جگہ
تخت پر اپنی محبت کی بٹھا — تاج الفت کا مرے سر پر دھرا
دفع درد و غم مرا سب کر دیا — عشق سے اپنے مرا دل بھر دیا
قربت حق سے ملا انست مجھے — غیر اسکے سب سے ہے وحشت مجھے
شیخ نے اس سے کہا یوں وہ پیر — دی تھا جو قیمت میں تیری زر کثیر
تھا مرے ہمراہ عرب کی راہ میں — مر گیا غم سے وہ تیری چاہ میں
یوں کہا تحفہ نے وہ نیکو سرشت — ہیگا ہمسایہ مرا اندر بہشت
حق تعالی کی مرا الفت میں وہ — ہمقرین ہیگا مرا جنت میں وہ
حق نے بخشا ہے اسے وہ مرتبا — آنکھ نے دیکھا نہ کانوں نے سنا
شیخ بولے وہ کریم بے ریا — خط آزادی تجھے جسنے دیا
تاجر دلخستہ الفت میں تری — چار چشم ہے شوق زیارت میں تری
ہے طواف اندر تری امید پر — لگ رہی ہے ہر طرف اسکی نظر
سنکے تحفہ نے دعا اک دل میں — مر گئی رکھکر در کعبہ پہ سر
دم میں بھر کر سانس ٹھنڈی مر گئی — عشق کی سب کام پورا کر گئی
جان مت دی جان اسنے رایگان — جان جانان پر فدا کی اسنے جان
عمر طاعت میں گذاری یار کی — مرد وار آخر کو جان بھی وار کی
چھوڑ کر اے دل یہ دنیا فانی — سیکھ لے اس زن سے تو مردانگی
غم تو اپنا کر نہیں گر مجکو غم — جاے ماتم ہے نہ جسجا میں ہو غم
آگیا تاجر بھی ناگہ اسگھڑی — دیکھا تحفہ کو کہ ہے مردہ پڑی
بیدلی سے وہ گرکر خاک پر — مر گیا تحفہ کے رکھ پاؤں پہ سر
جان دی بیساختہ مثل پتنگ — ساتھ اس شمع کی جلکر بیدرنگ
دیکھکر یہ حال بولے شیخ یوں — اِنّا لِلّٰہ وانّا اِلیہ راجعون
بعد ازاں تجہیز او تکفین کر — خاک میں دونوں کو سونپا سربسر
شیخ نے دونوں کا گور و کفن — بھیج رہی ہوکے سوی وطن
رحمت حق ہو جیو شام و سحر — ان شہیدوں کی روان پاک پر
رحمت حق ہو سدا اور بیشمار — دے جگہ ہمکو بھی رب انکے جوار
بارہ سو تھی اور اکاسی سال ہجر ١٢٨١ — ہو چکا جب حضرت تحفہ کا ذکر
ہو چکی جب مثنوی تحفہ تمام — تحفۃ العشاق رکھا اسکا نام

**تمت بالخیر**

## از جناب عالم لوذعی و فاضل المعی جناب مولانا مولوی اشرف علی صاحب مدرس اول اہلسنت آمد

آہ کہ وہ یار مرا یار نہیں — آہ وہ دلبر مرا دلدار نہیں
آہ مجھے جسنے لیا پھیر دیا — آہ مرا کوئی خریدار نہیں
آہ جو لے ہے مجھے پھینکے وہیں — آہ کوئی مجھسا بھی سرخوار نہیں
آہ جسے دل دیا بس بیچ لیا — آہ کوئی یار وفادار نہیں
آہ سنے کون مرا درد و غم — آہ بجز غم کوئی غمخوار نہیں
آہ کہوں کس سے میں احوال — آہ کوئی محرم اسرار نہیں
آہ مصیبت مری پھر کون سنے — آہ مرا یار رہے ہے یار نہیں
آہ اے امداد کہ آہ آہ — آہ ہے سر قابل اظہار نہیں

تمام شد

# رسالہ دربیان وحدۃ الوجود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**از فقیر حقیر امداد اللہ فاروقی چشتی صابری عفا اللہ تعالیٰ عنہ**

بعد حمد و صلوٰۃ وافیات و بتقدیم سلام و تحیات مودت سمات بخدمت شریف مکرم و معظم درویشان قدوۃ الشان
حقائق آگاہی معارف دستگاہی جناب **مولوی محمد عبد العزیز** صاحب چشتی صابری زاد اللہ تعالیٰ مجدہ
مبرہن و مکشوف باد معاوضہ سامی بمضمون عجیب و اشارات غریب موصول شدہ ممنون یاد آوری فرمود و بلحاظ تہم سخن تنبیہ
و بہم طریقی دربارۂ مسئلۂ وحدۃ الوجود و ماتیعلق بہا استدراکی شدہ است و بطلب جوابش مبالغہ رفتہ مخدوما فقیر این
لیاقت کجا دارد و خود را در زمرۂ عارفین حقائق شناس کجا می شمارد کہ متصدی چنین امر خطیر گردد اما از انجا کہ ۱۲۸
جناب بکمال جوشش و کوشش جواب طلب فرمودہ اند و پیامہا گفتہ فرستادہ لاعلاجاً امتثالاً للامر قلم برداشتہ
ہر چہ حق ست در فہم رسید از رطب و یابس نگاشتہ و اللہ الموفق والمعین۔ رجا امیدارم کہ اگر سہوی و خطائے یابند بپوشند
بلکہ باصلاح آن کوشند کہ منت خواہد بود چرا کہ فقیر ہیچمدان را جز منصب ترجمانی ہیچ نیست۔

## آغاز

فقرۂ ماخوذ مکتوب بطریق انتخاب مضامین آن۔ اینکہ **سوال اول** مولوی محمد قاسم صاحب مرحوم معتقدان
وحدۃ الوجود و وحدۃ الموجود الحد و زندیق میگفتند مرید و شاگرد شان مولوی احمد حسن صاحب نیز ہمچنان میگویند
و اقوال ضیاء القلوب را ماؤل میدانند تاویل و ان آن جز خود دیگرے را نمی شمارند و مولوی رشید احمد صاحب
و مولوی محمد یعقوب صاحب نیز ہمبرین مسلک بودہ اند با وجود آنکہ اجازت از تو گرفتہ اند و مشرب اہل چشت
میدارند خلاف مشائخ چشت سخنان میگویند۔

## جواب

نکته شناسا مسئلهٔ وحدة الوجود حق و صحیح است درین مسئله شکی و شبهه نیست معتقد فقیر و همه مشائخ فقیر و معتقد
کسانیکه بافقیر بیعت کرده و تعلق میدارند همین ست مولوی محمد قاسم صاحب مرحوم و مولوی رشید احمد
صاحب و مولوی محمد یعقوب صاحب و مولوی احمد حسن صاحب و غیرهم از عزیزان فقیر اند و تعلق بافقیر میدارند
هیچگاه خلاف اعتقادات فقیره خلاف مشرب مشائخ طریق خود مسلکی نخواهند پذیرفت. مگر با اعتقاد کیفیتی
است قلبی که بنده را از کمال علم و یقین صدق برامری در دل مستحکم گردد این را در عرف شرع شریف
تصدیق میگویند و اقرار بلسان برای اجرای احکام مسلمانی ضرور افتاد و گرنه بنا بر ثبوت اسلام عند الله
اقرار ضرورتی ندارد و تصدیق قلبی کافی ست این مسئله وحدة الوجود چنان نیست بلکه درینجا تصدیق قلبی
و تیقن و کف لسان واجب ست چرا که اسلام شرعی تعلق با خدا و با خلق میدارد و اسلام حقیقی محض تعلق با خدا
دارد آنجا تصدیق با اقرار ضرور ست اینجا فقط تصدیق باید سوای آن در استتار این مسئله فائده همین
که اسباب ثبوت این مسئله بسیار نازک و نهایت دقیق فهم عوام بلکه فهم علمای ظاهر که از اصطلاح عرفا
عاری اند قوت درک آن نمی دارد چه علما بلکه صوفیانیکه هنوز سلوک خود تمام ناکرده باشند و از مقام
نفس گذشته بمرتبهٔ قلب نارسیده ازین مسئله ضرر می یابند و از مکر نفس و تزلزل و لغزش پا در چاه اباحت ۱۲۹
و قعر ضلالت سرنگون می افتند بلکه گروه ها افتاده اند کما شاهدناهم نعوذ بالله من ذلک جناب
هم نیکو میدانند که این مسئله خاصیت عجیب میدارد که بعض را هادی و بعضی را مضل ؎ هرچند نعمت
خوشگوار ست اصحاب را از ان لذت و حلاوت حاصل مرضی را تلخ و ناگوار و در حق شان زهر قاتل
برای همین فرمود مَنْ صَرَّحَ اَسْرَارَ الرُّبُوْبِيَّةِ فَقَدْ كَفَرَ استتار آن لازم افشای آن ناجواز اول
کسیکه درین مسئله خوض فرمود شیخ محی الدین ابن عربی ست قدس الله سره اجتهاد داد درین مسئله
و اثبات آن ببراهین واضحه برگردن جمیع موحدان تا قیام قیامت منت نهاد لطف اینجا ست که شیخ
الشیوخ شهاب الدین عمر سهروردی قدس الله سره هم عصر و هم بلداو بود مردمان حال شیخ اکبر از وی پرسیدند
گفت فهو زندیق مردمان از صحبت او احتراز می کردند چون وفات یافت از شیخ الشیوخ حال آخرت
او پرسیدند فرمود ما ت قطب الوقت من کان ولی الله همه مردمان تعجب کردند و پرسیدند که چرا او را
زندیق گفته مارا از استفاده محروم داشتی گفت او ولی و واصل بحق بود اما جذبه قوی داشت
هرچند مقرب بارگاه بود لائق قابل اتباع نبود در زمان اخیر مجذوب شده بود زبان او در افشای اسرار بی اختیار

سببے اختیار شده اگر شما در صحبت او میرسید ید گمراه می شدید چراکه از غلبۀ حال سخنان که میگفت در فهم شما نمی آمد و عوام را تربان دارد اگر انید بر شما هنت نهاده م پس اینجا غور باید فرمود که مردمان را چه می رسد که باکس وناکس بازار مسئلۀ وحدة الوجود گرم داریم و عوام را که جزوی از ایمان تقلیدی میدارند از آن هم بے نصیب سازیم درینجا گفتگو بے حاصل ست وقت خود و اعتقاد عوام ضائع کردن ست معارف آگاها برای همین احتیاطا اتباع نقیر مثل فقیر زبان ازین قیل وقال بسته میدارند و احتراز میکنند سائلان را باشارات بتاویلات مینمایند تا انکار آن مسئله نگردد و بسیار مردم بدستاویز این مسئله سر بشیخی برداشته مجلسها می آرایند خود گمراه شده گروه مسلمانان را گمراه میسازند چنانچه مشاهده می افتد پس ازین قیل وقال چه فائده اگر میباید مردمان را بطلب حق وترک تعلق دنیا و کثرت ذکر و فکر تحریص باید فرمود و دران باید کوشید چون ازین سلوک تزکیۀ نفس وتصفیۀ قلب حاصل گردید خود ضرورت آن قسم مراقبه که در ضیاء القلوب مرقوم شده پیش می آید خدا خود رهبری میکند. وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا غرض از هدایت کردن سبیل تجلی ذاتی است بر قلب سالک تا حقیقت مسئلۀ وحدة الوجود منکشف گردد- این راه رفتنی ست گفتنی نیست از گفتن تا دانستن و از دانستن تا دیدن و شدن فرق بسیار ست خدای تعالی ما و احباب ما و شما و احباب شما را در این راه از زلت پا نگهدارد- پیر و شیخ اکبر حضرت ۱۳۰
جامی قدس الله سره السامی میگوید **قطعه** از ساحت دل غبار کثرت رفتن + خوشتر که بهرزه دُرِ وحدت سفتن + مغرور سخن مشو که توحید خدای ÷ واحد دیدن بود نه واحد گفتن ÷ اگر از راه انصاف نگذریم و بتعمق نظر در حقیقت این مسئله نگریم جز حیرت در حیرت بدون فنا در فنا هیچ بدست نمی آید چه خاک گوئیم که چنین ست و چنان ست **ع** آن سوخته را جان شد و آواز نیامد ÷ ناطقه در تشریح این اسرار چون حبدانی لال ست مثل نابینای مادرزاد که در خواب رنگها و چیزهاے عجیب می بیند با مردمان چه توان گفت که چنین بود یا چنان بود چراکه در محسوسات چیزے ندیده است که بدان مشابه کند و فهماند اگر احیانا گوید و فهماند واقعی نگفته باشد والله اعلم بحقیقة الحال

## فقرۀ دوم بطریق انتخاب از مضامین مکتوب

**سوال ۲**- حالانکه در ضیاء القلوب بورزش لا موجود الا الله و مراقبه همه اوست تبصریح تاکید ست وهم در مراقبه همه اوست ملاحظۀ معنی لازم گفته پس این مراقبه بلا لحاظ عینیت و اتحاد صورت نبندد و نیز جا می دیگر ضیاء القلوب درج ست تا وقتیکه فرق در ظاهر و مظهر پیش نظر سالک ست بوے شرک باقی است ازین مضمون معلوم شد که در عابد و معبود فرق کردن شرک ست **جواب ۲**- شک نیست که

فقیر این ہمہ در ضیاء القلوب نوشتہ است اگر گویند کہ ہر چہ گفتہ نمی شود چگونہ نوشتہ شد گویم اکابر این مکشوفات خود را بہ تمثیلات محسوسات تعبیر میکنند تا طالب صادق را فہمانند نہ آنکہ کما ہو گفتہ باشند مثلاً اگر نابینا در خواب باری بیند و در بیان آن عاجز آید گوید کہ مثل ساعد من بود و ران حال بدست او اگر رسن دہند و گویند کہ آیا چنین بود گوید ہان چنین بود انیست تفہیم بہ تمثیلات ازین قبیل است تحریرات پیشینان برای آگاہی پس آیندگان تا افاضہ برقرار ماند و وقت حاجت رفع شکوک گردد و اسرار کہ سینہ بسینہ می آمد حوالہ بقلم کردن مناسب دانستند در راہ حقیقت کشادہ داشتند و گفتند ما آن کسانیم کہ نا اہل را در کتاب ما نظر کردن حرام است حقیقت حال انیست فقیر ہم بتقلید ایشان قول ایشان را ترجمانی کردہ است باوجود آن جناب استفسار میفرمایند و انکشاف چگونگی آن می خواہند لا علاجاً امتثالاً للامر بندی ایضاح آن ضرور افتاد تا خاطر نشین آن حقائق شناس گردد و اطمینان دست دہد تردد نماند۔ اختصار ش اینکہ۔ از بیان ماسبق مبرہن گردید کہ در اصل مسئلہ مذکور حق و بالیقین ست صدق آن انگاہ معلوم گردد کہ طالب از محنت و ورزشہا و ممارست استغراق و ترک خطرات ماسوا از خودی خود دور شود چون از خیال خود گذشت گویا از ہمہ گذشت ہیچ شے در نظر او و خیال او نماند ہمہ ہستی حق معائنہ کند وقتیکہ از نظر سالک تقیدات و ہستی ماسوا مرتفع گردید جز خدا ہیچ نبیند و بیخبر گردد بلکہ شعور این معنی ہم مرتفع شود ہر چہ بیند خدا بیند ہو ہو گفتن چہ معنی انا گوید این مرتبہ را فنا در فنا گویند ۱۳۱
این گفتہا را از نی باید فہمید بلکہ نائی میگوید مولانا قدس سرہ است نی کہ ہر دم نغمہ آرائی کند فی الحقیقۃ از دم نائی کند ؛ بے فنای خویش و بے جذب قوی ؛ کی حریم وصل را محرم شوی **ایضاً**۔ عارفی گفتہ۔ تو مباش اصلا کمال انیست و بس ؛ تو دران گم شو وصال انیست و بس ؛ ازین وقت حجو خبر داد سلطان انبیا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لی مع اللہ وقت لا یسعنی فیہ ملک مقرب و لا نبی مرسل واز خواص امت وے گفت بایزید بسطامی سبحانی ما اعظم شانی و گفت منصور حلاج انا الحق این ہمہ ازین باب ست باوجود این ہمہ غریب اعتباری کہ اصطلاحی ست از میان عبد و رب مرتفع نشد ہر چند در حالت فنا می شعور در نظر سالک نماندہ باشد زیرا کہ چون از بے شعوری باز بشعور در آمد دانست کہ من از خود بیخبر شدہ بودم مثل آن آہن پارہ کہ در آتش سرخ شدہ نعرہ زند کہ من آتشم انکار این قول وے کردہ نمی شود اما واقعی آتش نشدہ است این حالتی ست بر پارۂ آہن عارض شدہ و گرنہ آہن آہن ست آتش آتش این ست شمہ از حقیقت وحدۃ الوجود دریجا کیفیت عینیت و غیریت اندکے دانستن از واجبات ست تا آنکہ ازین آگاہی نباشد کیفیت وحدۃ الوجود

مفهوم نگردد و نورزش مراقبهٔ همه اوست و ملاحظهٔ عینیت صورت نمی بندد و کسانیکه بمجرد خوض در مسئلهٔ وحدة الوجود
در زندقه افتاده اند از نادانستن مسئلهٔ عینیت و غیریت بوده است هرکه اول این دو امر به تحقیق دانست دانستن همه
مسائل براو آسان گردد گرچه تحقیق این مسئلهٔ عینیت و غیریت متعلق ست بدانستن تنزلات ستّه اما فقیر باطناب
آن همه پرداختن نمیتواند مختصری نگارد و آن اینکه در عبد و رب عینیت و غیریت هردو ثابت و متحقق ست
آن بوجهی و این بوجهی اگرچه در بادی النظر اجتماع ضدین در شخص واحد محال مینماید الضدان لایجتمعان
صحیح ست اما این دو ضد لغوی ست ضد اصطلاحی جمع میشود برای همین ست که محققین را جامع الاضداد
میگویند که اصطلاح صوفیان دیگری باشد مثل آنکه نور و ظلمت ضدین لغوی ست این ضد در یکجا در یک وقت جمع
نمیشود زیراکه معنی این دو لفظ بر وضع خود قائم ست اگر بر وضع خود قائم نباشد اجتماع آن جائز ست
مثل آن سایه را اگر ظلمت گویند مجازا از روے استعاره میتواند شد و این سایه را که ظلمت نام نهاده شد
با نور در یک جا و در یک وقت جمع میشود چنانچه دیده میشود که در یک وقت یکجا تابش آفتاب که نور ست و سایهٔ
دیوار جمع میشود زیراکه سایهٔ ظلمت اصطلاحی بود پس ازین تمهید معلوم شد که در عبد و رب عینیت حقیقی لغوی ۱۳۲
نیست. و هم غیریت حقیقی لغوی نیست. اجتماع این هردو ضد در شئی واحد محال ست پس ضد که در علم معقولات
ممنوع واقع شده آن بمعنی لغوی ست نه اصطلاحی این قوم محققین از نجهت جامع الاضداد اند که دو ضد را جمع
میکنند آن دو ضد بمعنی لغوی نیست زیراکه اجتماع ضدین لغوی نزد ایشان هم محال و لایجوز است. بمثال
دیگر تفهیم اینکه اگر شخصے گرداگرد خود آئینه ها گذارد و در هر آئینه بذات خود و صفات خود کامنه نمودار شود و نمودار
صفات آنست که هر حرکت و سکون و هر هیأت شادمانی و غمگینی و خنده و گریهٔ شخص در عکس هویدا میشود از نجهت
شخص عین عکس ست عینیت حقیقی اصطلاحی ست اگر لغوی بودی هر کیفیتی که بر عکس گذرد بر شخص گذشتن
واجب گشتی چراکه عکس در هزارها آئینه است این کثرت در وحدت شخص فرقی نمی آرد اگر بر آئینه و بر عکس سنگ
زنند یا نجاستی اندازند شخص ازان متضرر و نجس نمیشود و بحال خود ست و ازین نقصانات منزه و مبرا است ازین
رو غیریت حقیقی اصطلاحی به ثبوت میرسد پس در شخص و عکس عینیت و غیریت هردو متحقق شد بدانکه در عبد و
رب عینیت حقیقی لغوی هرکه اعتقاد دارد و غیریت بجمیع وجوه انکار کند ملحد و زندیق ست ازین عقیده
در عابد و معبود و ساجد و مسجود هیچگونه فرقے نمی ماند این غیر واقع ست نعوذ بالله من ذلك اگر محض
غیریت حقیقی لغوی در خالق و مخلوق اعتبار کنند و هیچ نسبت و تعلق عینیت در عبد و رب جز نسبت خالقی

و مخلوقی ثابت نه نمایند مثل نسبت کلال (کمهار) با ظروف اگر کلال بسیر ظروف ساخته او بجای خود ماند این بسبب
غیریت لغوی ست در ظروف و کلال این قسم غیریت در عبد و رب واقعی نیست بدین غیریت که قائل اند علماء ظاهر
و متکلمین اند غافل از اصطلاح موحدین شده می ترسند که عبد و رب یک میشود نمی دانند که بموجب اصطلاح
محققین در عکس و شخص با وجود ثبوت هر دو جهت گاهی این آن نشد و آن این نگردید عکس عکس ست
شخص شخص عکس مخلوق و حادث و ناقص ست و شخص قدیم و باقی و کامل پس اینست حقیقت این
مقدمه **بیت جامی** رح هر مرتبه از وجود حکمی دارد ٭ گر حفظ مراتب نکنی زندیقی ٭ و بمصداق
مرج البحرین یلتقیان بینهما برزخ لا یبغیان همین بحرین حدوث و قدم ست نیز اینجا یک
تمثیل لطیف یاد آمد اعنی بنده قبل وجود خود باطن خدا بود و خدا ظاهر بنده کنت کنزا مخفیا بر این
معنی گواه ست حقائق کونیه که نتائج علم الٰهی اند در ذات مطلق مندرج و مخفی بودند و ذات بر خود ظاهر
بود چون ذات خواست که ظهور خود بر نهج دیگر شود اعیان را بلباس قابلیات شان بجلوهٔ تجلی خود ظاهر
فرمود خود از شدت ظهور خود از چشم بصر ایشان مخفی گردید مثل تخم که شجر با تمام شاخ و برگ و گل و ثمر ۱۳۳
دران پوشیده بود گویا تخم بالفعل بود و شجر بالقوه چون تخم باطن خود را ظاهر نمود خود پنهان گردید هر که می بیند
شجر می بیند تخم بنظر نمی آید اگر بغور بینی تخم بلباس شجر ظهور فرموده تخم بالقوه شد شجر بالفعل شد هر چند از وجهی
تخم و شجر یک ست جدائی نیست عینیت یافته می شود اما دلائل غیریت و جدائی نیز در و پیدا و واضح ست حفظ
مراتب ضرور ست زیرا که صورت و شکل و تاثیر و خواص تخم دیگر و اجزای شجر دیگر ست وجوهات غیریت هم کثیر ست
مرد صاحب فطانت انکار آن نخواهد کرد از روی عینیت تخم و شجر اگرچه واحد ست این وحدت اعتباری و اصطلاحی
است در ینجا اول ست نه اتحاد معنی بالفعل و بالقوه شراکت دارد پس هرچه بالفعل بود بالقوه شد و انچه بالقوه
بود بالفعل گردید فهم من فهم جل حکمته و عظمت شانه کسی گفته **بیت** ترا از دوست بگویم حکایتی
بی پوست + همه از وست اگر نیک بنگری همه اوست **فائده** چون نسبت دو جهت در عبد و رب ثابت
و متحقق گردید لازم آمد که برای عروج از مرتبه پست ترین نزول و حصول قرب و وصال و رسیدن بدرجهٔ عبدیت
حقیقی بکارها ضرور افتاد و آن مجاهده و مراقبه است و ما خلقت الجن و الانس الا لیعبدون عبادت کردن
اعنی عبد شدن ست در حقیقت عبد الله حقیقی خاتم المرسلین محمد مصطفی صلی الله علیه و آله و سلم ست
عبد شدن دشوار ست تا از وهم الوهیت خود تماما و کمالا بگذرد بدین مرتبه نرسد بنا بر آن مجاهدات و ریاضات

وترک تعلق دنیا وحظ نفس وترک توہم ماسوا او اجب گردید تا ذکر وفکر بدرستی وراستی بظہور رسد چون اول بمصقلۂ ذکر نفس مطیع وقلب صافی شود ذوق وشوق روبترقی آرد ودل از خطرات باایستد وقت مراقبۂ لاموجود الا اللہ درآمد چون درین مراقبہ از ہمہ اوست اغماض نظر کردہ ہمہ از دست را پیش نظر دارد درین استغراق فیض باطنی وجذبۂ غیبی مدد میفرماید از ہرچہ جز اوست بے خبر گردد وشعور این بی خبرے ہم نمی ماند بیند ہرچہ بیند داند ہرچہ داند گوید ہرچہ گوید معذورست۔ اینست وحدۃ الوجود وحدۃ الموجود مثل آہن پارہ کہ در آتش رنگ آتش گرفتہ نعرۂ اَنَا النَّار زدونہ آنکہ بانقلاب حقیقت آتش شدہ این از حال تعلق دارد نہ از قال مقام غور ست اعنی درحالتیکہ آہن پارہ خود را حوالۂ آتش کردہ از خیال آہنی بارگی خود گذشتہ منتظر آنست کہ آتش برخود مستولی گردد ورنگ خود بخشد درین تصور اگر خیال دیگر گذرد در حق وے شرک است کہ مانع مقصود وقاطع الطریق اوست اینست معنی آنکہ در ضیاء القلوب بملاحظۂ سامی درآمدہ کہ در مراقبۂ ہمہ اوست تا وقتیکہ فرق در ظاہر ومظہر پیش نظر سالک است بوی شرک باقی است واللّٰہُ اَعْلَمُ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا گرامی قدرا فقیر بی محابا طول لسانی ۱۳۴
کرد چہ کند کہ بدون آن سخن تمام نمیشود ہرچند ازین تحریر خود نادم می شوم اما دلشادم کہ بہر تقدیر جواب رقائم متعددۂ جناب ادا گردید اگر پسند خاطر ومنظور رد الاگردد بندۂ ضعیف را بدعای خیر خاتمہ یاد دارند

ورنہ باز فقیر را نیاز ارند والسلام وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْنُ ؏

| | |
|---|---|
| درین مشہد بگو یائی مزن دم | سخن را ختم کن واللہ اعلم |

محررۂ ۲۱ ذی الحجہ ۱۲۹۹ھ درمقام خیر البلاد مکۂ معظمہ زاد اللہ شرفہا وتعظیمہا

# مختصر احوال وصال عاشق ذوالجلال والجمال حضرت حاجی امداد اللہ رح

حضرت حاجی صاحب کی کچھ عمر زائد نہ تھی کل چوراسی ۸۴ سال تین ۳ مہینے بیس ۲۰ روز کا سن شریف تھا مگر کچھ خلقۃً ضعیف خفیف اللحم تھے اسپر مجاہدات وریاضات وتقلیل طعام ومنام پھر ہجوم خواص وعوام اور سب سے بڑھکر عشق حسن ازلی جو استخوان تک کو گھلا دیتا ہے ان اسباب سے آخر میں اس قدر

ضعف ہو گیا تھا کہ کروٹ تک بدلنا دشوار تھا کھانا پینا بار تھا مگر دل عشق منزل ہر وقت نشۂ لقا مین سرشار تھا اسی مین اسہال شروع ہو گیا مگر نظافت و لطافت و استقلال و استقامت و شفقت بحال تربیت طالبان خدا مین ذرہ برابر فرق نہ آیا تھا۔ آخر ضعف زائد ہو گیا حتی کہ بارہ یا تیرہ جمادی الاخری ۱۳۱۷ھ روز چہارشنبہ وقت اذان صبح اپنے محبوب حقیقی سے واصل ہوے اور جنت المعلی (مقبرۂ اہل مکہ) مین ہم پہلو مولانا رحمت اللہ صاحب مہاجر رح کے رکھے گئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ واقعی یہ ہے کہ ایسا شیخ کامل مکمل کسی نے کم دیکھا ہوگا۔ اللہم ارفع درجتہ فی اعلی علیین واخلفہ فی عقبہ فی الغابرین اللہم لاتحرمنا اجرہ ولا تفتنا بعدہ آمین یارب العالمین۔ حقیر نے ایک مختصر مادۂ تاریخیہ کہا ہے حَیٌّ دَخَلَ الخُلدَ کہ قول اولیاء اللہ لایموتون سے مستنبط ہے حضرت صاحب کے ایک خلیفہ عالم رویا مین مشرف بزیارت ہوئے اس طرح کہ کوئی مقام نہایت بلند مثل ٹیلہ کے ہے اسپر ایک سفید خیمہ کھڑا ہے جسمین حضرت رضی اللہ عنہ رونق افروز ہین اور خطاب کرکے فرماتے ہین ع

| | | | |
|---|---|---|---|
| | آئینۂ ہستی چہ باشد نیستی | | نیستی بگزین گرا بلہ نیستی |

سبحان اللہ۔ اس خواب مین حضرت رضی اللہ تعالی عنہ کے علو مقام و قرب تام پر کئی وجہ سے دلالت ہے
اول مقام کا بلند ہونا کہ مطابق آیہ ورفعناہ مکانا علیا و حدیث کثبان مسک کے رفعت مرتبہ کی طرف اشارہ ہے ۱۳۵
دوم خیمہ مین ہونا جو حسب آیۂ حور مقصورات فی الخیام نعیم جنت سے ہے سوم خیمہ کا سفید ہونا کہ احب الالوان البیاض او نحوہ وارد ہے و نیز لباس سفید موافق حدیث صحیح ورقہ کے علامت جنتی ہونیکی ہے چہارم تعلیم و تلقین فرمانا کہ اشارہ ہے طرف مقبولیت شان ارشاد حضرت رضی اللہ تعالی عنہ کے پنجم معلوم ہوتا ہے کہ حضرت رض کو بدولت اس ہستی و نیستی کے خاص مشرب مذاق حضرت رض کا تھا جیسا اہل مشاہدہ پر مخفی نہین بڑی دولتین ملی ہین اسی لیے اسطرف مخاطب کو متوجہ فرمایا ششم مثنوی شریف کی مضامین مین (کہ حسب قول اہل حقیقت کے معنی کلام حق ہے) آپ کی روح مطہر کا مستغرق و مشغول ہونا دلیل مناسبت روحانی مولوی معنوی رح ہے اور حسب آیۂ مع الذین انعم اللہ علیہم الخ دلیل قرب الہی ہے ہفتم حضرت رضی اللہ عنہ کی شفقت و توجہ اپنے خدام کی طرف کہ موقوف ہے حصول طمینان و سکون پر جس سے ظہور مضمون لاتخافوا ولاتحزنوا کا بخوبی ہوتا ہے اور اس سے افاضۂ برزخیہ کی تائید بھی ہوتی ہے جس کا محققین اثبات کرتے ہین ایسا ہی خواب رویائے صالحہ کہلاتا ہے جسکے باب مین ارشاد نبوی ہے یراہا المسلم او تری لہ والحمد للہ تعالی علی ذلک۔

الحمد للہ والمنۃ کہ رسالۂ وحدۃ الوجود از تصانیف حضرت شاہ امداد اللہ رح در مطبع مجیدی کانپور طبع شد

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

حسب فرمائش جناب حاجی محمد سعید صاحب تاجر کتب کلکتہ خلاصی ٹولہ نمبر ۸۵

# غذائے روح

باہتمام احقر العبید راجی رحمت رب حمید محمد عبد المجید غفر لہ اللہ رشید

در مطبع مجیدی واقع کانپور مطبوع گردید

عاجز کے کارخانے سے ہر قسم کی کتابیں نرخ تاجرانہ بکفایت جلد بذریعہ ویلیو پے ایبل روانہ ہوتی ہیں المشتہر محمد سعید تاجر کتب کلکتہ و مالک مطبع مجیدی کانپور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کس سے ہو حمد و ثنا اُس ذات کی — کُن سے پیدا جسنے موجودات کی

اُس وجودِ پاک کی ہو حمد کب — جلوہ گر ہے جس سے موجودات سب

قدرتِ حق یہ ہی جس سے دو جہان — ہو گئے دو حرف سے کُن کے عیان

حکم کاف و نون کے ہوتے ہی ہوا — کُن سے یہ کونین کا نقشہ بنا

ہے منزہ وہ تو از کون و مکان — اُسکے پر اوصافِ قدرت ہین عیان

یا الٰہی تو ہے بیچون و چگون — راہ اپنی کا مرا ہو رہنمون

ہے تو ہی پروردگارِ دو جہان — ہے تو ہی پیدا کنندۂ انس و جان

خوانِ الوان عام ہی سب پر ترا — شکر احسان پر کرون تیرا سدا

ہم سے طاعت کب تری آوے بجا — ہان مگر ہو لطف کچھ ہم پر ترا

تجکو جو لائق ہے طاعت اے خدا — ہووے شاید جب کسی سے کچھ ادا

## نعت شریف حضرت سید المرسلین محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم

نامِ پیغمبر سے اے آمداد آ — گر تو اب کام و زبان شیرین ذرا

نامِ پاک اُن کا ہے احمد مجتبٰے — ہین وہ مقبولِ جنابِ کبریا

کس سے ہووے نعتِ ختم المرسلین — جز بذاتِ پاک ربّ العالمین
ذاتِ احمدؐ ہے وہ بحرِ بیکران — جس کا اِک قطرہ ہے یہ کون و مکان
ذاتِ پاک احمدؐ ہے والشمس و الضحیٰ — جس کے یہ ذرّے ہین سارے اولیا
ہے سزاوار اُس کو تاجِ سروری — زیب اُس سے ہے خلعتِ پیغمبری
سرورِ عالم محمدؐ شاہِ دین — پیشوای اولین و آخرین
حکم اُن کا ہے جہان مین سربسر — وہ یہان آئے ہین سب سے پیشتر
ذاتِ پاک اُنکی نہ پیدا ہوئی گر — ہوتے کب ارض و سما جنّ و بشر
اُسپہ پڑھ امداد تو لاکھون صلوٰۃ — تجکو ہو جس کی شفاعت سے نجات
آل اور اصحاب جتنے ہین تمام — پڑھ تو اُنپر تنلو درود اور تنلو سلام ۶۲

## مدح مبارک چہار خلیفہ و دیگر اصحاب رضی اللہ عنہم

شہسوارانِ جہان مردانِ دین — چار یارِ مصطفیٰؐ اہلِ یقین
اوّلاً بوبکر صدّیقؓ اہلِ دین — دوسرے عادل عمرؓ والایقین
تیسرے عثمانؓ با حلم و حیا — چوتھے ہین حضرت علیؓ شیرِ خدا
اور سب اصحاب اُسکے ذی علوم — ہین ہدایت کے فلک پر وے نجوم
صدق اور عدل اور شجاعت اور حیا — ہے اِن ہی چار وسے دین کو ارتقا
اُن سے راضی ہے خدای دوسرا — اور خوش ہین اُن سے حضرت مصطفیٰؐ
تو بھی جان و دل سے ای امداد اب — رہ فدا اُنپر سدا ہر روز و شب
جو کوئی بد اعتقاد اُن سے ہوا — ہے وہ مردودِ جنابِ کبریا

## اس داستان مین تبرکاً بیان حضرت پیر و مرشد برحق عارف نور مطلق شیخ المشائخ والاولیا حضرت مولانا و اولانا قطب

## میان دوآب نورالاسلام حضرت خداوند میانجیو نور محمد جھنجھانوی لوہاروی نوّر اللہ مرقدہٗ وروّح اللہ روحہ العریض قدس سرہٗ العزیز

| | |
|---|---|
| نام سے مرشد کے ای امداد آ | دے زبانِ دل کو اب کچھ ذائقہ |
| سرورِ عالم شہِ دُنیا و دین | عاشق و معشوق ربّ العالمین |
| ماہیِ دریای توحیدِ خدا | مظہرِ حق مصدرِ سرِّ خفا |
| واقفِ اسرارِ حق دانای راز | بے نیاز عالم سے حق سے بانیاز |
| شاہِ دین سرخیلِ جملہ اولیاء | تاج بخشِ اصفیاؤ اتقیا |
| پیشواؤ شاہ شاہانِ جہان | مقتدای جانِ جانانِ جہان |
| رہنماے زبدہ اربابِ علم | رہبرِ ہر قدوۂ اصحابِ علم |
| حامیِ دینِ متینِ خیر الامم | دافعِ بدعات وکین کفر وظلم |
| اخترِ چرخِ ہُدا ماہِ عطا | بحرِ علمِ معرفت نجم الہدا |
| قبلۂ ارباب و اصحابِ یقین | کعبۂ عُبّاد و زُہّاد اہلِ دین |
| یعنے پیر اور مُرشد اور مولیٰ مرے | حضرتِ نورِ محمد نیک پے |
| حضرتِ نورِ محمد اولیا | پیر و مرشد ہین مرے اور رہنما |
| ہین وہ بیشک مظہرِ انوارِ حق | سر سے پا تک مصدرِ انوارِ حق |
| دیکھ ٹک جلوہ ذرہ اُس نور کا | جس سے ہی پُرنور یہ دونون سرا |
| سارے عالم پر ہے اُسکا پرتوا | کون سی جا وہ نہین جلوہ نما |
| جس کے سر پر خاص سایہ اُسکا ہو | مُلکِ غیبی کا ہوا سلطان وہ |
| خاص جلوئے کی چمک جسپر پڑی | چرخِ غیبی کا ہوا ماہِ جلی |
| چشمِ رحمت سے نظر جس پر کرے | قطرے سے دریا ہو وہ پل مارتے |

۱۲۲

پرتو اُس نور کا جسپر پڑا | ہو گیا ذرّے سے خورشید ضیا
پرتوون کا اُسکے کیا ہووے بیان | ہے ہر اک اُن مین سے خورشید جہان
آگے اُنکے ذرّون کے ذرّہ مثال | ہے وہ خورشید فلک بے قیل و قال
کیونکہ ہین یہ سب کے سب خورشید جان | اور وہ ہے آفتاب آسمان
ان مین اُن مین فرق ہے بس ہشیار | ان سے حاصل کار غیر اور اُن سے یار
روشنی انکی سے ہے دنیا کا کار | نور سے اُنکے ہو حاصل روی یار
دیکھ لے ہے چشم دل کی کھول کر | ہر جگہ نور محمد جلوہ گر
چاہیے تجکو اگر وصل خدا | سایۂ نور محمد مین تو آ
عکس سے اُس نور کے تا اے پسر | روی جانان پر پڑے تیری نظر
الغرض جو راہ حق مطلوب ہے | جا قدم لے دوڑ میرے پیر کے ۱۲۴
گرچہ یان سے کر گئے ہین انتقال | فیض باطن ہے وہی اُنکا بحال
بلکہ سو چند اس سے ہے نور و ضیا | کیونکہ پردہ جسم کا بھی اُٹھ گیا
اب تو بے شک وہ سراسر نور ہے | نور ہے سایہ سے بالکل دور ہے
سال تاریخ تولد اور وفات | اُن کی دونون مجھ سے سُن اے نیک ذات
جب ہوا پیدا وہ نور معرفت | مشبلی دوران ادہم کی صفت
ہجرت نبوی کا اے فرخندہ فال | بارہ سو بارہ[۱۲۱۲] تھا زیادہ ایکسال
بارہ سو انسٹھ[۱۲۵۹] مین کر کے انتقال | اس جہان سے جا ملے با ذوالجلال
جس کو ہووے شوق دیدار خدا | اُن کے مرقد کی کرے زیارت وہ جا
مولد و مرقد شریف اُن کا پسر | خلق مین روشن ہے جون شمس و قمر
گر نہ آوے تجکو کوری سے نظر | پوچھ لے مجھ سے تو اب اے بے خبر
شہر جھنجھانہ ہے اک جائے ہُدا | مسکن و ماوا ہے اُس جا آپ کا

مولد پاک آپ کا ہی اور مزار — اس جگہ تو جان لے ای ہوشیار
متصل اُس شہر کے اے نیکنام — ہے عجب دلچسپ درگاہِ امام
سیدِ محمود ہے نام شریف — ہی مکان وہ بس عجیب و بس لطیف
پاس اُس مرقد کے قبلہ رُخ بنی — ہے زیارت گاہ میرے پیر کی
اُس جگہ ہے مرقدِ پاک جناب — سر جھکاتے ہین جہان سب شیخ و شاب
اعتقادِ دل سے جو جائے وہان — اُسپہ سب اسرار باطن ہون عیان
دیکھتے ہی اُسکے مجھ کو ہے یقین — اُس کو ہو دیدارِ رب العالمین
کرتے ہی زیارت مزار پاک کی — ہو وین ظاہر اُسپہ اسرارِ خفی
کیون پھرے ہی جابجا سر مارتا — سایۂ نورِ محمدؐ مین تو آ ۱۲۵
جو نہ ہو قدرت تجھے اُس نور تک — اُسکے خلفا کے تو جا دامن سے لگ
ہین بہت اُسکے خلیفہ اور مرید — پا سکے ہے اُن کو کب تو ای سعید
ہین مرید اور طالب اُنکے بیشمار — جن کی برکت ہی جہان مین آشکار
لیک اُن کا مرتبہ دیکھے ہو وہ — چشم بینا دل مصفا جس کے ہو
اُن کا رتبہ کب تجھے آوے نظر — ہو رہا ہے تو تو بالکل بے بصر
الغرض گر تجکو اب منظور ہے — دون بتا بعضونکا اُن مین سے تجھے
طالبِ صادق ہی جو تو ای میان — دون بتا خانہ کا مین اُنکے نشان
راہِ حق تجکو اگر مطلوب ہے — قصبۂ تھانہ بھون کی راہ لے
ہین خلیفہ آپ کے چند اک وہان — نور سے جن کے ہی روشن سب جہان
فیض اُن کا عام ہی اک خلق پر — چھوڑ گھر اور جلد لے جا اُن کا در
صحبت اُن کی جان پارس ای فتا — جنکے ملنے سے ہو مس خالص طلا
ہے نگہ مین اسقدر اُنکی اثر — سنگریزے جس سے ہون رشکِ قمر

دیکھتے ہی اُنکے دم مین ای اخی ... سو برس کا بُت پرست ہوے ولی
اسطرح کے چھوڑ کر مردانِ مرد ... چھانتا پھرتا ہے کیون عالم مین گرد
ہین خلیفہ اُنکے گرچہ بے شمار ... لیک اُن مین ہین دو اعلیٰ باوقار
اُن مین سے دو شخص ہین اہلِ ھُدا ... ماہِ برجِ معرفت شمس الضحےٰ
نیّرِ برجِ کرم ماہِ عطا ... گوہرِ دُرجِ نعم بحرِ سخا
صاحبِ ارشاد و تلقین و ہُدا ... عاشقِ حق نائبِ خیر الورے
عالم و زاہد ولی اہلِ مقام ... متّقی و پارسا و نیکنام
یعنے ہین حافظ محمد ضامن اب ... فیض کی طالب ہے جن سے خلق سب ١٢٦
دوسرے شیخ محمد مولوی ... علم و زہد اُن کا ہی عالم پر جلی
بحر ہے موّاج دونون علم کا ... ظاہری و باطنی با اھتدا
وصف اُن کا ہو سکے کس سے ادا ... بحرِ عرفان کے ہین دونون آشنا
مجمع البحرین ہین عرفان کے ... جنسے باغِ دو جہان سرسبز ہے
دیکھنے کو حق کے یہ آنکھین ہین دو ... بے حجاب ہو دیکھ ان سے یار کو
دیکھنے کو مصحفِ رخسارِ جان ... چشمۂ عینک ہین دونون یکسان
مُلکِ غیبی کے ہین دو شمس و قمر ... نور سے دیکھ اُنکے روے سیمبر
شمع دو ہاتھون مین دی ہین تیرے ... راہ سیدھی آپ تو اب دیکھ لے
اِسپہ بھی پھر تو اگر اندھا رہے ... قعرِ گمراہی مین بیشک جا پڑے

## مناجات بجناب باری تعالیٰ

اُن کی برکت سے مجھے بھی یا خدا ... اپنے کوچہ کا ذرہ رستہ بتا
ساتھ کا میرے ہر اک واصل ہوا ... کوے فرقت مین رہا مین ہی پڑا

مین بھی تو اُس نور کا سایہ ہون آہ
درد مجکو ڈال کر مت کر تباہ

گرچہ نالائق ہون بدکار اور بُرا
کفش بردار ہون مگر اُس نور کا

نیک ہون یا بد بھلا ہون یا بُرا
تیرا کہلا کے کہان جاؤن خدا

مت اُٹھا ذلت سے اِس در سے کہین
دوسرا در مجکو اب ملتا نہین

اپنی رحمت سے بلایا دور کر
پر نچھوڑون گا کبھی مین تیرا در

مجھ سے ہین بندے ترے بے انتہا
پر نہ مجکو تجھ سوا ہے دوسرا

دیکے عزت پھر مجھے مت کر توخوار ذلیل
اور نہ کر ذلت گنہ سے شرمسار

مت مسلط مجھ پہ کر شیطان و نفس
ہاتھ سے تیرے ہو جو ہوا اور بس

تجھ سے ہی شرمندگی بس ہی مجھے
پر نکر شرمندہ آگے اور کے ۱۲۷

شامتِ اعمال سے اپنے مگر
ایک مدت تک رہا ہون دور تر

ہوکے قائل اپنی تقصیرات سے
اب جو آیا ہون تو مجکو بخشدے

کیا کرون مین عذر تقصیرات کا
تیرے آگے عجز و زاری کے سوا

آہ و زاری سے اُٹھا دستِ دعا
مانگتا ہون تجھ سے تجکو اے خدا

تجھ کو ہی تجھ سے طلب کرتا ہون مین
اور کی خواہش نہ اب کرتا ہون مین

نے گدائی تاجداری چاہیے
پر ترے کوچہ کی خواری چاہیے

کر مجھے یون اپنی اُلفت سے تو مست
جسنے ہو دین سب خیالِ غیر پست

دے مجھے اب ہوش یارب اسقدر
تجھ پہ دیوانہ رہون آٹھون پہر

ذکر ہووے تو ترا ہووے سدا
فکر ہووے تو تری ہووے سدا

غیر تیرے جو ہو دل سے دور ہو
تیری اُلفت سے یہ دل معمور ہو

فکرِ باطل دل سے میرے دور کر
مظہرِ انوار سے پُر نور کر

دے تڑپ ایسی تو اپنے عشق کی
ایک دم آرام نا پاؤن کبھی

شغل ہووے درد و غم کے جام سے ۔ ایک دن بیٹھوں نہ مین آرام سے
درد و غم کر اسقدر یارب عطا ۔ جو کر دیکھے مجکو دے آنسو بہا
سینہ بریان چشم گریان جان بلب ۔ عشق مین کھینچون سدا رنج و تعب
کر عنایت بیخودی اب مجکو دد ۔ آپ کو کھو کر مین پاؤن آپ کو
دردِ الفت سے دے وہ اب دلکو مرے ۔ درد میرے کو دوا ہو درد سے
خاکِ راہ دردمندان کر مجھے ۔ جان بریان چشم گریان کر مجھے
۱۲۸ دے وہ گریہ کو مرے شور ای غفور ۔ جس سے ہو جا چشم طوفان کا تنور
تا کہ کر دون غرق اسمین غیر کو ۔ ماسوا دلبر کے جو کچھ ہو سو ہو
کر عطا ایسی طپش دل کو مرے ۔ ماسوا جانان کے سب کو پھونکدے
داغ دل سے کر مجھے باغ و بہار ۔ تا کہ آوے سیر کو وہ گلعذار
خانۂ دل کو مرے ویران کر ۔ گنج الفت اس مین بھر دے سر بسر
رنگِ غیر آئینہ دل سے دور کر ۔ تا کہ دیکھون اسمین روئے سیمبر
دام الفت مین پھنسا کر جلد تر ۔ دو جہان کی قید سے آزاد کر
جامِ وحدت سے مجھے یون مست کر ۔ حرفِ غیریت کا ہو دل سے بدر
دوست سے کر پُر مرا یون لحم و پوست ۔ پوست سے باہر نہ نکلے غیرِ دوست
دے رہائی مجکو یارب آپ سے ۔ آپ کو مین اپنے پاؤن آپ سے
کر جگہ دلبر کی یون دل مین مرے ۔ غیر کی اُس مین نہ گنجائش رہے
ہر رگ و پے مین سماوے مثلِ جان ۔ دور ہو حرفِ دوئی از درمیان
ما و من کا مرض دل سے دور ہو ۔ تو ہی تو باقی رہے تن نور ہو

## اسمین بیان ہی لطف اور احسان کا حضرت مولانا و ہادینا و مرشدنا قطبِ میان دو آب نور الاسلام حضرت خداوندم

## مولوی نور محمد قدس سرہ کا کہ اوپر مجھ ناکارہ بیچارہ بدراہ روسیاہ امداد اللہ چشتی نوری عفا اللہ عنہ سے کئے ہی

جلوۂ نور محمد نے اب آ — دو جہان سے مجکو فارغ کر دیا
خود دکھا برق تجلی کا جلال — خرمن تن مین مرے دی آگ ڈال
دیکھکر اُس شعلہ رو کی بہار — ہر بنِ مو سے مرے نکلے شرار
اُن شرارون کو اجازت ہون اگر — خاک کر دین ماسوا کو پھونک کر
دیکھتے ہی لالہ رُخ کی پھبن — داغِ دل سے ہوگیا باغ و چمن
پھنسکر اُس کی زلف مین امداد مین — دونون عالم سے ہوا آزاد مین ۱۲۹
تھی شب معراج نے وہ زلف بھی — جو تجلی اُس نے پائی نور کی
بحرِ عرفان لطف سے اُس نور کے — موجزن امداد کے سینہ مین ہی
ایک چشمہ بھی جو اُس سے کھولدون — غرق اُس مین دونون عالم کو کرون
اک حباب اُس بحر کا ہی یہ سما — ایک ذرہ ہی یہ خور اُس نور کا
گر دکھاؤن اُس کا دُرِ شاہوار — دو جہان کو اُسپہ کر ڈالون نثار
جو دکھاؤن اُس تجلی کی چمک — پھونکدے ماہی سے لیکر ماہ تک
یہ رہے نہ وہ رہے نہ مین نہ تو — ہو ہی ہو باقی رہے خود ہو ہی ہو
بل نہ حرفِ ہُو رہے پھر جان تو — ہُو ہی ہُو باقی رہے خود ہو ہی ہو
اس جگہ خاموش رہنا چاہیے — سِرِّ باطن مت نہ باہر لائیے
رکھ قدم امداد اس جا تھام تھام — غور فہم عام پر کر والسلام
لطف و احسان اُسکا لکھ سکتا ہے کب — سر قلم کا بھی قلم اس جا ہے اب
دیکھ یان مت مار دم امداد اب — بندہ ہو کر حق اسے کر حق کو طلب

## ذوق شوق محبت الٰہی کے بیان مین

ای خدای مالکِ ہر دو سرا * دردِ فرقت سے مرا دل ہے بھرا
تیری دوری سے بہت بیتاب ہون * ریگ پر جون ماہیِ بی آب ہون
بیقراری ہے بہت اے کبریا * ڈھونڈھنے تجکو کہان جاؤن بتا
توہی بتلا آپ اپنی مجکو راہ * جس سے پہنچون تجھ تلک ای بادشاہ
بن بتلائے تیرے ای شاہِ جہان * تجھ تلک مین پہنچ سکتا ہون کہان
واسطے اپنے ذرہ صورت دکھا * تاکہ جی قیدِ دوئی سے چھوٹ جا
اس دوئی نے کردیا دور اسقدر * آپکی بھی مین نہین رکھتا خبر
بحرِ وحدت سے مجھے لاکر یہان * ڈالا یون کثرت مین ای جانِ جہان
دور کرکے مجھ سے کثرت کے حجاب * جلوہ وحدت دکھا مجکو شتاب
تاکہ قیدِ ما و من سے چھوٹکر * اصل سے اپنے کہین پاؤن خبر
پھر مین اپنا اُس کو کرکے راہبر * تجھ تلک پہنچون کہین ای باخبر
وہ بھی تو اِک وقت تھا ای کبریا * جز وجودِ پاک کے کوئی نہ تھا
بحرِ وحدت مین یہ جان تھی غوطہ زن * کچھ دوئی کا تھا نہ وان رنج و محن
ملک مین ہستی کے ای آمدادآ * گم کیا ہے آپ کو تو نے بھلا
قیدِ ہستی مین پھنسا تو اسقدر * اصل کی اپنی نہین تجکو خبر
عہد و پیمان جو کیے تھے تو نے وان * کچھ بھی اُن سے یاد رکھتا ہی یہان
عہد و پیمان توڑ کر اے بے وفا * راہ سے بے راہ تو اب ہو گیا
جس لیے پیدا کیا تھا تجکو یار * وہ کیا ہرگز نہ تو نے اختیار

بھائی نے یہ مضمون کتاب نان و حلوا کا کہ تصنیف بہاء الدین عاملی کی ہے جو مطابق اپنے حال کے تھا لکھا

سُن تو اے شکنندہ راہِ قدیم * اور اے گم کردہ راہِ مستقیم

گوشِ جان سے سُن تو بلبل سے ذرا ‌ ‌ یار کی باتون سے یہ کہتی ہی کیا
ہے یہ بُلبُل یار کے گلزار کی ‌ ‌ پوچھ باتین اُس سے اُس دلدار کی
آفرین ای بلبلِ بُستانِ جان ‌ ‌ کہہ مرے دلدار کی تو داستان
آفرین ای بلبلِ بُستانِ سے ‌ ‌ آفرین ای قاصدِ بُستانِ سے
قاصدا جلدی خبر مجکو سُنا ‌ ‌ کہتا ہے حق مین مرے کیا دِلرُبا
مجھ سے راضی بھی ہی وہ دلبر بتا ‌ ‌ اور مائل بھی ہی کچھ سوئے وفا
یا ہمیشہ ہجر پر مسرور رہے ‌ ‌ سچ بتا جو کچھ اُسے منظور ہے
۱۳۱ آفرین ای پیکِ فرخ فال من ‌ ‌ آفرین ای مایۂ اقبالِ من
آفرین ای بُلبُلِ خوش خوان تجھے ‌ ‌ ماسوا سے کردیا فارغ مجھے
ہین نوائین کیا تری آتش بھری ‌ ‌ آگ جس سے یون مرے دل مین لگی
سوزِ دل سے میری با آہ وفغان ‌ ‌ ہر بُن مو سے نکلتا ہے دھوان
آفرین ای ہدہدِ شہرِ سبا ‌ ‌ آفرین اے قاصدانِ دلرُبا
آفرین اے توتیِ شکر شکن ‌ ‌ تجھپہ ہو قربان میرا جان و تن
کہہ تو پھر مجھ سے ذرہ حالِ صنم ‌ ‌ لیگیا تحقیق دل ہے رنج و غم
نجد کے یارون کی دی مجکو خبر ‌ ‌ تاکہ ہو وین مست سب دیوار ودر
پھر سُنا بہرِ خدا اے نامہ بر ‌ ‌ زمزم وخیف و منا سے کچھ خبر
ہے دل وجان دونون غم مین مبتلا ‌ ‌ تاکہ چھوٹین سُنکے حالِ دلرُبا
مسکن و ماوی سے پھر میرے ذرا ‌ ‌ دے خبر بہرِ خدا بہرِ خدا
پھر کہو کچھ یارِ بے پروا سے ‌ ‌ کسلیے مجھ سے وہ اب ناراض ہے
کیون خفا مجھ سے ہوا وہ بے سبب ‌ ‌ عہد و پیمان توڑے کیون یک لخت سب
کہہ ذرہ بہرِ خدا اِک حرف تو ‌ ‌ از زبانِ آن نگارِ تُند خو

جس سے ہو تسکین کچھ دل کو مرے ۔ وہ بیان کر مجھ سے ہون قربان ترے
ایک دن وہ تھا کہ ہم اور وہ صنم ۔ مثل بو و گل تھے آپس مین بہم
ایک دن وہ تھا کہ ہم سے دلربا ۔ گاہ خوش ہوتا تھا اور گاہی خفا
خوش وہ دوران تھا کہ گاہی از کرم ۔ مارتے راہِ وفا مین تھے قدم
خوش زمانہ تھا کہ اس ہجران مین ۔ مجھ پہ جو جو گذرے تھا اُس آن مین
پھرتا تھا صحرا بہ صحرا کو بہ کو ۔ اپنے اُس دلبر کی کرتا جستجو
آخرش اک شب بصد رنج و الم ۔ مین کرون تھا گوشہ مین یادِ صنم
۱۴۲ سر بزانو غم سے اُسکے بیٹھکر ۔ کھینچتا تھا دل سے آہِ پُر شرر
جان لبون پر حسرتِ گفتار سے ۔ دل بھرا نومیدیِ دیدار سے
وہ قیامت قامتِ پیمان شکن ۔ آفتِ دوران بلایِ مرد و زن
فتنۂ ایام و آشوبِ زمان ۔ خانہ سوزِ صد چو من بی خان و مان
دیکھتا کیا ہون کہ وہ مہرِ منیر ۔ خود بخود ہوتا ہی یان رونق پذیر
ق
ناگہان در سے مرے وہ بیحجاب ۔ لب گزان ڈالے ہوے رخ سے نقاب
زلفِ مشکین دوش پر ڈالی ہوے ۔ اور نگہ سے کارِ عالم کاسکے
بے محابا پاس میرے آن کر ۔ پوچھنے مجھ سے لگا وہ باخبر
یہ کہ اے شیدا دلِ محزون مرے ۔ اے بلاکش عاشقِ مفتون مرے
آتشِ فرقت مین تیری کیا حال ۔ کیا ہی کچھ تو منھ سے تو اپنے نکال
مین کہا اُس سے قسم اللہ کی ۔ جان اب مجھ مین نہ کچھ طاقت رہی
بیٹھکر اِکدم سرِ بالین پر ۔ اُٹھ گیا بے ساختہ وہ باخبر
ساتھ اپنے لیگیا وہ خودپرست ۔ عقل و دین میرا وہ سارا یکدست
مین نے تب اُس سے کہا ای خوش ادا ۔ پھر مین کب دیکھونگا تجکو یہ بتا

یہ لگا کہنے مجھے دیکھے گا تو | خواب مین اپنے پھر آدھی رات کو

**یہ داستان بیچ بیان تاسف اور ندامت اور صرف کرنے عمر کے بیچ اُس چیز کے کہ نفع ندے قیامت کو اور بیچ مضمون اور غرض قول نبی صلعم کے کہ سُور المومنین شفاءٌ یعنے جھوٹا مومن کا شفا ہے**

عمر گذری ساری قیل و قال مین | پھنس رہے غفلت سے اِس جنجال مین
ای ندیم اب پھر حق اُٹھ تو سہی | کچھ نہین طاقت ہے اب مجکو ہی
ای ندیم اب کفش پاسے دور کر | پھر موسیٰ ہو وہ آتش جلوہ گر ۱۳۳
دے مجھے اب وہ شرابِ شعلہ زن | جس سے جلکر خاک ہو تن اور بدن
اور پلا جلدی سے مجکو وہ شراب | غیرِ حق ہو جس سے جلکر سب کباب
وہ شراب اب مجکو دی تو ای لبیب | راہ بر ہو جو کہ در راہِ حبیب
دے شراب ایسی مجھے اب جلد تر | مست ہون پینے سے جسکے اسقدر
جسطرف دیکھون اُٹھا کر کے نظر | کچھ نہ آوے غیرِ دلبر کے نظر
وہ پلا مجکو تو اب بہر خدا | تا کہ فارغ ہون ز قیدِ ماسوا
اور می خمر لکھنا ہے لاؤ تم | چھوڑ پیالون کو لگا دو منہ سے خم
اُٹھ توجہ کر ذرہ بہرِ خدا | کرتا ہے تسبیح اُسکی دِل مرا
خوف مت کر اب تو ای صاحب شعور | کیونکہ ہے اللہ تو ربِّ غفور
تنگ ہے افسوس وقتِ عمر اب | حیف ہے صد حیف کھوئی عمر سب
آہ صد افسوس یہ عمرِ عزیز | کھوئی اپنے ہاتھ سے ہو بے تمیز
علمِ رسمی دور کر مجھ سے اخی | عمر علمِ رسم مین گذری بری
علمِ رسمی سارا قیل و قال ہے | اُس سے کچھ حاصل نہ حظ اور حال ہے

دل کو کرتا ہی یہ مُردے سے بتر
طبع کو افسردگی بخشے مدام
علم کان بر تن زنی مارے بود
خرچ ہوتے علم گر تن پر کیا
علم سے کرے صفائی دل کی یار
علم حق ہے جان علم عاشقی
عاشقی کا حکم حق ہی اور درست
جس کے دل مین ہو نہ الفت یار کی
ہو نہ جس دل مین محبت کا اثر
جسکے دل مین ہو نہ مہر گلرخان
رازِ باطن اس سے کب تجھپر ہو باز
علمِ رسمی گو تو کیسا ہی پڑھے
جو کوئی قربان نہ ہووے یار پر
جو نہ ہووے مبتلاے ماہ رو
جس کسی کے ہو نہ دل مین مہر یار
الغرض اس علمِ رسمی مین اخی
علمِ دین ہے فقہ و تفسیر و حدیث
عمر سے تیرے کوئی پوچھے اگر
سُن تو اِس ہفتہ مین اے مردِ خدا
فلسفہ یا نحو یا طب یا نجوم
یہ علوم اور یہ خیالاتِ صُوَر

کچھ نہین حاصل ہی اس سے جز خطر
مولوی باور نہ رکھے پھر کلام
علم کان بر دل زنی یارے بود
ہو گیا حق مین وہ تیرے اژدہا
ہے وہی پھر تیرا یار و غمگسار
ما بقی ہے مکر ابلیس شقی
اور سوا اس کے ہین رہ علم سُست
ہے بلا شک وہ تو قابل نار کی
ہے خدا کی مار اُس پر پیشتر
کہنہ انبان ہی وہ پُر از استخوان
گو ترے شاگرد ہون سو فخرِ راز
رازِ باطن اُس سے کب تجھپر کھلے
اِس کا لائق ہی جدا ہو تن سے سر
نام اُس کا لوحِ انسانی سے ہو
اُسپہ لائق ہے کہ ہو یا لان کا بار
کھو چکا تو عمر اپنے کام کی
جو سوا اسکے پڑھے ہو وہ خبیث
سات دن باقی ہین اس مین شک نکر
اب پڑھے گا علم تبلا کون سا
ہندسہ یا رمل یا اعدادِ سوم
فضلہ شیطان ہے یہ سنگ پر

۱۳۴

جو ہو دل خالی ز عشقِ دلبران ‎ ‎ سنگِ استنجا شیطان اُسکو جان
دل کو علمِ عشق سے خالی اگر ‎ ‎ دیکھتا ہے بے حیا ٹک غور کر
سنگِ استنجا شیطان ہی وہ دل ‎ ‎ دل نہین پر ہے سرشتِ آب و گل
حیف ہی رکھتا ہی جو تو اے دغل ‎ ‎ سنگِ استنجا دیو اندر بغل
لوح دل سے فضلۂ شیطان دھو ‎ ‎ ای مدرس درسِ عشقِ ہم بگو
چند خوانی حکمتِ یونیان ‎ ‎ حکمتِ ایمانیان را ہم بخوان
پڑھ چکا تو حکمتِ یونیان ‎ ‎ حکمتِ ایمانیون کو بھی تو جان ۱۳۵
علمِ معقولات بے بنیاد ہی ‎ ‎ مغز کو خالی کرے گا تا بکے
بحثِ نحو وصرف مین کی عمر صرف ‎ ‎ ابتو فضلِ عشق سے پڑھ یک دو حرف
دل کو روشن کر بانوارِ جلی ‎ ‎ کیون بنا ہی کاسہ لیس بو علی
فخرِ رازی اور ارسطو بو علی ‎ ‎ ہین یہ باطل اور انکے علم بھی
اِن کو جو پڑھتا ہے تو ای زشت خو ‎ ‎ خوک اور کُتّون کا جھوٹا کھاتا تو
سرورِ عالم شہِ ہر دو سرا ‎ ‎ کہتا ہے مومن کے جھوٹے کو شفا
سور ارسطالیس سورِ بو علی ‎ ‎ کب شفا حضرت نے فرمایا اخی
مومنون کے جھوٹے مین ہو ہی شفا ‎ ‎ کافرون کا جھوٹا ہی زہر اور بلا
کھالیا ہی زہر اگر تو نے ذرا ‎ ‎ جا کے کھا تریاق تا ہووے شفا
سینہ اپنا جاکے تو صد چاک کر ‎ ‎ دل کو تو آلودگی سے پاک کر
کب تلک افسوس زاری بیشمار ‎ ‎ شرم کر حق اور نبیؐ سے ابتو یار
کب تلک بیہودگی سے گفتگو ‎ ‎ تو کرے گا اب بتا ای زشت خو
کب تلک اِس فکرِ باطل مین بھلا ‎ ‎ تو رہیگا مُبتلا اے بے حیا
فکر کر اُس کا جو تیرا یار ہو ‎ ‎ درد و غم کا تیرے حامی کار ہو

کی

سن دف و نے سے وہ کل مرد عرب    کہتا تھا کیا خوب از روی طرب
گوش جان سے سن ذرہ ای نیک خو    قول اک مرد عرب کا مجھ سے تو
تھا عرب مین ایک مرد خوش ادا    عشق سے رکھتا تھا وہ کچھ ذائقہ
ایک دن فرحت سے وہ بے رنج وغم    دائرہ اور نے بجاتا تھا بہم
اور کہتا تھا یہ خوش الحان سے    یعنی اس مضمون کو جی جان سے
ہو ولی تم قوم ای مردان کار    مدرسہ مین رہ کے یون لیل و نہار
کچھ کیا حاصل نہ تم نے زینہار    جز خیال اور وسوسہ ای نابکار
جو کہ کرنا تھا کیا تم نے نہ کام    عمر باتون مین کری ناحق تمام ۱۳۶
چق چق و بق بق مین یہ عمر عزیز    تم نے کھوئی رایگان ای بے تمیز
پر کبھی تم نے نہ ذکر اوس کا کیا    جس نے یہ تم کو دیا ذہن و ذکا
ذکر مین اور فکر مین غیروسکے آہ    جان اور تن کو کیا ناحق تباہ
چھوڑ کر کے تم نے کوچہ یار کا    لے لیا ہے آہ رستہ نار کا
ہے تمھارا ذکر در غیر الحبیب    کچھ نہین عقبی مین اب تم کو نصیب
لوح دل سے دھو اسے ای نیک ذات    علم جو دیوے نہ عقبی مین نجات
ساقیا یک جرعہ از جام قدم    دے تو اب امداد کو پھر کر کرم
تا کرے شق پردہ پندار کو    یار کی آنکھون سے دیکھے یار کو

## یہ داستان بیچ قطع علائق اور گوشہ نشین ہونے خلائق سے ہے

جس کو دے توفیق رب العالمین    ہو وہ قیل و قال سے عزلت گزین
تجکو خلوت مین ہے عزت ای فتا    اختلاط خلق سے ڈھونڈھے ہے کیا
جو ملے گوشہ سے عزت بر ملا    خلق کے ملنے سے کچھ حاصل ہے کیا
دامن عزلت سے پابستہ کر بدر    کیون پھرے ہے چون گدایان دربدر

گوشۂ خلوت مین تو بیٹھا اگر
پھر قدم ہرگز کبھی باہر نہ دھر

جو تو دیو نفس سے پاوے امان
جا پری کی طرح سے ہو جا نہان

جسطرح پریان جو رہتی ہین چھپی
دیو کے ہاتھون سے رہتی ہین بچی

اسطرح جب دور ہو تو خلق سے
نفس اور شیطان کے ہاتھون سے بچے

کب حقیقت سے کھلے گا تجھپہ در
تو مجازی سے نہ گذرے گا اگر

ہووے کب حاصل تجھے راہِ خدا
جب تلک چھوٹے نہ دنیا کا مزا

جو تو چاہے عزتِ دُنیا و دین
خلوتے از مردمِ دنیا گزین

جس نے پایا کچھ بھی خلوت کا مزا
ہو گیا وہ دو جہان کا پیشوا

جب ہوئی پوشیدہ سب سے لیل قدر ۱۳۷
ہو گئی وہ رشکِ صد خورشیدِ بدر

چھپ رہی ہے جو شب قدر ای فتا
اسلیے مقبول ہے پیشِ خدا

ہے نہان جو اسمِ اعظم اِس لیے
سارے نامون کا وہی سردار ہے

ہو تو گر عالم سے پنہان ای ولی
لیل قدر اور اسمِ اعظم ہے تو بھی

بیٹھ جا گوشہ مین اے فرزانہ مرد
اور جمیع ما سوا اللہ سے فرد

گنج مقصد ہے یہ خلوت ای پسر
لیک علم اور نہ ہو وین جمع گر

علم بن مت بیٹھ گوشہ مین فتا
اس مین ذلت ہے تجھے بے انتہا

اور برا ہے علم بھی بے زہد کے
تو سمجھ اس کو ذرہ ای نیک پے

اسپہ یاد آیا مجھے قصہ لطیف
غور سے سُن اس کو ای مردِ شریف

## حکایت ایک عابدِ جاہل کی کہ غار مین رہتا تھا اور جوان دُنیا دار کی

تھا کسی جا ایک مردِ خوش خصال
عالم و فاضل ولی صاحبِ کمال

عامل و زاہد سخی اہلِ کرم
متقی و پارسا و محتشم

رکھتا تھا گھر مین وہ اپنے اک پسر
صورتِ ظاہر مین مانندِ قمر

گرچہ ظاہر مین تھا از بس خوبرو　　لیک باطن مین تھا بد اور زشت خو
ناخلف تھا حد سے زیادہ وہ پسر　　رنج تھا اِس بات سے اُس شیخ پر
الفتِ پدری سے پر ای نیک نے　　علم کی تعلیم کرتا تھا اُسے
اپنی کم بختی سے لیکن وہ پسر　　بھاگتا تھا پڑھنے سے ایدھر اُدھر
کرتا تھا صحبت بدونکی اختیار　　نیک باتون سے اُسے آتی تھی عار
کہتا تھا جس بات کو اُس کا پدر　　کرتا تھا برعکس اُسکے وہ پسر
آخرش اِک روز تنگ ہو کر کہا　　باپ نے اُسکے کہ سُن اے بیحیا
جو کہ تجکو لکھنا اور پڑھنا نہین　　دور ہو جا پاس سے میرے کہین
مین نہین دیکھا ہی تجھ سا ناخلف　　گاؤخر بھی تجھ پہ رکھتے ہین شرف
۱۳۸ ایسے نالائق سے کیا امید ہی　　دین و دُنیا مین نہ کام آوے مرے
دور ہو گھر سے نکل اے بیحیا　　نوکری کر جا کہین اور کھا کھلا
بے حیائی سے یہ بولا وہ پسر　　ہے خوشی میری بھی یون ہی ای پدر
عرض کی اُسنے کہ حضرت خوب ہی　　جلد مجکو آج رخصت کیجیے
ایک گھوڑا خوب سا لے دیجیے　　اور خرچِ راہ کچھ دیدیجیے
تاکہ جب تک مین کہین نوکر نہ ہون　　قوتِ بسری اُس سے مین اپنی کرون
سُنکے اُسکے باپ نے پھر جلد تر　　کر دیا تیار اسباب سفر
ایک گھوڑا جو کہا تھا لے دیا　　اور خرچ راہ بھی کچھ دے دیا
ق
اور کپڑونکے کئی جوڑے بنا　　ساتھ اُسکے کر دیے اور یون کہا
جا ترا حافظ خدا اے بدگہر　　پھر قدم ہرگز نہ رکھیو تو اِدھر
ہو کے رخصت باپ سے راہی ہوا　　پھر نہ مُنھ اِسطرف کو اُسنے کیا
شہر شہر و دربدر پھرنے لگا　　نوکری کی جستجو کرنے لگا

رفتہ رفتہ آخرش وہ نوجوان / اِک شہر کے بیچ پہونچا ناگہان
کہتے ہین اُس شہر مین تھا اِک امیر / صاحبِ حشمت امیرِ بے نظیر
اُس امیرِ نیک کی ای خوش ادا / نوکری کا تھا قلم جاری سدا
دے تھا عرضی نوکری کی اُسکو جو / اُس کو نوکر اپنا کرلیتا تھا وہ
عرض کی اُسنے جون ہی جا کر کہا / نام اُسکا جھبٹ سوارونمین لکھا
ایک مدت تک سوارونمین رہا / ہوتے ہوتے عہدہ پھر بڑھنے لگا
پھر جو کی قسمت نے اُسکی یاوری / فوج ساری کا ہوا افسر یہی
چند عرصہ مین ہوا وہ نوجوان / صاحبِ حشمت امیرِ کامران
عیش اور عشرت مین وہ رہنے لگا / بےغم و بےرنج و بےمحنت سدا
ایک مدت تک رہا اس رتبہ پر / جب تلک چاہا خدا نے وہ پسر ۱۳۹
اُس پسر کی جس گھڑی ای نیکنام / عیش و عشرت کی ہوئی مدت تمام
کی قضا نے جو نظر نوعِ دگر / دم کے دم مین ہوگیا زیر و زبر
نے رہا لشکر نہ وہ فوج و سپاہ / نا وہ دولت نا وہ حشمت نا وہ جاہ
نہ قلعہ نہ محل نہ وہ بارگاہ / دم کے دم مین ہوگیا بالکل تباہ
رہگیا جیسا کہ تھا پہلے وہ مرد / مفلس و مسکین پھر باسوز و درد
ہاتھ سے تقدیر کے وہ بینوا / ٹھوکرین کھاتا پھرے تھا جابجا
پھرتا تھا صحرا بہ صحرا در بدر / فقر و فاقہ سے و لے خستہ جگر
پھرتے پھرتے الغرض باسوز و درد / اِک شہر کے بیچ جا نکلا وہ مرد
دن کو تو اُس شہر مین پھرتا رہا / رات کو جا ایک مسجد مین پڑا
تا مسافر جانکر اُس شخص کو / دے کھلا کھانا کوئی مردِ نکو
الغرض کی رات مسجد مین بسر / ہوگئی اتنے مین صبح جلوہ گر

صبح ہوتے ہی وہ مردِ بینوا | باہر آ مسجد کے در پہ ہو کھڑا
سوچنے دل مین لگا اپنے جوان | یا الٰہی اب بتا جاؤن کہان
تھا اسی حالت مین وہ مردِ گدا | دیکھتا کیا ہے کہ اِک خلقِ خدا
پہن کر پوشاک اور گھر سے نکل | جاتی ہے جنگل کو دوڑی بے خلل
اپنے اپنے گھر سے ہر اک مرد و زن | جانبِ صحرا روان ہے بے محن
اس جوان کے دل مین یہ آیا خیال | دیکھ تو تو بھی ذرہ چل کر کے حال
ہو رہا ہی آج صحرا مین یہ کیا | بے محابا جو ہر اک جاتی ہی چلا جانان
کہہ کے یہ اور اُٹھ کے وہ مردِ خدا | ساتھ اُن لوگون کے آخر ہو گیا
عنقریب اُس شہر کے اِک کوہ تھا | اُسمین اِک درویش رہتا تھا سدا
غار کے اندر رہی اندر وہ گدا | رات دن کرتا عبادت کو ادا
حق تعالیٰ اُس کو قدرت سے مدام | بھیجدیتا تھا اُسی جا پر طعام
اسلیے اُس غار سے باہر اخی | وہ فقیر ہرگز نہ نکلے تھا کبھی
اُس کا بعد اک سال کے معمول تھا | غار سے باہر نکل کر بیٹھتا
تھا معین ایک دن ہر سال مین | باہر اُسدن آتا تھا ہر حال مین
کوہ کی چوٹی پہ آکر بیٹھتا | آپ کو دکھلاتا سب کو دیکھتا
خلق اُسکے دیکھنے کے واسطے | جمع ہوتی تھی تلے اُس کوہ کے
منزلون سے آتی تھی خلقِ خدا | اُس کی زیارت کیلیے اُسدن سدا
تھا وہ دن عالم مین گویا روزِ عید | وان کا جانا سمجھے تھا ہر اک سعید
اور کچھ خیرات بھی کرتے تھے وان | لائق اپنے ہر کبیر و ہر جوان
الغرض اُسدن اسی معمول پر | جمع خلقت ہو رہی تھی بیشتر
یہ جوان بھی تھا وہین حیران کھڑا | دیکھیے ہوتا ہی بان کیا ماجرا

اتنے مین اک شور خلقت سے اُٹھا
آئے حضرت سامنے دیکھو ذرا

دیکھکر درویش کو اُس کوہ پر
دور سے کرتا تھا زیارت ہر بشر

اور طلب کرتے تھے اُس درویش سے
بس دعای خیر سب چھوٹے بڑے

اپنے اپنے مدعا کے واسطے
لوگ اُس سے ہی دعا کرواتے تھے

اور وہ درویش بھی با التجا
اُنکے حق مین مانگتا حق سے دُعا

الغرض اُس دن صبح سے تا بشام
تھا رہا اُس کوہ کے گرد ازدحام

شام کے ہوتے ہی وہ پیر ہُدا
اُٹھ وہان سے غار کے اندر گیا

خلق ساری اپنے اپنے گھر گئی
رہ گیا وان وہ جوانِ اجنبی

۱۴۱ سوچنے جی مین لگا اپنے جوان
مین بھلا ای دل بتا جاؤن کہان

آدمی ہر ایک اپنے گھر گیا
تو کرے گا شہر مین جا کر کے کیا

کر بسر جیون تون یہان اس رات کو
صبح کو پھر دیکھیے جو ہو سو ہو

کہہ کے یہ اور ہاتھ رکھکر زیر سر
پڑ رہا جنگل مین تنہا خاک پر

جب گئی تھوڑی سی رات اُسکے تئین
دل مین اُسکے یہ خیال آیا وہین

کیون پڑا تنہا یہان اے پُر خلل
اُٹھ کے اُس درویش کی خدمت مین چل

گر تجھے کچھ عقل ہے ای ہوشیار
کر تو درویشون کی خدمت اختیار

صحبتِ درویش سے مسرور رہ
اور ساری خلق سے بس دور رہ

حُبِ درویشان کلیدِ جنت ست
دشمنِ ایشان سزای لعنت ست

دوست درویشون کا ہووے جنتی
دشمن اُن کا ہی بلاشک دوزخی

چل کے اُس درویش کی خدمت مین اب
سیکھ کچھ راہِ خدا ای بے ادب

واسطے دُنیا کے کیون اے بیخبر
ٹھوکرین کھاتا پھرے ہی دربدر

کیا ہے حاصل رنج لے جانا تجھے
آخر اک دن یار مر جانا تجھے

آخرت کے کار سے غافل نہ ہو
دولتِ دُنیا پہ تو مائل نہ ہو

دل مین اپنے پختہ کرکے یہ خیال
غار کی جانب چلا گھوڑے کی چال

اعتقادِ دل سے وہ ای نیک پے
جا کے قدمون پر پڑا درویش کے

دیکھکر درویش بولا اے جوان
کیا ترا مطلب ہے کر مجھ سے بیان

عرض کی اُسنے کہ ای پیر ھُدا
ہے مجھے مطلوب اب راہِ خدا

اور مجکو چاہتا ہے کچھ نہین
راہِ حق بتلایئے میرے تئین

یہ کہا درویش نے ای نوجوان
گر یہی منظور ہے تو رہ یہان

میری خدمت مین رہا کر تو سدا
تا ترا مقصود بر لاوے خدا

بے کیے خدمت کوئی پاتا نہین
خدمتی محروم اب جاتا نہین

ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد
۱۴۲ ہر کہ خود را دید او محروم شد

جس نے خدمت کی ہوا مخدوم وہ
کی خودی جسنے رہا محروم وہ

جو مجھے خدمت پسند آئی تری
ایک دم مین تجکو کردون گا ولی

جہل سے اپنے وہ درویشِ غبی
آپ کو سمجھے تھا عالم اور ولی

جہل سے بدتر نہین ہی کوئی شے
جہل کفر و شرک کی بنیاد ہے

جہل سے ہو دل مین نخوت او غرور
رہتا ہی جاہل سدا رحمت سے دور

جہل تن مین اک بلاءِ جان ہی
آدمی جاہل بھی کچھ انسان ہی

ہو سکے جتنا تو رہ جاہل سے دور
جاہلو پر ہو غضب حق کا ضرور

تو بھی ای آمداد اگر ہے ہوشیار
صحبتِ جاہل نہ کرنا اختیار

تیر کے مانند تو جاہل سے بھاگ
جاہلون کی ہو مے صحبت مثل آگ

ہو یہان جاہل سے اکثر کام بد
آخرت مین اُسکا ہو انجام بد

جب تلک زندہ ہے جاہل خوار ہی
عاقبت اُسکا ٹھکانا نار ہے

جہل سے اپنے گدا نے آہ آہ / غیر کو ناحق کیا یا رو تباہ
جہل کا اُسکے کرو نمین گر بیان / قہقہہ مارے ہر اک پیر و جوان
الغرض پھر وہ جوان با صد خوشی / پڑ رہا خدمت مین اُس درویش کی
پاس اُس درویش کے رہنے لگا / اُسکے کہنے پر عمل کرنے لگا
جو کہ فرماتا تھا پیر اُسکے تئین / جان و دل سے جھٹ وہ کرتا تھا وہین
ایک مدت جب گئی اُسکو گذر / پاس اُس درویش کے ای بہر در
ایک دن درویش نے اُسکو اخی / سامنے اپنے بٹھایا با خوشی
ہر طرح کی گفتگو کرنے لگا / اُس جوان سے وہ فقیر بے نوا
۱۴۳ اُس جوان نے خوش جو پایا پیر کو / عرض کی اُسنے کہ ای فرخندہ خو
ہو جو گستاخی مری اسدم معاف / عرض خدمت مین کرون مین صاف صاف
یہ کہا درویش نے اے نوجوان / جو ترا دل چاہے کر مجھسے بیان
عرض کی اُسنے کہ یہ جو آپ کی / آنکھ پر ہے موم کی ٹکیا لگی
اِس کو تم وقتِ وضو او غسل کے / دور کیون کرتے نہین ہو آنکھ سے
دوسرے یہ ناک مین بتّی جو ہے / اسکے رکھنے کا سبب بتلائیے
دونون باتون کا مجھے دیجے جواب / تاکہ ہو موقوف دل کا پیچ و تاب
یہ کہا درویش نے اے یارِ غار / جبکہ کی مین نے فقیری اختیار
یہ کیا تھا عہد مین نے اُس گھڑی / جب تلک باقی ہے جی مین میرے جی
مین کرون گا نفس کے برعکس کار / گو وہ کیسا ہی ذلیل ہوا و خوار
اس سبب سے رات دن مین برملا / برخلافِ نفس کرتا ہون سدا
ناک کی بتّی کا سُن مجھسے سبب / نفس نے اِک بار کی خوشبو طلب
یون کہا اک روز مجھسے نفس نے / عطرِ مجموعہ کا مجھکو چاہیے

مین نے بدلے عطر کے لی ای پسر  گوہ کی بتّی ناک مین اُسدن سے دھر
تا کہ آوے نفس قابو مین تمام  ایسے ایسے اسلیے کرتا ہون کام
اور سُن تو دوسرا مجھسے یہ اب  آنکھ کے اِک بند کرنے کا سبب
بند مین نے آنکھ کو یون کرلیا  حق کی نعمت مین نہ ہو اسراف تا
کیونکہ دو سے دیکھتے ہین جسقدر  ایک سے بھی اُتنا آتا ہے نظر
اسلیے کافی سبہے مجکو ایک بھی  گرچہ مین نے بند کرلی دوسری
بند کی ہے آنکھ مین نے اسقدر  تا کھلے ہرگز نہ یہ پھر عمر بھر
اسقدر ٹکیا جمائی موم کی  حشر تک ہرگز نہ اُترے گی کبھی
سُنکے یہ باتین جوان نے یون کہا  گرچہ مین جاہل ہون ای مرد خدا ١٤٤
عالم و فاضل ہی پر میرا پدر  اُس سے مین اکثر سُنی ہی یہ خبر
غسل کرنے سے جنابت کے کبھی  خشک رہجائے اگر اِک بال بھی
اُس جنابت سے نہ ہوگا پاک وہ  گو کرے نؤبار تن کو شست و شو
کیونکہ دھونا فرض ہی گا جسم سب  گر رہا کچھ خشک پاک ہوتا ہی کب
اور تیرا عضو سارا اے عزیز  خشک رہتا ہی سدا کر لے تمیز
یعنے تیری آنکھ ساری دیکھ لے  خشک رہتی ہی یہ نیچے موم کے
دوسرے یہ ناک مین تیرے اڑی  ایک بتّی گوہ کی جو حد سے سڑی
کسطرح تیری نماز ہووے درست  جب تلک غسل و وضو ہووی نہ چست
اسکے اوپر آپ کو اب ای فقیر  کہتا ہی تو صاف پاک اور بے نظیر
ایسے عملون سے خدا دیوے پناہ  دین و دُنیا جو کرے دونون تباہ
اسطرحکے زہد و تقوی اسے ترے  یہ ترا خادم بہت حیران ہی
سُنکے یہ باتین جوان سے وہ گدا  دل مین کر انصاف و رچپ ہو گیا

لاتوؤن مین رکھکے سر اپنا فقیر | مارے خفت کے ہوا ایسا حقیر
شیر کے آگے ہون جون روباہ پیر | اُس جوان کے سامنے اُسدم فقیر
ایک عرصہ تک تامّل مین رہا | پھر یہ اپنے دل سے اُسنے یون کہا
کر کے تو انصاف ای دل اب ذرا | اِس جوان کو اپنا تو مُرشد بنا
اُٹھ یہان سے کر کے توبہ جلد تر | اس جنابت کو بدن سے دور کر
غسل کامل اور وضو کو چست کر | باندھ پھر حق کی عبادت مین کمر
الغرض نہا دھو کے اُٹھکر بانیاز | کی ادا اُسوقت جو اُس نے نماز
وہ مزہ اور حظ اُسے حاصِل ہوا | جس کا کچھ ہوتا نہین ہے انتہا
وہ تجلّی اُسگھڑی حاصل ہوئی | پہلے اِس سے جو نہ دیکھی تھی کبھی
ہوکے نادم پہلی باتون سے بُلا | اُس جوان کو پاس اپنے یون کہا
علم دین جا کر کے پڑھ تو شہر سے | پھر سکھایا کر یہان آکر مجھے
شرم آتی ہے بُڑھاپے سے مجھے | اسلیے پڑھنے کو کہتا ہون تجھے
اُس جوان نے سُنتے ہی بہت برملا | جو کہا تھا پیر نے وہ ہی کیا
سیکھنے سے علم کے اے بہرہ ور | ہوگیا درویش راہِ راست پر
ہوگیا درویش پھر تو بے خلل | عالم و زاہد ولیِّ بے بدل
ہوگئے جب علم اور زہد ایک جا | جب ہوا مقبولِ درگاہِ خدا
ہونا علم اور زہد آپس مین بہم | رکھ سکے کب رہ مین عزلت کے قدم
علم ہے جو راہ دکھلاوے تجھے | دھووے زنگِ گمرہی دل سے ترے
زہد وہ ہے جو اُکھاڑے بیخ سے | ماسوا دلبر کے دل مین جو ہی شے
جو جو ہے دل مین سوا حق کے بھرا | زندہ وہ شے ہے کرے سبکو فنا
یہ ہوس دل سے ترے باہر کرے | اور دل مین خوف و ڈر ظاہر کرے

ڈرتے ہین حق سے وہ مردانِ خدا — عِلمِ حق جن کو کیا حق نے عطا
اِنَّمَا یَخشیٰ ہے اُنکی شان مین — کہتا ہے حق دیکھ لے قرآن مین
یعنے مجھ سے اب بہت ڈرتے ہین وے — عالم و عامل ہین جو بندے مرے
خشیۃُ اللہ کو نشانِ علم جان — اِنَّمَا یَخشیٰ قرآن مین پڑھ جوان
دل کو علمِ خوف سے آباد کر — جا حدیثِ لَو عَلِمتُم یاد کر
یعنے فرماتے ہین یہ حضرت نبیؐ — جانتا ہون مین جو تم جانو کبھی
ذکر کیا ہنسنے کا بلکہ برملا — روتے روتے غم سے دونالی بہا
ساقیا وہ جام اب مجکو پلا — ٹکڑے ٹکڑے جس سے ہو سینہ مرا
درد و غم سے کرکے پُر اِک جام لا — جلد دے امداد کے منھ سے لگا
تاکہ دردِ یا رجا دل مین سما — درد سے ہو درد اُسکے کی دوا
زاغ علم کانِ بہرِ کاخ و باغ بود — ہمچو مرد دزد را چراغ بود

## اِس داستان مین مذمت اُن علما کی ہی جو مشابہت رکھتے ہین اُمرا کی اور دور رہتے ہین فقر سے

١٤٦

فقر سے ہو علم کو زیب اے پسر — نے ز باغ و ز زاغ و اسپ گاؤ خر
فقر فخری کہتے ہین حضرت نبیؐ — فقر سے ہو زیب و زینت علم کی
علم کی عزت بلاشک فقر ہے — فقر و فاقہ عالمون کا فخر ہے
فقر و فاقہ سے ہے عزت علم کی — حشمتِ دنیا ہی ذلت علم کی
فقر و فاقہ عالمون کا تاج ہے — مومنون کا فقر ہی معراج ہے
مولوی کو یہ گمان لاریب ہی — اُس کو اسبابِ جہان سے زیب ہے
علم کا نقصان ہی حضرت مولوی — حشمت و مال و منال دنیوی
قاقم و خز کب تلک یون پہن کر — ہوگا تو آراستہ ای نامور

اور کب تک مرغ و ماہی سے اَخی　　تو کرے گا زیب و زینت خوان کی
آپ کر انصاف ای صاحب کمال　　ہو میسر کب تجھے یہ از حلال
اسقدر مال و منال ای با ادب　　جز فریب و مکر کے ہو جمع کب
سو مشقت گر کرے ہو ہو نڈھال　　آوے کب کچھ ہاتھ مین مالِ حلال
اُس مین بس اتنا تکلف ہو ضرور　　جَو کی روٹی اور کچھ دالِ مسور
موٹا جھوٹا کپڑا تن ڈھکنے کو ہو　　اِس سے زیادہ ہو نہ پھر تجکو کبھو
اور یہ تیرا اس قدر مال و منال　　جمع ہو کیونکر یہ از وجہِ حلال
مال و مُلک و دولت و باغ و بہا　　مسند و تکیہ و خانۂ زر نگار
۱۴۷ نان و حلوا قند و شکّر قورما　　ہو میسّر بے شبہ کیونکر بھلا
جسکے اوپر آپ کو کہتے ہو وا　　عالم و فاضل ہین ہم با اتقا
علم دین سے یون کرو جھنڈا اکھڑا　　اور کھانا پھرنا ہو اِس طرح کا
ہاتھ مین کچھ مال لا یا شبہ ناک　　تاکہ ہو تو نرم نوش اور خوش خوراک
آخرش تجکو کرے دین سے بَری　　یہ تن آرائی و یہ تن پروری
مال و مُلک و دولت و باغ و چمن　　سب یہ گردن مین پڑینگے طوق بن
ایک لقمہ بھی جو کھاوے شبہ ناک　　خاک کھا اور ڈال تو دانتونپہ خاک
اور یہ لقمہ آخرش ای نیک نام　　زہرِ قاتل ہو ترے حق مین تمام
تجھکو مال و جاہ پر مفتون کرے　　نورِ عرفان دل سے وہ بیرون کرے
تو تو اس لقمہ کو کھاوے بے شبہ　　دین اور ایمان ترا کھاتا ہے یہ
ایسا لقمہ دین کو یون کھاوی سُن　　اندر اندر جس طرح لکڑی کو گھُن
تو بُرائی اور خباثت بد رگی　　شبہ کے لقمہ کو سُن مجھ سے اَخی
یعنے اِک دانہ ہو اگر شبہ ناک　　ق　　اُسکو لیکر حضرت ابراہیم پاک

سیکڑون تعظیم اور عزت سے جا | بووین کعبہ کے حرم مین بر ملا
تخم اُس کا ڈالے اپنے ہاتھ سے | اور گاؤ چرخ سے بونا کرے
اور سیچین آب زمزم سے اُسے | حضرتِ ابراہیمؑ آکر پے بہ پے
اور اُسکے کاٹنے کے واسطے | آرز | آہنِ نو سے اگر داتی سبنے
اور پیسین حضرتِ خیر النساء | حجر اسود سے بنا کر آسیا
اور گوندھین اُسکو حورین جنتی | باخوشی کوثر کے پانی سے اخی
اور خمیر اُسکے پہ پڑھیے بے عدد | فاتحہ یا قُل ہُوَ اللّٰہُ اَحَد
اور جلا دین لاکے حضرت جبرئیلؑ | لکڑیان طوبیٰ کی جھٹ لے قال و قیل
اور پھونکین آگ اُسکی دمبدم | حضرتِ عیسیٰؑ نبیِ محترم ۱۴۸
اور پکا وین حضرتِ مریمؑ اُسے | نوحؑ کے تنور مین ای نیک پے
اور گرچہ تو پڑھے ای ہوشیا | اُسکے ہر لقمہ پہ بسم اللہ ہزار
گرچہ اُسپر ایسے ایسے ہون عمل | پر نہ اُس لقمہ کا کچھ جاوے خلل
باوجود ایسی کراماتون کے یار | وہ خباثت اُسکی ہو پھر آشکار
آخرش خاصیت اُسکی جب کھلے | وہ ہی لقمہ زہر ہو تجکو لگے
راہِ طاعت مین تجھے بیجان کرے | خانۂ دین کو ترے ویران کرے
راہ جنت کی چھڑا کر بے خلاف | راہ دوزخ کی بتا دے تجکو صاف
درد دین کا ہے تجھے اپنے اگر | جلد اسکا کر علاج اے بے خبر
ورنہ ہوگا دین تیرا سب تباہ | کر علاج اس کا ذرہ بھر آگہ
کرکے محنت اور مشقت با کمال | جاکے پیدا کر تو کچھ قوتِ حلال
اس ہوا و حرص سے تو در گذر | کر قناعت پیشہ مت پھر در بدر
جو نہ ہووے جامۂ اطلس تجھے | تن کے ڈھنکنے کو ہی کملی بس تجھے

ہو نہ گر کمخاب و مخمل گلبدن — اک گزی کافی ہے ڈھکنے کو بدن
نان و حلوا قورمہ زردا پلاؤ — اور بریانی متنجن نان پاؤ
ہون نہ یہ کھانے اگر باقند و مشک — تجکو کافی ہے پیاز و نان خشک
سونے چاندی کے نہ ہون برتن اگر — مٹی کی صحنک بھی کافی ہو مگر
اور نہ ہووے گر پیالہ زرناب — کف سے پی سکتا ہے اپنے یار آب
اور سنہرے آبخورے گر نہ ہون — پی سکے ہے یار پانی چلوؤن
اور نہ ہووین اسپ گر زرین لجام — پا پیادہ چل سکے ہے چند گام
گھوڑا ہاتھی اونٹ خچر جو نہو — چل سکے ہے پا پیادہ یار تو
۱۴۶ جو نہ ہووے دورباش از پیش و پس — دورباش نفرت خلق از تو بس
یعنی گر ہووین نہ تیرے باوقار — آگے اور پیچھے نقیب اور چوبدار
اس سے بہتر ہے کہے تجکو ضرور — سارا عالم ہر طرف سے دور دور
اور نہ ہون گر خانہاے زرنگار — کر سکے ہے زندگی در کنج غار
ہو نہ گر دالان کوٹھا کوٹھڑی — رہنے کو کافی ہے جس کی جھوپڑی
اور نہ ہووین فرش گر ابریشمین — بوریے کہنہ پہ ہو گوشہ نشین
مخمل و دیبا کا تکیہ گر نہ ہو — رکھ کے پتھر سر کے نیچے یار سو
واسطے ڈاڑھی کے گر کنگھی نہ ہو — انگلیون سے کنگھی کر سکتا ہے تو
اس جہان مین ہے تو چند اک روز کو — بن کے پھل سے کر بسر اوقات کو
الغرض جس چیز کا چاہے یہان — ہو سکے ہے اس کا بدلہ بیگمان
جس کا چاہے تو جہانمین ہو عوض — تجکو حاصل اسکا بدلہ ہو غرض
اور جہان مین بے عوض ہے جان تو — قدر اپنی عمر کی پہچان تو
عمر کا بدلہ نہ ہو سکتا ہے یار — اسکو ہاتھون سے نہ کھوئی ہوشیار

ساقیا بہر خدا وہ جام دے | چھوٹ کر حرص و ہوا کی قید سے
تا کرے امداد جا کر بے محن | یار کے کوچہ مین قربان جان و تن

## بیان چیزون مختصر متفرق کا اور بیچ اشارہ قولہ تعالی کے إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَذْبَحُوا الْبَقَرَةَ انصاف اور اخلاص کیساتھ

خرچ جان اپنی کرو اے عاشقو | دوستی مین اپنی گر تم راست ہو
جو کوئی اس راہ سے آگاہ ہی | تن کو جانے ہی کہ سنگ راہ ہی
ٹھوکرین کھاتا ہی سب کی وہ سدا | جو کوئی اس راہ سے واقف ہوا
گیند دولت کا وہ آخر لے گیا | جان دی جس نے بپاے دلربا
دو جہان سے اسنے بازی جیت لی | یار کے قدمون پہ جس نے جان دی
گر حیات اور عیش خوش چاہے ہی یار | گاو نفس اپنے کو تو اول تو مار
گر جوانی مین نثار دوست جان | جا عَوَانٌ بَيْنَ ذٰلِكَ پڑھ جوان
یعنے بچہ یا کہ بوڑھی گائے ہو | اسکی قربانی نہ ہووے جان تو
گر جوانی مین تو قربان آپ کو | یار کے قدمون پہ جو کچھ ہو سو ہو
جو ہوا بوڑھا گران جانی نہ کر | بوڑھے بکرے کی تو قربانی نہ کر
سب ہوے برباد ایام شباب | پھر دین کچھ بھی نہ لی تو نے شتاب
دن جوانی کے ہوے آخر تمام | کچھ کیا حق کے لیے تو نے نہ کام
گذرا اس پنجاہ سے اور اک سجود | بنے کیا تا کام آوے لے جھود
ساٹھ سے بھی عمر زیادہ ہو گئی | کام کی جو بات تھی ہرگز نہ کی
عمر تیری کام کی گذری ہے آ | ایک بھی سجدہ نہ تو نے کر لیا
تا کہ کام آتا وہ تیرے یوم دین | وہ کیا ہرگز نہ تو نے اے لعین

اب بھی تو ای عندلیبِ کہنہ سال / کر شروع آہ و فغان چھیڑے بنال
جو کیا نالہ نہ در فصلِ بہار / کر ادا اُس کو خزان مین زینہار
اب بھی تو بہرِ خدا اے بے خبر / اِس بُڑھاپے کو غنیمت جان کر
عجز سے رو کر خدا کے روبرو / توبہ و استغفار کر ہر لحظہ تو
جو جوانی مین کیا تو نے نہ کام / کر ادا اُس کو بُڑھاپے مین تمام
تا کہ تو جانے زیان کا سود یار / تھے گنہ تو نقد اور توبہ اُدھار
غرق دریاے گناہی تا بکے / و ز معاصی رو سیاہی تا بکے
غرق دریا مین گناہون کے بھلا / تو رہیگا کب تلک مجکو بتا
اور بدیون سے تو اپنی رو سیاہ / کب تلک رکھے گا ای حالِ تباہ ۱۵۱
گوشِ جان سے پنبۂ غفلت نکال / جدِ امجد کا تو سُن پھر مجھ سے حال
حضرتِ آدمؑ کہ دادا سب کے تھے / اور خلیفہ تھے خدا کے جان لے
اور فرشتون نے اُنھین سجدہ کیا / دی خدا نے رہنے کو جنت مین جا
اِک گنہ کرتے ہی سُن اُنکو کہا / مذنبی مذنب نکل بیان سے جا
تو طمع رکھتا ہی با چندین گناہ / داخلِ جنت ہو تو ای روسیاہ
اِک گنہ کے ساتھ آدمؑ کو نکال / حق نے جنت سے دیا پھر دور ڈال
جو کرے صد ہا گنہ شام و سحر / کسطرح جنت مین ہو اُسکا گذر
حد سے گذرا انتظار اب ساقیا / کر مدد یہ وقت ہی امداد کا
عمر گذری ہجر مین جلتے ہوے / اب تو مت محروم رکھ دیدار سے

## اس داستان مین بیان ہی مُراد قولِ نبی صلعم کی حُبُّ الوطن من الایمان کہ کیا غرض ہے اُس سے

قید مین عصیان کی جو قید ہین / سرِّ غیبی سے وہ نا امید ہین

جو گنا ہون کے پڑے ہین جال ہین — یار کے دیدار سے محروم ہین
تن بدن کو پالتے ہین جو کوئی — قید مین ہین نفس اور شیطان کی
لذتِ تن مین پڑے ہین جو کہ بد — اُن کی گردن مین ہی حَبْلٌ مِّن مَّسَد
بند تن کو توڑ زندان سے نکل — یار کے کوچہ کو اُٹھکر جلد چل
اُٹھ توجہ کر سوے مُلکِ نعیم — یاد کر اوطان اور عہدِ قدیم
اُٹھ کہین بہرِ خدا اٹک سوچ تو — یار کے کوچہ کو اور اُس عہد کو
یار کی تجکو محبت ہے اگر — راہ لے کوچہ کی اُسکے جلد تر
ظاہر اور باطن یہ علم ای نیک تن — کہتے ہین ایمان سے ہی حُبِّ وطن ۱۵۲
یہ وطن ہند و عراق و شام کے — وہ وطن ہی اور جس کا نام نے
یہ وطن دنیا کے ہین سب ای اخی — کب کرے تعریف دنیا کی نبی
دوستی دنیا کی سر ہے ہر خطا — ہو خطا سے کب تجھے ایمان عطا
ترک دنیا کو کرے ہی یار جو — دو جہان کا ہوتا ہے سردار وہ
چھوڑ کر دنیا کو جاتا ہے وہ یار — اُس وطن کو نفس پر ہو کر سوار
نیک طالع ہین وہی ای نیک تن — جنکو رغبت ہے سوے اصلی وطن
ہین سعادت مند جو سب چھوڑ کر — رکھتے ہین وہ راہِ اصلی پر نظر
اس وطن مین ہی تجھے جان اک سفر — جون مسافر چاہیے کرنا گذر
دیکھکر اس راہ کی باغ و بہار — کر لیا تو نے وطن ہی اختیار
شہرِ تن مین اسقدر تو آ پھنسا — اُس وطن کو کر دیا دل سے جدا
اس وطن مین ہی جو یہ خود بوطن — تو پڑا کب تک رہیگا خستہ تن
موڑ منہ او تن سے جان کو شاد کر — اپنا تو اصلی وطن آباد کر
چھوڑ کر اصلی وطن اپنا بھلا — کوئی ویرانہ مین ہنسا ہی پڑا

ہے یہ دُنیا خانۂ ویران یار — اس کو نادان ہی کرے ہے اختیار
ہے یہ ویرانہ سمجھ اور غور کر — اُلوؤن اور چُغدون کے رہنے کا گھر
ہے یہ جنت واسطے کفار کے — ظالم و فساق و بداطوار کے
اور مومن کو ہے زندان یہ جہان — عیش اور آرام زندان مین کہان
فکر کر ایسی کوئی اے بے خبر — تا کہ تو اس قید سے ہووے بدر
آشیانہ ہے ترا عرشِ برین — تو پڑا ہے قید مین اندر زمین
چھوڑ کر کے اپنا خانۂ زرنگار — اس نجاست پر ہے تو مفتون یار
کیون خراب آباد مین ہے تو پڑا — دیکھ چل گلزار کی آب و ہوا
کب تلک ای شاہبازِ پُر فتوح — تو رہیگا دور از اقلیمِ روح ۱۵۳
حیف ہے صد حیف ای صاحب ہنر — ایسے ویرانے مین کھوئے بال و پر
کب تلک ای ہُدہُدِ شہرِ سبا — تو رہیگا اس سفر مین بستہ پا
کر کے کوشش بند پا سے دور کر — اور اُڑا تو آپ کو پھر عرش پر
کیون پڑا خاکی کنوین مین سر کے بل — گر تو یوسف ہے کوئین سے آنکل
تا عزیزِ مصرِ ربّانی ہو تو — جسم سے چھوٹے تو روحانی ہو تو
اس نجاست پر یہ سبزہ دیکھکر — ہو گیا مفتون تو اے خیرہ سر
ایک دانہ کے لیے ای زشت خو — جال مین تو نے پھنسایا آپ کو
واسطے تصویرِ بیجان کے میان — آپ کو رسوا کیا اندر جہان
بھر رہے ہے دل مین خیالاتِ جہان — ذکر و فکرِ حق بھلا اسمین کہان
لوحِ دل سے سب خیالا تونکو دھو — جان سے اک یار پر مفتون ہو
یار ہرجائی نہ بن اے بیوفا — خالصًا اک دلربا سے دل لگا
جب نہ تجکو ہو پسند ہرجائی یار — کیون نہ ہو بیزار اُس سے کردگار

ایک سو ہو کر یہ سُن مجھ سے مثال | تا کہ ہو معلوم تجکو سب یہ حال

## حکایت بسبیل تمثیل کے لکھی گئی

تھی اِک عورت خوبصورت نازنین | سیم تن نازک بدن اورمہ جبین
زلف ورخسار ولب اُسکے رشکِ حور | جس کی الفت مین دل اِک عالم کا چور
ایک دن با ناز و با صد کرّ و فر | ایک کوچہ مین ہوا اُس کا گذر
اتفاقاً سوختہ دل اِک جوان | دیکھ اُس کو ہوگیا عاشق بجان
اُس پری کا دیکھکر حُسن و جمال | ہوگیا وہ مثلِ تصویرِ خیال
اُڑ گئے سب ہوش اور صبر و قرار | ہوگیا کُل محو اندر روی یار
اُس کو یون مجنون و شیدا دیکھکر | عشق کا اُسکے ہوا زن پر اثر
۱۵۴ یون کہا زن نے اُسے ای سادہ رو | حال اپنے کو بیان کر مجھ سے تو
کیون کھڑا ہی کس کا تجکو دھیان ہے | کسلیے آئینہ سان حیران ہے
جا یہان سے دیکھ اپنا کام کر | کیون بلا مین پڑتا ہی ای خیرہ سر
اُس جوان نے یون کہا جانِ جہان | چھوڑ تجکو اب بھلا جاؤن کہان
عشق تیرا لے گیا اے میری جان | ہوش و عقل و صبر اور تاب و توان
عشق نے تیرے مجھے بیخود کیا | کام مجکو کچھ نہین اب تجھ سوا
یہ کہا زن نے اُسے ای بیخبر | ہے مِری ہمشیرہ مجھ سے خوب تر
حُسن مین بہتر ہے مجھ سے لاکھ بار | جسپہ ہین شمس و قمر دونون نثار
دیکھ اُسے ہٹکر ذرہ ای سادہ رُو | آتی ہے پیچھے مِرے وہ ماہرو
سُن کے یہ اور چھوڑ کر اُسکو وہ خام | ہٹ کے پیچھے کو چلا چند ایک گام
جب لگا جانے تو زن نے دوڑ کر | ڈھول اِک سر پر لگائی جلد تر
اِک طمانچہ اُسکے منھ پر مار کر | یہ لگی کہنے اُسے اے خیرہ سر

ق تیری صورت پر اگر عاشق ہے تو | اپنے اس دعوی مین جو صادق ہے تو
غیر پر کیون کی نظر میرے سوا | ہے یہ دعوی عشق کا اے بے حیا
کرتا ہے دعوی تو میرے عشق کا | غیر کو یون دل مین پھر دیتا ہے جا
کیا یہی ہو ہے وفای عاشقان | غیر پر مائل ہو ظاہر یا نہان
جو کہ ڈالے غیر پر اپنی نظر | ہے حقیقت مین وہ مشرک سر بسر
عاشقِ حق ہو کے دیکھے غیر کو | کعبہ مین چاہے بنانا دیر کو
رکھتا ہے دلبر تو دل غ حُبِّ غیر | اور چاہے کوچہ دلبر کی سیر
غیر کو نظرون سے تو اپنے نکال | چشم دل سے دیکھ پھر حق کا جمال
دوسرا ہے کون یان حق کے سوا | کسلیے احول بنا ہے بے حیا
جو سوا حق کے ہے دے سب کو جلا | ایک دلبر سے تو اپنا دل لگا
جز وجودِ مطلق اور ہستی پاک | دھیان مین تیرے جو آوے سب ہے خاک
وہ تو کہان اور مین کہان عالم کہان | ہے یہ اک نورِ منزّہ اے جوان
اوّل و آخر نہان و آشکار | ایک ہے خورشید اور ذرّہ ہزار
ہے ہزارون آئینہ مین جلوہ گر | ایک صورت جان لے اے بیخبر
ہے ہزارون آئینون مین اک جمال | اس تکثر سے ہے حیران عقل حال
ہے کہان سے کثرتِ آئینہ جان | ہین سب اسما و صفات اے نکتہ دان
اس سے زیادہ کہہ نہین سکتا ہون اب | قیدِ وحدت سے ہوے ہین بند لب
اِس شکر نے بند لبون کو کر دیا | گفتگو کی قید سے دل چھوٹ گیا
ساقیا اس دشتِ وحشت سے چھوڑا | یار کے کوچہ کا دے رستہ بتا
جامِ وحدت دے کے ساقی جلد تر | ماسوا کی قید سے آزاد کر
تا کہ مین سب چھوڑ کر کے بندِ تن | بحرِ دردِ عشق مین ہون غوطہ زن

١٥٥

## اس مین بیان ہی بلاؤن اور محنتون کا حال جو عشق کی راہ مین ہین اگرچہ بھاری ہین لیکن سبک اور ہلکی ہین عاشقون پر بلکہ بڑی راحتین اور چین ہے اوپر عاشق آزاد کے

ہین طریق عشق مین صد ہا بلا
ای دلِ غمگین غم مین مُبتلا

عشق کے رستہ مین لاکھون ہین الم
آفت و درد و بلا و رنج و غم

محنت و خواری و ذلت اور حذر
انتظاری بیقراری درد سر

کھانا اور پینا نہ سونا ہی وہان
ہان مگر اک نالہ و آہ و فغان

۱۵۶ نے عزیز و نے قریب و نے شفیق
نے کوئی غمخوار اُن کا نے رفیق

ہوتے ہین ہمراہ عاشق کے مگر
آہ سرد و رنگ زرد و چشم تر

لیک عاشق ماہرانِ عشق ہین
ہین وہ خوش ہردم بلا و رنج مین

عشق کے وہ آزمودہ کار ہین
بادشاہ باطن مین ظاہر خوار ہین
شبہہ

جان بازی مین ہین پختہ پر نہ خام
بود سے اپنے ہین بے خود لا کلام

تو بھی ای امداد اپنے سے نکل
ہو کے بیخود کوچۂ دلبر کو چل

خار و خس کو غیرت کی آگ دے
با فراغِ دل تو تنہا راہ لے

سُن نہ ہونے مین ترے کب ہے بُرا
مت ہو تو اُس مین تجھے ہی فائدہ

ڈھونڈھ مت اندر خودی کی بہتری
بہتری ہی بیخودی مین ای اخی

راہ مین فقر و فنا کے سہل ہے
جسم و جان کو پہنچے غم گر پے بہ پے

رنج و غم ہوتا ہی فرحت اور خوشی
جب کہ حاصل ہو گئے مقصود دلی

بکریون کا دیکھ گلہ جس طرح
بھیڑیا ہوتا ہی خوش اور با فرح

بکریون کے پاؤن کی گرد و غبار
بھیڑیے کی آنکھ مین باغ و بہار

ہی اسی صورت سے حال عاشقان
سو بلا و درد و غم مین بیگمان

اُن کو حاصل یان جمالِ یار ہی
گرچہ تن اُن کا مثالِ خار ہے

عشق کی رہ مین ہو کب آسودگی
سر بسر ہے درد و غم آلودگی

عیش و عشرت جب تلک چھوڑے نہ تو
ق
غیرِ حق سے اور مُنہ موڑے نہ تو

ہو نہ جب تک تجھپہ آسایش حرام
رکھ سکے کب عشق کے رستہ مین گام

کب بھلا حاصل تجھے ہو راہِ عشق
مبتلا ہے تو تو اندر جور و فسق

غیر ناکامی کے اِس جا کام نے
عشق کی رہ ہے رہِ حمام نے

توشہ ہے اس راہ مین تقوی ترا
نان و حلوا طاق مین رکھا ای فتا

نان و حلوا کیا ہی تیرا جاہ و مال
باغ و راغ و حشمت و اقبال حال ۱۵۷

نان و حلوا کیا ہی یہ فرزند و زن
تیری گردن مین پڑے جون طوقِ تن

نان و حلوا کیا ہی فکرِ نام و ننگ
جس کی خاطر ہی یہ ساری صلح و جنگ

نان و حلوا کیا ہی یہ باغ و بہار
مسند و تکیہ و خانہ زرنگار

نان و حلوا کیا ہی یہ طولِ امل
اور فریبِ نفس و علمِ بیعمل

نان و حلوا کیا ہی سُن ای بدقماش
یہ سعی تیری ہی از بہرِ معاش

واسطے دنیاے دون کے ہوشیار
زیرِ منت ہوگا کس کس کے تو یار

بے بقا کے واسطے ای خود پسند
ہوگا کس کس کا تو یان احسانمند

عیش اور آرام تیرا اے جوان
لیگیا یک لخت یہ حلوا و نان

تجھکو یہ صبر و توکل سے چھڑا
در بدر رسوا پھراتا ہے سدا

دھو دیا لوحِ توکل سے سبھی
نام تیرا جان ای مردِ غبی

گوشۂ صبر و توکل چھوڑ کر
کیون پھرے سر مارتا ادھر اُدھر

کان مین تیرے پڑا بھی ہے لیئم
حرفِ اَلرِّزقُ عَلیٰ رَبٍّ کَرِیم

| | |
|---|---|
| یعنے ہی رزّاق وہ پروردگار | رزق سب کو دیہی وہ لیل و نہار |
| رزق دیے ہی وہ تجھے شام و سحر | پھر پھرے ہی کیلیے تو در بدر |
| جا قناعت پیشہ کر ای بے خبر | صبر کے گوشہ مین اب تو بیٹھکر |
| گھر کے کُتّے ہی کو جا مُرشد بنا | تاکہ دے تجکو دکھا راہِ ھُدا |

## اس مین بیان اُس عابد کا ہی کہ دینا کو ترک کرکے پہاڑ کے غار مین بیٹھا تھا اور آزمانا اللہ تعالی کا اُسکو امتحاناً اور نصیحت لینی اُسکو ایک کُتّے سے

| | |
|---|---|
| کوہ لبنان مین تھا اک عابد مُقیم | غار مین جسطرح اصحاب الرّقیم |
| چھوڑ کر ظاہر کی ساری چق و بق | ۱۵۸ غار مین بیٹھا کرے تھا یادِ حق |
| دن کو رہتا تھا ہمیشہ روزہ دار | رات کو کرتا عبادت بیشمار |
| قدرتِ حق سے اُسے اک وقت پر | نان و حلوا پہنچتا اے نامور |
| آدھا اُس سے رات کو کھاتا تھا وہ | اور سحر. وہ نوش کرتا نصف کو |
| الغرض وہ رات دن مردِ خدا | یاد مین اللہ کی مشغول تھا |
| یون بسر اوقات کرتا تھا گدا | فکر کھانے پینے کا اُسکو نہ تھا |
| نان و حلوا دیتا تھا اُس کو خدا | بے مشقت اور بے محنت سدا |
| آخرش اک روز بہرِ امتحان | ہوگیا موقوف وہ حلوا و نان |
| انتظاری کی نہ آیا پر طعام | وہ ہوا زار و نحیف ای نیکنام |
| جب نہ آیا شام سے لے تا سحر | سیکڑون آنے لگے دل مین خطر |
| بھول سب جاتا رہا صوم و صلوٰۃ | فکر کھانے مین رہا وہ ساری رات |
| اور نہ کی اُسنے عبادت کچھ ادا | اور نہ سویا رات کو وہ مطلقا |
| الغرض کی رات تو جیون تون بسر | ہوگیا اِستنے مین ہنگام سحر |

آخرش اُٹھکر وہ با صد اضطراب　　غار سے باہر نکل آیا شتاب
کوہ پر ہو کر کھڑا وہ بے خطر　　اور لگا پھر دیکھنے ایدھر اُدھر
جب کہ چارون طرف کی اُسنے نظر　　دور سے قریہ اُسے آیا نظر
کوہ سے نیچے اُتر کر وہ اخی　　گاؤن کے اندر گیا با صد خوشی
سن تو اُس قریہ مین ہتے تھے تمام　　گبر اور قومِ نصارا لا کلام
عابد اک کافر کے در پر ہو کھڑا　　یہ کہا کچھ دو مجھے بہرِ خدا
گبر نے دو روٹی اُس عابد کو دی　　لیکے اُس کو وہ چلا با صد خوشی
اور کیا عابد نے پھر قصدِ مکان　　تا کہ کرے افطار روزہ اُس سے وان
گاؤن سے باہر نکل کر وہ جوان　　غار کی جانب ہوا جسدم روان
ایک کُتا گبر کے دروازے پر　　رہتا تھا مدت سے اک نیکو سیر ۱۵۹
بھوک کے مارے یہ تھا احوالِ سگ　　رہ گئے تھے استخوان اور پوست و رگ
گرچہ آگے اُسکے کوئی جو کبھی　　کھینچتا گر گِردہ پرکار بھی
تو وہ کُتا روٹی اُس کو جان کر　　جان دیتا تھا وہ اُسپر بے خطر
جو زبان پر آتا تھا لفظِ خبر　　وہ سمجھ کر خبز دے تھا اُسپہ سر
کُتا بو پا کر کے عابد کی ذرا　　دوڑ کر جھٹ اُسکے وہ پیچھے پڑا
جب لگا عابد کو پہنچانے ضرر　　ایک روٹی خوف سے دی جلد تر
ایک روٹی بچ رہی تھی اُس سے جو　　لیکے اُسکو دوڑا وہ مردِ نکو
کُتا جب اِس سے فراغت پا چکا　　دوڑ کر عابد کا پھر پیچھا لیا
دوسری روٹی جو اُسکے پاس تھی　　تنگ ہو کر اُسنے وہ بھی ڈالدی
دے کے اُس کو پھر ہوا عابد روان　　اُسکی ایذا سے کہ تا پاوے امان
دوسری روٹی بھی جب وہ کھا چکا　　جھڑ جھڑا کر کان پھر پیچھے پڑا

پیچھے اُسکے مثلِ سایہ وہ چلا
ہو کے عاجز اُس سے عابد نے کہا
تیرے مالک نے ۲ دو روٹی کے سوا
سو وہ دونون تجکو اب مین دیچکا
اور کیا چاہے ہی مجھ سے ای پلید
قدرتِ حق سے وہ کُتّا ناگہان
یہ لگا کہنے کہ اے مردِ خدا
بچپنے سے اب تلک ای ناموَر
گھر کا اُسکے بن رہا ہون داربان
گاہ تو دیتا ہی مجھکو پارہ نان
اور گاہے بھول جاتا ہے مجھے
گذرے ہین مجھپر بہت شام و سحر
گاہ ہوتا ہے کہ پیرِ کبر کو
ہفتہ ہفتہ گذرے ہین یہ ناتوان
پرورش پائی جو مین اُس در اوپر
گرچہ صد ہا رنج اب سہتا ہون مین
اُسکی نعمت کا کبھی کرتا ہون شکر
کھیلتا ہون عشق کی بازی سدا
الغرض یہ عاصی اُسکے در سوا
او سجھے جو ایک دن ای نوجوان
پس بنای صبر مین آئی شکست

بھونکتا اور کپڑے اُسکے پھاڑتا
مین نہین دیکھا ہی تجھ سا بیحیا
کچھ نہین مجکو دیا اے بےحیا
پھر کیون ہی گرد تو مجکو بتا
کیا حیا تجکو نہین ہے ای مُرید
گفتگو کرنے لگا جون مردمان
غور کرٹک مین نہین ہون بیحیا
رہتا ہون اُس گھر کے دروازہ اوپر
بکریون کا اُسکے ہون مین پاسبان
اور گاہے دے ہی مشتِ استخوان ۱۶۰
کچھ نہین اُسدن کھلاتا ہی مجھے
روٹی ہڈی کچھ نہین آتی نظر
نے میسر آب کو نے مجکو ہو
خشک ٹکڑے کا نپایا کچھ نشان
اور کے در پر نہین کرتا گذر
در پر اُسکے پڑا رہتا ہون مین
صبر سے رہتا ہی گاہے مجکو شکر
ساتھ اُسکے مین بصد رنج و عنا
اور کے در کو نہین پہچانتا
نے ملا تقدیر سے حلوا و نان
غیر کے در پر گیا اسنے خود پرست

اپنے اُس رزاق کا در چھوڑ کر
گبر کے در پر تو آیا دوڑ کر

کچھ نہ کی رزاق پر اپنے نظر
مانگنے آیا تو اِک کافر کے گھر

واسطے روٹی کے اپنے دوست کو
چھوڑ کر آیا تو یان ای نیک خو

اور دشمن اُسکے سے کی دوستی
کچھ حیا تجھکو نہ آئی اے اخی

اب ذرہ منصف ہو ای مردِ خدا
بے حیا تو ہے کہ یا مین ہون بتا

سُن کے یہ عابد گرا مدہوش ہو
پیٹ کر سر ہو گیا بے ہوش وہ

اے سگِ ملعون نفس آمداد کی
یہ نصیحت گبر کے کُتّے نے کی

صبر کا در بھی اگر تجھپر کھُلے
گبر کے کُتّے سے کمتر پھر تو ہے

ساقیا میری خبر لے جلد آ ۱۶۱
نفس اور شیطان کے ہاتھون سے بچا

نفس و شیطان نے کیا مجکو اسیر
ہو کہین بہرِ خدا تو دستگیر

## اِس مین مذمت ریاکارون اور مکّارونکی کہ بڑا لشکر شیطان کا ہے

کیا ہے دنیا جان ای مردِ غبی
واسطے زر کے بنے تو متقی

شانہ و مسواک و تسبیح و ریا
جُبّہ و دستار و قلبِ بے صفا

زہد کا دعوی ہو تجکو بے شمار
جاہ و عزت کیلیے اے نابکار

لے بنا تقوی کی صورت بنظیر
تا کرین تعظیم سب شاہ و وزیر

ہے گمان تجکو کہ ایسے مکر سے
سارے عالم کو مطیع اپنا کرے

ہے توقع تجکو اے مردِ غبی
تا کہ اس جھوٹی فقیری سے تری

ق

معتقد ہو کر کے سب اہلِ جہان
لائین نذرین پاس تیرے بیگمان

یہ نہین معلوم تجکو ای عزیز
ہین جہان مین سیکڑون اہلِ تمیز

ہین بہت عالم مین عاقل نکتہ دان
جانتے ہین سب کی خوبی و زیان

یہ جو کرتا ہے فریب و مکر تو
اس سے وہ واقف ہین بیشک مو بمو

پر یقین ہی تجکو اب بیشک یہی | حال سے میرے نہین واقف کوئی
اپنی خود بینی سے تو ہی مارتا | لافِ تقوی اور عدالت کی سدا
فکر مین ہر دم ہی تو اِس بات کی | جسکے یان کی عزت اور دولت ملی
کار تیرا سربسر لیل و نہار | کرتا ہی تحصیلِ جاہ و اعتبار
واسطے زر کے بنٹے اے نابکار | بنا | متقی و عاقل و پرہیزگار
نان و حلوے کیلیے تونے لعین | کھو یا ہی ہاتھ سے اسلام و دین
جاہ و عزت کیلیے اے بے خبر | دین و ایمان سے پڑا تو دور تر
دین دیا تونے لیا نانِ حرام | مکر و حیلہ بہرِ تسخیرِ حرام
مال کھاتا شاہون کا با مکر و شید | چھوڑی غیبت سے نہ تیری عمرو زید
لے فریب و مکر سے شاہونکا مال | ہر طرح سے پھر اُسے سمجھے حلال
پھر یہ تقوی اور عدالت باوجود | ایسے وصفون کے ہی قائم ای جہود
ہی ہمیشہ برقرار اور پائدار | یہ عدالت اور تقوے نابکار
سنگ و آہن سے بھی یہ مضبوط ہی | جو نہین نقصان کسی شی سے اُسے ۱۶۲
کچھ نہین نقصان فریب و مکر سے | اس عدالت اور تقوی کو ترے
نے خلل اُس کو کسی شے سے عزیز | جون وضوی محکمِ بی بی تمیز

## حکایت تمثیل

حال اُس عورت کا سُن ٹک ای عزیز | جو کہ تو رکھتا ہے کچھ عقل و تمیز
شہر ہرا مین تھی سُن اِک بیوہ زن | کہنہ رند و حیلہ ساز و پرفتن
نام اُس عورت کا تھا ای ہوشیار | کہتے ہین بی بی تمیزہ ہوشیار
بس عبادت سے اُسے لیل و نہا | تھی سدا رغبت بہت ای نامدار
صبح سے لیکر کے تا وقت عشا | باوضو رہتی تھی ای مرد خدا

بعد عشا کے صبح تک وہ بے شعور    رات بھر کرتی زنا فسق و فجور
ایکدم بھر مرد بن رہتی نہ تھی    گرچہ بھر جوڑھا چمار ہووے کوئی
آتا جو اُس بے حیا کے پاس یار    آگے اُسکے پڑتی تھی دامن پسار
بے نماز شام سے تا بامداد    نامرادون کو سدا دیتی مراد
اور نہ خالی ہوتی تھی اُسکی ذات    ایک دم بھر بے قلم سے نیک ذات
جو کوئی لاتا مراد اپنی وہان    جھٹ رقم کرتی وہ اُسپر بیگمان
رند اور اوباش کے مقصود کو    خوب بر لاتی تھی وہ اے خوبرو
اُسکی چکلی شیخ کے مانند یار    پھرتی ہی رہتی سدا لیل و نہار
اور اسی حالت مین پھر وہ نابکار    کرتی تھی حق کی عبادت بیشمار ۱۶۳
جس کسی کے نیچے سے اُٹھتی نماز    ہوتی تھی فی الحال مشغولِ نماز
بے وضو بے غسل بے نیت سدا    خوب کرتی تھی رکوع سجدہ ادا
اُسکے اوپر کہتی تھی وہ بدگہر    با وضو رہتی ہون مین آٹھون پہر
ایسی بدذاتی سے پھر وہ بے حیا    آپ کو کہتی تھی مین ہون پارسا
ایک دن اک رند نے اُس سے کہا    کیا کہون مجکو تعجب ہے بڑا
اسطرح کے کار سے تیرے مجھے    حیرت آتی ہو بہت اے نیک پے
باوجود ایسی جنابت کے سدا    خوب رہتا ہو وضو تیرا بجا
نیت اور آداب یہ محکم وضو    کر بیان کچھ حال اسکا مجھ سے تو
یہ وضو تیرا اُسن اے نیکو سیر    سنگ رُوئین سے بھی ہی مضبوط تر
بلکہ ہی سدِ سکندر سے دوچند    جو کسی شے سے نہین سکو گزند
ہے مثال ایسی ہی تقوی کی ترے    ہر طرح کے کار سے قائم ہے
جسطرح فی ذی تیزہ کا وضو    سو جنابت سے نہ ٹوٹے تھا کبھو

یون ہی تقویٰ اور عدالت تیر یار — سو فریب و مکر سے ہی پائدار
ہی خدا کی مار ایسے شخص پر — بے حیا بے شرم جو ہوا اسقدر
ساقیا آحد سے گذرا انتظار — جام دے وہ جس سے ہو سینہ فگار
کرکے تا ناموس کے دامن کو چاک — آتش دل سے مین ڈالون سر پہ خاک

## اس مین مذمت اُن درس کہنے والون کی ہی کہ مقصد اُن کا محض ظاہر کرنا فضل و علم اور بزرگی اپنی کا اور دھوکا دینا ہی خلقت کو

کیا ہی دُنیا جان تو اے خودپسند — مکر و حیلہ کا ترے یہ وعظ و پند
درس تیرا اسیلیے ہی صبح و شام — تا کہ ہو مشہور علم اور فضل تام
بہر اظہار فضیلت اور عمل — آپ کو ڈالے ہی تو اندر خلل
تو یہ کرتا اب جو وعظ و پند ہی — خلق مین مشہور ہونے کے لیے ١٦٤
علم و فضل اپنا جتانے کے لیے — تنو خرابی اور بلا مین تو پڑے
ہر طرح اپنا جتا فضل و کمال — مرد و زن کے واسطے ڈالے ہی جال
تا کہ ہون تابع ترے کچھ عام مین — تنو فریبون سے تو لایا دام مین
جاہل و نادان و بے عقل و شعور — جال مین تیرے پڑے ای پُرغرور
معتقد تیرے ہوے وے پر ضرور — کون شوی کا نہین جن کو شعور
جاہلون مین بیٹھ کر بن بن سدا — علم و فضل اپنا جتایا خوب سا
خوب سی تقریر کو دے کر کے زیب — جاہلون ناواقفون کو دے فریب
دوسرے کو تو نصیحت ہو مدام — اور ہووے خود نصیحت لا کلام
راہ جنت کا بتاوے اور کو — آپ لے دوزخ کی رہ بے گفتگو
رہ بتاوے اور کو گلزار کی — اور لیوے آپ رستہ نار کی

شہد و شربت اور کو دے ہی پلا — آپ پیتا ہی پیالہ زہر کا
کرتا ہی اورون کو سیدھی راہ پر — اور ہووے آپ گمرہ جان کر
بھیجتا ہے اور کو گلزار مین — آپ کو ڈالے ہی تنہا غار مین
ہے یہ سب اسواسطے ای پُرخلل — لوگ جانین تا ترا علم و عمل
خوب ہی شیخی جتاتا کھول کر — مکر اندر مکر لکھا ہے ہنر
پر اصول و فرع تیرے ای اخی — محکم ان دو سے نہین ہی ایک بھی
کچھ حیا بھی تجھکو آتی ہے بتا — حق تعالی اور پیمبر سے بھلا
جان اس رہ مین ترا کیا غول ہے — یہ ریائی درس نا معقول ہی
۱۶۵ کرتا ہی جو تو ریا کا وعظ و درس — ہی یہی شیطان تیرا اور نفس
یہ ریا کا جو ترا ہے وعظ و پند — زہر ہے باطن مین اور ظاہر مین قند
ہوتی ہے جس درس مین وی ریا — درس ہی کب ہے وہ اک قہر و بلا
چور ہی پوشیدہ دل مین یہ ریا — دولت ایمان کو ہی لوٹتا
خنجر لاحول سے اِس چور کو — قتل جس نے کر دیا اے نیکخو
دولتِ ایمان کی اُسنے بچا — باخوشی جنت مین جا ڈیرا کیا
درس جو قربت نہ ہو اُس سے غرض — ہے نہین وہ درس لیکن ہی مرض
آپ کو جس نے الگ اس مرض سے — کر دیا آزاد جان اے نیک پے
اسپ و دولت کو وہ اپنے باہنر — ہے وہ دوڑاتا فراز عرش پر
ساقیا اے بہر حق میری خبر — نفس و شیطان نے کیا زیر و زبر
وقت ہی امداد کی امداد کا — کرکے امداد ان کے پیچون سے چھوڑا
تاکہ یہ جا کرکے بے روی و ریا — اُسکے قدمون پر کرے سر کو فدا

اِسمین مذمت اور بُرائی اُن لوگون کی ہی جو ہمیشہ اسباب دُنیا

**کا اکھٹا کرتے رہتے ہین اور غافل ہین حاصل کرنے اسباب عقبیٰ کے سے**

کیا ہی دنیا یعنے اسباب جہان — آفت جان ہی ہر اک پیر و جوان
یہ کرے قرب خدا سے تجھکو دور — اور کرے راہ ہدا سے تجھکو دور
کر دیا قربان اسیر اپنا سر — ہوگیا تو راہ حق سے دور تر
کر دیا ہے تلخ تیرا یار کام — اسطرح کے نان و حلوا نے تمام
اور بھی اکثر ترا اے نیک خو — لے گیا ہے رونق اسلام کو
جلد اس اسباب کو اے بہرہ ور — بیخ دین سے تو اکھاڑ اور دور کر
اور اس دنیای دون پر خاک ڈال — آپ کو بار گران سے تو نکال
سعی تیری ہی یہ ای صاحب ہنر — واسطے دنیاے دون کے سر بسر ١٦٦
سعی کچھ جانی نہ عقبیٰ کی ہی کیا — سعی دُنیا مین رہا تو مُبتلا
اس کی رہ مین موشگافی ای شقی — اُس کی رہ مین کُند فہمی احمقی
پیچھے اسکے دوڑے ہی از جان و دل — اُسکے پیچھے جا ہے جیسے خر بگل
با وجود اس سعی و محنت کے ذرا — جو کہ چاہے تھا نہ وہ حاصل ہوا
سعی دُنیا مین رہا تو عمر بھر — کیا ہوا حاصل تجھے بجز درد سر
سعی عقبیٰ کی جو تو کرتا میان — کار دنیا کا بھی بر آتا میان
کار عقبیٰ کا جو کرتا بندوبست — کار دنیا کے بھی سب ہوتے درست

ق

اسلیے فرماتے ہین خیر البشر — جو کوئی دنیای دون کو ترک کر
ہوتا ہے جھٹ با خضوع و باخشوع — اپنے اُس اللہ کی جانب رجوع
کار اُسکے دنیا و دین کے تمام — ہوتے ہین آسان سب اے نیکنام
اسکے اوپر یاد آئی اک مثال — کان دھر کر سُن اسے ای خوشخصال

## اس مین بیان ہی کہ اختیار کرنا کار آخرت کا اوپر کار دنیا کے بہتر ہے

تھا کوئی اِک مردِ صالح نوجوان　　کرتا تھا کھیتی کا پیشہ ای میان
پاس اُسکے کہتے ہین تھا اِک شتر　　بھاگنے کی اُس کو عادت تھی مگر
اتفاقاً دن جو آیا جمعہ کا　　اونٹ اُس کا بھاگ جنگل کو گیا
اور آدھے دن جمعہ کا اسلیے　　تھا کہ پانی زرع کو دے نہر سے
مرد حیران ہوکے بولا اے خدا　　پانی دینے کا بھی یہ وقت ہی مرا
گر مین دون کھیتی کو پانی اب یہان　　اونٹ اپنے کو مین پھر پاؤن کہان
اور نمازِ جمعہ بھی دون ہاتھ سے　　ہون خرابی مین پڑا اس بات سے
١٦٧ گرنہ دون کھیتی کو پانی اس زمان　　ہوتی ہی بالکل خراب ای مہربان
جو مین ڈھونڈون اونٹ کو جنگل مین جا　　بس نماز اور زرع دونون کھو چکا
اِس تردد سے وہ مردِ خوش لقا　　ہر طرح کے رنج مین تھا مُبتلا
آخرش بولا تامل کرکے وہ　　چل نمازِ جمعہ کو جو ہو سو ہو
کیونکہ اِس دولت کو ہی بیشک بقا　　اور سوا اسکے ہی سب شے کو فنا
یعنے کارِ دین کو ہووے بقا　　اور کارِ دنیوی کو ہی فنا
جو کہ فانی سے لگاوے دل عزیز　　اُس سے زیادہ کون ہی بس بے تمیز
کہتے ہین حضرت محمد مصطفےٰ　　حج مسکینون کا ہی دن جمعہ کا
جا غرض تکبیر مسجد اُسنے کی　　اجر قربانی کا پایا اونٹ کی
جاکے مسجد مین ہوا مشغولِ ذکر　　اور بھُلائی دل سے سب دنیا کی فکر
با خضوعِ دل بصد عجز و نیاز　　سامنے حق کے پڑھی اُسنے نماز
ہوکے فارغ جب کہ آیا اپنے گھر　　دیکھتا کیا ہے کہ وہ اُسکا شتر
ہے کھڑا اپنے مکان پر ای میان　　عاجز و مسکین غریب و ناتوان

اپنی بی بی سے یہ پوچھا اُسنے جا ۔ کسطرح یہ اونٹ آیا ہی بتا
یہ کہا عورت نے اُسکی ای میان ۔ اک درندہ اسکو لایا ہی یہان
ہوکے گرد اسکے قوی سا بھیڑیا ۔ مار کر یا ان تک اسے پہونچا گیا
شکر حق کرنے لگا وہ نیک خو ۔ یہ کہ رب لایا ہی میرے اونٹ کو
اب مین جاکر سینچتا ہون کھیت کو ۔ اپنے اُس معمول پر جتنا کہ ہو
کُل نہ آوے ہاتھ مین تیرے اگر ۔ جُزکو تو مت چھوڑ پر اے بہرور
آخرش اُٹھکر وہ مرد نوجوان ۔ کھیت کی جانب ہوا اپنے روان
جاکے دیکھا کھیت کو جو غور کر ۔ پایا سب سرسبز اور خوش تازہ تر
خود بخود اُس نہر سے بس بیگمان ۔ اُس کی ہر کیاری مین ہی پانی روان
ہوکے حیران مرد بولا اے خدا ۔ کھیت یہ سیراب کیونکر ہوگیا
ہے نہ ہمسایہ مرا ایسا بھلا ۔ کھیت مین پانی مرے دیتا جو آ ۱۶۸
پوچھا آخر اُس نے ہمسایون سے جا ۔ کھیت مین پانی مرے کسنے دیا
بولے سب ہے یہ عجب اک ماجرا ۔ خود بخود پانی ادھر کو ہو لیا
سینچتے تھے ہم تو اپنے کھیت کو ۔ پر یہ پانی جاتا تھا تیرے کھیت کو
روکتے تھے ہر طرح سے ہم اگر ۔ پر یہ تیرے کھیت مین کرتا گذر
ہوگئے ناچار جب ای بادب ۔ چھوڑ کر آخر گئے ہم بیٹھ سب
حکم حق سے کھیت مین تیرے میان ۔ ہر کیاری مین ہوا پانی روان
ہوکے شادان اور خرم نوجوان ۔ شکر حق کرنے لگا بس بیکران
جو کوئی دنیا سے دون کو ترک کر ۔ باندھے حق کی عبادت مین کمر
آپ خود آکر یہ دنیا ہے قلیل ۔ پانون مین اُسکے پڑے ہوکر ذلیل
دین کو دل سے کرے جو اختیار ۔ خود بخود دنیا ہو آ میسر نثار

اور جو حق کو چھوڑ دنیا مین پڑے
دین و دنیا سب خراب اپنی کرے

جس نے کی دُنیا مقدم دین پر
وہ ہوا خوار و تباہ خستہ جگر

ہو گیا اُس شخص پر قہرِ خدا
جو ہوا دنیای دون مین مبتلا

ہو نہ حاصل دین اور دنیای دون
قعرِ دوزخ مین پڑے جا سرنگون

ساقیا وہ جام دے اب نوبنو
عیشِ دنیا جس سے مجھپر سرد ہو

چھوڑ کر دنیاے دون کو سربسر
حکم پر دلدار کے باندھون کمر

## سوال کرنا کسی زاہد کا ایک امیر سے کہ کسقدر سعی اُس امیر نے کی بیچ حاصل کرنے اسباب دُنیا کے اور تنبیہ کرنا اور ڈانٹنا اُس کا اوپر حاصل کرنے سامان آخرت کے ۱۲۹

ایک عارف نے کہ تھا صاحب کمال
ایک منعم سے کیا اُسنے سوال

یہ کہ دل تیرا ہی ہر شام و سحر
درپئے مال و منال ای نامور

سعی تیری بہرِ دنیاے دنی
کسقدر ہی کہہ تو ای مردِ غنی

یون کہا اُسنے کہ بے حد و شمار
کار میرا ہی یہی لیل و نہار

یہ کہا عارف نے اُس کو تو بھلا
رہتا ہی اسکی تگ و دو مین سدا

کیا ہوا حاصل تجھے میرے خلیل
یہ کہا اُسنے کہ کچھ قدرِ قلیل

پر جو ہے مقصود ای روشن ضمیر
پر نہ آیا اُس سے کچھ عُشرِ عشیر

یہ کہا عارف نے اسکے ہی تواب
فکر مین تحصیل کے ہر روز و شب

رنج و غم مین تو عبث اسکے میان
عمر کو کرتا ہے اپنی رائگان

قبلہ اپنا شغل کو اُسکے کیا
عمر اپنی اسپہ کی تونے فدا

جانتا ہے وہ جو کچھ تو اسے فنا
اِس سے کچھ حاصل نہین تجکو ہوا

مدعا دل کا ترے اس سے کہین
کچھ نہین حاصل ہوا اے نیک دین

ہے بھلا دنیا بھی یہ عقبے کا گھر
سعی کچھ اُس کی نہ کی تو نے مگر

اُس سے کچھ حاصل تجھے کیونکر ہو جان
مین نہین کہتا تو کہہ اے نکتہ دان

یعنے اس دنیا سے دونون اب تجھے
دار عقبی ہووے حاصل کب تجھے

مرد وہ ہین جو کہ دُنیا چھوڑ کر
باندھتے ہین راہِ عقبیٰ مین کمر

اور تو بہرِ گاوٗ نفس بے حیا
کرتا ہی ہر دم نماز اپنی قضا

یادِ حق کو تو نمازِ فرض جان
اس سے رہتا ہی تو غافل ہر زمان

اس جہان فانی مین تو فانی ہوا
راہ عقبیٰ کو دیا دل سے بھلا

واسطے عقبیٰ کے تو اے بہرہ ور
چھوڑتا مردار دنیا کو اگر

خود بخود یہ زال دنیا ہو ذلیل
پاؤن پڑتی ترے با قال و قیل

## اسمین یہ بیان ہی کہ جو شخص دنیا کو چھوڑتے اور ترک کرتے ہین دُنیا اُنکے پیچھے دوڑتی ہی اور جو لوگ دنیا کے درپے ہوتے ہین دُنیا اُنسے بھاگتی ہی حکایت

ایک صاحبدل ولی با عز و جاہ
با خوشی بیٹھا تھا اندر خانقاہ

اور گرد اُسکے مرید اور طالبین
جمع بیٹھے تھے بصد صدق و یقین

ناگہان سہ جانور اکطرف سے
سامنے کو آ گئے اُڑتے ہوے

ایک کے تھا ایک پیچھے بھاگتا
اور اُسکی جستجو مین دوسرا

اُن مین آگے تھا کبوتر بس روان
سب سے عاجز اور حقیر و ناتوان

اُسکے پیچھے مرغ زرین بال و پر
اوڑتا جاتا تھا وہ باصد کر و فر

اور پیچھے مرغ زرین کے اوڑا
جاتا تھا بدبخت کوا جون ہوا

کرتا تھا ایسی ہر اک کوشش وے — ہاتھ آتا تھا نہ اِک بھی ایک کے
دیکھ یہ بولے مُرید ای شاہِ دین — ماجرا ایسا کبھی دیکھا نہین
کیون کبوتر کے ہی پیچھے مرغ یون — اور پیچھے مُرغ کے کوّا ہی کیون
ہی کبوتر کا مطیع کیون مرغ یون — زاغ باغی مُرغ کا تابع ہی کیون
جنسہای مختلف ہین ہے یہ کیا — ایک کا تابع ہوا جو دوسرا
جنس کا طالب ہے اپنے ہر کوئی — جنس سے ہی جنس کو مَیل ای اخی
جنس جانب جنس کے رکھتی ہی مَیل — ساتھ دن کے دن ہی اور ہی شب کے لیل
ہوتا ہی مومن کا مومن آشنا — اور کافر پر ہو کافر مبتلا
صالحون کے ساتھ ہووین صالحان — ساتھ بدکارون کے ہون بدکاریان ۱۷۱
زاغ ہمرہ زاغ کے ہو کر اُڑین — بلبلون کیساتھ بلبل خوش رہین
انبیاؑ اسواسطے پیدا ہوے — جنس سے انسان کے ای نیک پے
آدمی تا ملکے اپنے جنس سے — بے تکلف راہ حق کی سیکھ لے
جنس سے ہو جنس اپنی کامیاب — فیض ہو ہم جنس سے سب کو شتاب
انبیا ہوتے فرشتون سے اگر — کب پکڑتے اُنسے اُنسیّت بشر
کب بھلا انسان ہو کر بے حجاب — راہ حق لیتے فرشتون سے شتاب
اِک خلافِ جنس سے ہون نو حجاب — اور ہون ہم جنس سے کب فتحیاب
فائدہ ہم جنس سے ہو جسقدر — غیر جنسیت سے ہو اُتنا ضرر
روح جو آئی ہے مُلکِ امر سے — زہد و طاعت سے ہی راغب اسلیے
جسم مُلکِ خلق سے پیدا ہوا — خواب و خور مین اسلیے ہی مُبتلا
اُنس کی پیدائش ان دو سے ہوئی — حق نے جو دونون کی ہمین جمع کی
جو کرے یہ میل جانب خاک کی — نفس امّارہ بنے ہی اسکگھڑی

اور کرے جو روح کی جانب گذر / نفس لوّامہ بنے اُسوقت پر
مَیل مُلک امر کا جب اس مین ہو / آوے لوّامہ کی جانب دوڑ دو
جو بہت کوشش سے لاہوتی کو جا / ملہمہ کی طرف پھر رکھتا ہے پا
بعدِ تہذیب اور کمالِ اجتہاد / مطمئنہ ہووے وہ اہل وداد
اِس سخن کی کب ہے آمد انتہا / ماجرا اِن طائرون کا پھر سُنا

## جواب دینا اس صوفی کا مُریدون کو واسطے تسکین اور دلجمعی کے اور بیان کرنا حال طائرون کا کہ ایک کے پیچھے دوسرا اُڑتا تھا

مرد صوفی کو ندا آئی نہان / یہ مُریدون سے تو اپنے کر بیان ۱۷۲
جو اُڑے جاتے ہین یہ تین جانور / ہی مثال ان کی سمجھ اور غور کر
بھاگتے ہین ایک جو دُنیا سے دور / دوسرے طالب ہین اسکے بالضرور
یہ مثال ان کی ہین تینون جانور / ایک سے اِک بھاگتا ہی دور تر
طالب و تارک ہین جو دنیا کے اب / ایک کو ہی دوسرا کرتا طلب
بھاگتا ہی یہ کبوتر پے بہ پے / مُرغ زرّین کے فریب و مکر سے
اور درپے مُرغِ زرّین اسکے ہی / تاکہ اسیر آپ کو قربان کرے
لیک ہرگز یہ کبوتر نازنین / ہاتھ آتا مُرغ زرّین کے نہین
اور پیچھے مُرغِ زرّین کے اُڑا / حرص سے جاتا ہے کوّا بےحیا
پر نہ ہاتھ آتا ہی اِک کے دوسرا / گرچہ کوشش کرتے ہین سب بے اِنتہا
جانِ عارف ہی کبوتر کی مثال / جاتا ہی حق کی طرف بے قیل وقال
اور زرّین مُرغ تو دنیا کو جان / دوڑے ہی عارف کے پیچھے بیگمان
زاغ یعنے اہلِ دُنیا حرص سے / چون زغن مردار دنیا پر پڑے
کر تو دنیا دار کو کوّا شمار / ہوتا ہی مردار دُنیا پر نثار

اہل دنیا واسطے دنیا کے یار | دوڑتا ہی ہر طرف ہو بے قرار
ایک وہ مکارہ ان سے بھاگ کے | مرد حقانی کے جا پیچھے پڑے
بھاگتا ہی مرد حقانی مگر | مکر سے اس بے حیا کے خوف کر
دوڑتی ہی اسکے پیچھے یہ سدا | بھاگتا ہی اس سے وہ مرد خدا
ہے یہی دنیا کا یارو ماجرا | بھاگے ہی جو اس سے یہ اون پاس جا
اور جو اسکو طلب کرتے ہین یان | بھاگتی ہی اس سے یہ کوسون یہان

## تمثیل

اور اسن پر تو مجھ سے اک مثال | نیک لوگون کا ہوتا معلوم حال
۱۷۳ ایک دن ہارون رشید بادشاہ | تخت پر بیٹھا تھا با صد عز و جاہ
اور گرد اسکے بکثرت لا کلام | تھے کھڑے آداب سے لونڈی غلام
مہربان انپر جو کچھ سلطان ہوا | حکم یہ مختار کارون کو دیا
جو کہ توشہ خانہ مین موجود ہی | سامنے لاکر دھرین ہر ایک شے
سنتے ہی مختار کارون نے جبھی | پیش شہ ہر ایک نعمت لا دھری
حکم پھر لونڈی غلامون کو دیا | شہ نے کین یہ نعمتین تم کو عطا
جس کو اس نعمت سے جو مطلوب ہو | لے اٹھا اس مین سے وہ بے گفتگو
سنتے ہی اس بات کے لونڈی غلام | گر پڑے ایک ایک ہر نعمت پہ تمام
کچھ کسی نے اور کسی نے کچھ لیا | ہاتھ اک لونڈی نے شہ پر رکھدیا
ہو خفا باندی سے یون شہ نے کہا | رکھدیا کیون ہاتھ مجھپر اب بتا
عرض کی لونڈی نے جب اے نیکخو | صاحب ان نعمات کا موجود ہو
اسکی کمبختی ہی کیا پھر جو شہا | چھوڑ صاحب کو پڑے نعمت پہ جا
بادشاہ سنتے ہی جھبٹ اس بات کے | اسپہ عاشق ہو گیا دل جان سے

اور کہا شہ نے اُسے ای با ادب | کر دیا آزاد تجکو مین نے اب
اور یہ سب نعمائے ور باندی غلام | کر دیے تجکو عطا اے نیکنام
اسطرحسے جو کوئی حق کے لیے | دل سے سب نعمای دنیا چھوڑ دے
چھوڑ کر نعمای دُنیا سر بسر | دل لگاوے اپنے حق سے بیشتر
حق تعالی ہو کے خوش اُس شخص سے | آخرت کی نعمتین سب اُسکو دے
تو بھی ای آمداد بہر ذو الجلال | دو جہان کی نعمتو نپر خاک ڈال
ماسوا پر ہو نہ ہرگز مبتلا | خالصًا للہ حق سے دل لگا

## اسمین مذمت اور بُرائی اُن لوگونکی ہی کہ فخر کرتے ہین ساتھ مصاحبت بادشاہونکے اور دعوی رکھتے ہین شامل ہونیکا بیچ اہل سلوک کے اور جمع ہونا دو ضدونکا محال ہی ۱۷۲

کیا ہی دنیا جان تو اے بہرہ ور | قُربِ سلطان ہی تو کر اس سے حذر
ہوش سر سے بھی ہی اور دل سے حضور | قُربِ سلطان اس سے رہ تو دور دور
ہے سعادتمند وہ ہی ای فتا | آپ کو جسنے لیا اُس سے بچا
قربتِ سلطان سے بچ کر بچ سکے | کیونکہ یہ تیرا وبالِ جان ہے
اور رہی ایمان کا بھی اسمین ضرر | ہو سکے جتنا تو کر اس سے حذر
اسکے اوپر کہتا ہون اک داستان | کانِ دل سے تم سُنو ای مہربان
نیک لوگون کا طریقہ ہی یہی | جو بیان کرتا ہون تجھ سے ای غبی

## داستان

ایک تھا درویش بس روشن ضمیر | راہِ حق مین چست و کامل بے نظیر
چھوڑ کر دنیا کے سارے کاروبار | کر لیا تھا اُس نے گوشہ اختیار
خلق سے ہو کر جدا جنگل مین جا | کرتا تھا تنہائی مین یادِ خدا

۱۳۰۱۷

بیٹھا اِک غار مین تنہا سدا | ذکرِ حق مین ہر گھڑی مشغول تھا
باہر آتا تھا نہ وہ اُس غار سے | پر کبھی حاجت ضروری کیلیے
بعد ہفتہ کے جو ہوتی اشتہا | کھاتا تھا برگِ شجر وہ پارسا
ایک مدت ہو گئی اُسکو بسر | ذکرِ حق کرتے ہوے اس طرح پر
تھی اُس عارف پر عنایاتِ خدا | واصلِ مولے وہ رہتا تھا سدا
چھوڑے اس عالم کو جو حق کیلیے | بے شبہ وہ اپنے دلبر سے ملے
جہد و کوشش شرط ہی پر ای پسر | راہ مین دلدار کے شام و سحر
ہے بہت باریک راہِ دل رُبا | چل سکے بے راہ بر کے کب بھلا ۱۷۵
ہین گی اس رہ مین بہت سی گھاٹیان | طے ہو کب بے راہ بر کے ای فلان
کہتے ہین حضرت محمدؐ اس لیے | راہبر لے ساتھ پھر تو راہ لے
راہ بر لے تا تو سیدھی راہ جا | گھاٹیون مین ورنہ ہو گا مُبتلا
اولیا ہین راہبر اس راہ کے | اُنکے دامن کو پکڑ اور راہ لے
عمر بھر گرچہ کرے روزہ نماز | بے مدد مرشد کے کب ہو سرّ باز
سرِّ باطن کب ترے دل پر کھُلے | تو عبادت گرچہ کیسی ہی کرے
گرچہ کی تو نے عبادت سالہا | لیک بے مُرشد تو ویسا ہی رہا
جو کہ تھی حرص و ہوا دل مین بھری | اِس عبادت سے نہ وہ کچھ کم ہوئی
جو بجا حرص و ہوا دل سے ترے | اُس عبادت کو ترے پھر کیا کرے
کہتا ہی حق دیکھ دیدہ کر کے باز | منع کرتی ہی گناہون سے نماز
عادتی ہی یہ تری روزہ نماز | سرِّ باطن اس سے کب تجھپر ہو باز
پیروی کر جان سے مرشد کی تو | تا کہ کر دے تجکو سیدھی راہ کو
ورنہ اِس رہ مین تو بے مرشد سدا | ٹھوکرین کھاتا پھرے گا جا بجا

دھکیا

سوچ تو دل مین ذرہ ای نیک پے　　بے کمان کے تیر کیونکر چل سکے
تیر دیکھا ہی کوئی بھی اب تبا　　بے کمان کے جا نشانے پر لگا
کس نے پایا ہی صراط المستقیم　　بے مدد مرشد کے تبلا اے کریم
انتہا رکھتا نہین ہی یہ سخن　　حال اُس درویش کا اب مجھ سے سُن

## آنا دنیا کا ایک عورت نازنین کی صورت بن کے آگے مرد عارف کے

درمیان اُس غار کے وہ پارسا　　ذکر و فکرِ حق مین رہتا تھا سدا
ناگہان اک روز ای فرخندہ فال　　ایک عورت صاحبِ حُسن و جمال
با ہزاران خوبی و زیبندگی　　آگئی خدمت مین اُس درویش کی
دست بستہ با ادب ہو کر کھڑی　　عرض خدمت مین یہ کی درویش کی
جو کرو اسدم قبول حضرت مجھے　　کیا کریمون کے کرم سے دور ہی
تیری خدمت مین رہونگی مین مدام　　جو کہ فرماؤ بجا لاؤن تمام ۱۷۶
دیکھکر درویش نے اُسکے تئین　　کرلیا معلوم باطن سے وہین
ہے یہ دنیا بدگہر اور نابکار　　سامنے آئی مرے کرکے سنگار
یہ کہا درویش نے اے بیحیا　　دور ہو مجھ پاس تو ہرگز نہ آ
بھاگ کر تجھ سے یہان آیا ہون مین　　چھپکے آبیٹھا ہون تنہا غار مین
پھر کے کیون آئی ہی اسجا ای پلید　　مکر سے ڈرتا ہی تیرے ہر سعید
یہ کہا اُسنے کہ ای درویش جان　　حکم سے حق کے مین آئی ہون یہان
حق مین میرے تجکو ای مردِ یقین　　فائدہ کچھ منع کرنے مین نہین
آئی ہون مین حکمِ حاکم سے یہان　　کیون خفا ہوتا ہی مجھپر ای میان
کہکے یہ نظرون سے وہ غائب ہوئی　　اور عارف کو ہوئی وحشت بڑی
یہ کہا عارف نے وہ جو آئے گی　　جو تیان مجھ سے بہت سی کھائیگی

گر نہ جائے گی وہ میرے پاس سے — گور کا مصرف کرون گا مین اُسے

گر نجا مجھ پاس سے دنیای دون — خرچ اُسکو راہِ عقبیٰ مین کرون

مال دنیا ہی یہ زہر سہم ناک — گر اُسے پاوے تو اُسپر ڈال خاک

یعنے اُسکو صرف کر نیک امر مین — تا کہ کام آوے وہ تیری قبر مین

واسطے حق کے جو دے تو اِک یہان — اُسکے بدلے پاوے سو حصے وہان

کر سخاوت کا تو پیشہ اختیار — تا کہ راضی تجھ سے ہو پروردگار

چاہتا ہی وہ جو کچھ پروردگار — کرتا ہی اسباب اُسکا آشکار

دس برس تک وہ فقیر اُس غار مین — تھا رہا مشغول حق کے کار مین

کوئی آتا تھا نہ اُس پاس ای پسر — کیونکہ بستی سے تھا جنگل دور تر ۱۷۷

گائین بکری اونٹ خچر اور گدھے — وان تلک آتے نہ چرنے کیلیے

اتفاقاً اک برس تقدیر سے — قحط عالم مین پڑا حد سے پرے

خشک سب کھیت اور جنگل ہو گئے — آدمی حیوان کل مرنے لگے

گلہ ہای اشتر و گاوان و خر — پھرتے تھے چرواہے ادھر اور اُدھر

کچھ بھی جس جا پاتے تھے سبزے کی بُو — دوڑتے چوپائے جھٹ اُس طرف کو

یون ہی پھرتے پھرتے اِکدن ناگہان — آئے پاس اُس غار کے سب بلا عیان

چند اک چوپائے گرد اُس غار کے — دیکھ سبزہ کھاتے کھاتے آ گئے

پھر تو چرواہے وہان آنے لگے — لے کے چوپائے چرانے کیلیے

ناگہان اِکدن وہ عارف غار سے — آیا باہر ایک حاجت کے لیے

کی تھی جو حق کی عبادت بیشمار — نورِ حق تھا اُسکے مُنہ سے آشکار

دور سے چرواہے صورت دیکھ کے — گرد اُس درویش کے آ کر ہوئے

اعتقادِ دل سے جا ہر ایک نے — رکھدیا پائون پہ سر درویش کے

جو کہ تھا درویش مشغولِ خدا اُن کی جانب کو نہ کچھ راغب ہوا
جس کو حاصل ہووے وصلِ دلربا پھیرا اسکو اور سے مطلب ہے کیا
آخرش سب نے بصد عجز و نیاز یہ کہا درویش سے ای پاکباز
آپ کو خواہش ہو اب جس چیز کی حکم کیجے ہم بجا لاوین ابھی
دیکھا جو درویش نے اُنکے تئین بس نے میرے یہ ٹلنے کی نہیں
کر کے اُن کی عجز و زاری پر نظر یہ کہا کچھ دودھ لاؤ ہو اگر
ایک مدت سے یہ نفسِ بد مرا مانگتا ہے دودھ مجھ سے برملا
شیر کے دو ایک دیکر گھونٹ یار تا مین مارِ نفس کا دون زہرمار
عرض کی یون قحط سے باران کے اب گائین بکری ہو گئین بے دودھ سب ۱۷۸
جب نہ اُن کو چارہ کھانے کو ملا شیر ان کے خشک پستان سے ہوا
اور کہا رو رو کے سب نے با محن تم نے جو چاہا نہ آیا ہم سے بن
دیکھکر درویش اُن کا اضطرار یہ کہا اُن کو کہ اے مردانِ کار
ایک گاے کر کے اب سب سے بدر اس کو دوہو تم خدا کے نام پر
کر کے بسم اللہ اب ای نیک راہ سعی کر تو ہوگی امدادِ الٰہ
کارِ عقبے مین ہے کوشش شرط یار جہد و کوشش کر جو تو ہے ہوشیار
گوش جان سے سُن ذرا اے مہربان کہتے ہین کیا سرورِ پیغمبران
سعی و کوشش ہے اُن ہی کی امداد کرتے ہین جو نفس پر اپنے جہاد
بے سفر چلنے کے کب ہو راہ طے جہد کر چل منزلِ مقصود پے
راہ کو کر قطع چل پانون اُٹھا بیٹھنے کا راہ مین کیا ہے فائدہ
ہو مسافر کو کہان آرام و خواب ہر گھڑی رہتا ہے اُس کو اضطراب
راہِ حق دیکھی ہے کیا آسان یار جو پڑا ہے تو یہان پانون پسار

راہ لے چل عشق کے دامن کو پھاڑ    تا نہ اُلجھے اُن سے اندر خار و جھاڑ
ہے یہ منزل پُر خطر با خار و زار    جو تو جا کپڑون سے ہو بالکل فگار
یعنے یہ کپڑے اُلجھکر جھاڑ مین    خوب سا تن کو ترے زخمی کرین
طاق مین رکھ تن سے تو کپڑے اُتار    با دلِ فارغ تو پھر لے راہِ یار
دور ہے منزل بہت رہ مین پہاڑ    اور بہت سے جا بجا کانٹون کے جھاڑ
چاہتا ہی جو تو جا اس راہ کو    ہاتھ مین لے اپنے تیشہ آہ کو
قطع کر یہ خار رہ سے تاکہ تو    جلد پہونچے منزلِ مقصود کو
ورنہ بے تیشہ ترا تن ہو فگار    رُوکدین رہ سے تجھے یہ سنگ و خار
یعنے لا سے تیز لے تیشہ بنا    سنگِ غیریّت کو پھر رہ سے ہٹا
منزلِ مقصود اِلّا اللہ کر    سیر وان جا با دلِ آگاہ کر ۱۷۹
یعنے یہ حرص و ہوای دُنیوی    غیر حق کے ہی ترے دل مین بھری
بہرِ حق تو دل سے اِنکو دور کر    نورِ عرفان سے اسے معمور کر
یہ سخن ہو بے بیان ای دوستو    حالِ اُس درویش کا مجھ سے سُنو

## قصہ دوہنا ایک چرواہے کا آزمایش اور بد اعتقادی سے

ایک چرواہا غرض اُسنے اُٹھا    پاس گاوِ نا رسیدہ کے گیا
اُسکے دُہنے کا ارادہ کرلیا    تاکہ لیوے امتحان درویش کا
اُس جوان نے پاس اُس گائے کے جا    ہاتھ جھٹ اُسکے تھنون پر رکھدیا
ہاتھ رکھتے ہی تھنو پر بیگمان    دودھ کی دھارین ہوئین اُسنے وہان
ہوکے حاضر سامنے درویش کے    دودھ لے با اعتقاد حاضر ہوے
دودھ لے عارف نے اُس سے پی لیا    بعدہٗ اُس غار مین جا کر چھپا
ریوڑون کو لیکے سارے راعیان    شہر کی جانب ہوے یار و روان

شہر مین وہ سب کے سب داخل ہوئے | اس کرامت سے وے حیران تھے
دن کئی گذرے غرض اسطرح پر | آتے تھے چرواہے وی اُس غار پر
رفتہ رفتہ پھر شہر مین جا بہ جا | اِس کرامت کا بہت چرچا ہوا
تھا خلائق کی زبان پر یہ کلام | شاہ تک بھی ہوگیا یہ قصہ عام
سُنتے ہی اس بات کے شہ نے کہا | سب امیرون اور وزیرون نے بلا
چلکے اُس عارف کی زیارت کیجیے | کیونکہ وہ دَورے مین اپنے فرد ہی
اُس کا ثانی کوئی عالم مین نہین | عالم و کامل ولی سلطانِ دین
کہہ کے یہ اور اُٹھ کے با صد التجا | خدمتِ درویش مین حاضر ہوا
شہ کے آنے سے ہوا درویش کو | شغل مین حق کے حرج بے گفتگو
صحبتِ میر و وزیر و بادشاہ | ہے بڑا فتنہ سمجھ اے نیک راہ
ہی سلاطینون کی صحبت مثلِ آگ | تیر کے مانند ان سے دور بھاگ
اِن کی صحبت سے ہر اک حیران ہوا | عاجز ان کے مکر سے شیطان ہوا
ہے تکبر ان کے دِل مین یون بھرا | بکریون پر جسطرح ہو بھیڑیا
پاس سلطانون امیرون کے نجا | آپ کو ان سے بہر صورت بچا
صحبت اِن کی کبر و غفلت لائے ہی | اور قناعت کا اثر لے جائے ہی
اس لیے فرماتے ہین خیر الزمان | دین حق کے ہین امین یہ عالمان
پر نہ ہو جو ہمنشین و ہم طعام | ساتھ سلطانون امیرون کے مدام
جو کہ عالم جا امیرون سے ملے | دین کے بیشک ہوے وہ چوٹٹے
بس ڈرو ان سے بچو اے مومنین | تا تمھارا بچ رہے اِسلام و دین
الغرض شہ عجز و زاری سے سدا | پاس اُس درویش کے رہنے لگا
پھر تو دونون عارف و شہ بے خطر | ہو گئے آپس مین جون شیر و شکر

ہوتے ہوتے جاہا یہ سلطان نے    خوب ہو جو شہر مین عارف چلے
سوچ کر دل مین کہا دستور کو (وزیر ۱۲)    جو چلے محلون مین عارف خوب ہو
باعثِ برکاتِ رحمانی ہے یہ    سایۂ انوارِ ربّانی ہے یہ
اسکے قدمون کے طفیل ای بہرہ ور    رحمتِ حق ہووے نازل شہر پر
شہر مین ہو اسطرح کا مرد جو    زیبِ شاہی رونقِ اسلام ہو
الغرض آیا وزیرِ حیلہ جو    پاس اُس عارف کے باصد گفتگو
باادب کی عرض یہ درویش سے    شہر مین چلیے تو اب کیا خوب ہے
مردِ آزادہ تھا وہ مردِ خدا    بھاگتا تھا خلق سے کوسون سدا
بولا وہ سُن لے وزیر اب مجکو کیا    خلق کے ملنے سے بتلا فائدہ
۱۸۱ مجکو آبادی سے ویرانہ بھلا    اختلاطِ خلق سے ہے سو بلا
ہے موافق طبع ویرانہ مجھے    اور ہر اک طالبِ آرام سے
طالبِ آرام نفسِ اپنے کا اب    مین نہین ہون ای وزیرِ باادب
مرضیِ حق کا ہون طالب مین سدا    خوب تنہائی مین ہو فرضی ادا
ہے بھلا حق مین مرے گوشہ سدا    گاؤخر مین رہنے کا کیا فائدہ
کہتے ہین حضرت محمد مصطفےٰ    جو رہا تنہا وہ آفت سے بچا
اختلاطِ خلق سے ہے جو بچا    جان اپنی کو سلامت لے گیا
فائدہ وحدت مین ہوئے جسقدر    اِس سے سو درجہ ہو کثرت مین ضرر
جس نے کثرت سے بچایا آپکو    ملک وحدت کا ہو اسلطان وہ
پھر وزیرِ حیلہ جو نے عرض کی    گر پکڑتے اسطرح گوشہ نبیؐ
کب پہونچتا خلق کو دین خدا    رہتا گمراہی مین ہر اک مبتلا
یون اگر گوشہ پکڑتے اولیا    راہِ حق پاتی یہ کب خلقِ خدا

یون کہا درویش نے ای باخدا — جو کہا تونے یہ حق ہی اور بجا
لیک جو بیمار ہو اے باشعور — چاہیے پرہیز اُسکو بالضرور
جو نہ بیماری مین پرہیز اب کرے — بے شبہ وہ ہاتھ دھوئے جان سے
اور صحت جس نے پائی مرض سے — کیا دوا پرہیز کی حاجت اُسے
انبیا اور اولیاے راسخین — رنج و بیماری سے ہین پاک ای متین
ایک مجھ مین حرص کچھ باقی ہی اب — چاہیے پرہیز مجکو اس سبب
اُنکے بولا وہ وزیر اے نیک خو — کسر نفسی سے یہ اب کہتا ہے تو
تارک دُنیا ہو تم تو بالیقین — آپ سے ہم پاس تم آئے نہین
خود بخود آئے ہین ہم با التجا — آپ کی خدمت مین ای پیر ھدا ۱۸۲
تیرے نفس پاک سے اے مہربان — ہوگئی روشن ہماری جانِ جان
تیری صحبت سے ہوے ہیں تمام — عیش دُنیا سرد بالکل لاکلام
سامنے تیرے ہوا و حرص سب — محو دل سے ہوگئے یک لخت اب
ق
ہین یہ فرماتے امام المرسلین — ہے وہ سب لوگو نمین بہتر بالیقین
نفع جس سے ہو خلائق کو تمام — فائدہ اُس سے اُٹھاوین خاص و عام
آپ
تم بھی اسپر اب عمل کچھ کیجیے — فیض اپنا چل کے سب کو دیجیے
فیض سے تیرے ہون وہ ذاکر تمام — جو پڑے رہتے ہین غفلت مین مدام
کرتے ہین کفرانِ نعمت جو کوئی — تیری صحبت سے ہون شاکر وے ابھی
بولا عارف جائے تشنہ چاہ پر — چاہ پیاسے پاس کب جائ ای پسر
جو کہ چاہے مجھ سے وہ آوے یہان — مین بھلا کسواسطے جاؤن وہان
ایک مدت الغرض اسیطرح پر — عرض کرتے ہوگئی اُسکو بسر
آخرش جانا جو عارف نے کہین — یہ وزیر اب یان سے ٹلنے کا نہین

بولا بہتر تیری فرحت کے لیے　　مین چلون گا شہر مین سلطان کے
بعد اسکے جو صلاحِ وقت ہو　　وہ کرون گا تیری خاطر جان کے
ہونیا درویش ہمراہِ وزیر　　سوے دولت خانۂ شاہِ کبیر
شاہ نے دیکھا جو اُسکو دور سے　　اُٹھ کے آیا واسطے تعظیم کے
وہ فقیر اپنی خلاصی کیلیے　　مارنے پتھر لگا سلطان کے
تاکہ دیوانہ سمجھکر اُس گھڑی　　چھوڑ دے سلطان مجکو ای ولی
باہنر درویش وان مستانہ وار　　مارتا تھا بے خطر پتھر ہزار
بے محابا اسقدر مارا کہ شاہ　　بھاگ کر وان سے گیا بادرد وآہ
بھاگ کر نکلا جھٹ اُس دالان سے　　جس مین بیٹھا تھا وہ سلطان شان سے
اُس مکان سے شاہ جب باہر ہوا　　حکمِ حق سے وہ مکان جھٹ گر پڑا ۸۴
شاہ نے جانا کہ عارف لطف سے　　مارتا تھا مجکو پتھر اس لیے
اس مکان مین تا نہ دب کر مرے　　کیونکہ تھا معلوم اُسکو کشف سے
مارنے مین اُسکے یہ تھا فائدہ　　تاکہ اس صدمہ سے دے مجکو بچا
چاہیے تھا عارف چھٹانا آپکو　　حکمِ حق تھا مبتلا یہ اور ہو
چاہیے تھا یہ تو کہ ہو بد اعتقاد　　اور ہوتا شہ کو زائد اعتقاد
صدق دل سے باہزاران التجا　　آکے شہ عارف کے قدمونپر پڑا
عرض کی اے پیشوای عارفان　　لطف کا تیرے کرونمین کیا بیان
کیا کرون احسان کا تیرے شکر مین　　جو رہین تیرے ہزارون لطف ہین
خضرؑ نے کشتی جو توڑی جور سے　　تاکہ وہ ظالم کے ہاتھون سے بچے
اسطرح مجکو بھی تونے خضر وار　　کردیا سو ورطۂ قاتل سے پار
جانا عارف نے کہ ہو حکمِ خدا　　کیا ہے چارہ جب ہوا امرِ قضا

دل سے اپنے پھر وہ یون کہنے لگا
مرضیِ حق سے تو اب یان آ پھنسا

مرضیِ حق پر ہی رہنا چاہیے
زہر بھی اِک عرصہ چکھنا چاہیے

یعنی خواہش پر خدا کی بر ملا
چاہیے راضی رہے صبح و مسا

مالِ دنیا گرچہ ہے زہر اور بلا
زہر بھی چکھے ذرہ بہر خدا

الغرض کہنے سے عارف شاہ کے
شہر مین آیا نکل کر غار سے

شہ نے عارف کے لیے با عزّ و جاہ
کر دیے تیار محل اور خانقاہ

اور نعمت بھی ہر اک موجود کی
واسطے درویش کے باصد خوشی

وہ فقیرِ پاک جان و راست باز
ہو گیا ظاہر مین اندر عزّ و ناز

عیشِ دنیا مین تھا ظاہر مین پھنسا
لیک باطن مین تھا وہ سب سے جدا

پوستین اور دلق کو پہنے ہوے
نفس پر کرتا جہاد ہر دم ولے ۱۰۴

ایک حجرے مین وہ تنہا بیٹھکر
کرتا تھا یادِ خدا شام و سحر

باخوشی رہتا تھا اُس گدڑی مین وہ
فقر پر کرتا تھا محکم آپ کو

کچھ نہ اُس دولت سے حاصل تھا اُسے
پر فقیرون کو دیا کرتا تھا سے

گرچہ ہے دُنیا یہ ملعونِ ازل
پر ہے مومن کیلیے بیت العمل

مالِ دُنیا گرچہ ہے زہر اور بلا
نیک ہی گر خرچ ہے اُسکو نیک جا

نیک کامون مین تو اُسکو صرف کر
ورنہ تو کُتّا سا ہے مردار پر

مالِ دنیا کو بقا گرچہ نہین
خوب ہے گر خرچ ہے اندر کار دین

واسطے دانا کے دُنیا خوب ہے
ہور نادانون کو بد اسلوب ہی

جانتا ہے جو کہ منتر سانپ کے
سانپ ہووے دوست اُسکا دیکھلے

گر نہ ہو منتر تجھے معلوم یار
سانپ کے مت گرد پھر تو زینہار

تا نہ دھووے ہاتھ اپنی جان سے
یاد رکھ یہ بات میری مان لے

مال دنیا کے نہ ہرگز گرد جا — جو تو جاوے خرچ کر راہِ خدا
الغرض درویش کو رہتے ہوے — ہو گئے دس سال پاس اُس شاہ کے
دس برس اُس کو گئے یون ہی گذر — پر رہا ویسا ہی اپنے حال پر
زہد و طاعت مین نہ آیا کچھ بھی فرق — گرچہ ظاہر مین رہا دنیا مین غرق
تھی یہ رسم شاہ جو ہوتا سوار — بہر نظم مُلک یا بہر شکار
وقت ہٹنے کے وہ سلطان آخی (جانے) — آکے زیارت کرتا اُس درویش کی
الغرض اکدن اُسی معمول پر — اُسکی زیارت سے ہوا وہ بہرہ ور
اور اُسی حالت مین وہ پیر ہدا — یاد مین اللہ کی مشغول تھا
ناگہان وہ زن جو پہلے آئی تھی — سامنے سے دوسری بار آگئی ۱۸۵
پوچھا عارف نے کہ تو کس واسطے — آئی ہو مجھ پاس اب بتلا مجھے
عرض کی اُسنے کہ ای سلطانِ جان — تجھ سے مین ہوتی ہون رخصت اِس زمان
یون کہا چل دور ہواے بیحیا — مکر سے تیرے خدا رکھے بچا
تو دغا دیے ہے ہراک کو پر جو وو — ہو ترا تابع تو اُس سے دور ہو
دور ہو مجھ سے کہین اب ای غبی — پوستین اور دلق مجھ پاس ہے وہی
پاس میرے دونون یہ موجود ہین — مین نہین آیا ہون تیرے داؤ مین
دور ہو یان سے تو جلدی بیحیا — کب تلک دے گی مجھے بتلا دغا
ہوگئی غائب نظر سے سُن یہ ذکر — اُسکے فتنہ کا ہوا عارف کو فکر
دیکھیے کسطرح ہووے گا جدا — مال و دولت دنیوی مجھ سے بھلا
معتقد مجھ سے ہی ہر چھوٹا بڑا — آپ سے مجکو کرے کیونکر جدا
دیکھیے تقدیر سے ہو کیا سبب — تیل کھل سے ہو جدا کسطرح اب
شاہ رکھتا ہے بہت تعظیم سے — دیکھیے رسوا کرے کیونکر مجھے
پڑھ کے پھر لاحول ہو شاغل بہ رب — ہو گا جو حکم خدا سر پر ہے اب

جو قضا آوے تو ہو بر عکس کار — ہووین سب تدبیرین باطل اور زار
جو کیا چاہے ہی کوئی کاررب — غیب سے کرتا ہی اُس کا کچھ سبب
ایکدن تقدیر سے ناگاہ یار — شاہ جنگل کو گیا بہرِ شکار
جستجو کی اور محنت بے شمار — پر ملا اُس کو نہ وان اُسدن شکار
رنج بے حد پایا اور تکلیف سخت — دل ہوا گرمی سے شہ کا لخت لخت
وان سے ہٹکے شہ اُسی معمول پر — خدمتِ عارف مین آیا دوڑ کر
گر کے قدمونپر وہ اُس درویش کے — پانوٗنپر بوسہ دیا سو صدق سے
آیا تھا گرمی مین گھبرایا ہوا — اُس جگہ آرام کچھ اُسنے لیا
شدتِ گرمی تھی رستہ کی تکان — کچھ ہوا آسودہ شہ اُس سے وہان ۱۸۶
اِک طرف تکیہ لگا دیوار کا — جون مسافر تھکے غافل سو رہا
شاہ تنہا اور وہ عارف تھا وان — خنجرِ سلطان نکل کر از میان
ننگا ہو شہ کے شکم پر گر پڑا — دیکھکر یہ عارفِ دینِ خدا
چاہے تھا اُسکے شکم پر سے اُٹھا — اِک طرف رکھدون ہی غافل بادشہ
چونک اُٹھا یکبارگی شہ خواب سے — ڈر گیا شمشیر ننگی دیکھ کے
دوڑ کر جھٹ محل مین داخل ہوا — پر غضب سے آگ کا شعلہ بنا
بولا غصہ سے کہ جھٹ آوے وزیر — تا کرے درویش کو اسدم اسیر
اور کرے آ قتل اُسکو برملا — تا کہ دیکھے فعل کی اپنے سزا
کیا کیا تھا مین کہو اُس کا بُرا — پانوٗن پر رکھا تھا سر اُسکے سدا
کیا نکوئی کا ہے بدلہ یہ کہو — کھینچے خنجر جو ہمارے قتل کو
جو وزیر اس امر سے آگہ ہوا — پڑھ کے استغفار یون شہ سے کہا
کر کے اپنے لطف و احسان پر نظر — جان بخشی اسکی کر اے نامور

شاہ بولا تجکو بخشی اُسکی جان
پر تجھے لازم ہی اُسکو ابن مان

چھین کر اُس سے یہ سب مال و منال
کر کے ننگا شہر سے باہر نکال

ہو ہے یہ صدق و وفای اہلِ دول
وہم سے بس صدق مین آیا خلل

مت ہو نازان لطف پر اُنکے کبھی
دم مین ہون شیطان اور دم مین ولی

اعتقادِ اہلِ دولت پر کبھی
دل نہ دیجو کوئی اے میرے اخی

ایک وہمِ بے حقیقت سے وہ شاہ
ہو گیا بدظن اُسی عارف سے آہ

دشمنِ جان اسقدر اُسکا ہوا
جس طرح بکری کا ہووے بھیڑیا

دل لگا اُس شاہ سے ای بیوفا
جو ہزارون جرم بخشے اور خطا

دیکھکر کے سب کے وہ جرم و گناہ ١٨٧
دے ہی روزی لطف سے شام و پگاہ

چھوڑ دے جو ایسے شاہنشاہ کو
اُس سے زائد بیوقوف اور کون ہو

سو خطائین کر کے تو آوے جو پھر
خاص ہو درگاہ مین اُسکی تو پھر

مالِ دُنیا کا بھی ہے بس بیوفا
دل لگانا اُس سے ہی بیشک خطا

جان سلامت اپنی عارف لیگیا
کیونکہ دُنیا پر نہ اُسنے دل دیا

جو دغا کھاتا وہ اُسکے مکر سے
قتل ہوتا ہاتھ سے سلطان کے

زیرِ تیغِ بے دریغِ شاہِ دون
ہوتا عارف بے شبہہ زار و زبون

کی تھی اُسنے احتیاط حد سے بدر
مالِ دُنیا پر نگی تھی کچھ نظر

جان و تن اپنا سلامت لیگیا
مکر سے دُنیاے دون کے وہ بچا

حیف ہے صد حیف ای صاحبِ سلوک
ہو تو یون نازان بتعظیمِ ملوک

خاص لذت اُسکے جو وقتِ خطاب
ہے نہ آوے وہ زِ صد خُمِ شراب

شیخ اپنا شہ تجھے ہر دم کہے
یہ ندا سُنکے تو مدہوش ہی

مست و مدہوش اس خطابِ شہ سے ہے
ہر دم آگے شہ کے تو سجدہ کرے

پوچھتا ہے گویا تو اُس شاہ کو — کچھ نہین کرتا ہے یاد اللہ کو
اللہ اللہ ہے یہ کیا اسلام و دین — شرک ہی یہ تو برب العالمین
جرعہ اک بحر قدم سے نوش کر — آیت لا تشرکوا پر گوش کر
ساقیا اب آکھین مت دیر کر — دل مرا تجھ بن ہوا زیر و زبر
عیش کے سامان سب موجود ہین — تجھ بنا پر ساقیا نابود ہین — بلغیر
آکھین دے بھر حق اک بھر کر جام — عیش و عشرت جس سے ہو دلبر تمام

## اسمین مذمت اُن کی ہی جو مضمون دنیا مین غرق ہین واسطے حظ بے بنیاد کے

کیا ہی دنیا منصب کنیات ہی دون — گر مت جا اُسکے تو ای پُر فنون
اِس سے آلودہ کیے تو نے اگر — ہاتھ اور منھ اپنے ای نیکو سیر ٨٨١
روے آسایش کو دیکھے گا تو جان — اک سر مو ہی کہین اندر جہان
منصب دنیا نہین تو جانتا — ہے وہ کیا اُسن سے تو اب مجھسے ذرا
راہ حق سے دور جو تجکو کرے — اور ڈالے کوئی فرقت مین تجھے
ہے یہی دنیا سمجھ ای نیک تن — نے قماش و نقرہ و فرزند و زن
مایۂ بدنامی اس کا نام ہے — سر بسر ناکامی اس کا کام ہے
یہ نہان ہر لحظہ خاص و عام ہے — زہر کا پیالہ پلاتی ہے سب تجھے
واسطے اُس زہر کے تو دن اور رات — ہوگا تو کب تک خراب اے نیک ذات
منصب دنیا ہے وہ جسنے دیا — خرمن دین کو ترے بالکل جلا
منصب دنیا ہے وہ ای پُر فنون — اِسطرح جسنے کیا تجکو زبون
خوش ہی وہ مقبول جسنے یان کبھو — ہاتھ سے چھوڑا نہ اپنے دین کو
اور اِس حلوا و نان سے ای فتا — منھ کو اپنے کچھ نہین شیرین کیا

خوش ہے وہ دانا کہ جو یان چھوڑ کر
منصب دنیای دون کو سر بسر

مار کر اس پر وہ اپنے پشت پا
خلد مین جون شاہ مردان کے گیا

مثنوی مین مولوی معنوی
نکتہ اک فرماتے ہین سن اے اخی

"ترک دنیا گیر تا سلطان شوی
ورنہ ہم چون چرخ سرگردان شوی"

چھوڑ دنیا کو کہ تا سلطان ہو تو
ورنہ مثل چرخ سرگردان ہو تو

"زہر دارد در درون دنیا چو مار
گرچہ دارد از برون نقش و نگار

زہر این مار منقش قاتل ست
می گریزد زو ہر آن کو عاقل ست

زہر قاتل ہے یہ مار نقش دار
بھاگتے ہین اس سے جو ہین ہوشیار

۱۸۹ زین سبب فرمود شاہ اولیا
آن گزین انبیاؤ اولیا

اس سبب کہتے ہین شاہ اولیا
ہین وہ مقبول ولی و انبیا

حب دنیا راس کل خطیۃ
ترک دنیا راس کل عبادۃ

حب دنیا سب خطاؤن کا ہے سر
ترک دنیا سر ہے ہر طاعت کا پر

چھوڑ دنیا کو جو تو ہشیار ہے
عاقلو نیز جان یہ مردار ہے

پہلے تو تحصیل مین اسکے تو یار
کھینچے محنت اور ذلت بیشمار

بعد اسکے چھوڑ کر پھر راہ لے
حسرت اور افسوس کو ہمراہ لے

اس مین اول تو ہزارون محنتین
اور آخر مین ہون حاصل حسرتین

اہل دنیا الغرض یان اور وہان
محنت اور حسرت مین ہین گے بیگمان

یا الہی مجکو بھی بہر خدا
الفت دنیاے دون سے رکھ بچا

حب منصب حب جاہ و حب مال
واسطے اپنے مرے دلسے نکال

حب مولی حب حق حب خدا
مجکو اب بہر محمد کر عطا

غیر کی الفت سے کر کے مجکو دور
ہر دم و ہر لحظہ تو رکھ اپنے حضور

## اس مین بیان ہی کہ آدمی کو چاہیے کہ خلق کے بھلے برے کہنے پر خیال نہ کرے اور موافق حکم خدا و رسولؐ کے کیے جاوے

گر تو چھوٹا خلق مین خلقت سے اب — بد زبان خلق سے چھٹتا ہی کب
کون ہی جو بد زبان سے ہو بچا — حق پرست ہو یا کہ ہووے خود نما
گو کہ ہون تجھ مین کراماتین ہزار — اور ہو گھوڑے پہ گر تو بھی سوار
گر زمین سے آسمان تک تو اُڑے — پر نہ طعنِ خلق سے ہرگز بچے
گر سکے کوشش سے نالہ بند تو — پر نہ بند ہووے زبان عیب جو
جمع ہون اہلِ نفاق آپس مین جب — اہلِ تقوی کی بدی کرتے ہین سب
تو خدا کی بندگی سے منھ نہ موڑ — کہنے دے جو کچھ کہے خلقت کو چھوڑ
چاہیے راضی ہو بندہ سے خدا — غیر کی راضی و ناراضی سے کیا
حق سے بد اندیش کب آگاہ ہی — خلق کی غوغا سے وہ بیراہ ہی
چھٹ سکے ہی اِن سے کب تو اے ولی — گو کرے سو حیلے اور از حد سعی
چھوڑتی ہی خلق کب پیچھا ترا — گرچہ تدبیرین کرے تو لاکھہا
جو کوئی گوشہ کرے ہے اختیار — اختلاط خلق سے رکھتا ہی عار
یون کہین اُس کو کہ ہی یہ مکر و ریو — آدمی سے بھاگتا ہی مثلِ دیو
اور جو ہووے خندہ رو و خوش ادا — اُس کو کب جانے یہ نیک اور پارسا
اور جو کوئی ہو غنی اور کامران — اُس کو بولین یہ فرعونِ زمان
اور جو کوئی مرد درویشِ نکو — فقر و فاقہ سے کوئی سختی مین ہو
یون کہین اُسکو جو یہ ناچار ہے — اسکی بدبختی کا یہ ادبار ہے
اور جو کوئی کامران تقدیر سے — رتبۂ شاہی سے اپنے گر پڑے

| | |
|---|---|
| خوش کہین کب تک ہوے یہ گردن کشی | ہو خوشی کے بعد آخر نا خوشی |
| اور جو کوئی مفلس و مسکین فقیر | تنگدستی سے وہ ہو جاوے امیر |
| کھولین حق مین اُسکے کینہ سی زبان | ہے یہ دون پرور فرومایہ زمان |
| ہاتھ مین دیکھین جو تیرے کوئی کار | سمجھین تجکو بس حریص اور دنیا دار |
| اور جو بے کاری کرے تو اختیار | سب گدا پیشہ کہین اور بخت خوار |
| اور جو تو باتونین ہو بولین تجھے | بق بق و بق بق سدا کرتا ہے یے |
| اور جو خاموشی کرے تو اختیار | نقش دیواری کہین تجکو بیکار |
| اور کہین نامرد جو ہو بُردبار | ڈرتا ہے ہر شخص سے تو زینہار |
| ۱۹۱ اور دلیری مردمی گر تو کرے | تجکو دیوانہ سمجھ بھاگین پرے |
| اور کمکھاوین کرین طعنہ اُسے | مال اُسکا ہے یہ اور ونکے لیے |
| اور جو خوش خوراک ہوے اور خوش لباس | تن شکم پرور کہین اُسکو یہ ناس |
| بے تکلف ہو جو کوئی مال دار | یہ کہ زینت باتمیز و ہنر ہے عار |
| اُسکو یون طعنہ کرین یہ بے حیا | ہے یہ بدقسمت نہ پہنے اور نہ کھا |
| اور جو گھر اچھا بنادے نقشدار | خوش لباس اور خوش وضع ہو باوقار |
| اُسکو دین طعنہ کہ اپنے کو جوان | رکھتا ہے آراستہ مثل زنان |
| جو مسافر ہو نہ کوئی عمر بھر | مرد اُسکو کب کہین اہل سفر |
| یعنے ہے زن کی بغل مین یہ پڑا | کسطرح عقل و ہنر آوے بجا |
| اور کرین اہل سفر کو یون خطاب | بخت برگشتہ پھرے ہے یہ خراب |
| یعنے یہ صاحب نصیب ہوتا اگر | پھرتا کیون شہر و بشہر و در بدر |
| مرد بے زن کو کہین یون خُردہ بین | اسکے پھرنے سے ہے رنجیدہ زمین |
| اور کرے گر زن کوئی کہتے ہین یون | پڑگیا دلدل مین سر سے خر کے جُون |

گر کسی سے بُردباری تو کرے
یہ کہین غیرت نہین ہی کچھ اسے

اور سخی کو یون کہین کراب توبس
ہاتھ تیرے ہونگے کل کو پیش و پس

جو ہوا قانع بنانِ خشک و دلق
رات دن کرتی ہی اُسکو طعنہ خلق

باپ کے جون یہ بھی آخر سفلہ مرد
جائیگا دُنیا سے با افسوس و درد

کون ہی جو رِ زبان سے جو بچا
باخوشی کُنجِ سلامت مین ہا

جب نہ چھوٹے ہاتھ سے حضرت نبیؐ
دشمنونکے - کیا حقیقت اور کی

ہے خدا بے مثل بے انبازِ جفت
کیا کہا ترسا نے اُسکو ای شگفت

جورو اور بیٹا مقرر کردیا
مریمؑ و عیسیٰؑ کو اُس کا برملا

۱۹۲ پاک ہے وہ ذات از زوجہ و لد
لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ اَللّٰهُ الصَّمَدُ

کب چھُٹے کوئی کسیکے ہاتھ سے
مبتلا کو صبر ہر دم چاہیے

کب کوئی یان جورِ مردم سے بچا
نیک ہو یا بد بُرا ہو یا بھلا

کہنے سُننے خلق پر مت کر دھیان
صبر کر کے مجھ سے سُن یہ داستان

گر سُنے تو دل سے یہ میرے بیان
خلق کے ہاتھوں سے جب پاوے امان

## حکایت بوڑھے مرد بیوقوف کی

ایک بوڑھا مرد تھا بس بے شعور
عقل کے غم سے تھا وہ جینے سے دور

ناگہان عزمِ سفر اُسنے کیا
ساتھ بیٹے کو بھی اپنے لے چلا

ایک گھوڑی پاس تھی اُس پیر کے
ہو سوار اُسپر کیا رستہ کو طے

تھا پسر اُسکا پیادہ در رکاب
ہر دو باہم در کلام و در خطاب

مل گیا جو اِک گروہِ رہروان
ع یہ کہا سب نے کہ اے بوڑھے نیان

خود سوار ہو کر کے طے کرتا ہی تو
رحم بیٹے پر نہین کرتا ہے تو

باری باری چاہیے ہونا سوار
تا نہ ہو تو اور بیٹا تھک کے زار

پیر نے جب یہ سنا سب سے کلام — ہاتھ مین بیٹے کے تب دیکر لگام
کردیا گھوڑے پہ بیٹے کو سوار — خود پیادہ ہولیا زار و نزار
سامنے سے اک اور خلقت آگئی — دیکھ اُس کو مارنے طعنہ لگی
یہ عجب بوڑھا ہے بے عقل و شعور — ہے یہ خبطی یا کہ مجنون بالضرور
طفل کو بے عذر راکب کر دیا — خود ضعیفی مین پیادہ ہو لیا
راہ سطے آسان کرے طفل و جوان — پیر ہو اک کوس مین بس ناتوان
یہ نصیحت جو سُنی اُس پیر نے — طعنہ پہلون کا بھی یاد آیا اُسے
کرکے دونون قول کے برعکس کار — ایک گھوڑے پر ہوے دونون سوار ۱۹۳
سوچے یون گھوڑے کو اب تکلیف دین — تاکہ پھر طعنہ سے اور ونکے بچین
اتنے مین اور اک جماعت آگئی — جھٹ ملامت پیر کو کرنے لگی
اے ستمگر رحم کر بر بیزبان — بوڑھا ہوکے تو ذرہ ہو مہربان
چاہیے اک اسپہ ہوتے اب سوار — رکھا اس عاجز پہ تو نے دو کا بار
یہ ستم اس بیزبان پر ہو روا — گرچہ ہے حیوان پہ ہے مخلوقِ خدا
شکر حق کا سواری تجکو دی — مہربانی کر تو اسپر اے اخی
جو سُنا بوڑھے نے یہ اُسنے بغور — دل مین کی نادانی سے تدبیر اور
یعنے دونون پھر تو گھوڑے سے اُتر — پاپیادہ ہولیے پھر سفر
گرتے پڑتے جاتے دونون پاے ریش — جارہا تھا گھوڑا خالی پیش پیش
اور ایک فرقہ ملا آکر براہ — دیکھا اُس بوڑھے کو باحالِ تباہ
گرتا پڑتا جاتا ہے آپ اور پسر — اسپ بھی ہمراہ ہے کوتل مگر
ہے سواری ساتھ موجود اُنکے یہ — ہین پیادہ دونون اور خستہ جگر
پہلے تو اُسکے بڑھاپے پر ہنسنے — بعدہ پھر اُس کو یون کہنے لگے

کیون نہین ہوتا سواری پر سوار — تا نہ ہون محنت سے پا تیرے فگار
حیف ہے ہوتی سواری چھوڑ کر — رنج رکھا اپنے اور بیٹے کے سر
مجھسا نادان کوئی عالم مین نہین — نے سُنا ہی اور نہ دیکھا ہے کہین
اُلٹے ہون سب کام جب آوے قضا — عقل و ہوش و فکر سب ہووین فنا
عقل کامل کو ہو حاصل خیرگی — فہم روشن پر ہو مائل تیرگی
پیرمرد القصہ حیران ہی رہا — اور رہا ہی ہوے مثل ہوا
جا کے منزل پر کیا سب نے مقام — وہ رہا رہ مین پڑا با عقلِ خام
گر نہ سُنتا یہ کبھی قولِ فضول — راہ چلتا بے ملامت وہ ملول ١٩٤
جو کیا ہر قول پر اُسنے عمل — راہ چلنے مین پڑا اُسکے خلل
رکھتا ہی ہر کام مین جو اشتغال — کام مین اُسکے ہون پھر سو قیل و قال
لغو سے بچتی ہی کب خلق خدا — آپ کو آمادہ تو اُن سے بچا
خلق کے اچھے بُرے کہنے سے تو — رنج و غم مین ڈال مت بس آپکو
کہنے سُننے پر نکر اُنکے خیال — کام کر راضی ہو جس سے ذوالجلال
نیک اور بد پر نکر اُنکے نظر — کام کا جو کام ہے وہ کام کر
ساقیا آ کھو غمِ دُنیا و دین — اِس سے اُس سے تا مین ہون فارغ کہین
ہو نہ دنیا مین خیالِ اکتساب — اور نہ عقبےٰ مین غمِ اجر و ثواب
شغل ہو ہر دم خیالِ یار سے — بیخبر ہون اپنے کار و بار سے
ہون مین یون اندر خیالِ عشقِ یار — غیر استغراق کے ہو کچھ نہ کار

## اسمین بیان ہی خاموشی کا جو بہتر ہے سب خوبیون اور عادتون سے انسان کی

کیا ہے دُنیا جان ای صاحب کمال — یہ جو ہے بیجا تیری قیل و قال

کھول کان اور لب کو بند کر از مقال | ہفتہ ہفتہ ماہ ماہ و سال سال
کر تو خاموشی کی عادت اختیار | جس سے ہو جاوے ترا دل ہوشیار
ہووے بعضی گفتگو ای نیک پے | ہو کے وہ زنار گردن مین پڑے
خوش نصیب ہوتے ہین مردان خدا | بند رکھتے ہین زبان اپنی سدا
کر کے خاموشی بہت ہی اختیار | کرتے ہین دل سے وہ یاد کردگار
خامشی بس ہے مقال اہل حال | گر بلاوین تو وہ ہو جاتے ہین لال
بیٹھ جا خاموش ہو کر اے جوان | تا خموشی ہو تری نطق و بیان
یون رہیگا کب تلک ای بیفروغ | تو گرفتار دروغ اندر دروغ ١٦٥
ہوش مین آ اب بھی تو بہر خدا | آپ کو گفتار باطل سے بچا
بیٹھکر خاموش مجھ پاس ای جوان | گوش دل سے سن ذرہ یہ داستان
تا کہ ہو معلوم تجکو زینہار | فائدہ اور نقص خاموشی کا یار

## شہ — حکایت تمثیل

تھا کہین اک بادشاہ عالیجناب | ایک بیٹا اُس کا تھا نائب مناب
شاہ چاہے تھا کہ ہو یہ ذو فنون | تا ولی عہد اسکو مین اپنا کرون
اک معلّم باہنر تعلیم کو | کر دیا شہ نے مقرر نیک خو
تا کہ اُس سے سیکھ لے بیٹا ضرور | ہر طرح کے علم و فن ای باشعور
چند عرصہ مین غرض اُسکا پسر | عالم و فاضل ہوا با کرّ و فر
حلّ معلومات و مجہولات کے | بحث منقولات و معقولات کے
عقل کامل جو کرے کسب کمال | ذو فنون دہر ہووے لامحال
چند برسون مین غرض ای نیکنام | ہو گئی تحصیل اُسکی اختتام

دیکھکر فضل و کمال اُسکا تمام ۔ کرتا تھا سو آفرین ہر خاص و عام
لیک وہ شہزادہ والا حسب ۔ رکھتا تھا ہر گفتگو سے بند لب
وصف خاموشی کا تھا اُسنے پڑھا ۔ اسلیے خاموش رہتا تھا سدا
علم سے دل پُر تھا لب خاموش تھا ۔ مثلِ دریا زیرِ لب درجوش تھا
بادشہ نے جو کمال اُسکا سُنا ۔ پاس اپنے جھٹ لیا اُس کو بُلا
سامنے اپنے بٹھا کر باخوشی ۔ گفتگو کرنے لگا ہر طرح کی
وہ پسر خاموش تھا اندر جواب ۔ سنتا تھا سب کچھ صواب و ناصواب
بادشہ اس بات سے حیران ہوا ۔ اور معلم کو بُلا کر یون کہا
کہ بیان باعث ہی کیا ای باہنر ۔ رہتا ہی خاموش کیون میرا پسر ۱۹۶
عرض کی اُسنے کہ جبدن سے شہا ۔ وصف خاموشی کا اِسنے پڑھ لیا
ہوگیا خاموش جب سے یہ پسر ۔ کچھ نہین اچھی بُری کہتا خبر
شاہ نے اُسپر معیّن کر دیے ۔ چند مردم تا سخن اُسکا سُنے
کہدیا سب سے یہ جب بولے کلام ۔ پاس میرے لاؤ اُس کو والسلام
الغرض اِکدن گیا شاہِ جہان ۔ دشت مین بہرِ شکارِ وحشیان
تھا پسر ہمراہ گھوڑے پر سوار ۔ اور شہ جنگل مین مشغولِ شکار
صیدگہ مین ایک تیتر تھا نہان ۔ چھوڑ اُسکو شہ ہوا آگے روان
ناگہان بولا وہ تیتر ایک بار ۔ شاہ نے جھٹ کرلیا اُسکا شکار
شاہزادہ دیکھکر یہ ماجرا ۔ ہنس پڑا اور یون ندیمون سے کہا
جو یہ اسدم جانور رہتا خموش ۔ بند کرتا لب نہ کرتا کچھ خروش
صید کب ہوتا نہ یہ گر بولتا ۔ کھولا جو لب ایکدم مین سر دیا
گر نہ اسدم بولتا یہ جانور ۔ قطع کیون ہوتا اب اسکا تن سے سر

جا کے جاسوسون نے دی شہ کو خبر ہو مبارک آپ کا بولا پسر
شاہ نے خوش ہو باکرام تمام سامنے اُسکو بُلایا لا کلام
یون کہا شہ نے پسر سے میری جان جو کہا تھا تو نے کر مجھ سے بیان
ہو پشیمان اُس سخن سے وہ پسر رہ گیا خاموش لب کو بند کر
شاہ نے گرچہ بہت تاکید کی شاہزادہ پر نہ کچھ بولا اخی
غصّہ سے بولا وہ شاہِ بے خبر مارو اِس کو تازیانہ بے شمر
اُس پسر نے پھر ندیمون سے کہا کیا یہ تم باتین بناتے ہو سدا
اک دفعہ وہ جانور بولا تھا وان قطع سر اُسکا ہوا اور مین یہان
اِک سخن کہنے سے یہ پائی سزا اے سخن گو ڈر تو از روزِ جزا ١٩٧
اِک سخن کہنے سے دیکھو یہ غضب تازیانے تن پہ سَو کھائی ہین اب
یہ حق چق بق بق مین جو رہتے ہین یان دیکھیے کیا حال ہو اُن کا وہان
تو بھی اے امداد اب باہوش رہ سُنو حکایت گر سُنے خاموش رہ
خامشی کا ہے قلعہ مضبوط تر صاحب اس قلعہ کا رہتا ہے نڈر
کیونکہ اس عالم مین ہے سود و زیان ہون زبان سے آفتین اکثر یہان
تا دم آخر ز اول دم مزن از دم خود کارِ خود برہم مزن
ساقیا آ ہے کہان تیرا خیال بیقراری ہے یہان مجکو کمال
آنکھین دے خُم کے خُم منھ سے لگا جرعہ جرعہ دے کے ترساتا ہے کیا
خُم سے بھی تسکین ہونی ہے محال آج قفل میکدہ کو توڑ ڈال

## اس مین مذمت اور بُرائی اُن لوگون کی ہے کہ مشابہت رکھتے ہین ظاہر مین ساتھ فقرا کے اور باطن مین وہ اشقیا سے ہین

کیا ہی دنیا یہ ترا اعمال ہے — جبہ پشمین ردا ہے شال ہے
یہ مقام فقر خورشید اقتباس — ہووے کب حاصل کسی کو در لباس
اس ردا و جبہ پر تیرے اخی — مجکو یاد آئین دو بیت مثنوی
ظاہرت چون گور کافر پر حلل — واندرون قہر خدا عزّ و جل
از برون طعنہ زنی بر بایزید — واز برونت ننگ می دارد یزید
ہے ترا ظاہر خباثت سے بھرا — جسطرح ہو گور کافر پُر بلا
اور تیرا اندرونہ اے پسر — ہے بھرا قہر خدا سے سربسر
رکھتا ہے ظاہر سے تو طعنہ سدا — بایزید پاک پر اے بیحیا ۱۹۸
اور باطن سے ترے ای جان پلید — سو حیا اور ننگ رکھتا ہے یزید
سن ریا کو آپ سے کرکے بعید — پاک لوگون کا طریقہ اے پلید

## حکایت حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کی

ایک کوچہ تنگ مین سے بایزید — جاتے تھے اتنے مین اک کتا پلید
ناگہان اُن کے برابر آگیا — اپنے دامن کو لیا اُس سے بچا
یک بیک کتے نے کھولے اپنے لب — عرض کی حضرت سے کہ ای مقبول رب
اپنے دامن کو بچایا کس لیے — مجھ سے اب اسکا سبب سن لیجیے
خشک ہون گر مین تو ہی کپڑا بھی پاک — اور جو تر ہون تو ہو دھونے سے پاک
اور جو دیکھے اپنے اندر غور کر — وہ جنابت تجھ مین ہی ای باخبر
سات دریاؤن سے بھی دھووی اگر — پاک کب ہو اُس سے تو ای بہرہ ور
یہ لگے کتے سے کہنے بایزید — تیرا ظاہر میرا باطن ہی پلید
آکرین آپس مین ہم تم دوستی — خوب گذرے گی بہم میری تری
عرض کی کتے نے ای سلطان دین — دوستی کے مین ترے قابل نہین

مین هون مردود اور تو مقبول هی | تیری بیری اب بهلا کیونکر بنے
دیکهتا هے مجکو جو کوئی بشر | دور سے مارے هو پتهر بے خطر
اور تجهے جو دیکهتے هین خاص و عام | اکرتے هین تعظیم بے حد اور سلام
اور یه ظاهر هے که مین رکهتا نهین | کچه ذخیره وقت اگلے کا کهین
اور تجه پاس اک مٹکا هے بهرا | آرد گندم کا اے مرد خدا
مجه مین تجه مین دوستی کسطرح هو | مین پلید اور تو هی پاک اور نیک خو
رو پڑے سُنکر کے یه وه پاک دین | واے مین کُتّے کے بهی قابل نهین
آه کیونکر هون گا پهر مین بے خلل | قابل درگاه حضرت لم یزل ١٩٩
پاک لوگون کا تو ایسا حال هی | اور یون تیرا خبیث اب فال هی
میرا ثانی کوئی عالم مین نهین | عالم و زاهد ولی اور پاک دین
اور حقیقت مین هی یه حال آپکا | جس سے شیطان بهی امان چاهے سدا
دست بر تسبیح در دل گاؤ خر | این چنین تسبیح کے دارد اثر
هاته مین تسبیح دل مین گاؤ خر | ایسی کب تسبیح رکهتی هے اثر
هاته سے اس تسبیح کو تو دور کر | ذکر دلبر سے تو دل معمور کر
پهونکدے اس جبّهٔ ناپاک کو | اور عصا و شانه و مسواک کو
ظاهر اور باطن ترا گر ایک هو | پاوے بیشک جب تو حق کی راه کو
مختلف هو ظاهر اور باطن اگر | تیرا هو جاوے جهنم مین مقر
تو بهی اے آمد اداب حق کے لیے | بیخودی مین اب خودی کو چهوڑ دے
هے خودی مین جبتلک بیخود هی تو | هو تو بیخود پهر تو خود هے هو بهو
خود هی تو کس کی کرے هی جستجو | تو حجاب اپنا هوا هے آپ کو
آپ کو اپنے مین اول دیکه لے | غیر کو کر ترک مِل اس یار سے

معرفت پیدا است از عرفان خویش / گر شناسی خویش را گشتی ز خویش
ساقیا وہ بیخودی کا جام دے / جس سے مین آپ مین آؤن آپ سے
آپ کھو کر محو ہون در حسنِ یار / محو اندر محو ہون مین زینہار
نام عین رسم آثار اپنا سب / ہو فنا اندر فنا یک لخت اب

## اس مین بیان ہی کہ خداے تعالیٰ کو صرف خدائی کے واسطے پوجے نہ طمع جنت کے لیے اور نہ خوف دوزخ سے

کیا ہی دنیا جان ای نیکو سرشت / یہ عبادت ہی تری بہرِ بہشت
ہے یہی نزدیک اہلِ دل مقر / دین گھٹا نا جان تو ای بہرہ ور
یعنے مزدوری عبادت پر یہان / مانگتا ہے حق تعالیٰ سے وہان
جا حدیثِ ما عبدتک اے پسر / تو کلام مرتضےٰ سے یاد کر ۲۰۰
یعنے فرماتے ہین یون شاہِ علی / عاشقِ حق نائبِ حضرت نبیؐ
ای خداے خالقِ ہر دو جہان / ہی تو ہی مطلوب مجکو ہر زمان
پوجتا ہون اب نہ تجکو اس لیے / طمعِ جنّت یا نہ خوفِ نار سے
پوجتا ہون تجکو تیرے واسطے / ہر طرح تیری رضا مطلوب ہے
جب نہ پایا مین کہین تیرے سوا / پوجنے کے لائق اے میری خدا
پس مین پوجا تجکو یکتا جان کر / غیر کی اُلفت کوکی دل سے بدر
لیتی ہے طاعت پہ اُجرت یہ گروہ / رکھتی ہی اُجرت کی طاعت پر شکوہ
آرزو اُجرت سے عملون پر اگر / رکھتا ہی تو ہے یہ گمراہی بتر
واسطے حق کے ہو کب اے پُر خلل / طمعِ اجرت کے لیے ہی یہ عمل
یاد آئی اک مثال اسپر مجھے / ہوش کر کے سُن تو اسکو غور سے

## حکایت محمود بادشاہ غزنوی اور ایاز غلام کی

کہتے ہین اک شخص نے محمود کو
یہ دیا طعنہ کہ اے شاہ نکو

ہے ایاز ایسا نہ کچھ صاحب جمال
جسپہ تو عاشق ہے یون ای باکمال

سنتے ہی اس بات کے محمود شاہ
اس سے یون کہنے لگا ای نیک راہ

اس کی خوبی نیک پر ہون مین فدا
اور نہ عاشق اسکے رنگ وروپ کا

نقل ہے اک دن کہ جاتا تھا وہ شاہ
ایک کوچہ تنگ کو با عزّ و جاہ

ساتھ اسکے تھے جواہر سے بھرے
چند صندوق اونٹونکے اوپر دھرے

اتفاقاً کھاکے ٹھوکر اک شتر
اس گلی مین گر پڑا اے بہرہ ور

گرتے ہی اس اونٹ کے ای نیک پے
ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے صندوق کے

۲۰۱ ہوگئے اک لخت وان اس سے بدر
لعل و یاقوت و زمرد سیم و زر

دیکھکر اس حال کو محمود شاہ
لوٹنے کا حکم دے کر چلدیا

سنتے ہی یہ حکم جو ہمراہ تھے
یک بیک سب لوٹنے پر پڑگئے

چھوڑ شہ کو سب کے سب پیادہ سوار
لوٹنے پر پڑگئے بے اختیار

اور رہا ہمراہ نہ کوئی شاہ کے
رہ گیا پر اک ایاز اے نیک پے

دیکھکر سلطان بولا ای ایاز
تو نے بھی لوٹا ہے کہہ مجھ سے تو راز

عرض کی اسنے کہ ای سلطان دین
جس کی سب نعمت اسے لاتا ہون نہین

دور ہوکر اب تری خدمت سے مین
کچھ نہین حاصل کیا نعمت سے مین

قربت سلطان حاصل ہو جسے
چھوڑ اس کو پھر وہ کیون نعمت کو لے

ہی طریقت کے خلاف اب یہ کہ یار
غیر حق کو حق سے مانگے زینہار

اس سے زیادہ کون ہی بس بے ادب
جو سوا حق کے کرے حق کی طلب

نفس پرور ہی جو رکھے کچھ نظر
دوست سے جو دوست کے احسا نپر

توجہ کرتا ہی عبادت بے شمار | واسطے حق کے ہی کب اے نابکار
نفس کی خواہش سے کرتا ہی ضرور | یعنے بہر جنت و حور و قصور
خواہشاتِ نفس ہین یہ سب کی سب | زہد کے پردے مین کرتا ہی طلب
کہتا ہی پوجن ہون مین اللہ کو | خواہشات نفس کو پوجے ہی تو
اجر عابد چاہے طاعت پر اگر | ہی وہ طاعت گر سمجھ اے بیخبر
اجر پر کب تک تو ہے اُمیدوار | بہتر اس سے اجر کیا چاہے گا یار
اُسنے فضل و لطف سے تجکو فتا | اپنی خدمت کیلیے پیدا کیا ۲
با وجود آلودگی کے قدر ترا | اپنی قدرت سے مزین کر دیا
اور اِس قدر پر ترے ای باوفا | خلعت عرفان کیا آراستہ
ساقیا آ دے وہ جام بے قرار | جس سے ہون مین محو اندر ردیار
ہون مین یون دنیا و دینسے بیخبر | نے اُمید خلد سے نے خوف سقر
خلد اپنی مظہر لطف و جمال | دوزخ ہم کو ہی ظہورات جلال

## اِس مین بیان ہے شوق چھوڑنے کا ماسوا کے اور شائق ہونا طرف شراب طہور کے مُراد اِس سے محبت الٰہی ہے

عمر ضائع اور قضا میری ہوئی | اے ندیم اب بہر حق اُٹھ تو سہی
تا کہ پہچانون مین اپنے وقت کو | رائگان گذرا ہی جو اے نیک خو
کر عطا بہر خدا اک بھر کے جام | اُس شراب پاک سے ای نیکنام
ہے خوشی کے درد کی بیشک کلید | اُس سے مست رکھ بہر حق مجکو بعید
اور رہا کر ساقیا ارواح کو | قید سے رنج و الم کے جلد تو
اور چھڑا جلدی خدا کے واسطے | تن بدن کو رنج و غم کی قید سے

اس خراب آباد ویران مین مرا
نے تو مجکو نفع خلوت سے ملا
دَیر و کعبه مین پهرا سر مارتا
اب بهت بیچین هون اى ساقیا
بس شرابِ بیخودی مجکو پلا
وه جو عالم هے اِس عالم کے سوا
ایک عالم چاهون اس عالم سے اوٗ
تا که هون مقصودِ دل سے بهره ور
آه و ناله شور و غُل ایسا کرون ۲۰۳
وه شراب اب ساقیا مجکو تو دے
آتشِ موسیٰؑ سے اِک شعله هی یار
طُور هی اُس لوز کا سینه مرا
پس پلا لاکر کے وه مجکو شراب
هو وه ایسی جو پیے اُسکو ذره
اُٹھ کهین بهر خدا هو جلوه گر
ماه بهی اور سب ستارے چهپگئے
مطربا کچھ کهه یه میری التجا
عیش هے بے عیش میرا مطربا
کر بیان کچھ یار کی باتون سے
دور کر مجھ سے اب ایام فراق
باد و دف و نے سے تو اُٹھ کر مطربا

خانقاه و مدرسے سے دل اُٹھا
اور نه کچھ اب سیر سے حاصل هوا
نے ملا مقصودِ دل کا کچھ پتا
هو مری مشکل کا تو مشکل کشا
قید سے تایان کی دل چهوٹے مرا
هے وهی درکار مجکو ساقیا
هو نرالا اِس سے اُس عالم کا طور
خاک ڈالون هستیِ موهوم پر
خلق مین اِک حشر سا برپا کرون
استخوانِ کهنه کو جو زنده کرے
اُس شرارِ پاک کا نور آشکار
خُم هی اُس کا قلب اپنا ای فتا
جس سے واپس هو مرا عهدِ شباب
دو جهان کی قید سے هو وه رِها
صبح هونے آئی اب مت دیر کر
اور صدا مین مُرغ بهی دینے لگے
رائگان گذری هے در رنج و عنا
بے غنا کے کچھ غنا مجکو سُنا
دِل مرا اُس بن هی غم مین مُبتلا
هوگئی طاقت مری دوری سے طاق
مجکو اشعارِ عرب سے کچھ سُنا

تاکہ ہون ہم پر یہ سب رایے نیکنام — عیش و عشرت حظ و کیفیت تمام
آہ کب تک مین کرون آہ و فغان — ایک بھی سنتا نہین وہ جانِ جان
آہ وا ویلا دریغا حسرتا — حسرتا صد حسرتا صد حسرتا
پھر سنا مجکو وہ نظمِ مستطاب — جو کہی تھی مین نے در عہدِ شباب
عمر سب گذری مری در قیل و قال — اپنی غفلت سے ہوا مین پایمال
مطربا اب بہر حق اُٹھ تو سہی — کچھ بھی اطاقت نہین مجھ مین رہی
پھر کوئی شعرِ عجم مجکو سنا — تاکہ دل قیدِ الم سے ہو رہا
اور کہہ کوئی تو بیتِ مثنوی — از حکیم مولوی معنوی
بشنو از نے چون حکایت می کند — وز جدائی ہا شکایت می کند ۲۰۴
بشنو از نے بشنو از صاحب نفس — کز جمادی نالہ نشنیدست کس
نے سے مت سن سن تو صاحب نفس سے — کیونکہ جامد سے کوئی نالہ سنے
ہو مخاطب اُٹھ کہین اے بہرہ ور — سب زبان سے تو مجھے آگاہ کر
وہ کوئی نغمہ سنا اے نیک خو — خواب و خور سے تاکہ دل بیدار ہو
دل مرا غافل ہے اپنے حال سے — ہے سدا مشغول قیل و قال سے
بندِ آہن مین پڑا ہے تن اوپر — جہل سے بھی اپنے قائل ہے مگر
اور کہتا ہے کہ ہوا اس سے سوا — یعنے پا مین بیڑی حرص و ہوا
سر بسر گمرہ ہوا اے نیک خو — اپنی گمراہی سے بھولا راہ کو
ہے مے غفلت سے مدہوش اسقدر — آپ کی بھی کچھ نہین رکھتا خبر
ایک مدت گذری ہے اسکے تئین — نہ ہے یہ تبخانہ مین یون گوشہ نشین
قہقہہ مارے ہین کافر برملا — دین اور اسلام پر اسکے سدا
اب بھی آئی امداد تو بہرِ خدا — خوابِ غفلت سے ذرہ تو چونک جا

غیرِ دلبر کو تو دل سے دور کر — جلوۂ دلبر سے دل معمور کر
ماسوا دلبر کے دل مین ہو جو شی — جان لے تیرا وہی معبود ہے
یعنے یہ حرص و ہوا و بُت غیر — سب یہ بتخانے ترے ہین اور دَیر
ہو سکے جتنا اُنھین دل سے نکال — اپنے دلبر سے تو پھر ہو ہم مقال
دل مین جب تک تیرے حُبِّ غیر ہے — مل نہین سکتا تو اپنے یار سے
غیر سے ہے بیر اُس کو ای جوان — غیر ہو جس گھر مین وہ اُس مین کہان
غیر سے تو خالی گھر کو جلد کر — نورِ دلبر تا ہو اُس مین جلوہ گر
ہو کے تو خاموش قیل و قال سے — ہو خبردار اب تو اپنے حال سے
الغرض آمداد تو اپنی کتاب — ختم کر واللہ اعلم بالصواب
سال ہجری بھی ہوئی جب ختم یار — یکہزار و دو صد و شصت و چہار ١٢٦٤ھ
٢٠٥ جب ہوئی یہ مثنوی یارو تمام — رکھدیا اِس کا غذاے روح نام

## خاتمة الکتاب

بعد اسکے سُن تو اب اے دوستان — کردیا ہی یہ جو کچھ مین نے بیان
شاعری سے مجکو کچھ بہرہ نہین — علم نظم و نثر بھی رکھتا نہین
چاہیے مقصود دل اُس یار سے — ہے نہ مطلب خوبی اشعار سے
شاعری سے کچھ نہین ہے مجکو کام — چاہتا ہون یہ کہ ہووے فیض عام
جسکے یہ زیادہ ہو عشقِ عاشقان — اور ہووے دور فسقِ فاسقان
شاعرون سے کچھ نہین ہی التجا — عرض ہے اہلِ صفا سے یہ ذرا
جو کہ دیکھین اِس مین کچھ سہو و خطا — دین بنا اپنے کرم سے بر ملا
کرکے اپنے لطف و احسان پر نظر — اسمین دین اصلاح بیخوف و خطر

تمت بالخیر

## نکتہ قابل یاد دہی ہر ذرہ اسم ذات اللہ کا مظہر ہے اور ہر چیز سے نام مبارک اللہ ظاہر ہے

### رباعی

ہر چیز کہ خواہی عددش گیر دوبار — یک ساز زیادہ وسہ چندان شمار
پس از طرح ششم چو باقی ماند — در بست دوم ضرب کردہ اللہ برآر

تفصیل اس اجمال اور تحلیل اس اشکال کی یہ ہی کہ خالق اکبر کے اسم کی ظاہریت اور مخلوق اصغر کے اسم کی مظہریت اس صنعت سے بالبداہت یون ظاہر ہے کہ جس وقت منظور ہو کسی شئے سے نام مبارک اُس صانع حقیقی کا تو اُس چیز کے عدد بحساب ابجد نکالیے اور اُن اعداد کو دوچند کیجیے اور اُس مین ایک ملاکر تین مین ضرب دیجیے ۲۰۶
اُسکے بعد چھ ۶ سے تقسیم کیجیے جو باقی رہے اُسکو بائیس ۲۲ مین ضرب دیجیے اعداد ذات باری ہویدا ہونگے۔ مثلاً اگر ہم چاہین کہ ولی سے اعداد ذات بحت پیدا ہون تو بحساب ابجد عدد ولی کے (۴۶) ہوے اسکو دو ۲ مین ضرب دو بانوے (۹۲) ہوے اس مین ایک ملاکر تین مین ضرب دو (۲۷۹) ہوئے (۲۷۹) کو چھ سے تقسیم کیا ۳ باقی رہے اسکو ۲۲ مین ضرب دو اعداد ذات مقدس (۶۶) پیدا ہوے اور یہی مطلوب ہی و علی ہذا القیاس من سائر الاسماء الغیر المتناہیة المستخرج محمد جعفر علی نگینوی سلمہ اللہ تعالے

### تاریخ وفات شاہ عبدالغنی صاحب دہلوی مرحوم

عالم و عارف شہ عبدالغنی — کرد چون جملہ مراتب عمر طی
این ندا آمد ز ہر سو غم فزا — داد جان عبدالغنی با جلوہ حی
۱۲۹۶ھ

### تاریخ وفات مولانا محمد یعقوب دہلوی مرحوم

بست و ہشتم ذیقعدہ جمعہ کو — چلدیے جنات کو یعقوب
رو کے کہا سب نے کہ جہان سے — تمام شد — ماہ ہدا ہوا آہ عنبر و ب
۱۲۹۲ھ

# کتب اخلاق و تصوف و حالات اولیائے کرام اُردو

| نام کتاب | قیمت | نام کتاب | قیمت | نام کتاب | قیمت | نام کتاب | قیمت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مذاق العارفین ترجمہ اُردو | | مثنوی شریف نظم اُردو کامل | چھ روپیہ | کلیات امدادیہ | آٹھ آنہ | شمس العارفین تصوف | |
| احیاء العلوم کاغذ عمدہ | دس روپیہ | بستان معرفت شرح | | جامع الخطب حافظ ابن حجر | | مین نہایت عمدہ | |
| اکسیر ہدایت ترجمہ کیمیائے سعادت | سوا دو روپیہ | مثنوی شریف کامل نثر | پانچ روپیہ بارہ آنہ | عسقلانی عربی | دس آنہ | کتاب ہے | چھ آنہ |
| گنجینۂ معرفت دوسرا ترجمہ | | شجرۂ معرفت منتخب | | نظم قادریہ در کرامات | | رفیق السالکین مصنفہ | |
| کاغذ عمدہ | ڈھائی روپیہ | مثنوی شریف نظم | ایک روپیہ | حضرت غوث پاک | تین آنہ | مولانا کرامت علی صاحب | پون آنہ |
| سراج السالکین ترجمہ | | اخبار الاخیار اُردو | آٹھ آنہ | کرامات حضرت محبوب سبحانی | ایک آنہ | زاد التقویٰ مصنفہ | |
| اُردو منہاج العابدین | سات آنہ | کلید مثنوی شرح مثنوی | | گلزار ابراہیم | دو آنہ | مولانا کرامت علی صاحب | دس آنہ |
| مثنوی حور جنان | آٹھ آنہ | مولانائے روم مولوی | | سراج الفقراء | ڈھائی آنہ | نکات احسانی | ڈیڑھ آنہ |
| ترجمہ سیر الاقطاب | سات آنہ | اشرف علی صاحب دفتر | | مقامات امام ربانی | دس آنہ | مناقب غوثیہ | ساڑھے تین آنہ |
| مجلس گیارھوین | دو آنہ | اول حصہ اول | ایک روپیہ دو آنہ | حکایات الصالحین | چار آنہ | فیوض رحمانی | چار آنہ |
| محفل گیارھوین | ڈھائی آنہ | ایضاً حصہ دوم | ایک روپیہ دو آنہ | مجموعہ رہبر راہ حق | ساڑھے پانچ آنہ | منتخب النصائح | تین آنہ |
| اعجاز غوثیہ مجیدی | ڈیڑھ آنہ | ارشاد مرشد | پون آنہ | مقاصد الصالحین | ڈھائی آنہ | اوقات عزیزی | |
| غنیۃ الطالبین مترجم اُردو | ساڑھے تین آنہ | باغ ارم منتخب مثنوی روم اُردو | دس آنہ | تحفۃ العاشقین | سوا آنہ | کشوری اُردو | چار آنہ |
| مجموعہ بستۂ ضروریہ | ساڑھے تین آنہ | بحر الحقیقۃ | پونے دو آنہ | فضیلۃ الذکر | تین آنہ | فدای فضل رحمانی | چار آنہ |
| پنج گنج ملفوظات خواجگان | | اسرار العارفین | ڈھائی آنہ | دبستان مذاہب | بارہ آنہ | گلدستۂ کرامات | ساڑھے چار آنہ |
| چشت اہل بہشت | سوا دو روپیہ | ضیاء القلوب مترجم | ساڑھے چار آنہ | زین المجالس مناقب حضرت | | حدائقہ الحنفیہ | ایک روپیہ |
| سلطان الاذکار صفے | | ترجمہ فتوح الغیب اُردو | چھ آنہ | غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ | ایک روپیہ دو آنہ | دیوان پرتو اشرفی | |
| مناقب غوث الابرار | دس آنہ | غذائے روح | تین آنہ | سرمایۂ مساکین | ڈھائی آنہ | تجلیات معنوی | ساڑھے پانچ آنہ |
| ترجمہ اُردو مرقع شریف کلیمی | [illegible] آنہ | تحفۃ العشاق | ڈیڑھ آنہ | مجموعۂ ذخیرۂ کرامت | آٹھ آنہ | مشاہدات معنوی | |
| تذکرۂ غوثیہ | دو روپیہ | گلزار معرفت | ڈیڑھ آنہ | ذخیرۂ کرامت حصہ دوم | بارہ آنہ | تجلیات قدسی | آٹھ آنہ |
| ترجمہ اُردو عوارف المعارف | ایک روپیہ تین آنہ | ترجمہ فصوص الحکم اُردو | ایک روپیہ | جامع الاخلاق ترجمہ | | المشتہر | |
| حدیقۃ الاولیا | ساڑھے چار آنہ | تذکرۃ الاولیا | ایک روپیہ بارہ آنہ | اخلاق جلالی | ساڑھے چار آنہ | محمد سعید تاجر کتب | |
| مثنوی بوعلی شاہ قلندر | | مجموعۂ تصوف | دو آنہ | اسرار خلیل اُردو | چھ آنہ | کلکتہ و مالک | |
| مترجم اُردو | ڈیڑھ آنہ | منظور غوثیہ | پون آنہ | انوار الاولیا مصنفہ شاہ | | مطبع مجیدی کانپور | |
| پیراہن یوسفی مع ترجمہ | | ارشاد رحمانی | چار آنہ | خلیل الرحمن صاحب [illegible] | آٹھ آنہ | | |

۲۰۷

# گلزارِ معرفت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## التماس جامع اوراق

بعد حمد و صلوٰۃ یہ نیاز احمد معترف بتقصیرات احقر متوسلین و کمترین مقتبسین حضرت امام العارفین مقدام الراسخین سراج الاولیاء تاج الکبراء زبدۃ الواصلین قدوۃ الکاملین شیخ المشائخ سید الساداۃ جنید الزمان بایزید الدوران سیدی و سندی و معتمدی و مستندی ذخیرۃ یومی و غدی مکان الروح من جسدی حضرت مرشدنا و مولانا الحافظ الحاج الشاہ **محمد امداد اللہ المہاجر تھانوی** مولداً المکی موردًا الفاروقی نسباً الحنفی مذہباً الصوفی مشرباً ادامہ اللہ تعالیٰ کاسمہ الشریف امداداً من اللہ علی العباد و افاضۃ علی طالبی الرشاد خدمت میں اخوان طریقت و خلان حقیقت کے عرض رسا ہی کہ حضرت پیر مرشد محتشم الیہم ادام ظلہم کا کلام منظوم ہدایت مفہوم اس کثرت سے ہی کہ اُس کا احصاء و ضبط دشوار ہی مگر احقر کو کچھ متفرق و منتشر اوراق ہاتھ لگ گئے بغرض انتفاع و استمتاع و حفظ و التذاذ دوسرے پیر بھائیوں وغیرہ کے جی میں آیا کہ اُن اوراق کو جمع کر کے اُنکی خدمت میں پیشکش کروں و نام اس مجموعہ کا گلزار معرفت رکھا بڑی غرض اس سے خصوصاً قبلہ پیر مرشد کی رضامندی ہی ع گر قبول افتد زہے عز و شرف ✤ یرحم اللہ عبداً قال آمینا ✦

## (مناجات)

الٰہی یہ عالم ہے گلزار تیرا — عجب نقش قدرت نمودار تیرا
جہاں لطف گل ہی وہین خار غم ہی — ہاد گل خار مین گل مین ہی خار تیرا
عجب رنگ بیرنگ ہر رنگ مین ہی — یہ ہی رنگ صنعت کا اظہار تیرا
خوشی غم مین رکھی ہی اور غم خوشی مین — عجب تیری قدرت عجب کار تیرا
یہ نقشہ دو عالم کا جو جلوہ گر ہی — ہی پردہ مین روشن سب انوار تیرا
یہ کوتاہی اپنی نظر کی ہی یارب — ترے نور کو سمجھین اغیار تیرا
بہر رنگ ہر شے مین ہر جا پہ دیکھو — چمکتا ہی جلوہ قمر وار تیرا
نہین وہ جگہ اور نہین وہ مکان ہی — کہ جس جا نہین ذکر واذکار تیرا
تو ظاہر ہی اور لاکھ پردہ مین ہی تو — تو باطن ہی اور سخت اظہار تیرا
تو اول نہین ابتدا تیرا یارب — تو آخر نہین انتہا کار تیرا
تو اول تو آخر تو ظاہر تو باطن — تو ہی ہے تو ہی یا کہ آثار تیرا
نظر کو اُٹھا کر جدھر دیکھتا ہون — تجھے دیکھتا ہون نہ اغیار تیرا
الٰہی مین ہون بس خطاوار تیرا — مجھے بخش ہی نام غفار تیرا
عفو کس سے چاہے گنہگار تیرا — کہو کس سے چھوٹے گرفتار تیرا
الٰہی بتا چھوڑ سرکار تیری — کہان جاوے اب بندہ ناچار تیرا
نگاہِ کرم تک بھی کافی ہی تیری — مین ہون بندہ گرچہ بہت خوار تیرا
دوا یا رضا کیا کرون مین الٰہی — کہ دارو بھی تیری اور آزار تیرا
مرض لادوا کی دوا کس سے چاہون — تو شافی ہی میرا مین بیمار تیرا

مین ہون چیز تیری تو جا ہے سو کر تو
تو مختار میرا مین ناچار تیرا

الٰہی مین سب چھوڑ گھر بار اپنا
لیا ہے پکڑ اب تو دربار تیرا

سوا تیرے کوئی نہین میرا یا رب
تو مولا ہے مین عبد بیکار تیرا

کہان جاوے جسکا نہو کوئی تجھ بن
کسے ڈھونڈ ہے جو ہو طلبگار تیرا

کیا اپنے در سے اگر دور اسکو
کدھر جاوے عاجز یہ ناچار تیرا

نہ پوچھے سوا نیک کارون کے گر تو
کہان جاوے بندہ گنہگار تیرا

گناہون نے ہر طرف سے مجکو گھیرا
سنا جب سے ہے نام غفّار تیرا

رہے گا نہ کچھ نقد عصیان سے میرا
لگے گا جو رحمت کا بازار تیرا

دلیر ہم گناہون پہ کیونکر نہووین
کہ ہی نام غفّار و ستّار تیرا

سدا خواب غفلت مین سوتا رہا مین
نہ اکدم ہوا آہ بیدار تیرا

چلا نفس و شیطان کے احکام پر مین
نہ مانا کوئی حکم زنہار تیرا

برے کام مین عمر افسوس کھوئی
کیا مین نہ اچھا کوئی کار تیرا

نہ رسوا ہون جیسا یہان حشر کو بھی
نہ ہون جبکہ ہو عام دربار تیرا

مری مشکلین ہووین آسان اکدم
جو ہو جا کرم مجھپہ اک بار تیرا

خبر لیجیو میری اس دم الٰہی
کھلے جبکہ بخشش کا بازار تیرا

ہون ظلمات عصیان سے حسنات روشن
جو ہو مہر رحمت نمودار تیرا

کہان میرے عصیان کہان تیری رحمت
کہان خس کہان بحر زخار تیرا

لگے کرنے کافر بھی امید بخشش
لگے ہونے جب رحم اظہار تیرا

گنہ میرے حد سے زیادہ ہین یا رب
مجھے چاہیے رحم بسیار تیرا

نہ ڈر دشمنون سے رہا مجکو جب سے
کہا تو نے مین ہون مددگار تیرا

تمنا ہے اسباب کی مجکو ہر دم
کہ دل سے زبان پر ہو اذکار تیرا

ترا نام شیرین حلاوت ہی دل کی — ہر اک بات سے خوش ہی تکرار تیرا
الٰہی رہے وقت مرنے کے جاری — بتصدیق دل لب پہ اقرار تیرا
نہ کوئی مرا ہی نہ مین ہون کسی کا — تو میرا مین عاجز دل افگار تیرا
تو میرا مین تیرا مین تیرا تو میرا — ترا فضل میرا مرا کار تیرا
نہین مین تو ہی ہی تو ہی ہی نہین مین — تو ہی نور میرا مین آثار تیرا
مین ہون عبد تیرا تو معبود میرا — تو مسجود مین ساجد زار تیرا
الٰہی بچا قہر سے اپنے مجکو — کہ ہی عفو بخشش کرم کار تیرا
یہ جور و جفا ہم سے ہم پر ہی یارب — نہین ظلم اور جور اطوار تیرا
بدون کو کرے نیک نیکون کو بد تو — یہ ہی بے نیازی کا بازار تیرا
نہین کافرون کو جو توفیق ایمان — کہ ہی نام قہار و جبار تیرا
حکومت ہوئی اسکو حاصل جہان کی — ہوا جو کوئی حکم بردار تیرا
فنا ہو گیا جو تری دوستی مین — تو ہی یار اسکا وہ ہی یار تیرا
دو عالم خریدار ہو اسکا بیشک — جو ہو نقد جان سے خریدار تیرا
کھلی اسکی آنکھین کرین بند جسنے — عیان ہو نہان اسپہ اسرار تیرا
رہے ہوش اسکو کسی کا نہ اپنا — الٰہی ہوا جو کہ ہشیار تیرا
الٰہی مجھے ہوش دے اب تو ایسا — رہون مین سدا مست و میخوار تیرا
تو کر بے خبر ساری خبرون سے مجکو — الٰہی رہون اک خبردار تیرا
مین ہر درد اور مرض سے چھوٹ جاؤن — جو لگ جا محبت کا آزار تیرا
الٰہی وہ جلوہ محبت عطا کر — جو کر دے مجھے عاشق زار تیرا
الٰہی عطا ذرۂ درد دل ہو — کہ مرتا ہی بے درد بیمار تیرا
بنا اپنا قیدی کر آزاد مجکو — ہی آزاد سب سے گرفتار تیرا

جو جاگا سو سویا جو سویا سو جاگا — سلا مجکو تا ہون مین بیدار تیرا
بھکاری ترا جاوے محروم کیونکر — کہ نت خوانِ بخشش ہی تیار تیرا
ترا خوانِ انعام ہی عام سب پر — ہی شاہ و گدا ہر نمک خوار تیرا
بھکاری کروڑون ترے ہون نہ کیونکر — نہین کرنا معمولی انکار تیرا
کوئی تجھسے کچھ کوئی کچھ چاہتا ہی — مین تجھسے ہون یارب طلبگار تیرا
نہین اس سے زیادہ مجھے کوئی خواہش — ہر اک شی سے ہی وصل درکار تیرا
نہین دونون عالم سے کچھ مجکو مطلب — تو مطلوب مین ہون طلبگار تیرا
ہی جنت کی نعمت تو سب میرے سر پر — میسر ہووے کاش دیدار تیرا
مرے دلمین ٹک جلوہ فرما الٰہی — کہ تجھ بن ہی ویران یہ ابدار تیرا
نہین وصل افسوس قسمت مین میری — مین سایہ نمط گرچہ ہون جار تیرا
تو ہی جان و دل سے بھی نزدیک میرے — ولے آہ ملنا ہی دشوار تیرا
ہون باوصف اس قرب کے دور ایسا — ستاتا ہی پھر ہجر خونخوار تیرا
یہ قُرب و معیّت ہی پھر بُعد ایسا — نہین کُھلتا یارب یہ اسرار تیرا
حجابِ خودی میرا یارب اُٹھاوے — کہ تا دیکھون بے پردہ دیدار تیرا
ذرہ آپ اپنے مین امداد آ تو — کہ ہی کون تو کیا ہی گفتار تیرا
تو کر صیقل آئینہ دل نامِ حق سے — کہ تا جلوہ گر اُسمین ہو یار تیرا
زبان سے طرف دل کے مشغول ہو تو — وہین جلوہ فرما ہی دلدار تیرا
اُٹھا غم رکھ امید امداد حق سے — تجھے غم ہی کیا رب ہی غمخوار تیرا
نہ ڈر فوج عصیان سے گرچہ بہت ہی — کہ ہی رحم حق کا مددگار تیرا
اُسی کی تو خدمت مین رہ دلسے ہردم — تو جا کر ہی اُسکا وہ سردار تیرا
تو پڑھ اس مناجات کو پنج وقتی — کہ تا جاوے ہر غم یہ آزار تیرا

الٰہی قبول ہو مناجات میری — کہ رد کرنا ہرگز نہین کار تیرا
نبیؐ کریم آل و اصحاب سب پر — درود اور سلام ہووے ہربار تیرا
مرے پیر اُستاد ان باپ پر بھی — الٰہی رہے رحم بسیار تیرا

## غزل نعتیہ

کرکے نثار آپ پہ گھربار یارسولؐ — اب آپڑا ہون آپکے دربار یارسولؐ
عالم نہ متقی ہون نہ زاہد نہ پارسا — ہون آہتی تمہارا گنہگار یارسولؐ
اچھا ہون یا بُرا ہون غرض جو کچھ ہون سو ہون — پر ہون تمہارا تم مرے مختار یارسولؐ
کسطرح آہ مین کرون خدمت مین حال عرض — ہون خجلتِ گناہ سے سرشار یارسولؐ
ذات آپکی تو رحمت و شفقت ہی سربسر — مین گرچہ ہون تمام خطاوار یارسولؐ
کرکے نہ میرے فعل بُرون پر نگاہ تم — کیجو نظر کرم کی بس اکبار یارسولؐ
جسدن تم عاصیونکے شفیع ہونگے پیش حق — اُسدن بھولنا مجھے زنہار یارسولؐ
لیجو خدا کے واسطے اُسدم مری خبر — عصیان کا میرے جب کھلے انبار یارسولؐ
تمنے بھی گر نہ لی خبر اس حالِ زار کی — اب جا کہان بتاوٗ یہ ناچار یارسولؐ
دونون جہان مین مجکو وسیلہ ہی آپکا — کیا غم ہی گرچہ ہون مین بہت خوار یارسولؐ
کیا ڈر ہی اُسکو لشکرِ عصیان و جرم سے — تمسا شفیع ہو جسکا مددگار یارسولؐ
گھیرا ہی ہرطرف سے مجھے درد و غم نے آہ — اب زندگی بھی ہو گئی دشوار یارسولؐ
ہو آستانہ آپکا امداد کی جبین — اور اُس سے زیادہ کچھ نہین کار یارسولؐ

## غزل نعتیہ

ذرہ چہرہ سے پردہ کو اُٹھاوٗ یارسول اللہ — مجھے دیدار ٹک اپنا دکھاوٗ یارسول اللہ

کرو روئے منور سے مری آنکھونکو نورانی
مجھے فرقت کی ظلمت سے بچاؤ یا رسول اللہ

اٹھاکر زلفِ اقدس کو ذرا چہرہ مبارک سے
مجھے دیوانہ اور وحشی بناؤ یا رسول اللہ

شفیعِ عاصیان ہو تم وسیلہ بیکسان ہو تم
تمہین چھوڑ اب کہان جاؤن بتاؤ یا رسول اللہ

پیاسا ہی تمہارے شربتِ دیدار کا عالم
کرم کا اپنے اک پیالہ پلاؤ یا رسول اللہ

خدا عاشق تمہارا اور رہا محبوب تم اسکے
ہی ایسا مرتبہ کس کا سناؤ یا رسول اللہ

چھپین خجلت سے جاکر پردۂ مغرب مین ماہ و خور
گر اپنے حسن کا جلوہ دکھاؤ یا رسول اللہ

لگے گا جوش کھانے خود بخود دریائے بخشایش
کہ جب حرفِ شفاعت لب پہ لاؤ یا رسول اللہ

یقین ہو جائیگا کفار کو بھی اپنی بخشش کا
جو میدان مین شفاعت کے تم آؤ یا رسول اللہ

مجھے بھی یاد رکھیو ہون تمہارا امتی عاصی
گنہگارون کو جب تم بخشواؤ یا رسول اللہ

ہوا ہون نفس و شیطانکے ہاتھو نسے بہت رسوا
مرے اب حال پر تم رحم کھاؤ یا رسول اللہ

اگرچہ نیک ہون یا بد تمہارا ہو چکا ہون مین
تم اب چاہو ہنساؤ یا رلاؤ یا رسول اللہ

کرم فرمائیے ہمپر اور کرو حق سے شفاعت تم
ہمارے جرم و عصیان پر نجاؤ یا رسول اللہ

جہازِ امت کا حق نے کردیا ہی آپ کے ہاتھون
بس اب چاہو ڈباؤ یا تراؤ یا رسول اللہ

مشرف کرکے مجکو کلمۂ طیب سے اپنے تم
پھر اب نظرون سے اپنی مت گراؤ یا رسول اللہ

پھنسا ہون بے طرح گردابِ غم مین ناخدا ہو تم
مری کشتی کنارہ پر لگاؤ یا رسول اللہ

اگرچہ ہون نہ لائق وان کی پر امید ہی تمسے
کہ پھر مجکو مدینہ مین بلاؤ یا رسول اللہ

حبیبِ کبریا ہو تم امامِ انبیا ہو تم
ہمین بہر خدا حق سے ملاؤ یا رسول اللہ

شرابِ بیخودی کا جام اک مجکو پلاکر اب
دوئی کے حرف کو دل سے مٹاؤ یا رسول اللہ

بہت بھٹکا پھرا مین وادیِ فرقت مین جون وحشی
کرم فرماؤ اب تو مست پھراؤ یا رسول اللہ

مشرف کرکے دیدارِ مبارک سے مجھے اکدم
مرے غم دین و دنیا کے بھلاؤ یا رسول اللہ

خدا کے واسطے رحمت کے پانی سے مرے آکر
تبِ ہجران کی آتش کو بجھاؤ یا رسول اللہ

| | |
|---|---|
| پھنسا کر اپنے دام عشق مین امداد عاجز کو | بس اب قیدِ دو عالم سے چھڑا دو یا رسول اللہ |

## غزل نعتیہ

| | |
|---|---|
| مکہ مین ہون پر ہی ہوس کوے مدینہ | دے ہی رخِ کعبہ خبر روے مدینہ |
| لانے لگی اب بادِ صبا بوے مدینہ | دل اڑنے لگا ہو کے ہواجوے مدینہ |
| پہونچا دے مجھے منزل مقصود کو جلدی | یا رب ہی لگی دلکو تگ و پوے مدینہ |
| اب تو یہ تمنا ہی کہ یہان کعبہ کے جون گرد | قربان ہون بگردِ سر ہر کوے مدینہ |
| گرچہ ہین بہت شہر جہان مین خوش و دلچسپ | لیکن ہی عجب دلبر و دلجوے مدینہ |
| حاصل ہی بہشت اسکو یہان اور وہان بھی | جو دل سے ہوا ساکن پہلوے مدینہ |
| دل غرقِ حلاوت ہی دہن ہی شکرستان | توتی زبان ہی جو ثناگوے مدینہ |
| انہارِ فیوضات ہین عالم مین جہان تک | ہی اصل مگر سب کی وہی جوے مدینہ |
| وہ چھوٹ گیا بندِ دو عالم سے سراسر | جو پھنس گیا اندر خمِ گیسوے مدینہ |
| محفوظ ہی آفاتِ دو عالم سے وہ مومن | کی جس نے سکونت تہ بازوے مدینہ |
| خوش آوے کب اُس شخص کو خوشبوے دو عالم | ہی جسکے بسی مغز مین خوشبوے مدینہ |
| کس ذوق سے لیتے ہی کلام اپنا زبان سے | جب ہووے زبان اپنی مدح گوے مدینہ |
| ایذا کے عوض دیتے دعا سنگدلون کو | دل نرم تھے کیا سرورِ خوشخوے مدینہ |
| کب پوچھتا عاشق کوئی خوبان جہانکو | ہوتا نہ اگر پرتوِ مہروے مدینہ |
| امداد سے نت گو ہی صلوات سلامی | یا رب ہو نثارِ شہِ نیکوے مدینہ |

## غزل نعتیہ

| | |
|---|---|
| لکھی ہی شوقِ نبی جو یہ آکر چلو مدینے چلو مدینے | مین ہونگا دل سے تمہارا رہبر چلو مدینے چلو مدینے |

صبا بھی لانے لگی ہی اب تو نسیم طیبہ / کھے ہی شوق اب ہوا مین اڑ کر چلو مدینے چلو مدینے

خدا کے گھر مین تو رہ چکے بس عمر بھی آخر ہوئی ہی آخر / مرینگے اب تو نبی کے در پر چلو مدینے چلو مدینے

شہر شہر کیون بھرے ہی مارا جو دونون عالم کی چاہیے دولت / تو سر قدم ہو کے ورد یہ کر چلو مدینے چلو مدینے

یہ جذبِ عشقِ محمدی ہین دلونکو مُت کے کھینچے ہین / کھے ہی ہر دل جو ہو کے مضطر چلو مدینے چلو مدینے

جو کفر ظلم و فساد عصیان ہر اک شہر مین ہوئے نمایان / تو دین اسلام اُٹھے یہ کہکر چلو مدینے چلو مدینے

رجب کے ہوتے ہین جب مہینے بھرے ہین شوقِ نبی ص سے سینے / صدا یہ ﷲ کی مین کو بکو ہی چلو مدینے چلو مدینے

ہلاکت آمد ادا بتو آئی جو فوج عصیان نے کی چڑھائی
نجات چاہو تو اے برادر چلو مدینے چلو مدینے

## غزل

نہ دیکھا داغِ دل گلزار کو دیکھا تو کیا دیکھا / نہ دیکھا خار مین گل خار کو دیکھا تو کیا دیکھا ۲۲۹

اگرچہ کوئے جانان مین بھی بہر بہر کے سر مارا / نہ دیکھا یار کو گھر بار کو دیکھا تو کیا دیکھا

تماشائے دو عالم ہی مرے دلدار کا کوچہ / جہان کے گلشن و بازار کو دیکھا تو کیا دیکھا

رخِ رخشانِ جانان کی تجلی چاہیے دیکھی / نہ وخورشید کے انوار کو دیکھا تو کیا دیکھا

کفِ پا کی صفائی کو مرے دلدار کی دیکھو / اگر آئینہ جوہر دار کو دیکھا تو کیا دیکھا

نہ دیکھا برشِ تیغِ نگاہِ یار کو تمنے / اگر شمشیر کی اک دھار کو دیکھا تو کیا دیکھا

ہماری چشم سے لعل و گہر کی دیکھے بارش / سما پر ابرِ گوہر بار کو دیکھا تو کیا دیکھا

لبِ و دندانِ دلبر کی تک آب و تاب کو دیکھو / اگر لعل و دُرِ شہوار کو دیکھا تو کیا دیکھا

یہان نوکِ مژہ پر لخت دل کی دیکھ جانبازی / وہان منصور صاحب دار کو دیکھا تو کیا دیکھا

طبیبون نے علاج مرضِ بیجا خوب کر دیکھا / نہ دیکھا حالِ دل بیمار کو دیکھا تو کیا دیکھا

نہ دیکھا ایک بھی تمنے اگر درد جدائی کو / فلک سے گرچہ لاکھ آزار کو دیکھا تو کیا دیکھا

یہان جو دیکھنے کا ہی اسے دم دیکھے غافل | نہ دیکھا اول آخر کار کو دیکھا تو کیا دیکھا
دل مضطر مین ظاہر یار کو تھا چاہیے دیکھا | نہ دیکھا سایہ مین انوار کو دیکھا تو کیا دیکھا
نظر جب کھل گئی اپنی جسے دیکھا اُسے دیکھا | نہ دیکھا آپ مین دلدار کو دیکھا تو کیا دیکھا
اِدھر دیکھا اُدھر دیکھا جدھر دیکھا اُسے دیکھا | نہ دیکھا یار مین اغیار کو دیکھا تو کیا دیکھا
اِسے دیکھا اُسے دیکھا نہ یہ دیکھا نہ وہ دیکھا | نہ دیکھا ایک کو دو چار کو دیکھا تو کیا دیکھا
ہمارے شعر امدادِ الٰہی سے ہین ٹک دیکھو | اگرچہ دفترِ اشعار کو دیکھا تو کیا دیکھا

## غزل

پُر نعم فیض توکل سے ہی بس خوان اپنا | یکتا ہی سنگ قناعت پہ سدا نان اپنا
تلخیِ صبر مین حاصل ہی حلاوت دل کو | شکرِ شکر سے شیرین ہی لبِ جان اپنا
طوق تفویض و رضا کا ہی گلے مین اپنے | تیغ تسلیم پہ سر کرتے ہین قربان اپنا
بھوک اپنی ہی خورش پیاس ہی اپنا شربت | پوشش اپنی ہی لباسِ تنِ عُریان اپنا ۲۴۲
پائمالی ہی ہمین تاج و سریر شاہی | فوج غم بے سر و سامانی ہی سامان اپنا
لالہ و گلشن و گل کی نہین پروا ہمکو | کثرتِ داغ سے سینہ ہی گلستان اپنا
خوابگاہ اپنی ہی اِک خاک کی مٹھی آخر | کیون عبث کھینچین پھر ہم چرخ پہ ایوان اپنا
دوستی کی رہی اب کس سے توقع یارو | جب ہوا دشمنِ جان دل سا مہربان اپنا
درد و غم کا مرے دردی ہی نہ کوئی غمخوار | غم ہی غمخوار ہی اور درد ہی درمان اپنا
آسکے غیر مرے خانۂ دل مین کیسے | کہ خیالِ رخِ دلدار ہی دربان اپنا
وسعتِ دل کی کیا کرتے ہین سیرے امداد | کہ یہی باغ ہی اپنا یہی میدان اپنا
کون سُنتا ہی لہو اپنی پریشانی کو | ہو پریشان جو سُنے حالِ پریشان اپنا

## غزل نعتیہ

ہو جائے مرا شوق ہی رہبر کسی صورت | جون نقش قدم جا پڑون در پر کسی صورت

ہی سر مین ہوائے کشش شوق مدینہ
جون باد صبا ہو نجون گا اُڑکر کسی صورت

ہی بلبل دل شائق گلروے پیمبرؐ
بے دیکھے نہ ٹھہرے گا یہ مضطر کسی صورت

جون نقش قدم سر نہ اُٹھاؤن ترے در سے
گر جا پڑون مر مر کے وہان پر کسی صورت

کھایا کرون بس ٹھوکرین زوّارونکی تیرے
اے کاش ہون در کا ترے پتھر کسی صورت

اے ماہ روش کیجیے گزر ٹک تو ادھر بھی
ہو جائے مرا گھر بھی منور کسی صورت

دین ساقی کوثر جو مجھے بادۂ الفت
چھوٹے نہ لبونسے مرے ساغر کسی صورت

ہو جا کہین سرسبز مرا نخل تمنّا
آجائے نظر گنبد اخضر کسی صورت

ہو مغز پریشان دہین مشک ختن کا
کھُل جائے جو وہ زلف معنبر کسی صورت

## غزل نعتیہ

ذکر کر ذکر خدا اور ہی تذکیر عبث
جز کلام حق کے ہی ہر بات مین تقریر عبث

حمد حق مین ہو و یا نعت پیمبر مین رقم
پہلے ان دونونسے ہی ہر باب مین تحریر عبث ۲۳۱

لکھ سکے کون یہان حمد خدا نعت رسولؐ
جز خدا اور کی اس فن مین ہی تسطیر عبث

لائی ہی باد صبا بوئے قدوم احمدؐ
کب خوشی سے ہی ہنسی غنچہ کی تصویر عبث

آئی ہی شاہ کی دنیا مین نوید مقدم
قصر شادی کی نہ ہر گھر مین ہی تعمیر عبث

سیکھتے حق سے رہے سارے علوم حکمت
یان کے آنے مین نہ تھی شاہ کی تاخیر عبث

پیر کے دن جو ہوئے پیر دو عالم پیدا
پیر ایام ہی دن پیر کا نے پیر عبث

نور احمدؐ سے منور ہی دو عالم دیکھو
دیکھتے ہو مہ و خورشید کی تنویر عبث

آپ کے عتبۂ عالی کا بیان ہو کس سے
عرش کی اُسکے مقابل مین ہی توقیر عبث

روے اسلام سے اُنکے نرہا کفر کا نام
یارو اب لت بتان کی بھی ہی تکفیر عبث

اُٹھ گیا ہی کسی گلرنگ کا پردہ مُنھ سے
ہی نہ رنگ رخ گلشن مین یہ تغییر عبث

آپکے بخشش و انعام کی کچھ حد ہی نہین
ہی قلیل آپ کا بس اور کی تکثیر عبث

چاہیے عشقِ محمد مین مسخر ہونا
کیا کرین ملک سلیمان کی تسخیر عبث

دل مین کافی ہو خیالِ رخِ انور تیرا
شمع و مصباح کی اُس گھر مین ہی تنویر عبث

جسم اپنا نہوا ہاے مدینے کا غبار
اِس مسِ عیب کے حق مین ہوئی اکسیر عبث

دیکھیے کب ہو میسر مجھے وصلِ محبوب
ہوگئی اب تو مری آہ کی تاثیر عبث

شکل کو بھی تو نہ چاہا کہ ہو شبہِ محبوب
منع کی حق نے کہ ہی کھینچنی تصویر عبث

## غزل

ہو کے بس شیفتۂ نقشۂ تصویر عبث
جان بے جان کو دیکر نہو دلگیر عبث

خواہشِ نام و نشان یہان کا ہی اے میر عبث
مثلِ امواج کے پانی پہ ہی تحریر عبث

ہوگئے سیکڑون گھر مثل بگولہ برباد
بس بلند اتنی یہان کرتے ہو تعمیر عبث

مثلِ انجم کے ہین گردش مین یہان اہلِ فروغ
ہی فلک سے طلبِ عزت و توقیر عبث

چین و آرام ہی کس کو کہو اِسکے نیچے
چرخ سے ہی ہوسِ راحت و تیسیر عبث

دیکھ غنچے کو کہ آخر ہی گلِ پژمردہ
اے جوان ہنستا ہی کیا دیکھکے سوے پیر عبث

بلبلا سا نہ اُبھر بحرِ جہان مین اتنا
دم مین ہوگا یہ ترا نقشۂ تعمیر عبث

مارتا آپ کو تا کیمیا خود بن جاتا
مار اگر پارے کو اے صاحبِ اکسیر عبث

لطف جینے کا اگر پاس ہو جان بخش اپنا
ورنہ جون خضرؑ ہی بس عمر کی تکثیر عبث

کیمیا اپنی ہی خاکِ قدمِ یار اے دل
کس لیے کرتا ہی پھر خواہشِ اکسیر عبث

ڈھونڈھتا پھرتا ہی دو شمع لئے کچھ تو ضرور
یہ فلک کی نہین دن رات کی تدبیر عبث

اے عروضی مری موزون طبع کے آگے
تیری فعلن فعلاتن کی ہی تقریر عبث

مسکن اس بحرِ فنا مین نہ بنا تو امداد
صورتِ بلبلا پانی مین ہی تعمیر عبث

## غزل

ہو گئے ہین شیفتۂ زلف گرہ گیر عبث
لی بلا سر پہ ہوا پا بزنجیر عبث

ہنستے ہو کیا مری گر ہو گئی تدبیر عبث
جملہ تدبیر کو کر دیتی ہی تقدیر عبث

گردش بخت سے اپنے ہین ستائے ہم آپ
پھر تو پھر پھر نہ ستائے فلک پیر عبث

آپ کی چین جبین ہمکو سلاسل بس ہی
پا بزنجیر کو پھر کرتے ہو نخچیر عبث

سر بکف مین ہون میان آپ ہین شمشیر بکف
اب شہادت مین مری کرتے ہو تاخیر عبث

تیغ ابرو کا اشارہ ہی تمہارا کافی
تیز کرتے ہو مرے قتل کو شمشیر عبث

ضعف تن سے ہون ہوا سا نہ پھنسونگا ہرگز
زلف پر باد سے دکھلاتے ہو زنجیر عبث

خواب غفلت سے جگاتے ہین یہ جون حشر کا صور
تیرے ستون کی نہین نالۂ شبگیر عبث

قوس ابرو کو ذرا تیر نگہ کو چھوڑو
لونگا سینہ پہ نجائیگا ترا تیر عبث

عشق کہتا ہی کہ کر نہر لہو کی جاری
تو روان کرتا ہی فرہاد جوئے شیر عبث

۲۳۳ چشم بدبین دل بدخواہ مین مارے اسکے امداد
چرخ پر مارتا ہی آہ کا کیون تیر عبث

## غزل

گرچہ سر مارا بہت سب گئی تدبیر عبث
سچ ہی پیشانی کی ہوتی نہین تحریر عبث

قسمت الٹی نے مری لا اسے در سے اٹھا
ہو گئی جذب محبت کی وہ تاثیر عبث

دلمین آئے غم دلبر تو رکھون آنکھونمین
ایسے مہمان کی کیونکر کرون تحقیر عبث

انکی زلفونکے تصور مین ہی یہ آہ و فغان
کب ہی نالہ مرا پابستۂ زنجیر عبث

ضرب اک مارتا خسرو کے دل سنگین پر
کوہکن تیشہ سے کی کوہ کی تکسیر عبث

مجھسا دیوانہ بھی زندانمین ٹھہرتا ہی کہین
یار رہا پانو مین مرے پڑتی ہی زنجیر عبث

## غزل

نام اسکا دفتر عشق مین ہرگز رقم نہین
اول قدم پہ جسکا یہان سر قلم نہین

بے مرگ زندگی وصالِ صنم نہین
سوجو وکبے وہ ہو ہی جو اول عدم نہین

ہی کون ساقیا ترا جسپر کرم نہین
مخمور تیرے دور سے پر ایک ہم نہین

کرتا ہی توکبو ترِ دل کو جو بے ذبح
کیا تجھکو پاس حرمتِ صیدِ حرم نہین

ہمپر جفاؤ جور جو کچھ ہی نصیب سے
ورنہ طریق یار کا جور و ستم نہین

پھولا نہ تخمِ عشق مرا ورنہ چشم و دل
گرمی مہر و ابر بہاری سے کم نہین

غمگین ہمارے غم مین ہی عالم مگر ہمین
غم ہی تو بس یہ غم ہی کہ کچھ بھی تو غم نہین

روتی ہی خلق میری خرابی کو دیکھکر
روتا ہون مین کہ ہائے مری چشم نم نہین

اے شمع جان صحبتِ پروانہ مغتنم
ورنہ یہ پھر معاملہ تا صبح دم نہین

منعم نہ کر غرور کہ بازارِ عشق مین
جز نقدِ جان پرسشِ دام و درم نہین

امداد رکھہ کے سر نہ اٹھا در سے یار کے
اور اس سے زیادہ کوئی جگہ محترم نہین

## غزل ۲۲۴

عرشِ برین پہ آپ ہین پر زمین ہو نہین
ملنا کہانسے ہو کہ کہین تم کہین ہو نہین

گر تختِ حسن و ناز پہ ہین آپ جلوہ گر
اقلیم عشق مین شہہ مسند نشین ہو نہین

مثلِ نظر ہی آپکا آنکھون مین میرے گھر
باوصف ایسے قرب کے بس دوربین ہو نہین

ہی بو و گل کیطرح سے مجھہ تجھہ مین ربط آہ
پھر ڈھونڈتا غضب ہے کہین کا کہین ہو نہین

اے وائے بے نصیبی کہ ملنا نہین نصیب
سایہ کی طرح گرچہ جہان تم وہین ہو نہین

رہ تیری تکتے تکتے دم آنکھون مین آرہا
آجا نظر کہین کہ دمِ واپسین ہو نہین

دامِ بلا مین کسکی تو امداد جا پھنسا
مدت سے جو پتا ترا پاتا نہین ہو نہین

## غزل

دیکھے دل دلدار کو جب ہو گئے آزاد ہم
آفرین وہ ہمکو دین انکو مبارکباد ہم

خانۂ ہستی کہ ہی بس تنگ جڑ سے کھود کر
ڈالتے ہین ابتو قصرِ عشق کی بنیاد ہم

خاک ہوکر آپڑے ہین اب توکوے یار مین
پر یہی ڈر ہی نہ پڑ جائین بدست باد ہم

ہین وہ ہم صید ہوس پھر جا کے پھنستے دام مین
چھوٹ جاتے گر قفس سے تیرے ای صیاد ہم

چرخ مین ہین جیسے کھائی عشق کی ہمنے ہوا
ہو گئے ہین اب تو گویا آسیای باد ہم

مرغ دل اپنا جو اُسکے دام زلفون مین پھنسا
پھنس گئے پر سب بلاؤن سے ہوئے آزاد ہم

ہم تڑپنے سے چھُٹینگے تو ہماری فکر سے
ذبح کر احسان ترا مانینگے اے صیّاد ہم

بس ہی اپنا ایک بھی نالہ اگر پہونچا وہان
گرچہ کرتے ہین بہت سے نالہ و فریاد ہم

ہین کفن بردوش سر بر کف تامل کیا ہی پھر
قتل کر ہمکو ترے قربان ہون اے جلّاد ہم

بال بال اپنا ہی نشتر ہر بنِ مُو سے لہو
ہی روان خود کیا کرین پھر تجکو ای فصّاد ہم

قصرِ جنت کا رہے تمکو مبارک واعظو
ہو چکے ہین ابتو کوے یار مین آباد ہم

زہد و تقوی و عبادت کا سہارا ہی تمہین
اور یہان رکھتے نہین جز فضلِ حق کچھ زاد ہم

آہ اپنے آپ کو کرتے ہین بس خوار و تباہ
اپنے دشمن آپ ہین پھر کس سے چاہین داد ہم ۲۳۵

ہم نہ شاعر ہین نہ مُلّا ہین نہ عالم ہین وُلے
رکھتے ہین ہر باب مین اللہ سے امداد ہم

اے خدا بخش اس زمین مین لکھ غزل اک اور تو
تا کہ جانین شعر گوئی مین تجھے اُستاد ہم

## غزل

اپنے ہاتھون سے ہوئے جاتے ہین بس برباد ہم
یا الٰہی کس سے تجھ بن جا کرین فریاد ہم

آپ پر کرتے ہین ظلم اور اپنے ہی منقاد ہم
آپ ہی مظلوم ہین اور آپ ہی بیداد ہم

بلبلِ عالم مین ہین با آہ و فغان آزاد ہم
آپ ہم قمری ہین اور ہین آپ ہی شمشاد ہم

داغِ دل گلشن ہی اپنا مرغِ دل ہی نالہ گر
آپ ہی ہم گل ہین اور ہین بلبلِ ناشاد ہم

عشق کے صحرا مین اپنا آپ کرتے ہین شکار
آپ ہی ہم صید ہین اور آپ ہی صیاد ہم

ہو گئے جب محو دلبر عشق پھر کس کا رہا
آپ ہی شیرین ہوئے اور آپ ہی فرہاد ہم

قتل اپنے آپ کو کرتے ہین بے تیغ و تبر
آپ ہی مقتول ہین اور آپ ہی جلّاد ہم

وے ہین اپنے آپ کو فقر و فنا کا ہم سبق ۔ آپ ہی شاگرد ہین اور آپ ہی استاد ہم
آپ ہی اچھے ہین اور ہین آپ ہی سب سے برے ۔ الغرض جو کچھ ہین پر ہین جامع اضداد ہم
بے نشان بے نام ہین ذیشان ہین اور ہین نامور ۔ جو کہو سب کچھ ہین پھر ناچیز بے بنیاد ہم
علم اپنا جہل ہی اور جہل اپنا علم ہے ۔ ہین اسی دانش سے یار و صاحب ارشاد ہم
اپنے دشمن آپ ہین اور آپ ہی ہین اپنے دوست ۔ آپ کو کرتے ہین ویران تاکہ ہون آباد ہم
کیون نہو گل خار مین ظلمات مین آب حیات ۔ ہو گئے آباد تر جتنے ہوئے برباد ہم
ہی بہار ہمکو خزان مین اور خزان اندر بہار ۔ غم ہی شادی مین ہمین اور غم مین ہین بس شاد ہم
شادی و غم اپنا محو لطف و قہر یار ہی ۔ ہی مساوی ہمکو گر ہون شاد یا ناشاد ہم
ہی برابر ہمکو قہر ہجر و لطف وصل یار ۔ عاشق ذاتی ہین اُنکے ہر طرح منقاد ہم
ہمسے ہمپر آپ ہی ظلم و ستم ورنہ بحق ۔ یار کو کب جانتے ہین ظالم و بیداد ہم
ہین نہ یہ شعر و غزل ہی اپنی مجذوبانہ بڑ ۔ بڑ نہین عشاق کو کرتے ہین کچھ ارشاد ہم ۲۳۶
ڈر ہی کیا فوج گنہ سے ہی خدا بخش اپنا نام ۔ اور تسیر رکھتے ہین اللہ کی امداد ہم

## غزل

غم جانان نہ لین کیون جان مین ہم شادمان ہوکر ۔ کہ یہ وہ درد ہی دل مین رہے درمان جان ہوکر
رہا ہو پردہ دلمین مرے پیارے نہان ہوکر ۔ ذرہ تو جلوہ گر ہو جاؤ آنکھو نمین عیان ہوکر
نہ رکھین کیون نہ ہم پوشیدہ سر الفت جانان ۔ کہ عظمت اسم اعظم کو ملی آخر نہان ہوکر
نہ کیون ہو تخم ملکر خاک مین سرسبز و بار آور ۔ ہوئے ہم نامور ذیشان بے نام و نشان ہوکر
نکالین بحر الفت سے دُرِ مطلوب وہ جنکے ۔ نکلکر بہ گیا آنکھو نسے دل اشک روان ہوکر
اُٹھایا بار غم تو نے دلا صد آفرین تجکو ۔ لیا کوہ گران سر پر ضعیف و ناتوان ہوکر
ہمارے غم کے گھر مین خواب راحت آسکے کیونکر ۔ کہ صورت اُنکی آنکھو نمین بسے ہی پاسبان ہوکر
ادب بند نہان ہی یا کہون کچھ کہ نہین سکتا ۔ کہ دلکے دلمین رہجاتے ہین بس شور و فغان ہوکر

ہمین پرواہ کب ہی لالہ و گلزار و گلشن کی — دکھاتا داغِ دل ہی سیر ہمکو بوستان ہوکر
کہان جاوے کہ کرکے ترک جو گھربار کو اپنے — درِ جانان پہ آ بیٹھا ہو نقشِ آستان ہوکر
کہان جاوے کسے ڈھونڈھے نہو جسکا کوئی تجھ بن — پڑا ہو جبکہ آ در پر ترے بے خانمان ہوکر
ترے قربان پیارے مت اُٹھا امداد کو در سے — مریضِ عشق تیرا آپڑا ہی ناتوان ہوکر
ملے ہی گوہرِ مطلوب بحرِ عشق سے اُنکو — کہ جھلکے بہ گیا آنکھونسے دل اشکِ روان ہوکر

## غزل

صوفی نہ شیخ عالمِ مسند نشین ہو نمین — بندہ ضعیف و عاصی بسی کمترین ہون مین
عاقل ہون یا دیوانہ ہون مجنون ہون یا بہوش — جو کچھ کہ ہون پہ عاشقِ ماہ جبین ہون مین
گمنام بے نشان ہون ذیشان ہون نامور — سب کچھ ہون اور جو پوچھو تو کچھ بھی نہین ہون مین
ظاہر ہون اور چھپا بھی ہون آنکھونمین جیسے نور — عالم مین سیر کرتا ہون خلوت گزین ہون مین
سر مین ہوائے ماہ ہی اے ناصح اسلیے — در در پھرتا ہون اور کبھی خانہ نشین ہون مین ۲۳۷
مت کر زکوۃِ حُسن سے محروم بہرِ حق — مسکین غریب عاجز اندوہگین ہون مین
گرچہ ذلیل و خوار ہون امداد سا ولے — انگشتریِ خلق مین مثلِ نگین ہون مین

## غزل

تپِ غم سے جو دیدہ تر مین ہوتا خشک پانی ہی — تو بے آبی سے باغِ دلمین اک سوزِ نہانی ہے
ہوا یا نارِ شوق اب گرم ہی وہ شمع رو کس جا — کہ جان اپنی ہمین اس آتشِ رو پر جلانی ہے
نہ جانا ہو کس لیے قاتل سے مین اپنی شہادت کو — کہ وان آبِ دمِ شمشیر یان تشنہ دہانی ہے
نہ اپنی آہِ سوزان ہی دھوان سارا یگان جاتا — کہ پہونچانے کو کعبہ وصل تک مرکب دخانی ہے
مین طورِ عشق پر تیرے ہون گرچہ دفترِ ارنی — نہین لاتا زبان پر کیونکہ خوفِ لن ترانی ہے
ادب بندِ زبان ہی عرضِ مطلب مین مری ورنہ — گرہ مین اپنے خاموشی شکایت کی کہانی ہے
ہمارے کاروان مین کب ہی جرسِ قیل و قال ایدل — کہ راہِ کشف مین گمرہ دلیلِ طی لسانی ہے

ہی آوازِ جرس گویا جگا نا رہزنون کا بس
زبان کا کھولنا غارت گرِ سترِ نہانی ہے

صدف کی جون رہیگا منہ کھلا اُسکا قیامت تک
جہان خامہ سے دائم مثلِ دریا دُر فشانی ہے

جو ہین ہم صاف مشرب سمجھے ہی ہر قوم اپنا سا
کہ اپنے رنگ پر ہر ظرف لیتا صاف پانی ہے

غزل اوراس زمین مین پڑھکے امدادِ الٰہی سے
حلاوت بخش عالم کو تری شیرین زبانی ہے

## غزل

تپ ہجران مین جی جلتا ہی جا آنکھونسے پانی ہی
ابھی دیکھو تو اِس بارش مین کیا آتش فشانی ہی

حریفِ نفس کب ہو عقل جو بحرِ معانی ہی
کہ روغن پر کبھی غالب نہین ہو سکتا پانی ہی

ہی اپنا نطق ہر نکتہ مین سو تنگِ شکر رکھتا
حلاوت بخش تلخون کو مری شیرین زبانی ہی

ہی بیدردون سے اپنے درد کی کرنی دوا ایسی
کہ نوکِ خار پا کو نیش کژدم سے اُٹھانی ہی

نہین ہی کسرِ شان ہونا مقید بندِ عزلت مین
مثالِ اسمِ اعظم بلکہ خود عظمت بڑھانی ہی

۲۳۸ گل آسا صبح پیری مین وہ بے حسرت کے خمیازے
جو کھوتا خوابِ غفلت مین شبِ قدرِ جوانی ہی

جو زیر آتش مین گم ہو جا تو خاکستر سے ملتا ہی
جوانی کا عمل پیری مین پیری مین جوانی ہی

لیے جاتا ہی کو تر ساتھ صحرائے قیامت مین
کہ جو اشکِ ندامت سے لیے آنکھون مین پانی ہی

ہمارے جرم سے جبین بر جبین کیون عفو ہو سکا
کہ آئینہ کو بد صورت سے کب ہوتی گرانی ہی

سکے ہی دیکھنا با دیدہ کثرت نورِ وحدت کو
کہ حرف و جسم ہر اک شاہدِ روح و معانی ہی

نہ کیون ہو زنگ آئینہ کا رہبر سوے روشن گہ
مجھے زشتی سے حاصل کعبۂ مقصود جانی ہی

عبث کھاتا ہی فکرِ رزق مین غم سخت انسان کیون
کہ تابِ خور سے پتھر مین غذائے لعل کانی ہی

بڑا ئین قہر سے گر وہ نہین شکوہ ہمین اُنسے
کاتین
بلا دین مہر سے اپنی تو اُنکی مہربانی ہی

بلا دین مہربانی ہی بڑائین کچھ نہین شکوہ
ہمین اونکی بہر صورت بجا مرضی کو لانی ہی

مثالِ جان تن ہی مجھ مین ہمین قرب پھر دوری
نہین کھلتا ہی ای امداد کیا سرِ نہانی ہی

نہ دو تا شا کو آرام دن کو اور نہ شب کو تم
رہی اے دل تمہین کیا عادتِ ایذا رسانی ہی

رخ سے کاکل اٹھا دیا کسنے — رات مین دن دکھا دیا کسنے
لاکھ کو ایک ایک کو لاکھون — کرکے ظاہر چھپا دیا کسنے
عرشی و فرشی جسکو پا نہ سکین — میرے دل مین سما دیا کسنے
ڈھونڈنے نکلے آپ کو کھویا — مجکو اُسمین گما دیا کسنے
ابرِ گریان مین برق حُسن دکھا — روتے روتے ہنسا دیا کسنے
مُنہ تو عاشق سے پھیرا تو نے اُسے — ہنستے ہنستے رولا دیا کسنے
ہی نہ عالم مین وہ تو عالم مین — شور اُسکا مچا دیا کسنے
نغمۂ سرمدی سُناکے ہمین — مست و بیخود بنا دیا کسنے
شعلۂ رخ دکھاکے اپنا ہمین — سر سے پا تک جلا دیا کسنے
عشق معشوق عاشق اک کرکر — سرِ وحدت سجھا دیا کسنے
۲۳۹ مین تو نام و نشان مٹا بیٹھا — شہرہ میرا اُڑا دیا کسنے
اول آخر عیان نہان ہوکر — حرف شرکت مٹا دیا کسنے
شخص واحد ہی سیکڑون ہین نام — ایک کو بہو بنا دیا کسنے
ہنستے ہنستے جو دم مین رونے لگی — شمع تجکو جلا دیا کسنے
حسنِ لیلےٰ دکھاکے اے امداد — تجکو مجنون بنا دیا کسنے

## غزلیات فارسی

اگرچہ بیخود و مستم ولے ہشیار میگردم — بباطن شاہ کونینم بظاہر خوار میگردم
مرا لطیست با جانان چو نور خور بقرص آن — بصورت زو جدا امن گرچہ سایہ وار میگردم
جو دیدم روے خویش را ہر جاے بہر نگے — ازین در بحر و برّ و کوچہ و بازار میگردم
عجب بیخود و بد مستم کہ طرفہ ماجرا این ست — کہ دلدارے ببر دارم پئے دلدار میگردم

ز چشمت می بمیخواران رسید از لب بمستان قند — چو من با این نه با آنم ز حرمان خوار میگردم
چو شد منظور قتلِ من تغافل چیست اے قاتل — که سر بر کف کفن بر دوش گرد دار میگردم
شراب شوقِ عالم را تو سیطلبی و مے بخشی — مگر محروم گردِ خانۂ خمار میگردم
مرا نافع نخواهد شد نصیحت ناصحا هرگز — که سودائیش بسر دارم نه من بیکار میگردم
بیا نور محمد کن دلِ آمداد را روشن — کہ عکس نورِ بے کیفم پئے انوار میگردم

## جواب خط شاہ سید علی احمد صاحب تخلص صلّ علی احمد انبیٹھوی

چو آمد ساقیٔ مشکلکشا دشوار کارِ من — بیک جرعہ زمے بکشود عقدِ دلفگارِ من
صبا آورد چون بوئے گلِ وصلِ نگارِ من — بر آمد بر ہوائے شوق این مشتِ غبارِ من
بحمد اللہ چہ راحت یافت جانِ بیقرارِ من — کہ آمد ناگہان نامہ زکوئے شہریارِ من
۲۴۰ خبر آمد خط آمد قاصد آمد ہم پیام آمد — دلم حیران کہ باشد بر کدامی جان نثارِ من
بایں شکرانہ بر دیدہ نہادم پائے قاصد را — کہ از نامہ منور کرد چشمِ انتظارِ من
چو من منظورِ جذبِ اشتیاقم در جنابِ تو — بجرمِ دوستان گویید و بس عز و وقارِ من
پس از مدت بر آمد آرزوئی جان و دل یعنے — سحر گردید از مہرِ خطت شبہائے تارِ من
بدے ذوقِ حیاتِ من بسا تلخ از غمِ ہجران — خوشا این طالعِ شیرین کہ گشتے غمگسارِ من
بدیدہ گریہ لب نالان بجانم سوز تن لرزان — ہمین تسکینِ دل بودے ہمین صبر و قرارِ من
بعین گریہ من خندان و ہم در خندہ من گریان — بہار اندر خزان بود و خزان اندر بہارِ من
گہے گریان و گہ خندان گہے حیران گہے نالان — بجز این شغل یک لحظہ نبودے روزگارِ من
نمیگردد بیانِ شوقِ وصل و شکوۂ ہجران — غرض جز ذکر و فکرِ تو نبودے ہیچ کارِ من
کہ آمد نامۂ خوش ناگہان صلّ علی احمد — یکایک رفت غمہائے دلِ اندوہ گارِ من

| | |
|---|---|
| ادای شکر آن ساقی نگردد از زبان و دل | کز از یک جرعه زان می برد کل رنج و خمار من |
| بیاد خود نگهدارش ز مشغولی غیر حق | بااحسانیکه یادم کرد لطف پروردگار من |
| ز لطف چشم آن دارم که دایم همچنین جاری | بماند در دولت یا دل امید دار من |
| کنم تحریر ای امداد تا که شوق وصل او | رسد ای کاش جای نامه آن نامی نگار من |

## غزل شوقیہ ارکان حج

| | |
|---|---|
| رفتم چو بکعبه هوس کوی تو کردم | دیدم رخ کعبه ذکر روی تو کردم |
| محراب حرم گرچه به پیش نظرم شد | من سجده ولی در خم ابروی تو کردم |
| چون حلقه در کعبه بصد عجز گرفتم | در گردن خود سلسله گیسوی تو کردم |
| سرمیدهد عالم پی بوسه حجر اسود | من میل بخال سیه هندوی تو کردم |
| در سعی و طواف و بحطیم و بمقامی | هر سمت تمنا رخ نیکوی تو کردم ۲۴۱ |
| لبیک و دعا خوان همه مخلوق بعرفات | چون قبله نما من دل خود سوی تو کردم |
| در عرصه عرفات بپا حشر نمودم | چون یاد من آن قامت دلجوی تو کردم |
| قربانی حیوان بمنی میکند عالم | قربان سر خود من بسر موی تو کردم |

## عرضی عبداللہ مسکین در مدح شریف عبداللہ بن عون بصنعت توشیح

| | |
|---|---|
| شاد باش ای شاه اقلیم عرب | رحمت حق بر تو باد ار روز و شب |
| یا الٰهی دار سایش را دراز | فیض بخش بر سر اهل حجاز |
| عون حق با تو بود ای ابن عون | باد خوش از تو غذای هر دو کون |
| دوستت خوش دشمنت برباد باد | اهل حرمین از تو فیض و دل شاد باد |
| لنگر انعامت ای شاه کرم | هست جاری دائما بر بهر امم |

این دعا گو ہم ز خوانِ عام تو — بود نعمت خوار از انعام تو
نیست قوتش شد کنون محتاج سخت — عین رحمت بر کشا اے نیک بخت
در د ما کن جاری دہ لقمہ مرا — نعمتِ دارین بخشد حق ترا
نام ممدوحت چو خواہی اے امیر — حرف اول از سر ہر مصرع گیر

## شجرۂ قادریہ قمیصیہ منظومہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمامی حمد اے محبوب مطلق — بذات تو سزاوار است لایق
خداوندا بحق ذات پاکت — پذیرا کن مناجاتم برحمت
بآنکہ اسمہ احمد محمد — امام انبیا سلطان رسل ۲۴۲
بحق مرتضیٰ شاہ ولایت — خداوندا نما راہِ ہدایت
بحقِ شیخ حبیب عجمی شہ دین — دعایم را بفضلِ خویش بگزین
بحق خواجۂ معروف کرخی — مرا محفوظ دار از شر چرخی
بحق شہ جنید آن شیخ بغداد — ز قید دو جہان ما را کن آزاد
بحق عبد واحد بوالفضل شاہ — خداوندا کن از اسرار آگاہ
بحق بوالحسن ہنکاری یا حق — بہ تیغِ عشق خود کن سینہ ام شق
خداوندا بحق شاہِ جیلان — محی الدین غوث قطب دوران
بتاج الدین شاہِ عبد رزاق — بدہ چالاکیم در راہ عشاق
بحق شیخ یحییٰ زاہد حق — مشرف ساز از دیدارِ مطلق
بآن عبد الوہاب بحر ثانی — مرا کن غرق در موج معانی

پس از حمد و ثنا صلوات مجید — بدرگاہِ تو بندہ عرض دارد
خداوندا بحقِ شاہ لولاک — مرا کن از غم دنیا و دین پاک
عطا فرما طریقت با شریعت — دلم روشن کن از نورِ حقیقت
بحق شیخ حسن بصری الٰہی — ز سرِ خویش کن آگہ کماہی
بحق حضرت داؤد طائی — مرا از قید ہستی دہ رہائی
خداوندا بحق سری سقطی — ثباتم دہ براہ نیک بختی
بحق خواجۂ بوبکر شبلی — بکن بر عاشقانِ خود تجلی
بحق بوالفرح آن شاہِ طرطوس — مکن ما را ز رحمت خویش مایوس
بحق بوسعید آن شاہ بوالخیر — بکن محو از دلِ من الفت غیر
بکن خالی مرا از ہر خیالے — ولیکن آنکہ زو بیند استحالے
بحق شاہ زین الدین والا — مزین کن مرا از دین و تقوے
خداوندا بحق شاہ موسی — بمانم پیروت دائم جبین سا
بعبد القادر راسی الٰہا — بملکِ معرفت کن شاد ما را

بحقِ احمدِ قدسی عاقل
بحقِ شاہ عبدالحق عالی
بحق حضرت قیص الاعظم
بحق شاہ محمد غوث ثانی
بحق شاہ سیّد عبدرزاق
بشیخ عبدالرحیم آن شاہ شہدا
خداوندا بحقِ جملہ پیران
بغوث و فردِ و ابرار و باوتاد
بخود مشغول دارا اندر حیاتم
خداوندا باین پیران عظام
نشان ما سوا مگزار در دل
دلم را کن ز حبِ غیر خالی
بگریۂ چشم را دہ عشق با ہم
مدہ درد و غم و سوز نہانی
بوصلِ خویش ما را دار مشتاق
شہیدم کن بہ تیغِ عشق شاہا
مرا ہم در طریق شاہ پیران
بعشّاق و بعبّاد و بزہّاد
اگر میرم بدہ یارب نجاتم
بوقت مرگ کن با خیر انجام
بحقِ شاہ مولانا مغربؒ
خداوندا بحق شاہ الیاس
بحقِ بو محمدؒ شاہ محمدؒ
بحقِ شاہِ عبدالحق کامل
خداوندا بحقِ رحم علی شاہ
بحقِ حضرتِ **نورِ محمدؒ**
بحقِ آل و ازواج و صحابہ
ز دستِ نفس کافر کیش خصم خواس
بعصیان مشوم بر باد اللہ
ہر آن شخصے کہ این شجرہ بخواند
بگردان مدفنم در خاک یثرب
پناہ خواہم تبو از شر خناس
عطا فرما مرا عرفان بیحد
جمالِ خویشتن چشم ساز شامل
باسرار لدُنّی ساز آگاہ
منور کن دلم از نور بیحد
بجملہ اولیا ابدال و اقطاب
الٰہ العالمین ما را نگہدار
بیاید جلد کن امداد اللہ
مرا ہم از دعائے یاد آرد

۲۴۳

## رباعی

ہے برا اچھا جو سمجھے آپ کو
مردم دیدہ سے سیکھ امداد تو
اور بالا سب پہ کھینچے آپ کو
سب کو دیکھے اور نہ دیکھے آپ کو

## عیدی

عیدگاہ ما غریبان کوے تو
صد ہلالِ عید قربانت کنم
انبساطِ عید دیدن روے تو
اے ہلالِ عید ما ابروے تو

# کتب از تالیفات حضرت مولانا شاہ اشرفعلی صاحب تھانوی

| کتاب | قیمت |
|---|---|
| **کلید مثنوی** شرح اردو مثنوی مولانای روم دفتر اول حصہ اول نہایت عمدہ شرح ہے۔ | ایکروپیہ دو آنہ |
| **الیضاً** دفتر اول حصہ دوم | ایکروپیہ دو آنہ |
| **رونمای مثنوی** یہ صرف دیباچہ کی اردو شرح ایک نظم اور ایک نثر مین ہے | ایکآنہ |
| **تعلیم الدین** عقائد اعمال اخلاق آداب معاشرت معاملات تصوف وغیرہ مین اس سے اچھی کتاب ہوگی | چھ آنہ |
| **فروع الایمان** ایمان کے شعبے قرآن وحدیث سے ثابت کیے ہین بےمثل کتاب ہے ۲۴۴ | دو آنہ |
| **جزاء الاعمال** بھلے و برے اعمال کے دنیاوی نتائج اور ثمرات بہت مدلل تحریر فرمائی ہین جسے فوراً جی قبول کرلیتا ہے | ڈیڑھ آنہ |
| **اصلاح الرسوم**۔ پیدایش سے وفات تک جسقدر رسوم رائج ہین انکی اصلاح بدلائل شرعیہ فرمائی ہے۔ | چار آنہ |
| **صفائی معاملات** | ڈیڑھ آنہ |
| **حقوق الاسلام** مسلمانونپر کیا کیا اور کس کسکے حقوق ہین اکثر مسلمان ان باتون سے ناواقف ہین | آدھ آنہ |
| **بہشتی زیور** عورتونکی تعلیم کے لیے تالیف ہوئی ہے اسکے کئی حصے ہین اسمین الف بے سے لیکر تمام ضروری مسائل وحقوق وطریقہ تربیت اولاد وطرز معاشرت وقواعد تجوید واصلاح رسوم مروجہ واصلاح باطن وتہذیب اخلاق وذکر قیامت ونیک بیبیون کی حکایتین وغیرہ اردو مین نہایت عمدہ تحریر فرمایا ہر فی حصہ | ساڑھے تین آنہ |
| **سبق الغایات فی نسق الآیات** عربی | آٹھ آنہ |
| **الاقتصاد فی بحث التقلید والاجتہاد** | ڈھائی آنہ |
| **زاد السعید مع نیل الشفا** اسمین نعل شریف کا نقشہ اور مجرب درود شریف مع اسناد صحیحہ تحریر فرمایا ہے | دو آنہ |
| **مناجات مقبول مترجم** مع اضافہ کاغذ سفید گندہ اسمین قرآن وحدیث کی دعائین جیسے درج ہین | چھ آنہ |
| **الیضاً** کاغذ سرخ عمدہ | سات آنہ |
| **بہشتی گوہر** | پانچ آنہ |
| **شوق وطن** | تین آنہ |
| **القول الصواب فی مسئلۃ الحجاب** | دو آنہ |
| **مکتوبات امدادیہ** | سوا دو آنہ |
| **اصلاح الخیال** | سوا دو آنہ |
| **قصد السبیل** | ڈیڑھ آنہ |
| **تعلیم الطالب** | سوا آنہ |
| **اکسیر فی اثبات التقدیر** | چھ آنہ |
| **تحقیق تعلیم انگریزی** | پاؤ آنہ |
| **تجوید القرآن** | ایک آنہ |
| **تفسیر بیان القرآن** جلد اول | ڈیڑھ روپیہ |
| **الیضاً** جلد دوم | ڈیڑھ روپیہ |
| **الیضاً** جلد سوم | سوا روپیہ |
| **الیضاً** جلد چہارم | ایکروپیہ چھ آنہ |
| **الیضاً** جلد پنجم | ایکروپیہ دو آنہ |
| **الیضاً** جلد ششم | سوا روپیہ |
| **الیضاً** جلد ہفتم | ایکروپیہ |
| **الیضاً** جلد ہشتم | ایکروپیہ دو آنہ |
| **الیضاً** جلد نہم | ایکروپیہ چار آنہ |
| **الیضاً** جلد دہم | ایکروپیہ چھ آنہ |
| **الانتباہات المفیدہ عن الاشتباہات الجدیدہ** یعنی حکیم الامۃ حضرت مولانا محمد اشرف علیصاحب مدظلہ کا علم کلام جدید جس مین شبہات جدیدہ (فلسفہ وغیرہ) کی اصلاح کرنیوالا اور نو تعلیم یافتہ حضرات کی رہنمائی کرنے والا نہایت مفید اور بیمثل رسالہ ہے قیمت | بارہ آنہ |
| **الیضاً** کاغذ قسم دوم | نو آنہ |
| **مجموعہ رسائل مفیدہ** اسمین رسالہ حفظ الایمان و خاتمۃ الخیر اور ایک نیا سوال متعلق جسم مثالی و روح اعلم و تحلی سے دیکھیے جواب سے جمع کیا گیا ہے | سوا آنہ |

# رسالۂ درد غمناک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سنو یارو عجب قصہ ہمارا | بیان کرتا ہون مین جو غم کا مارا
سناتا ہون تمھین اسکو سراسر | گذرتا ہی جو کچھ اب میری جان پر
گذرتا ہے جو مجھپر اندنون حال | نہ تھا کچھ اس سے پہلے غم کا جنجال
پڑا سوتا تھا مین خواب عدم مین | نہ تھا کچھ مبتلا ہستی کے غم مین
سو آکر عشق نے مجکو جگایا | جگا کر سو مصیبت مین پھنسایا
کچھ ایسا اسنے پھر نقشہ دکھایا | کہ جس نے مجکو سودائی بنایا
عجب اک عشق نے رنگت دکھائی | کہ جس مین عقل تک مین نے گنوائی

[illegible]

کچھ ایسا دام ... [illegible]

گویا ... دو عالم سے چھڑایا
شراب شوق کا ... دیکر
کیا رسوا مجھے عالم مین در در
جنون نے ... لباس تن کو کر چاک
پنہائی مجھکو عریانی کی پوشاک
خزانہ مفلسی کا مجھکو دیکر
رکھا اک تاج رسوائی کا سر پر
غم و درد و الم کی فوج کر ساتھ
دیا اک آہ کا جھنڈا اسکے ہاتھ
خراب آباد کے قلعہ مین لا کر
بٹھایا بیخودی کے تخت اوپر
وزیر

وزیر اک کرکے نادانی کا ہمراہ
بنایا عشق کی اقلیم کا شاہ

ہزارون غم کی لا آتش لگائی
مری سب عیش کی پونجی گنوائی

گیا اُس دن سے سونا اور کھانا
ہوا مین غم کے تیرون کا نشانا

ابی جسکے ہو دل مین درد فرقت
اُسے کب ہووے خواب و خور کی فرصت

وہ کیا جانے ہے اس درد و الم کو
نہ دیکھا جسنے ہو فرقت کے غم کو

اُٹھا چھاتی مین درد عشق جسکی
اُسے پھر نیند کسکی بھوک کسکی

پڑا جو غم کا لشکر لپٹ آ لوٹ
متاع صبر و تسکین لیگیا لوٹ

تڑپ کر غم مین شب کو صبح کرنا
صبح سے شام تک رو روکے مرنا

وہ جن آنکھون مین خار ہجر ہووے
بھلا وہ عمر بھر کیونکر نہ رووے

گیا سب بھول کھانا اور پینا
پڑا مشکل مجھے اب اپنا جینا

لگی کہنے مجھے خلقت دیوانہ
کسی نے درد کو میرے نہ جانا

سمجھ کر مجھکو سودائی بہان نے
کیا ٹھٹھا ہر اک پیر و جوان نے

کہا جاؤن کہون کس سے حقیقت
کوئی ہمدم نہین جز درد فرقت

[illegible]

۲

۲۴۶

جو آئے درد دل اپنا زبان پر — پڑے آفت کا ٹکڑا اک جہان پر

حقیقت دل کی گر اپنے دکھاؤن — ہنسون مین اور عالم کو رلاؤن

نہ کہہ سکتا ہون کہ اب کیا کرون مین — نہ ہو سکتا ہے جو چپ ہی رہون مین

ہوئی ایسے ستمگر سے محبت — نہین ہی اُس مین اصلا بوئے اُلفت

تڑپتا ہون مین جسکے غم سے ہر رات — خبر اُسکو نہین ہیہات ہیہات

ارے یارو کہو ہو جس کو اُلفت — مصیبت ہے مصیبت ہے مصیبت

محبت نام جسکا یان رکھا ہے — بلا اوپر بلا اوپر بلا ہے

کہے ہی عشق جسکو ساری خلقت — قیامت ہے قیامت ہے قیامت

ارے یارو کسی کو دل نہ دیجو — جو دو امید جینے کی نہ کیجو

کیا جب عشق نے بیتاب مجکو — کہا مین نے یہ اُس پیارے سے رو رو

کہ صبر آئے دلِ غمگین کو کیون کر — ہو تسکین عاشق مسکین کو کیون کر

نہ دیکھے جب تلک دیدارِ دلبر — قرار اور صبر ہووے اُسکو کیون کر

۲۴۷

اگر تم بیوفائی جانتی ہین
تو پھر کیون خاک در چھانتے ہین
تو دیتا چھوڑ عاشق کو سدھا لے
کوئی ایسا بھی کرتا ہے پیارے
تو تھی مجھ سے پھر کیون آشنائی
جو تھی منظور کرنی بیوفائی
پھر آئے کیون نہین ہو کے ہمارے
لکھی تھی جو تو تم سے پہلے

کرون صبر اب کس کس بلا پر ہے بہتر جاؤن اس غم سے کہین مر

کہ تیرے عشق نے مجھکو ستایا مرے دل کو پھر اک دشمن بنایا

اجی جسکا ہو دشمن دل سا پیارا بچے کیونکر کہو پھر وہ بچارا

خدا کے واسطے جلدی خبر لے کہین یہ آپ خون اپنا نہ کرلے

جو اپنی جان کی جان سے جدا ہو نہ کیون اس زندگانی سے خفا ہو

اگر آنے مین ہوگی دیر تجھ کو نہین پانیکے زندہ پھر تو مجکو

کہ بس جب پاس اپنے دلربا ہو فنا ہونے سے پہلے وہ فنا ہو

طبیب درد دل ہیگا مرا تو کرون کس سے علاج اپنا بتا تو

جو کوئی عشق کا بیمار ہووے علاج اسکا نہ جز دلدار ہووے

مین دام زلف مین تیرے پھنسا ہون خلاصی تو بتا مین کس سے چاہون

محبت مین بلا کی جو پھنسا ہو وہ جز دیدار دلبر کب رہا ہو

خدا کے واسطے جلدی سے آؤ تڑپ اور بیقراری کو مٹاؤ

بہت مرہم سے زخم اچھا کیا ہے
نہ گزرا تو مگر اپنی ادا سے
ہم اک صورت ہی مین [illegible]

[illegible]

۵

خدا کے واسطے اب مت ستم کر | خدا کے واسطے اب تو کرم کر

اگر رونا مرا خوش آوتا ہے | یہ درد و رنج تجھ کو بھاوتا ہے

تو درد و غم سے نت روتا رہونگا | تری الفت مین جی کھوتا رہونگا

جو ہوگا شعلۂ رخ کا ترے دھیان | تو ہونگا خاک جل جھنکر مین اُس آن

جو یاد آئیگی وہ زلفِ پریشان | تو پیچ و تاب کھائیگی مری جان

تصوّر تیری پیشانی کا گر ہو | تو ہو دیوار غم اور میرا سر ہو

جو آئے تیرے گوش و چشم کا دھیان | کرون مین گوہر اشک اُسپہ قربان

خیال اُس تیغ ابرو کا اگر ہو | وہین قربان اُسپر میرا سر ہو

تصوّر تیری مژگان کا گر آئے | ہزارون برچھیان دل مین لگائے

دُرِ دندان کو تیرے یاد کر کے | بہاؤن اشک سے ٹکڑے جگر کے

جو خالِ رخ کا ہو تیرے تصور | سیہ داغون سے ہو سینہ مرا پُر

جب آوے یاد تیرا قد و قامت | کرون برپا وہین شور قیامت

تیرے ناز و ادا کی یاد کر کے

۲۴۹

نہ چھوڑونگا کبھی الفت تمھاری

ابھی مین جان جاوے گی ہماری

اس ناز اور غمزے کو چھوڑ دو

نہین ہو کر کبھی پردے پیارے
ذرہ تو روبرو ہوجا ہمارے
ٹک اپنے حسن کا جلوہ دکھاؤ
رہو گے کب تلک پردے مین پیارے
کبھی تو سامنے ہوگے ہمارے
یہ ناز و شوخیان پیارے تمھاری
کروگے جو اٹھا دیگے وہ ساری

رہو پردے مین یون باتین بناتے
ذرہ بہر خدا پردہ اٹھا دے
بہت نزدیک ہون دل سے تو ای یار
ہی یو گل کی جو مجھ تجھ مین ہی قربت
مین ہون سایہ نمط ہمراہ تیرے
رہے دل مین مرے پیارے سدا تو
مجھے چھاتی سے ٹک اپنی لگاؤ
ہو تو نزدیک میرے مجھ سے ای یار
ہی مجھ مین اور تجھ مین ربط ایسا
اجی کسکی ہی پھر یون انتظاری
قریب اتنا ہو اور پھر دور ایسا
یہ پردہ دور ٹک اللہ کر تو

نہین صورت ولے اپنی دکھاتے
وہ مکھڑا چاند سا مجھکو دکھاوے
ولے تجھ تک پہونچنا ہی ہی دشوار
نہین معلوم پھر کیون ہی یہ فرقت
نہین ہی وصل پر قسمت مین میرے
ذرہ تو سامنے آنکھون کے آ تو
یہ شعلہ عشق کا میرے بجھاؤ
غضب ہی تسپہ بھی ملنا ہی دشوار
روان ہووے بدن سے خون جیسا
یہ کیسی ہی تڑپ اور بیقراری
نہین کھلتا ہی یہ پردہ ہی کیسا
مجھے اس بھید سے آگاہ کر تو

ولے اتنا تو کہہ دوگے جانی
کرو ہم پر کرم سے مہربانی
یہ جانو تم تڑپتا ہے بچارا
نہین تم بن اسے اک دم گذارا

٢٥٠

غزل

سبھون پر ہے کرم پیارے تمھارا
نہین ہے فکر کچھ لیکن ہمارا

کرو غیرون پہ لطف و مہربانی
ہمارے نام سے نفرت ہو جانی

نہین تدبیر کچھ ملنے کی تیرے
خدا جانے ہی کیا قسمت مین میرے

نہ جانون ٹھوکرین کھاؤنگا کب تک
یہ ایذا ہجر کی پاؤنگا کب تک

ملیگا یا نہ تو مجھ سے ملے گا
خدا جانے مقدر کیا کرے گا

نہ اب تقصیر اس مین کچھ تری ہے
نصیبون مین لکھا میرے یہی ہے

ہے تیرے وصل کی منزل بہت دور
اثر ہے لنگ اور ہمت ہے رنجور

کشش مین کچھ اثر میری جو ہوتا
گذر بیشک ادھر بھی تیرا ہوتا

جو کرتا شوق میری رہنمائی
تو ہوتی کیون مری تجھ سے جدائی

کہون مین آہ کیا تیری حقیقت
مصیبت ہے مصیبت ہے مصیبت

نہ میرے درد و غم کا کوئی غمخوار
ہر اک ہے اپنی اپنی بوجھ کا یار

کہو کس سے کہون مین اپنا احوال
کہ ہے غیرون سے کہنا جی کا جنجال

۲۵۱

بس اب اللہ بس اللہ بس ہے
سوا حق کے جو ہے باقی ہوس ہے

# تمت

الحمد للہ والمنة کہ رسالہ درد غمناک مصنفہ جناب حاجی الحرمین الشریفین حضرت حاجی محمد امداد اللہ صاحب نور اللہ مرقدہ مصحح بعد از اغلاط کہ از قلم ناسخین سابق گشتہ بمطبع مجیدی واقع

رسالہ درد غمناک ۲۵۲

[illegible]

اگرچہ ہون برا پہ ہون تمھارا
نہین بن تم مرا اکدم گذارا

تمام امداد کر یہ درد نامہ
کہین ایسا نہو پھٹ جائے خامہ

یہ درد اپنا بس اب اظہار مت کر
خدا کے واسطے رکھ جی کے اندر

کہ تیرے درد اور اس غم کو سنکر
پھٹا جاتا ہے دل عالم کا یکسر

بس اب ٹک شکر مت ہو دیوانہ
کہ بہتر درد دل کا ہے چھپانا

نہو ایسا تری گستاخیون پر
خفا ہو جاوے تیرا تجھ سے دلبر

وہ تیرے حال دل سے ہی خبردار
نہ کر اب شور و شر زنہار زنہار

نہ کر غل صبر کر یہان میری
کہ تا امید بر لاوے وہ تیری

بس اب خاموش ہو گفتار کم کر
ملال آوے نہ شاید اسکے دل پر

اسی پر سونپ دے اب کام سارے
وہ جو چاہے سو کرے تو دم نہ مارے

رضا گم اپنی کر اسکی رضا مین
نہ پڑ ہرگز خودی کی تو بلا مین

وہ مالک ہے کرے جو کچھ کہ چاہے
خلاف اسکے نہ تو دم مار گاہے

بس اب خاموش ہو گفتار کر کم
تو کہہ اللہ ہی اللہ دل سے ہر دم

# اللہ الصمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰہی تو ہے وحدہٗ لاشریک
بنایا ہے تو نے ہر اک شے کو ٹھیک
عدم سے تو ہستی میں لایا ہمیں
یہاں آب و گل میں پھنسایا ہمیں
ضعیفی سے ہم کو توانا کیا
تھے ناداں ہم تو نے دانا کیا
کری ہم پہ نازل یہ روشن کتاب
کیا اُسمیں امر و نہی کا خطاب
نہ کی نیک اور بد میں ہم نے تمیز
رہے اپنی غفلت سے ہم بے تمیز
رہی وہ ہی ہم پر کرم کی نظر
وہ نور ہدایت رہا جلوہ گر
ہے روشن اگرچہ ہدایت کا نور
دے کیا ہو حاصل کہ ہیں ہم تو کور
عطا کر وہ بینائی ہم کو الٰہ
لے جس سے ہم کو ہدایت کی راہ

## مناجات بجناب قاضی الحاجات

الٰہی الٰہی الٰہی الٰہ
میں ہوں اپنے اعمال بد سے تباہ
الٰہی میں عاجز ہوں بندہ ترا
گناہوں سے ہے حال بدتر مرا
الٰہی سراپا ہوا میں گناہ
ہوئی مجھ سے گم آہ نیکی کی راہ
الٰہی مجھے ہے یہ شرمندگی
کہ بن آئی مجھ سے نہ کچھ بندگی
میں شرمندہ ہوں اپنی اس عقل سے
کہ غافل رہا جو رہ وصل سے
خرد وہ کہ جو بندۂ یار ہو
بجز یار آنکھوں میں سب خار ہو
خرد وہ کہ خوش تجھکو رکھے مدام
رہے حکم میں تیرے وہ صبح و شام
کیا عمر بھر میں ترے برخلاف
بھلا اس سے زیادہ ہو کیا ظلم صاف
رہا میں صدا بحر غفلت میں غرق
نہ سمجھا کبھی نیک اور بد میں فرق
الٰہی مری عمر دشمن نے لی
رہی شہوت اور حرص باقی وہی
ہوئی حرص زیادہ ہوا میں تمام
نہ افسوس کوئی کیا نیک کام
الٰہی میں کی گرچہ کوشش بڑی
ولے ساری تدبیر اُلٹی پڑی
الٰہی میں بھٹکا بہت دربدر
ترے در پہ آخر پڑا آن کر
کہاں جاؤں تیرے سوا کون ہے
کروں جس سے جا التجا کون ہے
الٰہی نہ تیرے سوا ہو جسے
نہ ڈھونڈے تجھے پھر وہ ڈھونڈھے کسے

الٰہی نہ جانی تری قدر آہ
جوانی تو کیا زندگانی چلی
الٰہی ہے کیا تیری رحمت کا جوش
الٰہی بہت اس سے خجلت مین ہون
بیان کیا کرون اپنی شرمندگی
الٰہی بہت ہی بُرا بندہ ہون
الٰہی ہوا ہون سراپا خطا
ترے در پہ آخر سر افگندہ ہون
نہ مجھسا گنہگار شرمندہ ہو
وہین رزق دیتا ہے شام و پگاہ
الٰہی عجب تیری رحمت ہے واہ
کرون مین گنہ شاد کرتا ہے تو
الٰہی ہے تیرے کرم سے اُمید
الٰہی تری ہے نظر عفو پر
ترے عفو کے آگے میرے گناہ
تو ہون سنگریزے بھی بشکل قمر
گناہ میرے اور تیری بخشش بھلا
کہان تیری خاک اور کہان آسمان
مرا عذر ہو اب الٰہی قبول
الٰہی ترے در پہ رکھا ہے سر
کئے مین گنہ جہل در سہو سے

کری عمر لہو و لعب مین تباہ
کرے میرے تو ٹکڑے ٹکڑے اگر
کہ دیکھے گناہ اور رہے پردہ پوش
الٰہی ہر اک آن حاضر ہے تو
کہ دیکھے ہے تو یہ مری زندگی
الٰہی خبر لے مری تو شتاب
نہ بخشے تو گر ہو مرا حال کیا
ہون اس بندہ کہنے سے شرمندہ سخت
خدا پاک کا پاک ہی بندہ ہو
کرے مین گناہ آہ بے خوف و ڈر
عجب حلم ہے تیرا ای بادشاہ
کرم تیرا گر دستگیری کرے
سیاہی کو میری کرے تو سفید
خس و خاک سے تیرہ ہو بحر کب
شب تار جون پیش خورشید و ماہ
کیا مین گناہ گر بڑے سے بڑا
برابر کہان ہو سکے اے خدا
کہان ظلمت شب کہان آفتاب
مجھے خوار و رسوا نہ کر او رملول
نہ سر کو جھکاؤن کہین جا کے مین
اور اس حرص نفسانی و لہو سے

ہوا افسوس عمر جوانی چلی
الٰہی مین لائق ہون اسکے مقر
الٰہی مین پردہ غفلت مین ہون
مین کرتا ہون جو فعل ناظر ہو تو
الٰہی گنہگار شرمندہ ہون
ہوا حد سے زیادہ مین اب تو خراب
ہون گر نیک یا بد ترا بندہ ہون
شہ نیک کا بندہ ہو نیک بخت
الٰہی تو دیکھے ہے میرے گناہ
رہی وہ ہی رحمت کی مجھپر نظر
مین غافل مجھے یاد کرتا ہے تو
تو پھر کیون نہ بندہ امیدی کرے
گناہون پہ بندون کے کب ہی نظر
ہو چشم فلک گرد سے خیرہ کب
تو وہ خور ہے تیری پڑے گر نظر
ولے تیری بخشش کے آگے ہے کیا
الٰہی کہان جرم بخشش کہان
کہان ہے سیاہی کہان ماہتاب
بہت پھر پھرا کے مین اب آن کر
سوا تیری درگاہ والا کے مین
ولے تیری رحمت سے امید ہے

لیئے

بدی کے عوض مجھکو نیکی ملے
نہ رسوا کیا ہے جو تونے یہان
ہے کیا چیز آگے ترے میرے رب
کہان جائے اب بندہ تیرا بتا
الٰہی کرون عرض پھر کس سے جا
ترے بندے ہین مجھسے بے انتہا
تو بس ہو چکا مین الٰہی تباہ
کیا مین جو لائق مرے کام ہے
کرم عفو بخشش ترا کام ہے
الٰہی بحق محمدؐ رسولؐ
الٰہی تو کر رحم اس پہ مدام
تو فتاح و غفار و رزّاق ہے
الٰہی یہ بندہ ہے تیرا ذلیل
الٰہی تو ہے شاہ اور یہ گدا
تو ہے دادگر اور یہ مظلوم ہے
الٰہی یہ طالب تو مطلوب ہے
بحق محمدؐ شہِ دوسرا

## نعت شریف

محمدؐ سا مخلوق مین کون ہے
نہوتا دو عالم کا ہرگز ظہور
محمدؐ کی طاعت جہان پہ ہے فرض

گنہ میرے جانے ہے تو علم سے
الٰہی تو رکھیو مری شرم وان
بدارے مجھے یا بلاوے مجھے
کسے ڈھونڈھے جو بندہ تیرا بتا
الٰہی برا یا بھلا ہون ترا
مرا ہے بتا کون تیرے سوا
بدارے مجھے اپنے در سے تو گر (نکالے)
تو وہ کر جو تجھکو سزاوار ہے
بدی جہل و غفلت مرا کار ہے
دعا ہووے امداد کی اب قبول
الٰہی غنی تو ہے اور یہ فقیر
یہ بدکار و فجار و فساق ہے
الٰہی تو رزاق یہ مرزوق ہے
الٰہی تو مولیٰ یہ بندہ ترا
الٰہی یہ عبد اور تو معبود ہے
الٰہی محب یہ تو محبوب ہے
الٰہی دعا ہو اب اسکی قبول
محمدؐ ہے ممدوحِ ذاتِ خدا
اُسی کا طفیل ہے یہان جون ہے
محمدؐ خلاصہ ہے کونین کا
محمدؐ کی طاعت سے جادل کا مرض

کہ ہے پردہ پوشی سدا حلم سے
الٰہی ہمارا بد و نیک اب
الٰہی نہ چھوڑون گا در کو ترے (ہنکاوے)
نہ تونے سُنی گر مری التجا
سوا تیرے ہے کون بتلا مرا
نہ کی تونے گر اب کرم کی نگاہ
الٰہی بتا پھر مین جاؤن کدھر
گنہ جرم و عصیان مرا کام ہے
تجھے عفو بخشش سزاوار ہے
الٰہی یہ عاجز ہے تیرا غلام
الٰہی قوی تو ہے اور یہ حقیر
الٰہی تری ذات ہے رب جلیل
الٰہی یہ عاشق تو معشوق ہے
الٰہی تو راحم یہ مرحوم ہے
الٰہی تو ہی اسکا مقصود ہے
الٰہی تو کر اسکی حاجت روا
بحق صحابؓ اور آل رسولؐ
محمدؐ کا ہو وصف کس سے ادا
نہ پیدا اگر ہوتا احمدؐ کا نور
محمدؐ وسیلہ ہے دارین کا
پڑے کفر اور شرک مین ہم تھے سب

محمدؐ سے ہم کو ملی راہ رب
خبر دی رہ دین و ایمان سے
کیا ہم نے جس سے عدوون کو مات
محبت محمدؐ کی رکھ جان مین
ملے کا تو امداد اللہ سے
محمدؐ کے اصحابؓ ازواجؓ و آلؓ

گرفتار تھے نفس و شیطان کے ساتھ
کہ تا ہم بچین نفس و شیطان سے
محمدؐ کی طاعت کر آٹھون پہر
محمدؐ محمدؐ کہہ ہر آن مین
محمدؐ کے ہین خاص حق کے ولی
ہر اک ہی ہدایت کا بدر کمال

محمدؐ نے دی ہم کو انسے نجات
بتائے ہمین ایسے وہ داؤ گھات
کہ تا وصل سے حق کے ہو بہرہ ور
محمدؐ کی اُلفت سے اور چاہ سے
ابو بکرؓ عمرؓ اور عثمانؓ علیؓ

## افسوس اور ندامت کرنا اسپر کہ عمر غفلت مین چلی جاتی ہی اور تنبیہ کرنا نفس سرکش اپنے کو سرکشی حکم اللہ تعالیٰ کی سے اور رجوع کرنا اُسکو طرف فرمان برداری معبود حقیقی اپنے کے اور جواب در جواب اُس کے

سنو دوستو گوش دل سے ذرا
ہے جنگ ہی نفس اور روح کا
علاج اُسکا خوب ہی بتاتا ہون مین
رہو گے بچے نفس و شیطان سے
مجھے آگیا جو خیال ایک رات
سدا کوس رحلت بجاتی ہی عمر
نہ سویا شب اس فکر مین ایکدم
کشمکش و پیچ کرتا رہا تا سحر
کہ کیا ہو گیا تجھکو اے بدصفات
کیون آیا ہی یان کیون تو پیدا ہوا
یہان آکے کیا کام تو نے کیا

سُناؤن تمھارا تمھین ماجرا
رہو تم خبردار دونون کے اب
تمھین راہ سیدھی دکھاتا ہون مین
بیان حال اپنا کرتا ہون مین
لگا سوچنے اپنے دل مین یہ بات
مجھے فکر کل کا ہوا آج یون
رہا رات بھر اس سبب مین چشم نم

### تنبیہ کرنا اور ڈانٹنا نفس مردود کو

خبر حال کی تجھکو اپنے نہین
کدھر جا سے ہی کس پہ شیدا ہوا
تجھے جس لیے حق نے پیدا کیا

کہ اندر وجود آدمی کے سدا
نہین تو پڑے تم پر آخر غضب
کروگے گر اُسپر عمل جان سے
کہ جس فکر مین روز رہتا ہون مین
کہ افسوس غفلت مین جاتی ہی عمر
کہ کی دولت عمر برباد کیون
اسی مین گئی رات ساری گذر
کہا نفس کو آخرش مین نے رات
کہ آیا تھا یان کس لیے اے لعین
بتا تجھ سے کیا حق کو منظور تھا
بتا اس مین یہان آکے کیا کیا کیا

کیا حق نے پیدا تجھے کس لیے
مرے کہنے کا بھی اثر کچھ نہین
یہی آدم آئینہ اُس کا ہوا
مین ایمان اسپر رکھون ہون علم
ہی دشمن حقیقی مرے دل کا تو
محبت کہ ہو جس سے دل شادمان
تو پھر کیون گناہون پہ عاشق ہی تو
کہا اُسنے ہے وہ رحیم و غفور
وہین پل مین مقبولِ درگاہ ہون
گناہون کی ہی دل مین الفت بھری
طریق شریعت پہ چل ای دغل
کہا حق نے مجھکو ظلوماً جہول
مرے سامنے لاتا ہی ای دروغ
کیا تجھکو آگاہ اس واسطے
نہ مغرور ہو کام کا کاہ کر
نہ تجھسا کہے یہ کہ جاہل ہون مین
تو وہ اور چلنے مین ہوتا ہی سست
یہ سنکر وہ شرمندہ ایسا ہوا
مین جانا کہ کچھ اُسکو آیا ہی جوش
کہا مین ہوئی تجھپہ حجت درست
ہی کب اُس مین دخل عقل و تدبیر کا

نہین کرتا وہ کام تو کس لیے

## جواب دینا نفس کا

یہان مظہر اپنا بنایا مجھے
ہی توحید سے اسکی دل شاد کام
بتاتا ہی کیون تو یہ باتین دروغ
کہان ہی وہ تجھ مین مجھے نے نشان
کرے ہی کب عاشق خلافِ حبیب
گنہ میرے سب بخش دیگا ضرور
کہا مین فریب اب مجھے دے ہی کیا
فریب حق کو دیتا ہی تو اے شقی
کہا تنگ مت کر تو آنا تجھے
نصیحت سے تیری ہوا کیا حصول
ظلوماً جہولا حق نے تجھکو کہا
کہ تا تو گناہون سے بچتا رہے
کسی کو اگر کہیے جاہل ہے تو
پڑھون کس طرح علم کاہل ہون مین
اور ہووے اگر اسپ نیکو نہاد
گویا اُسکے تن سے ہوئی جان ہوا
اب اور ایک چابک لگا جلد تر
تو طاعت مین اب کیون نہین ہی تو سست
کری حق نے مجھ تجھ سے پہلی نوبت

تجھے آہ اپنی خبر کچھ نہین
کہا اُسنے وہ تھا خزانہ چھپا
محبت کا جامہ پہنایا مجھے
کہا مین کہ ای نفس بد زشت خو
تری بات ہرگز نہ رکھے فروغ
جو ایمان الفت مین صادق ہی تو
نہین تجھکو اُسکی محبت نصیب
کرون مین گناہ پھر توبہ کرون
دغا کی ہو توبہ سے کیا فائدہ
تو اس جہل اور مکر ہی سے نکل
مین ناچار ہون حق کی تقدیر سے
کہا مین وہ ہے حجت بے فروغ
کہ ہی عیب اور نقص تجھ مین چھپا
مت اسپر تو آنا اب اصرار کر
تو وہ جہل سے بھاگے بے گفتگو
گدھے کے جو چابک لگے خوب چست
اشارہ سے چلتا ہی وہ مثل باد
جو اس بات سے اُسکو دیکھا خموش
کہ شاید یہ آوے کہین راہ پہ
وہ بولا جو ہے حکم تقدیر کا
نصیبون مین ہر اک کے جو ہے نوشت

لکھا جو گیا حق کی تقدیر سے
تو چاہے سو کر اب بُرا یا بھلا
کہا مین کہ اے نفس بد بیحیا
اُٹھا یا وہین پھیر غفلت سے سر
عمل نیک پر جسکو قائم رکھا
خدا کا غضب اُسپہ نازل ہوا
نجانے تو گر حق کی تقدیر کو
کہ دوزخ مین رکھونگا تجھکو ضرور
کہا تھا خدانے جو کچھ تجھکو یار
خیالِ عبث پر جو باندھی کمر
کر ابلیس و بلعم کے اوپر قیاس
جو آوے قضا بد شقاوت کرے
کہا مین اسی سے تو رکھتا ہو ڈر
کیا حق نے درگاہ سے اُنکو دور
سمجھ لے یہ ہے بے نیازی کی شان
عبادت سے حق کے ہوئے کامیاب
بہت عابد و زاہد و متقی -
گیا تو دو عابد کے نقصان پر
کرے تو گناہ اور نہ چاہے نجات
سمجھتا ہے پھر آپ کو راہ پر
ترے آگے درندہ ہو شیر گر

مٹا کب سکے کوئی تدبیر سے
کرے گرچہ شیطان کی جون تو سجود
یہ مکر و فریب اور لایا نیا
عمل بھی تو تقدیر سی سب ہین جان
سمجھ لے کہ حق اُس سی راضی ہوا
ہوا دور رحمت سے وہ برملا
رضا کا نشان ڈھونڈھ گمرہ نہو
کہا ہے رُلے حق نے یہ بیخلل
ہوا اُس سے گمراہ تو زنہار
کہا سیکڑون نے عمل خوش کسے
اسی سے مرے دل مین ہین ہراس
مرے کفر مین اور عمل ہووے حبط
کہ کی تو نے دو عابدون پر نظر
نہ کی کچھ عبادت پہ اُنکے نگاہ
کرے ایسے بندون کو جو بے نشان
کرورون مسلمان طاعت کرین
ہوئے نیک اعمال سے جنتی
بگڑ کے دو ملعون کی تو سند
عجب ہے حق تیرا اے بدصفات
اگر اُسکی ہے بے نیازی کی شان
نہ بھاگے تو وے جان اُسکو مقر

نہین مٹتا جو کچھ قلم لکھ چکا
جو تقدیر بد ہو تو کیا ہووے سود
نہ سمجھا تو کچھ بھی اب اے حیلہ گر
مقدر کا ہووے عمل ہی نشان
دیا جسکو شہوت کے اندر پھنسا
عمل بد مین جو ہوگیا مبتلا
کہا حق نے کب تجھ سے اے بے شعور
رضا کی نشانی ہے اچھے عمل
ہے تُف تیری عقل و فہمید پر
جو تقدیر بد تھے سو کافر مرے
اگر عمر ساری عبادت کرے
اسی فکر سے عقل ہے میری خبط
ہوا عمر مین اُنسے جو اک قصور
کیا اک گنہ سے اُنھین یون تباہ
ہزارون نبی اور ولی بیحساب
ہوئے حق کے مقبول اور کاملین
نہ ان سب کی فائدون پر نظر
لگا کرنے بے خوف اعمال بد
ہزارون کرے جرم شام و سحر
نہین تجھکو پھر کس لیے خوف جان
خفا ہوکے بولا وہ غفار ہے

غفور اور حلیم اور نکوکار ہے
گنہ میرے ہون گرچہ بے انتہا
وہ غفّار ہے بخشدے گا مگر
ہے اللہ بیشک غفور اور حلیم
جمال اور جلال اُسکی ہیں دونون نشان
تو بخشے تجھے وہ کہ غفّار ہے
نہ سمجھا وُلے اُس کے انجام کو
کرے ہے گناہ آہ بے خوف ڈر
خدا کی وہ بخشش کے قابل نہین
کر اچھے عمل یار شام و پگاہ
کہ یہ اُسکی عادت ہی جاری قدیم
بھلا جہل ہو اس سے زیادہ کسے
تری خود ہی اس مین ہرا ہر خطا
گنہ میرے گرچہ ہین کوہ گران
وہ اللہ ہے اکرم الاکرمین
کہا مین کہ یہ تو کہا تو نے سچ
کریم اور رحیم اور ستّار ہے
ولے حیف ہی ایسے غفار کو
وہ آزردہ کرنے کے قابل نہین
وفادار سمجھے کرے پھر گناہ
وہ لائق عبادت کے ہی ای لئیم

ہی قرآن مین ہر جا غفور اور حلیم
پر اس سے ہی سُو درجہ رحمت سوا
کہا مین تو نازان نہو اے لعین
ولیکن ہے قہّار بھی اے لئیم
کرے سہو غفلت سے گر تو گناہ
نہ بخشے اگر چاہے قہّار ہے
کرے جہل و طُغیان سے یہ کار تو
نہین عجز و زاری کا تجھ مین اثر
ذرہ کر کے توبہ کو اچھے عمل
اگر ہو گیا کوئی تجھ سے گناہ
ملا ایک کو گر خزانہ مین گنج
بس اب چھوڑ حیلہ رہِ راست لے
مین نیک عادت اُسکی کو ہون جانتا
ولے اُسکی بخشش ہی جون آسمان
مجھے کس لیے تنگ کرتا ہی آہ
ولے ایسے باطل ارادہ سے بچ
گنہ تیرے اور اُسکی بخشش میان
کیا تو نے آزردہ ای زشت خو
جو جانے ہی تو حق ہی نیک صفات
خطا پر خطا یہ تو کرتا ہے آہ
کرے ذات ایسی کو آزردہ جو

وہ بیشک ہی ربّ الرؤف الرحیم
گناہون سے اپنے نہین مجھکو ڈر
کہ حیلہ یہان کام آتا نہین
کرے بخشش اور قہر بھی بیگمان
اور ہو جاوے تجھ سے خطا گاہ گاہ
ہی تو اِک طرف اپنے آرام کو
گناہون پہ کرتا ہے اصرار تو
جو ایسا ہو گمراہ و سرکش کہین
خدا کے لیے مت پڑ اندر خلل
یقین جان اُس وقت ہی وہ کریم
تو کب اور کھیتی کا چھوڑینگے رنج
کہا اُسنے مجھ پر نہ کر تو جفا
ہون عفو و کرم اُس کا پہچانتا
گنہ میرے بخشش سے زیادہ نہین
وہ مجھ سے بھی بد تر کے بخشے گناہ
بلاشک وہ ایسا ہی غفّار ہی
برابر نہو سکتی ہے بے گمان
جو ہو ایسا سُن ارحم الراحمین
نکو دوست عافی ہی اور نیک ذات
جو ہو ذات ایسی غفور اور حلیم
وہ گردن زنی کے ہی لائق سنو

## نفس سے عاجز اور تنگ ہو کر جانا اپنا طرف سلطان روح کے اور مدد چاہنی اس سے

جو دیکھا کہ ہے اسکی حجت قوی
تجھے ملک و تن کا ملا تاج و تخت
کیا تنگ ہے اس شقی نے مجھے
مقابل ہون اسکے مری کیا ہے شان
رعیت سے محصول لیوے بزور
تصرف تسلط بہت ظلم سے
یکایک وہ لے توڑ تیرے امیر
کرے ملکِ تن مین عمل آکے وہ
تجھے حق نے کیون ہے خلیفہ کیا
ذرا مجھ سے مظلوم پر کر نظر
کہ ہو دور جس سے یہ فتنہ فساد
شہِ روح کو آگیا دون ہی جوش
کیا حکم تا جلد آوے وزیر
سب آداب شاہانہ لایا بجا
یہ سلطان روح سے کہا اسنے جا
رکھو اپنی خاطر کو اب جمع تم
کرین قتل لین اسکا اسباب لوٹ
رکھین شرع کی بند و زنجیر مین

گیا آخرش مین طرف روح کی
خلیفہ ہے اس ملک مین حق کا تو
پکڑ جلد اور مار گردن اسے
کہا مین کہ کیا چاہتا ہے یہ تو
زمین بدن مین پڑے شر و شور
اگر تختِ دل پر گیا بیٹھ آہ
کرے قتل یا رکھے ان کو اسیر
رہے پھر یہ کہ شان و شوکت تجھے
یہ کیون بادشاہی کا رتبہ دیا
وزیر خرد کو بلا کر کہین
رہے ملکِ تن پھر ہمیشہ کو شاد
بدن مین لگی اسکے غیرت کی آگ
کہ تدبیر اس کی بتاوے وزیر
مرا حال سن اور افسوس کر
کہ یہ فتنہ اتنا نہین کچھ بڑا
یہ ہو حکم آوین امیران فوج
غرور اس لعین کا وہین جاوے ٹوٹ

کری عرض جا کر کہ ای نیک بخت
پہونچ بہر حق میری فریاد کو
کہا یہ کمینہ کہان مین کہان
کہ لیوے یہ باغی ترے ملک کو
کرے ہفت اقلیم تن مین مرے
رعیت کو کر دیگا دم مین تباہ
ترے سب امیرون کو بہکا کے وہ
دکھاوے بہت سی وہ ذلت تجھے
تو ملکِ بدن کا ہے حاکم اگر
کرو ایسی تدبیر ای شاہ دین
مری عجز و زاری کو سنکر بہوش
کہا مین مٹاتا ہون مین اسکا رگ
یہ سنتے ہی آیا وزیر عقل کا
وزیر خرد بھی ہوا چشم تر
کہ ہو شہ کے اقبال سے دم مین گم
بنے مستعد جنگ کو مثل موج
جو ہو جاوے عاجز تو پھر یون کرین

## خبر کرنی جاسوس وسواس کی کہ نفس کی طرف سے
## ملک تن مین تباہی نفس کو

سنی چھپ کے جو یہ حکایت تمام

تھے اس مین کہ جاسوس وسواس نام
کری نفس سے جا شکایت تمام

کہ تھا نفس سے ملکِ تن مین مدام
کہا کیا تو سووے کہ سلطان روح

شہِ مُلکِ دل وہ ہو پُر فتوح
کوئی دم مین لیویگا تجھکو پکڑ
اسی فکر مین جان کو کھو دیا
ولیکن بمقدور کوشش کرون
عدوؤن سے اپنے جھگڑنیکا فکر
جو اپنی شجاعت دکھاؤن اُسے
مین روزِ ازل سے ہون قابض یہان
غنیمت نہین جانتا ہر وہ کیون
تماشا اُسے دم مین دکھلاؤن مین
کیا ہر اگر اُسنے سامانِ جنگ
پڑا میرے اوپر یہ اب سخت کام
جو شیطان سنگھ ہے قدیمی وزیر
کہ جس بات مین ہو ہماری فلاح
کہا لطف سے تیرے ای تاجدار
کہ جس سے تو ایسا دل افگار ہے
ترے پاس لاکرکے ای ارجمند
کرے کام سلطان روح کا تمام
مین بھیجون اُسے تا تباہی کرے
روانہ کیا ملک کو روح کے
رہِ چشم سے آگیا ناگہان

کرے ہر ترے قتل کے واسطے
شریعت کی زنجیر مین لے جکڑ
کہا ہائے تدبیر اب کیا کرون
کہ تا اُسکے صدمہ سے بچتا رہون
کرون اس طرح مین بھی سامانِ جنگ
عدم کا مین رستہ بتاؤن اُسے
شفور سنہری کا ہی میرا شعار
کہ مین چھوڑ رکھا ہر اُسکو جو یون
مچاؤن فساد ایسا اور شور و شر
تو یان بھی نہین جنگ سے کچھ درنگ
کہ سلطان روح کی بڑی شان ہی
کہ ہر کام مین ہے ہمارا مُشیر
یہ سُنتے ہی ابلیس آیا ادب
ہماری ہو مشکل سب آسان کار
ہو آسان سب تیرے اقبال سے
کرون حرص کی قید مین اُسکو بند
وہی بخششی مُلک کافی ہر بس
